تنظیم المدارس (اہلِ سنت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

برائے طلباء

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

درجہ خاصہ

2

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم عالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/ 2020ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید ترجمہ و تفسیر

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: وتوكل على الحى الذى لايموت وسبح متلبسا بحمده اى قل سبحان الله والحمد لله وكفى به بذنوب عباده خبيرا عالما تعلق به بذنوب هو الذى خلق السمٰوٰت والارض ومابينهما فى ستة ايام ثم استوٰى على العرش الرحمن فسئل به خبيرا .

(الف) کلام باری وکلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ "الرحمن" ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟ ۸+۷+۵=۲۰

(ب) جب زمین و آسمان کی تخلیق کے وقت سورج موجود نہیں تھا تو "ستة ايام" کیوں فرمایا؟ تفصیلاً جواب تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) "ثم استوى على العرش" کی تفسیر اس انداز سے کریں کہ اہل سنت کا مذہب واضح ہو جائے۔ ۱۰

سوال نمبر 2: وانا لجميع حذرون متيقظون وفى قراءة حاذرون مستعدون قال تعالٰى فاخرجنهم اى فرعون وجنوده من مصر ليلحقوا موسٰى و قومه من جنت وعيون وكنوز و مقام كريم .

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں اور تفسیر میں مذکور لفظ "مستعدون" صیغہ بیان کر کے تعلیل کریں؟ ۱۲+۸=۲۰

(ب) آیت میں مذکور باغات اور چشموں کا محل وقوع بیان کریں نیز خزانوں کو "کنوز" قرار دینے کی وجہ سپرد قلم کریں؟ ۶+۴=۱۰

سوال نمبر 3: قال سليمان للهدهد سننظر أصدقت فيما اخبرتنا به ام كنت من

H_M_Hasnain_Asadi

الكذبين اى من هذا النوع فهو ابلغ من ام كذبت فيه ثم دلهم على الماء فاستخرج وارتووا وتوضأوا وصلوا .

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں' نیز خط کشیدہ میں فرق کی وضاحت کریں؟ ۱۲+۸=۲۰

(ب) سلیمان علیہ السلام نے جو خط ملکہ بلقیس کی طرف لکھا تھا اس کا مضمون سپرد قلم کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 4: (۱) وحرمنا عليه المراضع من قبل فقالت هل ادلكم على اهل بيت يكفلونه لكم وهم له ناصحون .

(۲) فرددناه الى امه كى تقر عينها ولا تحزن ولتعلم ان وعد الله حق ولكن اكثرهم لا يعلمون .

(الف) جلالین کی روشنی میں مذکورہ دونوں آیات مبارکہ کی تفسیر زینت قرطاس کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا نام لکھیں' نیز بتائیں کہ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے ہاں کتنے سال تک رہے؟ ۵+۵=۱۰

☆☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2020ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید ترجمہ وتفسیر

سوال نمبر 1: وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَايَمُوْتُ وَسَبِّحْ مُتَلَبِّسًا بِحَمْدِهٖ اَىْ قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا عَالِمًا تَعَلَّقَ بِهٖ بِذُنُوْبِ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا .

(الف) کلام باری وکلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں' نیز بتائیں کہ "اَلرَّحْمٰنُ" ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟

(ب) جب زمین وآسمان کی تخلیق کے وقت سورج موجود نہیں تھا تو "سِتَّةِ اَيَّامٍ" کیوں فرمایا؟ تفصیلاً جواب تحریر کریں؟

(ج) "ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ" کی تفسیر اس انداز سے کریں کہ اہل سنت کا مذہب واضح ہو جائے۔

جواب: (الف) اعراب وترجمہ عبارت:

اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں' ترجمہ درج ذیل ہے:

H_M_Hasnain_Asadi

آپ اس حَیٌّ لَایَمُوْتُ (یعنی ایسا زندہ جسے موت نہیں آئے گی) پر بھروسہ رکھیں' آپ اس کی تسبیح و تحمید میں مصروف رہیں یعنی یوں کہیں: سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلہِ یعنی ہر قسم کی پاکی اور ہر قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے' وہ خدا ہے جو اپنے بندوں کے گناہوں سے مکمل طور پر باخبر ہے' ذنوب کو خبیر کے ساتھ متعلق کیا' وہ ایسا (خدا) ہے' جس نے آسمانوں اور زمین اور دونوں کے درمیان کی ہر چیز کو چھ دنوں میں پیدا کیا' پھر وہ عرش پر قائم ہوا' وہ (رحمٰن) بہت مہربان ہے۔ اس کی شان کے بارے میں کسی جاننے والے سے پوچھنا چاہیے۔

"الرحمن" کی ترکیب: ترکیب نحوی کے لحاظ سے لفظ "الرحمن" لفظ استوی کی ضمیر برائے واحد مذکر غائب سے بدل ہے' بدل اور مبدل منہ مل کر لفظ استوی کا فاعل۔ اس میں دو احتمال مزید ہیں: (i) الذی خلق کی خبر ہو (ii) ھو مبتداء کی خبر ہو۔

(ب) آفتاب موجود نہ ہونے کے باوجود "ستة ایام" فرمانے کی وجہ:

زمین و آسمان اور دونوں کے مابین کی تمام اشیاء اللہ تعالیٰ نے چھ دنوں میں پیدا فرمائیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کی پیدائش کے وقت آفتاب تو موجود نہیں تھا' تو پھر چھ دن کا کیا مطلب ہوا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ چھ دنوں سے مراد دنیا کے چھ دنوں کی مقدار کا زمانہ ہے' اور اس کے لیے آفتاب کا ہونا ضروری نہیں ہے۔

(ج) یہاں لفظ "عرش" سے مراد شاہی تخت کے ہیں' لفظ "استوی" سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی شایان شان استواء فرمایا' اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ معاذ اللہ اس نے تھکاوٹ محسوس کی' پھر وہ آرام فرما ہو گیا' کیونکہ اللہ تعالیٰ تھکاوٹ اور آرام سے پاک ہے۔

سوال نمبر 2: وانا لجمیع حذرون متیقظون وفی قراءة حاذرون مستعدون قال تعالیٰ فاخرجنھم ای فرعون وجنودہ من مصر لیلحقوا موسیٰ و قومہ من جنت وعیون وکنوز و مقام کریم ۔

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں اور تفسیر میں مذکور لفظ "مستعدون" صیغہ بیان کر کے تعلیل کریں؟

(ب) آیت میں مذکور باغات اور چشموں کا محل وقوع بیان کریں' نیز خزانوں کو "کنوز" قرار دینے کی وجہ سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

اور بے شک ہم سب ایک مسلح فوج ہیں یعنی بیدار ہیں بے خبر نہیں' اور ایک قرأت میں "حاذرون"

H_M_Hasnain_Asadi

الف کے ساتھ ہے' مستعدر ہیں ان کے خلاف کارروائی کرنے میں۔ پھر جب فرعون اور اس کے لشکر نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کی قوم کا تعاقب کیا' تو ملک مصر سے اس تدبیر سے' ہم نے ان کو باغات' چشموں' دولت اور مکانوں سے باہر نکال دیا۔

"مُسْتَعِدُّوْنَ" کی تعلیل: تفسیر میں استعمال ہونے والا لفظ "مُسْتَعِدُّوْنَ" صیغہ جمع مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب استفعال۔ اصل میں "مُسْتَعْدِيُوْنَ" تھا' یاء پر ضمہ ثقیل تھا' ماقبل کو ساکن کرنے کے بعد اسے نقل کر کے ماقبل کو دیا' یاء اور واؤ دونوں جمع ہوئیں اور دونوں ساکن تھیں' یاء کو تخفیف کے لیے گرایا' مستعدون ہوگیا۔

(ب) ارشاد ربانی ہے: پھر فرعون اور اس کے لشکر نے تعاقب کیا' تو ملک مصر سے اس تدبیر سے ہم نے ان کو باغات' چشموں' خزانوں اور عمدہ مکانات سے نکال باہر کیا' وہ باغات دریائے نیل کے دونوں جانب میں تھے اور پانی کے چشمے' نہریں' دریائے نیل ان کے مکانوں اور علاقوں میں جاری تھیں' اور ظاہری اموال جیسے سونا اور چاندی کی بہتات تھی۔

خزانوں کو "کنوز" قرار دینے کی وجہ:

ظاہری اموال یعنی سونا اور چاندی کو "کنوز" قرار دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس مال سے اللہ تعالیٰ کا حق نہیں دیا تھا! امراء اور وزراء وہ مجالس حسنہ کہ جو ہمہ وقت ان کی اتباع کرنے والے گروہ جمع رہتے تھے' ان کو گھیرے رہتے تھے' تو ہم نے ان کے اخراج کا معاملہ کیا اور بنی اسرائیل کو ان کا مالک بنا دیا۔

سوال نمبر 3: قال سليمان للهدهد سننظر أصدقت فيما اخبرتنا به ام كنت من الكذبين اى من هذا النوع فهو ابلغ من ام كذبت فيه ثم دلهم على الماء فاستخرج وارتووا وتوضأوا وصلوا۔

(الف) کلام باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں' نیز خط کشیدہ میں فرق کی وضاحت کریں؟

(ب) سلیمان علیہ السلام نے جو خط ملکہ بلقیس کی طرف لکھا تھا اس کا مضمون سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہدہد سے فرمایا: عنقریب ہم دیکھ لیں گے کہ تو جو خبر لا کر ہم کو دے گا' تو اس میں سچ کہتا ہے' یا تو جھوٹوں میں سے ہے' یہ کلام بمقابلہ "ام كذبت فيه" سے زیادہ بلیغ ہے' پھر ہدہد نے پانی کا پتہ بتلایا' پانی نکالا گیا' لوگوں نے سیر ہو کر پیا' انہوں نے وضو کیا اور نماز ادا کی۔

خط کشیدہ میں فرق: خط کشیدہ کی پہلی عبارت یعنی "ام كنت من الكذبين" دوسری عبارت "ام كذبت فيه" سے زیادہ بلیغ وعمدہ ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) بلقیس کے نام حضرت سلیمان علیہ السلام کے خط کا مضمون:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کے نام خط لکھا، جس کا مضمون یوں ہے:

اللہ کے بندے سلیمان بن داؤد کی جانب سے ملکہ بلقیس کے نام:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ! سلام اس پر جو اتباع کرے، امابعد!

پس مجھ پر بڑائی اختیار نہ کرنا، میرے پاس مطیع و فرمانبردار ہو کر حاضر ہو جاؤ، پھر اس کو بند کر کے مشک سے اس کو سیل بند کیا اور اپنی انگوٹھی سے اس پر مہر لگائی، پھر ہدہد سے فرمایا: میرا یہ خط لے جا اور اس کو ان (بلقیس) کے پاس ڈال دینا، پھر قدرے دور ہو جانا، جائزہ لینا کہ وہ اس کے ساتھ کیا کرتی ہے، ہدہد نے یہ خط بلقیس کی گود میں ڈال دیا۔

سوال نمبر 4: (۱) وحرمنا عليه المراضع من قبل فقالت هل ادلكم على اهل بيت يكفلونه لكم وهم له ناصحون .

(۲) فرددناه الى امه كي تقر عينها ولا تحزن ولتعلم ان وعد الله حق ولكن اكثرهم لا يعلمون .

(الف) جلالین کی روشنی میں مذکورہ دونوں آیات مبارکہ کی تفسیر زینت قرطاس کریں؟

(ب) موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا نام لکھیں، نیز بتائیں کہ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے ہاں کتنے سال تک رہے؟

جواب: (الف) ترجمہ وتشریح:

اور ہم نے پہلے ہی سے یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی والدہ کے پاس واپس لانے سے پہلے ہی، موسیٰ پر دائیوں کی بندش کر رکھی تھی کہ وہ کسی دودھ پلانے والی عورت کا دودھ قبول نہ کریں، چنانچہ انہوں نے کسی بھی موجود دودھ پلانے والی یعنی اپنی والدہ کے سوا دایہ کا دودھ قبول نہ کیا، ان کی بہن نے یہ صورتحال دیکھی، تو وہ کہنے لگیں: کیا میں تم لوگوں کو ایسے گھرانے کا پتہ بتاؤں، جو تمہارے لیے اس بچہ کی پرورش کریں، وہ دودھ پلا کر اور دیگر دیکھ بھال سے اور وہ اس کی خیر خواہی کریں۔ موسیٰ علیہ السلام کی بہن کو اس کی اجازت دی گئی، وہ ان کی والدہ کو لے آئیں، آپ نے اپنی والدہ کی پستان قبول کر لی، جب شبہ کرتے ہوئے سوال کیا گیا کہ آپ نے اس خاتون کا دودھ کیوں قبول کیا ہے؟ اس کی وجہ یہ بیان کی اور جواب دیا: میں اچھی خوشبو والے جسم کی عورت ہوں اور عمدہ خوشبودار دودھ والی خاتون ہوں، پھر آپ کی والدہ کو دودھ پلانے کی اجازت دی گئی، چنانچہ ارشاد ربانی ہے: ہم نے موسیٰ کو ان کی والدہ کے پاس واپس پہنچایا، تا کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور تا کہ وہ حالت غم میں نہ رہیں، انہیں اس بات کا بھی علم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کا

H_M_Hasnain_Asadi

وعدہ سچا ہے، لیکن اکثر لوگ اس وعدہ کو نہیں جانتے۔

(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے پاس ٹھہرنے کا عرصہ:

حضرت موسیٰ علیہ السلام شاہی محل کی بجائے اپنی والدہ کے ہاں اور ان کی رہائشگاہ میں دودھ نوش کرتے رہے، زمانہ رضاعت ختم ہونے کے بعد والدہ نے آپ کو فرعون کے محل واپس کر دیا اور آپ اپنی جوانی تک کا عرصہ فرعون کے پاس شاہی محل میں رہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ کا نام:

فرعون کی بیوی کا نام آسیہ بنت مزاحم، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ریارخت، نوخانذ، یوحانذ اور یانوخانت تھا جبکہ آپ کی ہمشیرہ کا کلثوم یا کلثمہ تھا، والدہ محترمہ کی طرح وہ بھی آپ پر فریفتہ اور جان نثاری کا مظاہرہ کرتیں۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: قسم اوّل کے کوئی دو سوال اور قسم ثانی کے دونوں سوال حل کریں۔

قسم اوّل......حدیث شریف

سوال نمبر 1: عن ابی الزبیر قال قلت لجابر بن عبدالله ما كنتم تعدون الذنوب شركا قال لاقال ابو سعيد قلت يا رسول الله هل فی هذه الامة ذنب يبلغ الكفر قال لا الا الشرك بالله تعالىٰ۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ لفظوں کی صرفی تحقیق سپرد قلم کریں؟ ۷+۸=۱۵

(ب) کیا گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر ہو جاتا ہے؟ اہل سنت کا مؤقف دلائل کی روشنی میں بیان کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 2: عن ابن بريدة عن ابيه ان النبی صلی الله عليه وسلم يوم فتح مكة صلی خمس صلوات بوضوء واحد ومسح علی خفيه فقال له عمر ما رأيناك صنعت هذا قبل اليوم فقال النبی صلی الله عليه وسلم عمدا صنعته يا عمر۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں؟ ۷+۸=۱۵

(ب) مقیم اور مسافر کے لیے موزوں پر مسح کرنے کی مدت مع الدلیل تحریر کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

سوال نمبر 3: عن ابی يعفور عمن حدثه عن سعد بن مالك قال كنا نطبق ثم امرنا بالركب۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور تطبیق کا طریقہ تحریر کریں؟ ۷+۸=۱۵

(ب) تطبیق کے بارے میں ائمہ کے مذاہب مع الدلائل سپرد قلم کریں؟ ۱۵

H_M_Hasnain_Asadi

قسم ثانی......عربی ادب

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اشعار کا ترجمہ کریں اور ان کے خط کشیدہ صیغے حل کریں؟ (۴×۵=۲۰)+(۲×۵=۱۰)۳۰

۱-تقول وقد مال الغبیط بنا معا عقرت بعیری یا امرأ القیس فانزل

۲-فقلت لها سیری وأرخی زمامة ولا تبعدینی من جناك المعلل

۳-وان تك قد ساء تك منی خلیقة فسلی ثیابی من ثیابك تنسل

۴-غدائره مستشزرات الی العلی تضل العقاص فی مثنی ومرسل

۵-یشق حباب الماء حیزومها بها کما قسم الترب المفائل بالید

۶-تلاقی وأحیانا تبین کأنها بنائق غرفی قمیص مقدد

۷-حسام اذا ما قمت منتصرا به کفی العود منه البدء لیس بمعضد

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟ ۵×۲=۱۰

(۱)فلفل (۲)حنظل (۳)صبابة (۴)العذاری (۵)الغبیط (۶)الکثیب (۷)الغوایة

☆☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2020ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

قسم اوّل......حدیث شریف

سوال نمبر 1: عن ابی الزبیر قال قلت لجابر بن عبداللہ ما کنتم تعدون الذنوب شرکا قال لاقال ابو سعید قلت یا رسول اللہ هل فی هذه الامة ذنب یبلغ الکفر قال لا الا الشرك باللہ تعالی۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ لفظوں کی صرفی تحقیق سپرد قلم کریں؟

(ب) کیا گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر ہو جاتا ہے؟ اہل سنت کا مؤقف دلائل کی روشنی میں بیان کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت ابوزبیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے دریافت

H_M_Hasnain_Asadi

کیا: کیا تم گناہوں کو شرک قرار دیتے تھے؟ انہوں نے جواب میں کہا: نہیں! حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس امت میں کوئی گناہ ایسا بھی ہے' جو کفر تک پہنچا دیتا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں' سوائے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کے۔

خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق:

تَعُدُّوْنَ: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل مضارع ثلاثی مجرد مضاعف از باب نصر ینصر۔ شمار کرنا' گمان کرنا' خیال کرنا۔

یُبَلِّغُ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل از باب تفعیل۔ پہنچانا۔

(ب) مرتکب کبیرہ شخص کافر نہیں ہوتا:

اہل سنت کا مؤقف ہے کہ مرتکب کبیرہ شخص گناہگار ہوتا ہے' مگر وہ کافر نہیں ہوتا۔ اس کے کثیر دلائل ہیں: (i) انبیاء اور ملائکہ کے سوا کوئی معصوم نہیں ہے یعنی ہر ایک سے گناہ صادر ہوسکتا ہے' اگر مرتکب کبیرہ کافر ہو تو ہر مسلمان کافر قرار پائے گا' جو ناممکنات میں سے ہے۔ (ii) خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ میں قیامت کے دن اہل کبائر کی سفارش کروں گا' تو اس سے معلوم ہوا کہ مرتکب کبائر کافر نہیں ہوتا۔

سوال نمبر2: عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ صَلّٰى خَمْسَ صَلَوَاتٍ بِوُضُوْءٍ وَّاحِدٍ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ مَا رَأَيْنَاكَ صَنَعْتَ هٰذَا قَبْلَ الْيَوْمِ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمْدًا صَنَعْتُهٗ يَا عُمَرُ۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں؟

(ب) مقیم اور مسافر کے لیے موزوں پر مسح کرنے کی مدت مع الدلیل تحریر کریں؟

جواب: (الف) اعراب وترجمہ:

اعراب اوپر لگادیے گئے ہیں' اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن ایک وضو سے پانچ نمازیں پڑھیں اور آپ نے اپنے موزوں پر مسح کیا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: (یارسول اللہ!) اس دن سے پہلے ہم نے آپ کو ایسا کرتے ہوئے نہیں دیکھا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! میں نے ایسا عمداً کیا ہے۔

(ب) مقیم اور مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت مع دلیل:

آئمہ ثلاثہ، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہم اللہ کا مؤقف ہے یہ ایک مسلمہ فقہی مسئلہ ہے کہ مرد اور مقیم ہو، تو وہ ایک دن ایک رات موزوں پر مسح کر سکتا ہے، اگر وہ مسافر ہوں، تو ان کے لیے تین دن اور تین راتیں موزوں پر مسح کرنے کی اجازت ہے۔

دلیل: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: للمسافر ثلاث وللمقیم یوم ولیلة مسحاً علی الخفین۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ موزوں پر مسح کی کوئی مدت مقرر نہیں ہے، ایک دفعہ وضو کر کے موزے پہنے جا سکتے ہیں، پھر جتنے دن چاہے مسح کر سکتا ہے۔ حضرت خزیمہ سے منقول ہے: مسافر کے لیے موزوں پر مسح تین دن تین راتیں ہیں، اور مقیم کے لیے ایک دن ایک رات ہے، پھر اگر ہم چاہتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس مدت کو بڑھا دیتے۔

نوٹ: جمہور کی دلیل قوی ہے، کیونکہ اس کے راوی کثیر اور ثقہ ہیں۔

سوال نمبر3: عن ابی یعفور عمن حدثه عن سعد بن مالك قال كنا نطبق ثم امرنا بالركب.

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور تطبیق کا طریقہ تحریر کریں؟

(ب) تطبیق کے بارے میں ائمہ کے مذاہب مع الدلائل سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت سعید بن مالک رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم (حالت رکوع میں) تطبیق کرتے تھے، پھر ہمیں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم دیا گیا۔

تطبیق کا طریقہ وتعریف: حالت رکوع میں دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنے کی بجائے لٹکانے کو، تطبیق کہا جاتا ہے۔ شروع میں حالت نماز میں تطبیق کا طریقہ رائج تھا۔ بعد میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تبدیل کر کے حالت رکوع میں نیم کشادہ انگلیوں سے دونوں گھٹنوں کو پکڑنے کا حکم جاری کیا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تاحیات تطبیق پر عمل پیرا رہے۔ آپ کے اس عمل کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں: (i) یہ عمل آپ کی خصوصیات میں شامل ہو۔ (ii) شاید انہیں یہ روایت نہ پہنچی ہو۔ (iii) شاید وہ گھٹنا پکڑنا رخصت اور تطبیق پر عمل عزیمت خیال کرتے ہو۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: جب تم رکوع کرو، تو اپنے دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھو، اپنی انگلیوں کو کشادہ رکھو۔

H_M_Hasnain_Asadi

قسم ثانی......عربی ادب

سوال نمبر 4: درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں اور ان کے خط کشیدہ صیغے حل کریں؟

۱- تقول وقد مال الغبیط بنا معا ... عقرت بعیری یا امرأ القیس فانزل

۲- فقلت لها سیری وأرخی زمامة ... ولا تبعدینی من جناك المعلل

۳- وان تك قد ساء تك منی خلیقة ... فسلی ثیابی من ثیابك تنسل

۴- غدائره مستشزرات الی العلی ... تضل العقاص فی مثنی ومرسل

۵- یشق حباب الماء حیزومها بها ... كما قسم الترب المفائل بالید

۶- تلاقی وأحیانا تبین كأنها ... بنائق غرفی قمیص مقدد

۷- حسام اذا ما قمت منتصرا به ... كفی العود منه البدء لیس بمعضد

جواب: ترجمہ اشعار اور خط کشیدہ کے صیغے:

(۱) جب وہ ہم دونوں سمیت جھکتا تھا تو وہ عنیزہ یوں کہتی تھی: اے امرءالقیس! تو نے تو میرے اونٹ کی پیٹھ کو چھیل ڈالا ہے لہٰذا تو اس کی پیٹھ سے اتر جا۔

عقرت: صیغہ واحد مذکر حاضر ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ۔ زخمی کرنا، چھیلنا۔

(۲) جب عنیزہ نے مجھے اترنے کا کہا، تو میں نے اسے کہا: تو چلتی چل، اس کی نکیل کو ہلکا کر دے اور اپنے دوبارہ پانی پیے ہوئے تازہ میوہ سے تو مجھے دور مت رکھ (یعنی تو اپنے پیار سے مجھے دور مت رکھ)

لا تبعدینی: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل نہی حاضر معروف ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔ دور کرنا۔ محروم کرنا۔

(۳) اگر تمہیں میری عادت بری معلوم ہو یا بری لگے، تو تو اپنے کپڑے مجھ سے الگ کر لے، تو وہ الگ ہو جائیں گے یعنی تو مجھ سے جدائی اختیار کر لے اور قطع تعلق کر لے، یہ مجھے منظور ہے، اگرچہ میں برباد ہو جاؤں۔

تنسل: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع اجوف واوی ثلاثی مجرد از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ۔ کپڑے کا گرنا۔

(۴) اس کے گندھے ہوئے بال اوپر کی طرف، اونچی اور ابھری ہوئی تھیں، اور اس کے بالوں کا جوڑا دوہرے گندھے اور لٹکتے بالوں میں چھپا ہوا ہے۔

مستشزرات: صیغہ جمع مؤنث غائب اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب استفعال۔ بلند ہونا۔

(۵) ان کشتیوں کے سینے پانی کی موجوں اور پانی کی دھاروں کو ایسا چیرتا ہے جیسے ڈھیری کاٹ لینے

H_M_Hasnain_Asadi

والا ہاتھ سے مٹی کے دو حصے کر دیتا ہے۔

یشق: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد مضاعف از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔ چیرنا، پھاڑنا۔

(٦) تنگ کے نشان کبھی آپس میں ملتے ہیں، اور کبھی ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں، چونکہ وہ سفید ہے اس لیے کہتا ہے جیسے گویا وہ پرانے پھٹے کرتا کی سفید کلیاں ہیں، جو ہوا کے جھونکے سے آپس میں ملتی اور الگ ہوتی ہیں۔

تبین: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔ جدا ہونا، الگ ہونا۔

(٧) وہ تلوار ایسی کاٹنے والی ہے، جب میں دشمنوں سے بدلہ لینے کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہوں، تو اس کے پہلا اور دوسرے وار سے کافی ہو جاتا ہے، اور درختوں کو کاٹنے چھانٹنے والی نہیں ہے۔

منتصرا: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل از باب افتعال۔ مدد کرنا۔

سوال نمبر 5: درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں؟

(١) فلفل (٢) حنظل (٣) صبابة (٤) العذاری (٥) الغبیط (٦) الکثیب (٧) الغوایة

جواب: الفاظ کے معانی:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فلفل	سیاہ مرچ	حنظل	اندرائن/کڑوا پھل
صبابة	برتن میں بچا ہوا پانی	العذاری	نوجوان خواتین
الغبیط	کجاوہ	الکثیب	ریت کا ٹیلہ
الغوایة	گمراہ ہونا		

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

تیسرا پرچہ: فقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: وَيَسْتَحِبُّ لِلْمُتَوَضِّي اَنْ يَّنْوِيَ الطَّهَارَةَ فَالنِّيَّةُ فِي الْوُضُوْءِ سُنَّةٌ عِنْدَنَا وَعِنْدَ الشَّافِعِيِّ فَرْضٌ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور مستحب کی تعریف سپرد قلم کریں؟ ۵+۸=۱۳

(ب) مذکورہ مسئلہ میں احناف وشوافع کے دلائل بیان کریں، نیز دلیل شوافع کا جواب تحریر کریں؟ ۱۵+۵=۲۰

سوال نمبر 2: وَقَدْرُ الدِّرْهَمِ وَمَا دُوْنَهُ مِنَ النَّجَسِ الْمُغَلَّظِ كَالدَّمِ وَالْبَوْلِ وَالْخَمْرِ وَخُرْءِ الدُّجَاجِ وَبَوْلِ الْحِمَارِ جَازَتِ الصَّلٰوةُ مَعَهُ وَاِنْ زَادَ لَمْ تَجُزْ۔

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور عبارت پر اعراب لگائیں؟ ۵+۸=۱۳

(ب) نجاست غلیظہ کی تعریف اور حکم لکھیں، نیز اس کی مقدارِ معاف کے بارے میں ائمہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر 3: واول وقت الظهر اذا زالت الشمس لامامة جبرئيل عليه السلام فى اليوم الاوّل حين زالت الشمس واٰخر وقتها عند ابى حنيفة رحمة الله عليه اذا صار ظل كل شيء مثليه سوى فيء الزوال۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور سایہ اصلی کی وضاحت قلمبند کریں؟ ۸+۵=۱۳

(ب) نمازِ ظہر کے آخر وقت کے بارے میں امام ابوحنیفہ اور صاحبین علیہم الرحمہ کا اختلاف مع الدلائل تحریر کریں؟ ۲۰

سوال نمبر 4: فصل فى التكفين السنة ان يكفن الرجل فى ثلثة اثواب ازار وقميص ولفافة لما روى انه صلى الله عليه وسلم كفن فى ثلثة اثواب سحولية ولانه اكثر ما

H_M_Hasnain_Asadi

یلبسه عادة فی حیاته فکذا بعد مماته .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور اس میں مذکور مسئلہ کی وضاحت کریں؟ ۶+۷=۱۳

(ب) مرد و عورت میں سے ہر ایک کا کفن سنت، کفن کفایت اور کفن ضرورت بیان کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

☆☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2020ء

تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر 1: ویستحب للمتوضی ان ینوی الطهارة فالنیة فی الوضوء سنة عندنا وعند الشافعی فرض .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور مستحب کی تعریف سپرد قلم کریں؟

(ب) مذکورہ مسئلہ میں احناف و شوافع کے دلائل بیان کریں، نیز دلیل شوافع کا جواب تحریر کریں؟

جواب: (الف) اعراب اور ترجمہ عبارت:

اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں، اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

وضو کرنے والے کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ طہارت کی نیت کر لے۔ ہمارے (احناف) نزدیک وضو میں نیت کرنا سنت ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک فرض ہے۔

مستحب کی تعریف: جس کے کرنے کا شارع نے حکم دیا ہو، مگر لازمی قرار نہ دیا ہو جیسے نماز تہجد اور نماز اشراق وغیرہ۔

(ب) وضو میں نیت کے مسئلہ میں احناف اور شوافع کے دلائل:

وضو میں نیت کے حوالے سے شوافع کا مؤقف ہے کہ یہ نیت فرض ہے، ان کی دلیل یہ حدیث ہے: انما الاعمال بالنیات یعنی اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ اس لیے متوضی وضو کے وقت یوں نیت کرتا ہے: نویت ان اتوضا للصلوة تقربا الی اللہ۔

وضو میں نیت کے حوالے سے احناف کا مؤقف ہے کہ یہ سنت ہے، احناف کی دلیل وہ مشہور روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کو وضوء کی تعلیم دی تھی، مگر نیت کی تعلیم نہیں دی تھی، اگر نیت فرض ہوتی، تو آپ اسے ضرور اس کی تعلیم بھی دیتے۔

سوال نمبر 2: وَقَدْرُ الدِّرْهَمِ وَمَا دُوْنَهٗ مِنَ النَّجْسِ الْمُغَلَّظِ كَالدَّمِ وَالْبَوْلِ وَالْخَمْرِ وَخُرْءِ الدَّجَاجِ وَبَوْلِ الْحِمَارِ جَازَتِ الصَّلٰوةُ مَعَهٗ وَاِنْ زَادَ لَمْ تَجُزْ ۔

H_M_Hasnain_Asadi

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور عبارت پر اعراب لگائیں؟

(ب) نجاست غلیظہ کی تعریف اور حکم لکھیں، نیز اس کی مقدارِ معاف کے بارے میں ائمہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟

جواب: (الف) اعراب و ترجمہ عبارت:

اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں، اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

ایک درہم کی مقدار یا اس سے کم نجاست غلیظہ جیسے خون، پیشاب، مرغی کی بیٹ اور گدھے کا پیشاب (جسم یا کپڑے کو) لگ جائے، تو اس کے ساتھ نماز جائز ہے، اور اس سے زیادہ مقدار ہو، تو نماز جائز نہیں ہے۔

(ب) نجاست غلیظہ کی تعریف:

امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نجاست غلیظہ وہ ہے، جو نص سے ثابت ہو اور اس کے متضاد کوئی نص موجود نہ ہو مثلاً خون، غیر ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب، پاخانہ، شراب اور مرغی کی بیٹ وغیرہ۔

حکم: نجاست گاڑھی ہو، تو ایک درہم کی مقدار معاف ہے، کیونکہ اس سے بچنا ممکن نہیں ہے۔ اگر نجاست نرم ہو، تو درہم کی مقدار مساحت کے اعتبار سے مراد ہے یعنی ہاتھ کی ہتھیلی کی عرض کی مقدار معاف ہے۔ اگر نجاست گاڑھی، تو درہم کی مقدار وزن کے اعتبار سے مراد ہے، اور درہم سے وہ مراد ہے کہ جس کا وزن ایک مثقال کے وزن کے برابر ہو۔

نجاست کی مقدارِ معاف میں مذاہب آئمہ:

احناف کے نزدیک نجاست غلیظہ میں سے ایک درہم یا اس سے کم مقدار معاف ہے، اگر نجاست غلیظہ ہو مثلاً خون، پیشاب، شراب اور مرغی کی بیٹ وغیرہ میں سے کسی کپڑے یا بدن کو ایک درہم یا اس سے کم مقدار میں لگ جائے اور وہ شخص اسی حال میں نماز پڑھ لے، تو اس کی نماز درست ہے، البتہ اگر نجاست ایک درہم سے زائد لگی ہو، تو اس صورت میں اسے زائل کیے بغیر نماز پڑھنا درست نہیں۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ نجاست سے بچنا ناممکن ہے مثلاً مکھیاں نجاست پر بیٹھتی ہیں، پھر وہ ہمارے کپڑوں اور جسم پر آ کر بیٹھ جاتی ہیں، اور ان سے بچنا ناممکن ہے۔

امام شافعی اور امام زفر رحمہما اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ کوئی بھی نجاست معاف نہیں ہے، خواہ وہ قلیل ہو، یا کثیر ہو، لہٰذا نجاست کی موجودگی میں نماز نہیں ہوگی اور اس کا دور کرنا ضروری ہے۔ ان کی دلیل یہ ارشاد ربانی ہے: وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ (آپ اپنے کپڑوں کو پاک رکھیں)

سوال نمبر 3: واول وقت الظهر اذا زالت الشمس لامامة جبرئيل عليه السلام في

H_M_Hasnain_Asadi

اليوم الاوّل حين زالت الشمس واٰخر وقتها عند ابی حنيفة رحمة الله عليه اذا صار ظل كل شيء مثليه سوى فيء الزوال .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور سایہ اصلی کی وضاحت قلمبند کریں؟

(ب) نماز ظہر کے آخر وقت کے بارے میں امام ابوحنیفہ اور صاحبین علیہم الرحمہ کا اختلاف مع الدلائل تحریر کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

نماز ظہر کا ابتدائی وقت سورج کے زائل ہونے سے شروع ہوتا ہے' اس لیے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پہلے دن سورج کے زائل ہونے پر (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز ظہر) پڑھائی اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نماز ظہر کا آخر وقت اصل سایہ کے علاوہ ہر چیز کا سایہ دوگنا ہونے تک ہے۔

سایہ اصلی:

سایہ اصلی سے مراد ہر چیز کا وہ سایہ ہے جو عین زوال کے وقت ہوتا ہے' یعنی جب آفتاب بالکل سر پر ہوتا ہے۔

(ب) ظہر کے اخیر وقت میں احناف کا اختلاف:

ظہر کے آخری وقت میں فقہاء احناف کا اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ سایہ اصلی کے علاوہ ہر چیز کا سایہ دوگنا ہونے پر نماز ظہر کا وقت ختم اور نماز عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے' آپ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت سے استدلال کیا ہے: اَبْرِدُوْا بِالظُّهْرِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ (یعنی تم ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھو' اس لیے شدت حرارت جہنم کی شدت حرارت سے ہے)

صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ اصلی سایہ کے علاوہ ہر چیز کا سایہ ایک مثل ہونے پر ظہر کا وقت ختم ہو جاتا ہے' ان کی دلیل حدیث امامت جبریل علیہ السلام ہے: كما قال عليه السلام: وصلى بی الظهر فی اليوم الثانی حين زالت الشمس وصار ظل كل شيء مثله (یعنی دوسرے دن جب سورج زائل ہوا اور ہر شیء کا سایہ ایک مثل ہو گیا' تو (حضرت) جبریل علیہ السلام نے مجھے نماز ظہر پڑھائی)

سوال نمبر 4: فصل فی التكفين السنة ان يكفن الرجل فی ثلثة اثواب ازار وقميص ولفافة لما روی انه صلى الله عليه وسلم كفن فی ثلثة اثواب سحولية ولانه اكثر ما يلبسه عادة فی حياته فكذا بعد مماته .

H_M_Hasnain_Asadi

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور اس میں مذکور مسئلہ کی وضاحت کریں؟

(ب) مرد و عورت میں سے ہر ایک کا کفن سنت، کفن کفایت اور کفن ضرورت بیان کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

فصل کفن دینے کے بیان میں: مسنون یہ ہے کہ مرد کو تین کپڑوں (۱) ازار (۲) قمیص (۳) لفافہ میں کفن دیا جائے، کیونکہ حدیث سے ثابت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔ اس لیے عام طور پر جیسا کپڑا زندگی میں پہنا جاتا ہے، ایسے ہی کپڑے میں وفات کے بعد کفن دیا جاتا ہے۔

متن کے مسئلہ کی وضاحت:

مرد کے لیے کفن مسنون تین کپڑے ہیں: (۱) ازار یعنی بڑی چادر (۲) کرتا، جو آگے اور پیچھے سے پنڈلیوں تک برابر ہوگا (۳) لفافہ: یہ چھوٹی چادر ہوتی ہے۔ تین کپڑوں کی دلیل رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کفن ہے، یعنی آپ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔ پھر یہ کفن کا کپڑا بالکل گھٹیا، یا بہت اعلیٰ قسم کا نہیں ہونا چاہیے، بلکہ جیسا کپڑا آدمی زندگی میں زیب تن کرتا ہے، اسی نوعیت کا کپڑا کفن کے لیے استعمال میں لایا جائے گا۔

(ب) مرد اور عورت کا کفن سنت، کفن کفایت اور کفن ضرورت:

کفن کی تین اقسام ہیں:

مرد کا کفن: (۱) کفن سنت: مرد کے لیے کفن مسنون تین کپڑے ہیں: (۱) ازار (۲) کرتا (۳) لفافہ۔

(۲) مرد کا کفن کفایہ دو کپڑے ہیں: (۱) ازار (۲) لفافہ۔

(۳) مرد کا کفن ضرورت ایک کپڑا ہے، کیونکہ غزوہ احد کے موقع پر حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو ایک کپڑے میں کفن دیا گیا تھا۔

عورت کا کفن: (۱) عورت کا کفن سنت پانچ کپڑے ہیں: (۱) ازار (۲) قمیص (۳) اوڑھنی (۴) خرقہ (سینہ بند) (۵) لفافہ۔

(۲) عورت کا کفن کفایہ تین کپڑے ہیں: (۱) ازار (۲) لفاظ (۳) اوڑھنی۔

(۳) تین کپڑوں سے کم عورت کا کفن ضرورت ہے یعنی ایک یا دو کپڑے۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

وقت: تین گھنٹے　　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: اعلم ان اصول الشرع ثلثة الكتاب والسنة واجماع الامة والاصل الرابع القياس ۔

(الف) ترجمہ کرنے کے بعد بتائیں کہ مصنف نے اصول الشرع کہا اصول الفقہ کیوں نہیں کہا؟ ۵+۵=۱۰

(ب) الشرع کے الف لام میں کتنے اور کون کون سے احتمالات ہیں؟ ہر احتمال کے مطابق معنی بیان کریں اور شارح کا مختار قول تحریر کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ج) خط کشیدہ عبارت ترکیب میں کیا واقع ہو رہی ہے؟ نیز ان میں سے ہر ایک کی تعریف سپرد قلم کریں؟ ۳+۱۲=۱۵

سوال نمبر 2: والرابع فی معرفة وجوه الوقوف علی المراد ای التقسیم الرابع فی معرفة طرق وقوف المجتهد علی مراد النظم ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ تقسیم رابع کس اعتبار سے ہے؟ نیز اس کی اقسام کے صرف نام لکھیں؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) شارح کی عبارت ایک اعتراض کا جواب ہے آپ اعتراض و جواب دونوں کی وضاحت کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 3: وحكمه ان يتناول المخصوص قطعا ولا يحتمل البيان لكونه بينا ۔

(الف) خاص کے حکم میں لفظ قطعاً ذکر کرنے کی وجہ تحریر کریں، نیز مثال دے کر خاص کے حکم کی تشریح و توضیح قلمبند کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) بیان تفسیر، بیان تقریر اور بیان تغییر میں سے ہر ایک کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ خاص ان

H_M_Hasnain_Asadi

میں سے کس کا احتمال نہیں رکھتا؟ ۱۲+۳=۱۵

سوال نمبر 4: والكفار مخاطبون بالامر بالايمان وبالمشروع من العقوبات والمعاملات لان الامر بالايمان في الواقع لايكون الا للكفار .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور بتائیں مصنف اس عبارت سے کیا بیان کرنا چاہتے ہیں؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) اگر ایمان لانے کا حکم صرف کافروں کو ہی ہے تو آیت "يايها الذين اٰمنوا اٰمنوا" سے مؤمنین کو خطاب کیوں فرمایا؟ نور الانوار کی روشنی میں کوئی دو جوابات سپرد قلم کریں؟ ۸+۷=۱۵

☆☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2020ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

سوال نمبر 1: اعلم ان اصول الشرع ثلثة الكتاب والسنة واجماع الامة والاصل الرابع القياس .

(الف) ترجمہ کرنے کے بعد بتائیں کہ مصنف نے اصول الشرع کہا اصول الفقہ کیوں نہیں کہا؟

(ب) الشرع کے الف لام میں کتنے اور کون کون سے احتمالات ہیں؟ ہر احتمال کے مطابق معنی بیان کریں اور شارح کا مختار قول تحریر کریں؟

(ج) خط کشیدہ عبارت ترکیب میں کیا واقع ہو رہی ہے؟ نیز ان میں سے ہر ایک کی تعریف سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

یہ بات خوب جان لو کہ اصول شرع تین ہیں: (۱) کتاب اللہ (۲) سنت رسول (۳) اجماع امت اور چوتھا قیاس ہے۔

اصول فقہ کی بجائے اصول شرع کہنے کی وجہ:

مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے اصول فقہ کی بجائے اصول شرع اس لیے فرمایا ہے کہ کتاب اللہ، سنت رسول اور اجماع تینوں جس طرح فقہ کے اصول ہیں، اسی طرح علم کلام کے بھی اصول ہیں، لفظ شرع احکام نظریہ یعنی علم کلام اور احکام عملیہ یعنی علم دونوں کو شامل ہے، اور فقہ متاخرین کے نزدیک فقط احکام عملیہ کو شامل ہوتا ہے نہ کہ احکام نظریہ (علم کلام) کو۔ لہٰذا اگر مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ اصول الشرع کے بجائے اصول الفقہ فرما

دیتے تو یہ شبہ ہوتا کہ کتاب اللہ، سنت رسول اور اجماع خاص طور پر فقہ کے اصول ہیں، نہ کہ علم کلام کے، حالانکہ یہ غلط ہے، کیونکہ یہ تینوں جس طرح فقہ کے اصول ہیں، اسی طرح علم کلام کے بھی اصول ہیں، پس اس وہم کو دور کرنے کے لیے مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''اصول الشرع'' فرمایا اور ''اصول الفقہ'' نہیں کہا۔

(ب) لفظ ''الشرع'' کے الف لام میں احتمالات:

لفظ ''الشرع'' کے الف لام میں تین احتمالات ہیں:

(i) لفظ ''شرع'' مصدر ہے، اور اسم فاعل کے معنیٰ میں ہے، جس طرح لفظ ''عدل'' عادل کے معنیٰ میں ہوتا ہے۔ الف لام عہد کے لیے ہے، اور معہود رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے۔ مطلب یہ ہوگا کہ وہ دلائل جن کو شارع علیہ السلام نے دلیل بنایا ہے۔

(ii) لفظ ''الشرع'' مصدر ہو اور اسم مفعول یعنی ''المشروع'' کے معنیٰ میں ہے۔ الف لام جنسی ہو، اس صورت میں معنیٰ ہوگا: احکام شرعیہ کے دلائل تین ہیں۔

(iii) بہتر ہے کہ لفظ ''الشرع'' مصدری معنیٰ میں نہ ہو، بلکہ دین کا اسم جامد ہو، الف لام عہد کا ہو، تو اس صورت میں لفظ ''الشرع'' ''دین قویم'' یعنی دین مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہوگا اور مطلب یہ ہوگا کہ شریعت کے دلائل تین ہیں۔

شارح کا مختار قول:

شارح کے نزدیک لفظ ''الشرع'' کے الف لام کے تینوں احتمالات میں سے تیسرا احتمال مراد لینا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ اس صورت میں مصدر کو اسم فاعل اور اسم مفعول کے معنیٰ میں لینے کا تکلف نہیں کرنا پڑتا اور کلام تاویل سے بھی محفوظ رہے گا۔ لہٰذا تیسرا احتمال اولیٰ ہے۔

(ج) خط کشیدہ عبارت کی ترکیب:

خط کشیدہ عبارت: ''الكتاب والسنة واجماع الامة'' کی ترکیب میں دو احتمال ہیں:

(۱) یہ عبارت ماقبل لفظ ''ثلثة'' سے بدل ہے۔

(۲) یہ عبارت عطف بیان ہے۔

کتاب، سنت اور اجماع کی تعریفات:

(۱) کتاب: پانچ سو آیات مراد ہیں، جو احکام پر مشتمل ہیں، کیونکہ باقی قصص و امثلہ پر مشتمل کلام ہے۔

(۲) سنت: تمام احادیث مبارکہ مراد نہیں ہیں، بلکہ تین ہزار احادیث مبارکہ مراد ہیں، جن کا تعلق احکام شرعیہ سے ہے۔

(۳) اجماع: اجماع امت سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے صالح مجتہدین کا اجماع مراد

H_M_Hasnain_Asadi

ہے، مطلق امت ہرگز مراد نہیں، یہ امت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت وشان اور بزرگی کی وجہ سے ہے۔

سوال نمبر2: والرابع فی معرفة وجوه الوقوف علی المراد ای التقسیم الرابع فی معرفة طرق وقوف المجتهد علی مراد النظم .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ تقسیم رابع کس اعتبار سے ہے؟ نیز اس کی اقسام کے صرف نام لکھیں؟

(ب) شارح کی عبارت ایک اعتراض کا جواب ہے آپ اعتراض و جواب دونوں کی وضاحت کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

اور چوتھی تقسیم مراد سے واقف ہونے کے طریقوں کی معرفت میں ہے، یعنی چوتھی تقسیم مراد نظم سے مجتہد کے واقف ہونے کے طریقوں کی پہچان میں ہے۔

تقسیم رابع کس لحاظ سے:

مصنف یہاں کتاب اللہ کی چوتھی تقسیم کر رہے، دریافت طلب یہ امر ہے کہ یہ تقسیم کس اعتبار سے کی گئی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تقسیم مراد نظم سے مجتہد کے واقف ہونے اور اس کے طریقوں کی معرفت کے حوالے سے ہے۔

تقسیم رابع کی اقسام:

تقسیم رابع کی چار اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) عبارت النص (۲) اشارۃ النص (۳) دلالۃ النص (۴) اقتضاء النص

(ب) اعتراض اور اس کا جواب:

مذکورہ بالا عبارت ایک سوال کا جواب ہے، وہ سوال و جواب درج ذیل ہے:

اعتراض: چوتھی تقسیم کو کتاب اللہ کی تقسیمات میں شمار کرنا درست نہیں ہے، اس لیے کہ کتاب اللہ کی تقسیمات درحقیقت نظم اور معنیٰ کی تقسیمات ہیں۔ چوتھی تقسیم وقوف کی تقسیم اور واقف ہونا مجتہد کی صفت ہے، تو پھر اسے کتاب اللہ کی تقسیمات میں شمار کرنا درست نہ ہوا؟

جواب: خواہ مراد نظم پر واقف ہونا بظاہر مجتہد کی صفت ہے، مگر وہ معنیٰ کے حال کی طرف راجع ہے یعنی مجتہد یہ دیکھے گا کہ وہ مراد کس طرح ثابت ہے، عبارت النص سے ثابت ہے، یا اشارۃ النص سے ثابت ہے، دلالۃ النص سے ثابت ہے، یا اقتضاء النص سے ثابت ہے، اس طرح معنیٰ کے واسطہ سے لفظ کی طرف راجع

H_M_Hasnain_Asadi

ہے۔ مجتہد کا علم و وقوف چونکہ لفظ اور معنیٰ دونوں سے مستفاد ہے' اس طرح یہ تقسیم رابع بھی درحقیقت نظم و معنیٰ کی ہے مگر اس تقسیم میں معنیٰ اصل اور لفظ تابع ہے' اس لیے اس تقسیم کو معنیٰ کی تقسیم قرار دیا گیا ہے۔

سوال نمبر 3: وحکمه ان یتناول المخصوص قطعا ولا یحتمل البیان لکونه بینا۔

(الف) خاص کے حکم میں لفظ قطعاً ذکر کرنے کی وجہ تحریر کریں' نیز مثال دے کر خاص کے حکم کی تشریح و توضیح قلمبند کریں؟

(ب) بیان تفسیر' بیان تقریر اور بیان تغییر میں سے ہر ایک کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ خاص ان میں سے کس کا احتمال نہیں رکھتا؟

جواب: (الف) خاص کے حکم میں لفظ ''قطعاً'' کے ذکر کی وجہ اور مثال:

خاص کا حکم یعنی خاص کا اثر یہ ہے کہ خاص اپنے مخصوص کو قطعی اور یقینی طور پر اس طرح شامل ہوتا ہے کہ اس میں غیر کا احتمال بالکل نہیں ہوتا۔ چنانچہ جیسے ہم کہتے ہیں: ''زید عالم'' تو اس میں زید خاص ہے' غیر کا احتمال نہیں رکھتا' جو کسی دلیل کی بنیاد پر ہو اور عالم بھی خاص ہے' جو بالکل اسی طرح غیر کا ایسا احتمال نہیں رکھتا' جو دلیل سے پیدا ہو۔ الحاصل دونوں کلموں میں سے ہر ایک اپنے مدلول اور مخصوص اور معنیٰ کو قطعی طور پر ثابت ہے۔

(ب) بیان تفسیر' بیان تقریر اور بیان تغییر کی وضاحت اور خاص ان میں سے کس کا احتمال رکھتا ہے:

خاص خواہ بیان تفسیر کا احتمال نہیں رکھتا' مگر بیان تقریر اور بیان تغییر کا احتمال رکھتا ہے' اس لیے یہ دونوں بیان قطعی اور یقینی ہونے کے منافی نہیں ہیں' اس لیے کہ بیان تقریر بغیر دلیل کے پیدا ہونے والے احتمال کو دور کرتا ہے' پس وہ ''خاص'' جس کو بیان تقریر لاحق ہوتا ہے' وہ بیان تقریر کے بعد محکم ہو جائے گا جیسے جاءنی زید زید میں دوسرا زید ذکر کرنے سے پہلے یہ بھی احتمال ہے کہ زید نہ آیا ہو' بلکہ زید کا بھائی آیا ہو' اور زید کے بھائی کو مجازاً زید کے ساتھ تعبیر کر دیا ہو' مگر زید ثانی کے ذکر کے بعد یہ احتمال ختم ہو گیا اور زید کی آمد پختہ ہو گئی۔

باقی رہا بیان تغییر' تو اس کا احتمال ہر کلام رکھتا ہے' خواہ وہ کلام قطعی ہو' یا ظنی ہو جیسے ''انت طالق ان دخلت الدار'' میں ''ان دخلت الدار'' کے بغیر انت طالق سے فوری طلاق واقع ہو جاتی ہے' مگر ''ان دخلت الدار'' نے اس کے حکم کو متغیر کر دیا اور فوری طلاق واقع ہونے کو روک دیا' اس طرح تنجیز کو تعلیق سے بدل دیا یعنی اس میں تنسیخ کا احتمال بھی ہر کلام رکھتا ہے۔

سوال نمبر 4: وَالْكُفَّارُ مُخَاطَبُوْنَ بِالْاَمْرِ بِالْاِيْمَانِ وَبِالْمَشْرُوْعِ مِنَ الْعُقُوْبَاتِ

وَالْمُعَامَلَاتِ لِاَنَّ الْاَمْرَ بِالْاِیْمَانِ فِی الْوَاقِعِ لَا یَکُوْنُ اِلَّا لِلْکُفَّارِ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور بتائیں مصنف اس عبارت سے کیا بیان کرنا چاہتے ہیں؟

(ب) اگر ایمان لانے کا حکم صرف کافروں کو ہی ہے، تو آیت "یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا" سے مؤمنین کو خطاب کیوں فرمایا؟ نورالانوار کی روشنی میں کوئی دو جوابات سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) اعراب برعبارت اور ترجمہ عبارت:

اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں، ترجمہ درج ذیل ہے:

کفار ایمان لانے اور عقوبات اور معاملات کے حوالے احکام بجا لانے کے مخاطب ہیں، اس لیے ایمان لانا حقیقت میں کفار کے ساتھ مخصوص ہے۔

غرض مصنف:

مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ایمان لانے اور حدود و قصاص اور معاملات سے متعلق احکام بجا لانے کے مکلف ہیں، کیونکہ ایمان لانے کا امر اصل کفار ہی کو ہے، ایمان والوں کو نہیں ہے، مومن تو ایمان لا کر حدود و قصاص اور معاملات کے مکلف ہو چکے ہیں۔

(ب) "یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا" میں اہل ایمان کو خطاب کی وجوہات:

سوال یہ ہے کہ جب ایمان لانے کے مخاطب صرف کفار ہیں، تو اہل ایمان کو اس ارشاد میں ایمان لانے کا حکم کیوں دیا گیا ہے؟

اس کی کئی وجوہات ہیں، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) اے ایمان والو! تم اپنے ایمان پر ثابت قدم رہو۔

(۲) منافقین زبان سے دعویٰ ایمان کرتے تھے، ان کو دل سے ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے، کیونکہ اصل ایمان دل کی تصدیق ہے۔

(۳) اہل کتاب سابقہ کتابوں اور سابقہ انبیاء علیہم السلام پر ایمان لائے، ان کو دعوت ہے کہ قرآن اور صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لاؤ گے، تو ایمان معتبر ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: الكلمة قيل هي والكلام مشتقان من الكلم بتسكين اللام وهو الجرح لتاثير معانيهما في النفوس كالجرح.

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں، نیز بتائیں کہ جمہور نحویوں کے نزدیک کلمہ اور کلام کلماتِ مستقلہ ہیں یا مشتق؟ ۵+۵+۵=۱۶

(ب) خط کشیدہ مذہب کو قیل کے ذریعے ذکر کرنے کی وجوہ قلمبند کریں؟ ۹

(ج) "کلم" جنس ہے یا جمع؟ شرح جامی کی روشنی میں جواب تفصیلاً تحریر کریں؟ ۹

سوال نمبر 2: الاعراب ما اى حركة او حرف اختلف اٰخره اى اٰخر المعرب من حيث هو معرب ذاتا او صفة به.

(الف) اغراض شارح بیان کرنے کے بعد بتائیں کہ اعراب کی تعریف سے پہلے معرب کی تعریف کیوں ذکر کی گئی؟ ۱۱+۱۱=۲۲

(ب) اعراب کے لغوی معانی بیان کر کے اس کی وجہ تسمیہ تحریر کریں؟ ۱۱

سوال نمبر 3: التانيث اللفظى الحال بالتاء لا بالالف فانه لا شرط له شرطه فى سببية منع الصرف العلمية.

(الف) شارح کی اغراض تحریر کریں، نیز بتائیں کہ تانیث کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے علمیت کو شرط کیوں قرار دیا گیا ہے؟ ۱۱+۱۱=۲۲

(ب) تانیث لفظی و تانیث معنوی دونوں میں جب علمیت شرط ہے، تو شارح نے انہیں الگ الگ کیوں ذکر کیا؟ وجہ بیان کریں؟ ۱۱

سوال نمبر 4: والاصل فى الفاعل اى ما ينبغى ان يكون الفاعل عليه ان لم يمنع

H_M_Hasnain_Asadi

مانع ان یلی الفعل المسند الیه ای یکون بعده من غیر ان یتقدم علیه شیء آخر من معمولاته لانه کالجزء من الفعل لشدة احتیاج الفعل الیه ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور خط کشیدہ عبارت کی ترکیب نحوی قلمبند کریں؟ ۲۲=۱۲+۱۰

(ب) ضرب غلامه زَیْدًا کے بارے میں صاحب کتاب اور اخفش وغیرہ کا کیا اختلاف ہے؟ مع دلائل تحریر کریں؟ ۱۱

☆☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2020ء

پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر 1: اَلْكَلِمَةُ قِيْلَ هِيَ وَالْكَلَامُ مُشْتَقَّانِ مِنَ الْكَلْمِ بِتَسْكِيْنِ اللَّامِ وَهُوَ الْجَرْحُ لِتَأْثِيْرِ مَعَانِيْهِمَا فِي النُّفُوْسِ كَالْجَرْحِ ۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ جمہور نحویوں کے نزدیک کلمہ اور کلام کلماتِ مستقلہ ہیں یا مشتق؟

(ب) خط کشیدہ مذہب کو قیل کے ذریعے ذکر کرنے کی وجوہ قلمبند کریں؟

(ج) "کلم" جنس ہے یا جمع؟ شرح جامی کی روشنی میں جواب تفصیلاً تحریر کریں؟

جواب: اعراب اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں، اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

کلمہ، بعض کی طرف سے کہا گیا ہے کہ یہ (کلمہ) اور کلام دونوں "کلم" سے یعنی (لام کے سکون سے) مشتق ہیں، اور وہ زخمی کرنا ہے، کیونکہ دونوں کے معانی نفوس میں مؤثر ہوتے ہیں زخم کی طرح۔

"کلمہ" اور "کلام" کے کلمات مستقلہ یا مشتق ہونے کے حوالے سے جمہور نحات کا موقف:

"کلمہ" اور "کلام" کے کلمات مستقلہ اور مشتق ہونے میں نحاۃ کا اختلاف ہے، جمہور نحاۃ کے نزدیک "کلمہ" اور "کلام" مستقل کلمات ہیں، نہ ان سے کوئی مشتق ہے، اور نہ ہی یہ کسی سے مشتق ہیں، مگر بعض نحویوں کے نزدیک یہ دونوں "کلم" (بسکون اللام) سے مشتق ہیں۔

(ب) خط کشیدہ کو "قیل" کے ذریعے بیان کرنے کی وجوہات:

خط کشیدہ کو لفظ "قیل" کے ساتھ ذکر کرنے کی متعدد وجوہات ہیں:

(i) مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے "کلمہ" اور "کلام" کے مشتق ہونے کے مؤقف کو ضعیف قرار دینے کے لیے لفظ "قیل" سے بیان کیا۔

(ii) اس بات کو واضح کرنا مقصود تھا کہ یہ مؤقف بعض نحاۃ کا ہے، مگر جمہور نحاۃ کے نزدیک "کلمہ" اور "کلام" کے کلمات مستقلہ ہیں، اور یہ مشتق نہیں ہیں۔

(ج) لفظ "کلم" کے جنس یا جمع ہونے کے حوالے سے وضاحت:

لفظ "کلم" کے جنس یا جمع ہونے میں اختلاف ہے۔ جمہور نحاۃ کہتے ہیں کہ "کلم" جنس ہے، جمع نہیں ہے، مگر بعض نحاۃ یعنی علامہ زمخشری وغیرہ کہتے ہیں کہ "کلم" جمع ہے، جنس نہیں ہے۔ یاد رہے ایک ہوتی ہے جنس اور ایک ہوتی ہے جمع اور ایک ہوتی ہے اسم جمع۔ جمع اور اسم جمع میں فرق یہ ہے کہ جمع کا اطلاق اپنے احاد پر مطابقی ہوتا ہے، جس طرح الزیدون، تو الزیدون اصل میں زید، زید، زید تھا تو پہلے زید کی دلالت اپنے معنیٰ پر مطابقی ہے، اور اسی طرح دوسرے کی اور تیسرے کی بھی۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ جمع اختصاص کا عطف ہوتا ہے، اور اسم جمع یہ ہوتی ہے کہ جمع کا اپنے احاد پر اطلاق دلالت مطابقی نہ ہو بلکہ دلالت تضمنی ہو، جس طرح قوم، رھط مثلاً بیس آدمی ہوں، انہیں قوم بھی کہتے ہیں، اور رھط بھی، قوم اور رھط کی دلالت اپنے احاد پر دلالت مطابقی نہیں ہوتی۔ جنس کی دو اقسام ہیں: (۱) جنس مجموعی (۲) جنس فردی۔ جنس فردی یہ ہوتی ہے کہ لفظ کو وضع کیا گیا ہو نفس ماہیت کے لیے قطع نظر افراد کے اور قلیل و کثیر پر بولی جائے جیسے شراب، ماء اور غسل وغیرہ، تو ماء کو وضع کیا گیا ہو نفس ماہیت پانی کے لیے، قطع نظر افراد سے اور قلیل و کثیر پر بولا جاتا ہے کہ ایک قطرہ پانی کا ہو تو اس کو بھی ماء کہتے ہیں، دریا ہو تو اس کو بھی ماء کہتے ہیں، اور سمندر ہو تو اس کو بھی ماء کہتے ہیں۔ جنس مجموعی یہ ہوتی ہے کہ جس کو وضع کیا گیا ہو نفس ماہیت کے لیے قطع نظر افراد سے اور قلیل و کثیر پر نہ بولی جائے بلکہ تین یا تین سے زیادہ پر بولی جائے اور تین سے کم پر نہ بولی جائے جیسے کلم۔ یاد رہے جمہور نحاۃ کا مؤقف ہے کہ "کلم" جنس ہے، جمع نہیں ہے۔ اس جنس سے مراد جنس مجموعی ہے کہ "کلم" تین یا تین سے زیادہ پر بولی جاتی ہے کم پر نہیں بولی جاتی۔

سوال نمبر 2: الاعراب ما ای حرکة او حرف اختلف اٰخرہ ای اٰخر المعرب من حیث ھو معرب ذاتا او صفة بہ۔

(الف) اغراض شارح بیان کرنے کے بعد بتائیں کہ اعراب کی تعریف سے پہلے معرب کی تعریف کیوں ذکر کی گئی؟

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) اعراب کے لغوی معانی بیان کر کے اس کی وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) اغراض شارح:

(i) شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے "ای حرکت او حرف" کہہ کر "ما" کا مطلب واضح کر دیا کہ اس سے مراد عام حرکت ہے، خواہ وہ اعراب بالحرکت ہو جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا وَ بِمَرَرْتُ بِزَیْدٍ ۔ یا اعراب بالحرف ہو جیسے جَاءَنِیْ اَبُوْكَ، رَأَیْتُ اَبَاكَ وَ مَرَرْتُ بِأَبِیْكَ ۔

(ii) شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے "ای اخر المعرب" کہہ کر "آخرہ" کی ضمیر کا مرجع بتایا۔ پھر معرب کی وضاحت بھی کر دی کہ یہاں "معرب" میں تعمیم ہے، خواہ وہ ذات ہو یا صفت دونوں کے اعراب کا حکم یکساں ہے۔

"معرب" کو مقدم اور "اعراب" کو مؤخر کرنے کی وجہ:

لفظ "معرب" مشتق اور لفظ "الاعراب" مشتق منہ ہے۔ "مشتق منہ" اصل ہوتا ہے، اور مشتق فرع ہوتا ہے، اصل مقدم ہوتا ہے اور فرع مؤخر، مگر یہاں اس کا عکس کیونکر کیا گیا ہے؟

اس کی دو وجوہات ہیں:

(۱) یہاں تقدیم و تاخیر اس اعتبار سے ہے کہ معرب موصوف ہے، اور اعراب صفت ہے، اور موصوف صفت پر مقدم ہوتا ہے۔

(۲) "معرب" جوہر ہے، اور "اعراب" عرض ہے، جوہر قائم بذاتہ ہوتا ہے، جبکہ عرض قائم لغیرہ ہوتا ہے، چونکہ قائم بذاتہ کو قائم لغیرہ پر فضیلت حاصل ہوتی ہے، پس اس لیے معرب کو اعراب پر مقدم کر دیا۔

(ب) "اعراب" کا لغوی معنیٰ اور اس کی وجہ تسمیہ:

لفظ "اعراب" ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل صحیح از باب افعال کا مصدر ہے، جس کا لغوی معنیٰ ہے: اعراب دینا یعنی اسم معرب کے آخری حرف پر حرکت دینا۔ چونکہ اسم معرب پر مختلف عوامل آنے کی وجہ سے اس کی آخری حرکات تبدیل ہو جاتی ہیں، اس لیے اسے اعراب کہا جاتا ہے۔ یہ تبدیلی تین قسم کی ہوتی ہے: (i) اعراب بالحرکت جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا وَمَرَرْتُ بِزَیْدٍ (ii) اعراب بالحرف جیسے جَاءَنِیْ اَبُوْكَ، رَأَیْتُ اَبَاكَ وَ مَرَرْتُ بِاَبِیْكَ (iii) اعراب بالتقدیری جیسے جَاءَنِیْ مُوْسٰی، رَأَیْتُ مُوْسٰی وَمَرَرْتُ بِمُوْسٰی ۔

سوال نمبر 3: التانیث اللفظی الحال بالتاء لا بالالف فانه لا شرط له شرطه فی سببیة منع الصرف العلمیة ۔

(الف) شارح کی اغراض تحریر کریں، نیز بتائیں کہ تانیث کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے علمیت

H_M_Hasnain_Asadi

کو شرط کیوں قرار دیا گیا ہے؟
(ب) تانیث لفظی و تانیث معنوی دونوں میں جب علمیت شرط ہے، تو شارح نے انہیں الگ الگ کیوں ذکر کیا؟ وجہ بیان کریں؟

جواب: (الف) اغراض شارح رحمہ اللہ تعالیٰ:

(i) لفظ "اللفظی" کا اضافہ کر کے شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ یہاں لفظ "التانیث" موصوف ہے اور اس کی صفت مقدر ہے اور وہ "اللفظی" ہے۔ پھر "الحال" کہہ کر "التانیث" کی ترکیب بتا دی کہ یہ ترکیب میں حال ہے۔

(ii) شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے بالتاء کے بعد "لا بالالف الخ" نکال کر بتا دیا تانیث بالف مقصورہ اور تانیث بالف ممدودہ کا حکم اس سے مختلف ہے۔

(iii) شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرطه کے بعد "في سببة منع الصرف" نکال کر ضمیر کا مرجع بتا دیا۔

تانیث بالتاء میں علمیت شرط ہونے کی وجہ:

علمیت کی شرط وجود تانیث کے لیے نہیں بلکہ غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے ہے۔ اس لیے التانیث بالتاء اسم کو لازم نہیں ہوتی، اسی وجہ سے قائمة سے قائم ہو جاتا ہے، تو چونکہ التانیث بالتاء میں ضعف ہوتا ہے، بس اسی بناء پر غیر منصرف کا سبب بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی، لیکن جب اس کے ساتھ علمیت شرط لگا دی گئی تو یہ (التانیث بالتاء) اسم کو لازم ہو گئی، اور اس کا ضعف جاتا رہا، کیونکہ علم میں حتی الامکان تغیر نہیں ہوتا۔

(ب) تانیث لفظی اور تانیث معنوی کو الگ الگ ذکر کرنے کی وجہ:

سوال یہ ہے کہ غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے جس طرح تانیث لفظی میں علمیت شرط ہے، اسی طرح تانیث معنوی کے لیے بھی علمیت شرط ہے، تو پھر دونوں کو الگ الگ کیوں بیان کیا گیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ تانیث بتائے لفظی میں جب علمیت پائی جائے گی تو اسے غیر منصرف پڑھنا واجب ہوگا، لیکن تانیث معنوی میں جب علمیت پائی جائے گی، تو وہ وجوبی طور پر غیر منصرف نہیں ہوگی، بلکہ اس کے وجوبی طور پر غیر منصرف بننے کے لیے تین امور میں سے ایک کا پایا جانا ضروری ہے: (۱) ثلاثی متحرک الاوسط ہو جیسے سَقَرَ (طبقہ جہنم) (۲) زائد الثلاثہ ہو جیسے زَيْنَبُ (۳) یا وہ عجمہ ہو جیسے ماہ و جور (دو شہروں کے نام) اگر وہ ثلاثی ساکن الاوسط ہو، غیر عجمہ ہو جیسے ہند، تو اسے منصرف پڑھنا بھی جائز ہے، اور غیر منصرف پڑھنا بھی جائز ہے۔ منصرف اس لیے کہ غیر منصرف ثقل کی وجہ سے پڑھا جاتا ہے جبکہ یہ خفیف کلمہ ہے اس میں ثقل نہیں پایا جاتا

اور غیر منصرف اس لیے کہ اس میں دو سبب پائے جاتے ہیں۔

سوال نمبر 4: وَالْاَصْلُ فِي الْفَاعِلِ اَیْ مَا یَنْبَغِیْ اَنْ یَکُوْنَ الْفَاعِلُ عَلَیْهِ اِنْ لَمْ یَمْنَعْ مَانِعٌ اَنْ یَلِیَ الْفِعْلَ الْمُسْنَدَ اِلَیْهِ اَیْ یَکُوْنُ بَعْدَهٗ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَتَقَدَّمَ عَلَیْهِ شَیْءٌ آخَرُ مِنْ مَعْمُوْلَاتِهٖ لِاَنَّهٗ کَالْجُزْءِ مِنَ الْفِعْلِ لِشِدَّةِ اِحْتِیَاجِ الْفِعْلِ اِلَیْهِ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور خط کشیدہ عبارت کی ترکیب نحوی قلمبند کریں؟

(ب) ضرب غلامه زيدًا کے بارے میں صاحب کتاب اور اخفش وغیرہ کا کیا اختلاف ہے؟ مع دلائل تحریر کریں؟

جواب: (الف) اعراب وترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور اس کا ترجمہ درج ذیل ہے:

اصل فاعل میں یعنی وہ چیز جس پر فاعل کا ہونا مناسب ہے اگر کوئی مانع منع نہ کرے یہ ہے کہ فاعل متصل ہو فعل سے اس سے جو فاعل کی طرف اسناد کیا جاتا ہے یعنی فاعل فعل کے بعد ہو اس کے بغیر کہ فعل کے معمولات میں سے کوئی دوسری شیء فاعل پر مقدم ہو کیونکہ فاعل جزء فعل کی مانند ہے اس لیے کہ فعل فاعل کا سخت محتاج ہوتا ہے۔

خط کشیدہ کی ترکیب نحوی:

والاصل في الفاعل اى ينبغي ان يكون الفاعل عليه و حرف عاطفه مبنی بر فتح مبنیات اصلیہ سے الاصل مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً مبتداء۔ فی حرف جار مبنی علی الکسر مبنیات اصلیہ سے، الفاعل الف لام برائے تعریف مبنی علی السکون مبنیات اصلیہ سے، فاعل صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد مجرور لفظاً، جار با لجرور متعلق ظرف مستقر ثابت، ثابت صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ھو ضمیر مستتر اس کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر ما موصولہ ینبغی صیغہ واحد مذکر فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ باب انفعال، ان حرف ناصبہ مبنی علی السکون مبنیات اصلیہ سے، یکون فعل ناقص رافع اسم ناصب خبر، الفاعل اس کا اسم علیہ جار با مجرور متعلق ہوا ثابتاً، یہ شبہ جملہ ہو کر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر فاعل ہوا ینبغی کا، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ما موصولہ کا، صلہ با موصولہ مل کر تفسیر ہوئی مفسر، تفسیر با مفسر مل کر خبر ہوئی مبتداء کی، مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء مقدم۔ ان لم يمنع مانع ان يلي الفعل۔

ان حرف شرط مبنی علی السکون مبنیات اصلیہ سے، لم یمنع صیغہ واحد مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَتَحَ یَفْتَحُ مانع مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی فاعل ان حرف ناصبہ مبنی السکون مبنیات اصلیہ

H_M_Hasnain_Asadi

سے بلی فعل بہ فاعل الفعل منصوب لفظاً مفعول، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفعول بہ ہوا لم یمنع کا لم یمنع فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر شرط مؤخر شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

(ب) ضَرَبَ غُلَامُهُ زَیْدًا کی ترکیب میں جمہور نحاۃ اور امام اخفش کا مذہب:

اصل قانون یہ ہے کہ فاعل فعل سے متصل ہو تو پھر ضَرَبَ غُلَامُهُ زَیْدًا کے امتناع کی تفصیل یہ ہے کہ جب فاعل کا اتصال بفعل اصل ٹھہرا تو فاعل متصل کے ساتھ ضمیر مفعول کا لحوق جیسے یہاں پر ہے، ممتنع ہو گیا۔ کہ بر تقدیر لحوق اضمار قبل الذکر لفظاً ورتبا لازم آتا ہے، جو جمہور کے نزدیک جائز نہیں، کیونکہ ضمیر غائب کی وضع کے خلاف ہے۔ اخفش اور عثمان ابن جنی کے نزدیک اضمار قبل الذکر لفظاً اور رتبا جائز ہے۔ دلیل میں زیاد بن معاویہ کا یہ شعر پیش کرتے ہیں:

جزی ربه عنی عدی بن حاتم جزاء الکلاب العاویات وقد فعل

اس میں ربہ فاعل متصل کی ضمیر مضاف الیہ کا مرجع "عدی بن حاتم" مفعول ہے، جو لفظاً بھی مؤخر اور رتبا بھی۔ جمہور کی جانب سے اس دلیل کا جواب دیا گیا ہے کہ یہ ضرورت شعری پر محمول ہے، کیونکہ "ربہ" کو مؤخر اور "عدی بن حاتم" مقدم کرنے سے شعر کا وزن صحیح نہیں رہتا اور جمہور کا قول عدم جواز نثر میں ہے۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۱ھ/2020ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

قسم اوّل...... بلاغت

سوال نمبر 1: (الف) مصنف کے حالات زندگی تحریر کر کے تلخیص المفتاح کی وجہ تالیف سپرد قلم کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) فصاحت فی المفرد کی تعریف کریں، نیز اس کی مثال دے کر محل استشہاد بیان کریں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 2: الفصاحة في الكلام خلوصه من ضعف التاليف وتنافر الكلمات والتعقيد مع فصاحتها فالضعف نحو ضَرَبَ غُلَامُهُ زَيْدًا والتنافر كقوله وليس قرب قبر حرب قبر وقوله كريم متى أمدحه أمدحه والورى معي.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، نیز خط کشیدہ شعر کا بقیہ حصہ تحریر کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) تعقید کی تعریف کریں اور مثال دے کر اس کی وضاحت کریں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3: احوال المسند اليه اما حذفه فللاحتراز عن العبث بناء على الظاهر او تخييل العدول الى اقوى الدليلين من العقل واللفظ.

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی مثال دیں، نیز حذف مسند الیہ کو مقدم کرنے کی وجہ تحریر کریں؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) مصنف نے حذف مسند الیہ کے کتنے مقام بیان کیے ہیں؟ عبارت میں مذکور دو کے علاوہ کوئی پانچ مقام سپرد قلم کریں؟ ۵+۵=۱۰

قسم ثانی...... منطق

سوال نمبر 4: وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنْ اَرْسَلَهٗ هُدًى هُوَ بِالْاِهْتِدَاءِ حَقِيْقٌ وَنُوْرًا بِهٖ الْاِقْتِدَاءُ يَلِيْقُ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ سَعِدُوْا فِىْ مَنَاهِجِ الصِّدْقِ بِالتَّصْدِيْقِ وَصَعِدُوْا فِىْ مَعَارِجِ الْحَقِّ بِالتَّحْقِيْقِ .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، نیز مذکورہ عبارت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی صراحۃً ذکر نہ کرنے کی وجہ تحریر کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) "هُدًى" ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟ اس بارے میں جتنے احتمالات ہیں؟ سپرد قلم کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 5: القسم الاوّل فی المنطق مقدمة العلم ان كان اذعانا للنسبة فتصديق والافتصور .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ یہ کتاب کون کون سی اقسام پر مشتمل ہے، نیز تصور و تصدیق کی تعریف کریں؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) علم کی تعریف تحریر کریں، نیز ماتن کے علم کی تعریف سے اعراض کرنے کی وجوہ سپرد قلم کریں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 6: القضية قول يحتمل الصدق والكذب فان كان الحكم فيها بثبوت شيء لشيء او نفيه عنه فحملية او سالبة .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں، نیز قضیہ حملیہ موجبہ اور قضیہ حملیہ سالبہ کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) قضیہ حملیہ اور قضیہ شرطیہ میں سے ہر ایک کے اجزاء کے نام تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2020ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

قسم اوّل ...... بلاغت

سوال نمبر 1: (الف) مصنف کے حالات زندگی تحریر کر کے تلخیص المفتاح کی وجہ تالیف سپرد قلم کریں؟

(ب) فصاحت فی المفرد کی تعریف کریں' نیز اس کی مثال دے کر محل استشہاد بیان کریں؟

جواب: (الف) مصنف کا تعارف:

تلخیص المفتاح کے مصنف کے حالات زندگی: فن بلاغت میں متعدد کتب لکھی گئیں' مگر جو شہرت ''تلخیص المفتاح'' کو حاصل ہوئی' پھر اس کی وجہ سے مصنف کو بھی شہرت حاصل ہوئی' یہ ان کا ہی حصہ تھا۔

مصنف کا نام جلال الدین ابوعبداللہ محمد بن ابی احمد عبدالرحمٰن عبدالرحمٰن القزوینی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ ہے' آپ کی ولادت ۶۶۶ھ میں ہوئی۔

ساتویں صدی کے ممتاز آئمہ وقت میں آپ کا شمار ہوتا ہے' وقت کے ممتاز ترین شیوخ سے علوم وفنون حاصل کیے' پھر تاحیات علوم اسلامیہ کی تدریس فرماتے رہے اور تصنیف تالیف میں بھی مشغول رہے۔

آپ کی تصانیف میں ''تلخیص المفتاح'' کو شہرت عامہ و دوام حاصل ہوئی۔ آپ نے امام عبدالقاہر جرجانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرز پر یہ کتاب تصنیف کی۔ اس کتاب کی اہمیت و افادیت کے سبب نے زمانہ تصنیف سے لے کر تا دور حاضر اس کی متعدد شروح' حواشی اور تعلیقات بھی لکھی گئی ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ یہ کتاب ہر دور میں درسِ نظامی کے نصاب کا حصہ رہی ہے۔

بلاشبہ قرآن کریم کمال فصاحت و بلاغت کا مرقع ہے' مخالفین کو کلام مثل لانے کا چیلنج آج بھی قائم ہے' بلکہ تا قیامت باقی رہے گا۔ پھر یہی منصب احادیث مبارکہ کو حاصل ہے' کیونکہ قرآن کی طرح یہ ارشادات بھی زبان مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نکلے ہیں۔ اسلاف و اخلاف آج تک قرآن وسنت کی معراج فصاحت و بلاغت کے چرچے کر رہے ہیں' اور یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے گا' منکرین ہزار مخالفت کے باوجود ان مقدس کلاموں کا مقابلہ نہ کر پائے۔

فصاحت و بلاغت اور بدیع میں سب سے پہلے شاہزادہ عبداللہ بن معتز متوکل' علامہ عمرو بن بحر بن محبوب ابوعثمان الجاحظ المعتزلی اور شیخ عبدالقاہر جرجانی وغیرہ نے کام کیا اور کتب تصنیف کیں۔ علامہ جرجانی

H M Hasnain Asadi

نے "اسرار البلاغہ" اور "دلائل الاعجاز" کے نام سے کتب تصنیف فرمائیں۔ پھر علامہ ابو یعقوب یوسف بن محمد سکاکی خوارزمی نے "مفتاح العلوم" کے نام سے کتاب تصنیف کی۔ یہ کتاب تین اجزاء پر مشتمل ہے:
(۱) صرف، نحو اور اشتقاق (۲) عروض وقوانی اور منطق (۳) معانی، بیان اور بدیع۔

جلال الملۃ والدین علامہ محمد بن عبدالرحمٰن القزوینی الخطیب بجامع دمشق کی شہرہ آفاق تصنیف "تلخیص المفتاح" کی اہمیت وافادیت کا اس بات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ علامہ سعد الدین التفتازانی اور علامہ محمد مہر الدین جماعتی نقشبندی رحمہما اللہ تعالیٰ جیسے افاضل نے اس کی شروحات لکھی ہیں۔ پھر زمانہ قدیم سے تاحال درس نظامی کے نصاب میں داخل ہے، اور باقاعدہ اس کی تدریس کی جاتی ہے۔ یہ علامہ قزوینی رحمہ اللہ تعالیٰ کا تاریخی اور یادگار کارنامہ ہے۔

تلخیص المفتاح کی وجہ تصنیف:

مفتاح العلوم کتاب میں خوبیوں کے ساتھ ساتھ تطویل، حشو اور تعقید جیسے نقائص بھی موجود تھے، تو مصنف نے اُن نقائص سے اعراض کرتے ہوئے اس کی جزء ثالث کی تلخیص کی ہے، تاکہ علماء اور طلباء کے لیے نافع ثابت ہو۔ چنانچہ مصنف خود لکھتے ہیں: "میں نے اس مختصر کی تحقیق وتنقیح میں اپنی کوشش میں کوتاہی نہیں کی، میں نے یہ کتاب اس طرح ترتیب دی ہے کہ قسم ثالث کی ترتیب کے اس ترتیب سے فائدہ حاصل کرنا طلباء کے لیے بہت قریب یعنی سہل ہے، اور میں نے اس کے اختصار میں مبالغہ نہیں کیا، تاکہ اس کا حاصل کرنا اور طلباء کا سہولت سے سمجھنا آسان ہو جائے۔ میں نے اس کے ساتھ فوائد ملائے ہیں، جن کو میں نے توم کی بعض کتابوں میں پایا، میں نے ان کے ساتھ ایسے زوائد مضامین بڑھا دیے ہیں، جو خاص میری سمجھ میں آئے اور میں نے ان کو صراحۃً یا اشارۃً نہیں پایا اور میں نے اس مختصر کا نام "تلخیص المفتاح" رکھا ہے۔"

سوال یہ ہے کہ اس کتاب کا نام "تلخیص المفتاح" رکھنا درست نہیں ہے، کیونکہ تمام کتاب "مفتاح العلوم" کی تلخیص نہیں ہے، بلکہ جزء ثالث کی تلخیص ہے؟ اس کے متعدد جواب ہیں: (i) ہم اسے لغوی طور پر مکمل کتاب مانتے ہیں، کیونکہ لغت میں کتاب کہتے ہیں دو جلدوں میں جمع اور مضموم کی ہوئی چیز کو۔ (ii) مصنف نے اپنی محنت شاقہ سے نئے سرے سے تلخیص وتدوین کر کے ایک نئی کتاب بنا دی، اس طرح یہ کتاب کے جزء سے خارج ہو گئی۔ (iii) جزء ثالث مفتاح العلوم کی عمدہ ترین قسم ہے، اس لیے یہ مستقل کتاب قرار پائی۔ (iv) "ما كان اصلا لغيره فالكل اصل لذالك الغير" (ہر وہ شیء جس کی جز وغیرہ کی اصل ہو، تو کل کو بھی غیر کی اصل قرار دینا درست ہے) کے قاعدے کے تحت کل کی طرف منسوب کرتے ہوئے اسے تلخیص المفتاح کہہ دیا۔

(ب) فصاحت فی المفرد کی تعریف' مثال اور مقام استشہاد:

فصاحت فی المفرد: وہ ہے جس کے حروف میں تنافر اور غرابت نہ ہو اور وہ صیغہ بھی قیاس کے مخالف نہ ہو۔

مثال: امرء القیس کا یہ شعر ہے:

غدائره مستشزرات الى العلى   تضل العقاص فی مثنی ومرسل

(بالوں کی زلفیں سر پر دھاگوں سے بندھی ہوئی ہیں' اس کے بال تین قسم ہیں: عقاص' مثنی اور مرسل۔ یعنی محبوبہ کے بال گھنے ہیں)

مقام استشہاد: اس شعر میں لفظ "مستشزرات" ہے۔

سوال نمبر 2: الفصاحة فی الكلام خلوصه من ضعف التاليف وتنافر الكلمات والتعقيد مع فصاحتها فالضعف نحو ضَرَبَ غُلَامُهُ زَيْدًا والتنافر كقوله وليس قرب قبر حرب قبر وقوله كريم متى أمدحه أمدحه والورى معی .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں' نیز خط کشیدہ شعر کا بقیہ حصہ تحریر کریں؟

(ب) تعقید کی تعریف کریں اور مثال دے کر اس کی وضاحت کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

فصاحت فی کلام یہ ہے کہ اس کا ضعف تالیف' تنافر کلمات اور تعقید سے خالی ہو۔ پس ضعف تالیف ضَرَبَ غُلَامُهُ زَيْدًا (اس کے غلام نے زید کو مارا۔ اس مثال میں "غلامه" فاعل ہے' جس کی ضمیر مفعول بہ زید کی طرف لوٹتی ہے) اور تنافر کی مثال شاعر کا یہ قول ہے: "وليس قرب قبر حرب قبر" (حرب کی قبر کے قریب کوئی قبر نہیں ہے) اور شاعر کا یہ قول ہے: وہ کریم ہے جب کہ میں اس کی مدح کرتا ہوں' تو میں اس حالت میں اس کی مدح کرتا ہوں کہ مخلوق میرے ساتھ ہوتی ہے۔

خط کشیدہ کا دوسرا مصرعہ:

خط کشیدہ کا دوسرا مصرعہ یعنی پورا شعر یہ ہے:

كريم متى امدحه امدحه والورى معی   واذا ما لمته لمته وحدی

(وہ کریم ایسا ہے' جب میں اس کی مدح کرتا ہوں' تو میں اس حالت میں اس کی مدح کرتا ہوں کہ مخلوق میرے ساتھ ہوتی ہے۔ اس لیے کہ وہ جب مجھ پر احسان کرتا ہے' تو اسی طرح ان پر بھی کرتا ہے۔ جب میں اس کی ملامت کرتا ہوں' تو میں تنہا اس کی ملامت کرتا ہوں)

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) تعقید کی تعریف اور مثال سے اس کی وضاحت:

تعقید کی تعریف مع مثال: تعقید یہ ہے کہ کلام کا مراد پر کسی خلل کے سبب ظاہر الدلالت نہ ہو۔ نظم میں اس کی مثال ہشام بن عبد الملک بن مروان کے ماموں کی تعریف میں فرزدق کا یہ شعر ہے:

وما مثله فی الناس الا مملکا ابو امه حی ابوه یقاربه

(یعنی اس کی مثل لوگوں میں کوئی زندہ نہیں ہے، جو اس کے ہم پلہ ہو مگر ایسا بادشاہ جس کی ماں کا باپ اس کا باپ ہے)

سوال نمبر 3: احوال المسند الیه اما حذفه فللاحتراز عن العبث بناء علی الظاهر او تخییل العدول الی اقوی الدلیلین من العقل واللفظ.

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں، اور خط کشیدہ کی مثال دیں، نیز حذف مسند الیہ کو مقدم کرنے کی وجہ تحریر کریں؟

(ب) مصنف نے حذف مسند الیہ کے کتنے مقام بیان کیے ہیں؟ عبارت میں مذکور دو کے علاوہ کوئی پانچ مقام سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

بہر حال مسند الیہ کو حذف کرنا، تو ظاہر پر بناء کرتے ہوئے عبث سے بچنے کے لیے ہوتا ہے، یا عقلی ولفظی دو دلیلوں میں سے زیادہ قوی کی طرف عدول کا خیال پیدا کرنے کے لیے (حذف مسند الیہ) ہوتا ہے۔

حذف مسند الیہ کو مقدم کرنے کی وجہ:

سوال یہ ہے کہ مسند الیہ کے احوال متعدد ہیں، جو آگے آرہے ہیں، تو پھر حذف کو مقدم کیوں کیا گیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حذف سے عدم اتیان بالمسند الیہ (مسند الیہ کو نہ لانا) مراد ہے، اور قاعدہ ہے: عدم الحادث سابق علی وجوده یعنی حادث کا عدم طبعاً اس کے وجود پر مقدم ہوتا ہے، تو ہم نے وضعاً بھی مقدم کر دیا تاکہ وضع، طبع کے مطابق ہو جائے۔

(ب) حذف مسند الیہ کے مقامات:

مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے حذف مسند الیہ کے کل گیارہ مقامات بیان کیے ہیں، عبارت میں مذکور دو کے علاوہ باقی نو مقامات درج ذیل ہیں:

(۱) قرینہ کی موجودگی میں سامع کی خبرداری کا امتحان لینے کے لیے حذف کرنا۔ (۲) سامع کی خبرداری کی مقدار جاننے کے لیے حذف کرنا۔ (۳) تعظیماً مسند الیہ کو زبان کی ناپاکی و پلیدی سے دور اور پاک رکھنے کا وہم ڈالنے کے لیے حذف کرنا۔ (۴) تحقیراً مسند الیہ کی ناپاکی و پلیدی سے زبان کو دور و پاک

H_M_Hasnain_Asadi

رکھنے کا وہم ڈالنے کے لیے مسند الیہ کو حذف کرنا۔ (۵) حذف کرنا تا کہ ضرورت کے وقت انکار کی گنجائش رہے۔ (۶) مسند الیہ کا تعین یا تعین کا دعویٰ ظاہر کرنے کے لیے مسند الیہ کو حذف کرنا۔ (۷) ضیق المقام (۸) وزن، سجع یا قافیہ کی حفاظت (۹) سامع کے علاوہ حاضرین سے مسند الیہ کو مخفی رکھنے کے لیے بھی مسند الیہ کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

قسم ثانی ...... منطق

سوال نمبر 4: وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنْ اَرْسَلَهٗ هُدًى هُوَ بِالْاِهْتِدَاءِ حَقِيْقٌ وَنُوْرًا بِهِ الْاِقْتِدَاءُ يَلِيْقُ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ سَعِدُوْا فِيْ مَنَاهِجِ الصِّدْقِ بِالتَّصْدِيْقِ وَصَعِدُوْا فِيْ مَعَارِجِ الْحَقِّ بِالتَّحْقِيْقِ:

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں، نیز مذکورہ عبارت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی صراحۃً ذکر نہ کرنے کی وجہ تحریر کریں؟

(ب) ''هُدًى'' ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟ اس بارے میں جتنے احتمالات ہیں؟ سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) اعراب بر عبارت اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں، ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

درود اور سلام نازل ہو اس ذات پر، جسے اللہ تعالیٰ نے (سراپا) ہدایت بنا کر بھیجا، آپ ہدایت کے زیادہ حقدار ہیں، اور آپ کو نور بنا کر بھیجا، آپ اقتداء کے زیادہ لائق ہیں، پھر صلوٰۃ و سلام نازل ہو آپ کی آل و اولاد اور آپ کے صحابہ کرام پر جو نیک بخت ہوئے سچائی کے راستوں میں تصدیق کے سبب اور وہ حق کی تمام سیڑھیوں پر چڑھے تحقیق کے سبب۔

عبارت میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی ذکر نہ کرنے کی وجہ:

سوال یہ ہے کہ مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی عبارت میں خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی صراحتاً ذکر کیوں نہیں کیا؟ اس کی دو وجوہات ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(i) ماتن نے عظمت و احترام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے اپنی زبان کو اس قابل نہ سمجھا کہ اس سے آپ کا اسم گرامی لیا جائے۔

(ii) اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم رسالت کے ایسے منصب پر فائز ہیں کہ جب آپ کا وصف (نبوت و رسالت) ذکر کیا جائے، تو فوراً ذہن آپ ہی کی طرف جاتا ہے، کسی غیر کا تصور ذہن میں نہیں آتا۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) "هُدًى" میں ترکیبی احتمالات:

لفظ "هُدًى" میں چار ترکیبی احتمالات ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(i) "هُدًى" مفعول لہ بن سکتا ہے اس لیے یہاں "هُدًى" کا فاعل بھی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، اس لیے "هُــدًى" سے اللہ تعالیٰ کی ہدایت مراد ہے، نہ کہ ہدایت رسول، مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت کا باعث ہیں۔

(ii) لفظ "هُدًى" حال بھی بن سکتا ہے، یہاں مصدر "هُدًى" بمعنی اسم فاعل یعنی هَادِيًا ہے۔ اب مطلب ہوگا: اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت دینے والا بنا کر بھیجا۔

(iii) "ارسله" کی ضمیر مفعول سے بھی "هُدًى" کو حال بنانا درست ہے، اس صورت میں معنیٰ یہ ہوگا: اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول بنا کر بھیجا ہے، اس حال میں کہ آپ ہدایت دینے والے ہیں۔

(iv) یہاں مصدر کا حمل ذات پر مبالغہ کرنے کے لیے ہے، تو اس صورت میں معنیٰ یہ ہوگا: ذات باری تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سراپاء ہدایت بنا کر بھیجا ہے۔

سوال نمبر 5: القسم الاوّل فی المنطق مقدمة العلم ان كان اذعانا للنسبة فتصديق والافتصور .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ یہ کتاب کون کون سی اقسام پر مشتمل ہے، نیز تصور و تصدیق کی تعریف کریں؟

(ب) علم کی تعریف تحریر کریں، نیز ماتن کے علم کی تعریف سے اعراض کرنے کی وجوہ سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

پہلی قسم منطق کے بیان میں ہے، یہ مقدمہ ہے۔ علم میں اگر نسبت خبریہ کا اعتقاد ہو، تو وہ تصدیق ہے، ورنہ تصور ہے۔

کتاب جن اقسام پر مشتمل ہے:

کتاب سات اقسام پر مشتمل ہے، جو درج ذیل ہیں:

(۱) الفاظ (۲) معانی (۳) نقوس (۴) الفاظ و معانی (۵) الفاظ ونقوش (۶) معانی ونقوش (۷) الفاظ، معانی اور نقوش۔

تصور اور تصور کی تعریفات:

۱۔ تصور: وہ علم ہے، جس میں نسبت خبریہ کا اعتقاد نہ ہو جیسے زَيْدٌ ۔

۲۔ تصدیق: وہ علم ہے، جس میں نسبت خبریہ کا اعتقاد ہو جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ ۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) علم کی تعریف:

علم کی تعریف پانچ طرح سے کی گئی ہے:

(i) کسی شیء کی صورت کا عقل میں حاصل ہونا۔ (ii) کسی شیء کی وہ صورت جو عقل کے پاس حاصل ہو۔ (iii) وہ شیء جو مدرک کے پاس حاضر ہو۔ (iv) نفس ناطقہ کا شیء کی صورت کو قبول کرنا۔ (v) وہ نسبت جو عالم اور معلوم کے درمیان حاصل ہو۔

ماتن کے علم کی تعریف سے اعراض کرنے کی وجوہات:

قاعدہ یہ ہے کہ پہلے کسی چیز کی تعریف کی جاتی ہے، پھر اس کی تقسیم کی جاتی ہے، مگر یہاں ماتن نے ''علم'' کی تعریف کیے بغیر اس کی تقسیم شروع کر دی ہے، جو درست نہیں ہے۔ اس اعراض کی متعدد وجوہات ہیں جو درج ذیل ہیں:

(i) ہم یہ مانتے ہی نہیں کہ تقسیم سے پہلے تعریف ضروری ہوتی ہے، بلکہ تقسیم سے پہلے اس شے کا تصور بوجہ مّا (مختصر سا تعارف) کافی ہوتا ہے اور علم کا تصور بوجہ مّا تو ہر کسی کو معلوم ہے حتیٰ کہ جاہل لوگ بھی علم اور جہالت میں فرق کر لیتے ہیں اور یہاں العلم پر الف لام عہد خارجی ہے جو تعریف بوجہ مّا پر دلالت کرتا ہے۔

(ii) بالفرض مان لیا! تقسیم سے پہلے تعریف ضروری ہوتی ہے، علم کی تعریف چونکہ مشہور تھی، اس لیے مصنف نے اس کی شہرت پر اکتفاء کرتے ہوئے تعریف نہیں کی۔

(iii) علم بدیہی چیز ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ اَلْبَدِیْهِیُّ لَا یَحْتَاجُ اِلَی التَّعْرِیْفِ (بدیہی چیز تعریف کی محتاج نہیں ہوتی)

سوال نمبر 6: القضية قول يحتمل الصدق والكذب فان كان الحكم فيها بثبوت شيء لشيء او نفيه عنه فحملية او سالبة۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں، نیز قضیہ حملیہ موجبہ اور قضیہ حملیہ سالبہ کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

(ب) قضیہ حملیہ اور قضیہ شرطیہ میں سے ہر ایک کے اجزاء کے نام تحریر کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

قضیہ ایسا قول ہے، جو صدق اور کذب کا احتمال رکھتا ہو، پس اگر اس میں ایک چیز کے ثبوت کا حکم دوسری چیز کے لیے ہو، یا ایک چیز کی نفی دوسری چیز سے کی جاتی ہو، تو وہ قضیہ حملیہ یا سالبہ ہوگا۔

قضیہ حملیہ موجبہ اور قضیہ حملیہ سالبہ کی تعریفات و امثلہ:

۱۔ قضیہ حملیہ موجبہ: قضیہ حملیہ میں اگر کسی شیء کے ثبوت کا حکم ہو، تو اسے قضیہ حملیہ موجبہ کہتے ہیں جیسے

H_M_Hasnain_Asadi

اَلْإِنْسَانُ حَیَوَانٌ ۔

۲-قضیہ حملیہ سالبہ: قضیہ حملیہ میں اگر کسی شیء کو نفی کا حکم ہو تو اسے قضیہ حملیہ سالبہ کہتے ہیں جیسے

اَلْإِنْسَانُ لَیْسَ بِفَرَسٍ ۔

(ب) قضیہ حملیہ اور قضیہ شرطیہ کے اجزاء کے نام:

ا-قضیہ حملیہ کے اجزاء: قضیہ حملیہ کے تین اجزاء ہیں:

(i) موضوع (ii) محمول (iii) رابطہ

مثال: زَیْدٌ ھُوَ قَائِمٌ ۔ اس مثال میں زَیْدٌ موضوع، قَائِمٌ محمول اور "ھُوَ" رابطہ ہے۔

۲-قضیہ شرطیہ کے اجزاء: قضیہ شرطیہ کے بھی تین اجزاء ہیں:

(i) مقدم (ii) تالی (iii) رابطہ

مثال: اِنْ کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّھَارُ مَوْجُوْدٌ ۔ اس مثال میں "کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً" مقدم اور "اَلنَّھَارُ مَوْجُوْدٌ" تالی ہے۔ ان دونوں کے درمیان جو حکم ہے، وہ رابطہ ہے۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (الف اے)

سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

وقت: تین گھنٹے　　　　　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: وعباد الرحمٰن مبتدأ وما بعده صفات له الى اولئك يجزون غير المعترض فيه الذين يمشون على الارض هونا اى بسكينة وتواضع واذا خاطبهم الجاهلون بما يكرهونه قالوا سلٰما اى قولا يسلمون فيه من الاثم .

(الف) کلام باری وکلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) عباد الرحمن کی آیات میں مذکور صفات کے علاوہ دیگر صفات میں سے کوئی چار صفات تفصیلاً تحریر کریں؟ ۲۰

(ج) اللہ کے نیک بندوں کی پسندیدہ چال کی توضیح کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 2: قال موسٰى رب انى اخاف ان يكذبون ويضيق صدرى من تكذيبهم ولا ينطلق لسانى باداء الرسالة للعقدة التى فيه فارسل الى اخى هرون معى ولهم على ذنب بقتل القبطى منهم فاخاف ان يقتلون به .

(الف) کلام باری وکلام مفسر کی تشکیل کے بعد ترجمہ کریں؟ ۱۵=۸+۷

(ب) ولهم على ذنب کی تفسیر جلالین کی روشنی میں توضیح کریں؟ ۱۰

(ج) موسیٰ علیہ السلام کے اس قول "فاخاف ان يقتلون" کا مفہوم بیان کریں؟ ۸

سوال نمبر 3: وورث سليمان داوٗد النبوة والعلم و قال يا ايها الناس علمنا منطق الطير اى فهم اصواته واوتينا من كل شىء يوتاه الانبياء والملوك ان هٰذا المولٰى لهو الفضل المبين البين .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) کلامِ باری وکلامِ مفسر کا ترجمہ کریں؟ نیز مذکورہ عبارت کی توضیح کریں؟ ۱۵=۸+۷

(ب) وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ کی روشنی میں بتائیں کہ کیا نبوت میں وراثت جاری ہوسکتی ہے؟ ۱۰

(ج) "وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" کی توضیح کریں؟ ۸

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے پانچ سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(الف) ۱- بلقیس کا تخت حاضر کرنے والے کون تھے اور تخت کی کیفیت کیا تھی؟

۲- عنکبوت کا معنیٰ کیا ہے؟

۳- حضرت سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی آواز کتنے فاصلے سے سنی؟

۴- انسان کی جمع کیا ہے؟

۵- "لن نحن" کون سا صیغہ ہے؟

۶- سماعِ موتیٰ سے کیا مراد ہے؟

(ب) حضرت شعیب علیہ السلام کو کس قوم کی طرف بھیجا گیا تھا اس کا نام لکھیں اور ان میں کون سی برائی تھی؟ ۸

☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

سوال نمبر 1: وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ مُبْتَدَاً وَمَا بَعْدَهٗ صِفَاتٌ لَّهٗ اِلٰى اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ غَيْرُ الْمُعْتَرِضِ فِيْهِ. اَلَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا اَیْ بِسَكِيْنَةٍ وَّتَوَاضُعٍ. وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ بِمَا يَكْرَهُوْنَهٗ قَالُوْا سَلٰمًا اَیْ قَوْلًا يَسْلَمُوْنَ فِيْهِ مِنَ الْاِثْمِ.

(الف) کلامِ باری وکلامِ مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) عِبَادُ الرَّحْمٰنِ کی عبارت میں مذکور صفات کے علاوہ دیگر صفات میں سے کوئی چار صفات تفصیلاً تحریر کریں؟

(ج) اللہ کے نیک بندوں کی پسندیدہ چال کی توضیح کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب اور ترجمہ:

نوٹ: اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

اور بندے رحمان (یہ مبتداء ہے اور اس کے بعد یُـجْـزَوْنَ تک اس کی صفات ہیں اور یہ بطور جملہ معترضہ نہیں آئی ہیں اور اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ مبتداء کی خبر ہے) وہ ہیں جو زمین پر عاجزی (سکون و تواضع) کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے جہالت والے لوگ جہالت کی بات کرتے ہیں (کہ جس کی بات کو وہ ناپسند کریں) تو وہ رفع شر کی بات (یعنی ایسی بات جس میں گناہ سے محفوظ رہیں) کہتے ہیں۔

(ب) عِبَادُ الرَّحْمٰنِ کی مزید چار صفات:

ان آیات میں عباد الرحمن کی تیرہ صفات بیان کی گئی ہیں، تین صفات یہاں بیان کی گئی ہیں اور مزید چار صفات درج ذیل ہیں:

۱- وَالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِیَامًا ○: یعنی ان کی رات کا اکثر حصہ عبادت میں گزرتا ہے، دوسرے لوگ جب غفلت کی نیند سو رہے ہوتے ہیں، تو یہ مخصوص بندے جبین نیاز زمین پر رکھ کر سجدہ ریز ہوتے ہیں۔

۲- وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا: یعنی اللہ تعالیٰ کے خاص بندے مال خرچ کرنے کے وقت نہ اسراف اور فضول خرچی کرتے ہیں، نہ بخل و کنجوسی کا راستہ اختیار کرتے ہیں، بلکہ درمیانہ راستہ اختیار کرتے ہیں۔

۳- وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ: یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے مقابل کسی کو ہرگز ہرگز نہیں پکارتے اور وہ خاموشی سے اپنے پروردگار کے احکام پر عمل پیرا رہتے ہیں۔

۴- وَلَا یَـزْنُـوْنَ: یعنی عباد الرحمٰن اور صالحین کی ایک علامت یہ ہے کہ وہ اپنے معبود حقیقی کی نافرمانی نہیں کرتے، حتیٰ کہ وہ زنا کے قریب تک جانے کی بھی جسارت نہیں کرتے۔

(ج) ''اہل اللہ'' کی پسندیدہ چال:

صالحین اور عباد الرحمٰن کی چال ڈھال دوسرے لوگوں سے مختلف ہوتی ہے۔ وہ تیز رفتاری سے نہیں چلتے کہ یہ صورت ناپسندیدہ اور خلاف سنت ہے۔ نہ ہی بالکل وہ آہستہ چلتے ہیں جیسے مریض و علیل لوگ چلتے ہیں، بلکہ دیگر امور کی طرح چلنے میں بھی میانہ روی اختیار کرتے ہیں۔

سوال نمبر 2: قَالَ مُوْسٰی رَبِّ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنَ وَیَضِیْقُ صَدْرِیْ مِنْ تَكْذِیْبِهِمْ وَلَا یَنْطَلِقُ لِسَانِیْ بِاَدَاءِ الرِّسَالَةِ لِلْعُقْدَةِ الَّتِیْ فِیْهِ فَاَرْسِلْ اِلٰٓی اَخِیْ هٰرُوْنَ مَعِیْ وَلَهُمْ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

عَلَيَّ ذَنْبٌ بِقَتْلِ الْقِبْطِيِّ مِنْهُمْ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنَ بِهٖ ۔

(الف) کلام باری وکلام مفسر کی تشکیل کے بعد ترجمہ کریں؟

(ب) وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ کی تفسیر جلالین کی روشنی میں توضیح کریں؟

(ج) موسیٰ علیہ السلام کے اس قول "فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنَ" کا مفہوم بیان کریں؟

جواب: (الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کی تشکیل وترجمہ:

نوٹ: اعراب تشکیل اوپر کی گئی ہے اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! مجھے اندیشہ ہے کہ وہ لوگ میری تکذیب کریں گے اور ان کے میری تکذیب کی وجہ سے میرا دل تنگ ہو جائے اور اداء رسالت کے لیے میری زبان اس گرہ کی وجہ سے نہ چل سکے جو اس میں ہے۔ لہٰذا میرے ساتھ میرے بھائی ہارون کے پاس بھی جبریل کو بھیج دیجیے اور میرے ذمہ ان لوگوں کا ایک جرم بھی ہے ان میں سے میرے ایک قبطی کو قتل کرنے کی وجہ سے۔ لہٰذا مجھے اندیشہ ہے کہ اس کے بدلے مجھے قتل کر دیں۔

(ب) "وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ" کی وضاحت:

اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اصلاح قوم کی بناء پر اور عدم توجہ کے نتیجہ میں حالت جلال میں ایک قبطی کو قتل کر دیا تھا، آپ مدت تک ان لوگوں سے خوفزدہ رہتے تھے کہ کہیں وہ لوگ اس کے عوض آپ کو شہید نہ کر دیں۔

(ج) قول موسیٰ علیہ السلام "فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنَ" کا مفہوم

اس ارشاد عالیہ کا مطلب ومفہوم یہ ہے: جب قوم کے آدمی کے قتل کا مجھ پر الزام موجود ہے قوم میری تکذیب کر کے مجھے قتل کے گھاٹ اتار سکتی ہے۔

سوال نمبر 3: وَوَرِثَ سُلَيْمَانَ دَاوٗدَ النبوة والعلم وقال يا ايها الناس علمنا منطق الطير اى فهم اصواته واوتينا من كل شيء يوتاه الانبياء والملوك ان هذا المولى لهو الفضل المبين البين ۔

(الف) کلامی باری وکلام مفسر کا ترجمہ کریں؟ نیز مذکورہ عبارت کی توضیح کریں؟

(ب) وَوَرِثَ سُلَيْمَانَ کی روشنی میں بتائیں کہ کیا نبوت میں وراثت جاری ہوسکتی ہے؟

(ج) "وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" کی توضیح کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) کلام باری اور کلام مفسر کا ترجمہ:

حضرت سلیمان علیہ السلام' حضرت داؤد علیہ السلام کے قائمقام (نبوت اور علم میں بعد وفات) ہوئے اور انہوں نے کہا: اے لوگو! ہم کو پرندوں کی بولی کی (یعنی ان کی آوازوں کی فہم) کی تعلیم دی گئی ہے' اور ہم کو ہر قسم کی (وہ) چیزیں دی گئی ہیں (جو حضرات انبیاء' اور بادشاہوں کو دی جاتی ہیں) واقعی یہ (عطاء شدہ اللہ تعالیٰ کا) کھلا ہوا فضل ہے۔

عبارت کی توضیح:

حضرت داؤد علیہ السلام کی اولاد میں سے ان کے صحیح جانشین حضرت سلیمان علیہ السلام ہوئے' جنہیں خدا تعالیٰ نے نبوت اور بادشاہت دونوں عطا فرمائی تھیں اور حد تو یہ ہے کہ ہوا اور پرندوں تک کو آپ کے لیے مسخر کر دیا گیا تھا' آپ خود فرماتے ہیں: اے لوگو! مجھے خدا تعالیٰ نے پرندوں کی زبان اور ان کی بولی سمجھنے کی صلاحیت عطا فرمائی ہے' اور حکومت و سلطنت سے متعلق جن چیزوں کی بھی ضرورت ہوسکتی تھی' سب کچھ دی گئی ہیں' اور یہ صرف خدا تعالیٰ کے فضل و کرم کا نتیجہ ہے' جہاں تک کہ پرندوں کی بولیاں سمجھنے کا سوال ہے' تو یہ ایک ایسی حقیقت ہے' جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ پرندوں کی بولی میں بھی افہام و تفہیم بہر حال پایا جاتا ہے' خود قرآن نے اطلاع دی ہے کہ ہر چیز خدا تعالیٰ کی تسبیح و تہلیل میں مصروف ہے' مگر تم اسے سمجھ نہیں پاتے اور پرندے بھی خدا تعالیٰ کی تحمید میں لگے ہوئے ہیں' احادیث سے بھی حیوانات بلکہ جمادات تک کا کلام کرنا ثابت ہے۔

(ب) "وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ" سے وراثت سے علم و عرفان مراد ہے:

انبیاء' دنیا سے جانے کے بعد مال و دولت بطور وراثت چھوڑ کر نہیں جاتے بلکہ علم و عرفان اور فیضان نبوت کی وراثت چھوڑ کر جاتے ہیں۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: علماء انبیاء کے وارث ہیں لیکن انبیاء میں وراثت علم اور نبوت کی ہوتی ہے مال کی نہیں۔ حضرت ابو عبداللہ جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی روایت اس مسئلہ کو اور زیادہ واضح کر دیتی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام' حضرت داؤد علیہ السلام کے وارث ہوئے اور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سلیمان علیہ السلام کے وارث ہوئے۔

عقلی طور پر بھی یہاں وراثت مال مراد نہیں ہوسکتی' کیونکہ حضرت داؤد علیہ السلام کی وفات کے وقت آپ کی اولاد میں انیس بیٹوں کا ذکر آتا ہے۔ اگر وراثت مال مراد ہو' تو یہ بیٹے سب کے سب

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

وارث قرار پائیں گے، پھر وراثت میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی تخصیص کی کوئی وجہ باقی نہیں رہتی۔ اس سے ثابت ہوا کہ وراثت وہ مراد ہے، جس میں بھائی شریک نہ تھے، بلکہ صرف حضرت سلیمان علیہ السلام وارث بنے۔ وہ صرف علم ونبوت کی وراثت ہی ہو سکتی ہے۔

یادرہے کہ نبی کی وفات کے بعد اس کی اولاد میں علم کی طرح نبوت جاری نہیں ہوتی، ورنہ ہر صاحب اولاد نبی کا بیٹا نبی ہوتا، جبکہ ایسا نہیں ہوا، نبوت اللہ تعالیٰ کا خاص فضل وکرم ہے، وہ جسے چاہتا ہے اسے اس کے لیے منتخب کرتا ہے۔

(ج) "وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" کی وضاحت:

اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا ملک اور سلطنت بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کو عطا فرما دیا اور اس میں مزید اضافہ اس کا کر دیا کہ آپ کی حکومت جنات اور وحوش اور طیور تک عام کر دی، ہوا کو آپ کے لیے مسخر کر دیا۔ ان دلائل کے بعد طبرسی کی وہ روایت غلط ہو جائے گی، جس میں انہوں نے بعض آئمہ اہل بیت کے حوالے سے مال کی وراثت مراد لی ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے درمیان ایک ہزار سات سو سال کا فاصلہ ہے، اور یہود یہ فاصلہ ایک ہزار چار سو سال کا بتلاتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی عمر پچاس سال سے کچھ اوپر ہوئی، حضرت داؤد علیہ السلام کے وارث، حضرت سلیمان علیہ السلام ہوئے، اس سے مراد مال کی وراثت نہیں، بلکہ ملک ونبوت کی وراثت ہے۔

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کریں؟

(الف) ۱۔ بلقیس کا تخت حاضر کرنے والے کون تھے اور تخت کی کیفیت کیا تھی؟

۲۔ عنکبوت کا معنیٰ کیا ہے؟

۳۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی آواز کتنے فاصلے سے سنی؟

۴۔ انسان کی جمع کیا ہے؟

۵۔ "ان نمن" کون سا صیغہ ہے؟

۶۔ سماع موتی سے کیا مراد ہے؟

(ب) حضرت شعیب علیہ السلام کو کس قوم کی طرف بھیجا گیا تھا اس کا نام لکھیں اور ان میں کون سی برائی تھی؟

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) (۱) تخت بلقیس کو حاضر کرنے والے کا نام: اس کا نام آصف بن برخیا تھا۔

تخت کی کیفیت: تخت بلقیس کی لمبائی اسی گز، اس کا عرض چالیس گز اور اس کی بلندی تیس گز، جو کہ سونے اور چاندی سے ڈھالا گیا تھا۔

(۲) عنکبوت کا معنیٰ: مکڑی۔

(۳) حضرت سلیمان علیہ السلام کے چیونٹی کی آواز سننے کا فاصلہ: آپ نے تین میل کے فاصلہ سے چیونٹی کی آواز سن لی تھی۔

(۴) انسان کی جمع: دو احتمال ہیں: (i) اَنَاسِیْنَ، (ii) اِنْسِیٌّ۔

(۵) اَنَّمُنَّ (اَنْ نَمُنَّ)

صیغہ: نَمُنَّ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معروف از باب نَصَرَ یَنْصُرُ ہے۔ اَنْ ناصبہ مصدریہ کی وجہ سے منصوب ہے۔ یہ نَمُدُّ کی طرح ہے، اَنْ ناصبہ کو یرملون کے قاعدہ کے تحت ادغام کیا، تو "اَنَّمُنَّ" ہوگیا۔

(۶) سماع سے مراد: مردے کا سننا ہے۔

(ب) حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا نام:

اصحاب الرس یعنی کنویں والے لوگ۔

آپ کی قوم کی برائی:

حضرت شعیب علیہ السلام کو اصحاب الرس کی طرف بھیجا گیا تھا، آپ کی قوم بت پرست تھی، اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لیے آپ کو بھیجا، آپ نے انہیں اسلام کی دعوت دی، انہوں نے انکار کیا، پھر انہوں نے آپ کی تکذیب کی، آپ کو اذیت دی، ان لوگوں کے مکانات کنویں کے ارد گرد تھے، اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک کر دیا اور یہ قوم اپنے مکانات اور کنوؤں سمیت زمین میں دھنس گئی۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ/ 2021ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: قسم اوّل سے کوئی دو سوال اور قسم ثانی کے دونوں سوال حل کریں۔

قسم اوّل: حدیث

سوال نمبر 1:- عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَی الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاہُ یُھَوِّدَانِہٖ وَیُنَصِّرَانِہٖ قِیْلَ فَمَنْ مَّاتَ صَغِیْرًا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: اَللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِیْنَ ۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) حدیث شریف کی تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں؟ ۲۰

سوال نمبر 2:- عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القدریۃ مجوس ھذہ الامۃ وھم شیعۃ الدجال ۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں، نیز "شیعۃ الدجال" کی توضیح کریں؟ ۱۰

(ب) تقدیر کے منکر کون ہیں، نیز یہ بتائیں کہ انہیں "مجوس ھذہ الامۃ" کیوں کہا گیا ہے؟ ۲۰

سوال نمبر 3:- (الف) امام ابوحنیفہ اور امام اوزاعی کے درمیان رفع یدین پر کیا مکالمہ ہوا؟ توضیح کریں؟ ۲۰

(ب) علمِ دین کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث مع ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

قسم دوم: الادب العربی

سوال نمبر 4:- درج ذیل اشعار میں سے صرف پانچ کا ترجمہ اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں؟ ۳۰=۵×٦

اذا قامتا تضوع المسك منهما ‏ نسيم الصَّبا جاءَ ت بريا القرنفل

ففاضت دُمُوعُ العين منى صبابةً ‏ على النحر حتى بلَّ دمى محمَلى

تقول وقدمال الغبيط بنا معاً ‏ عَقرتَ بَعيرى ياامرأ القيس فانزلِ

اغرَّك منى انَّ حبَّكِ قاتِلى ‏ وانكِ مهما تأمرى القلب يفعَلِ

وجيد كجيد الرئم ليس بفاحشٍ ‏ اِذا هِىَ نصَّتهُ ولا بمعطّلِ

وليلٍ كموج البحر أرخى سدوَلهٗ ‏ علّى بانواع الهموم ليبتلىِ

سوال نمبر 5:- سبع معلقات کی وجہ تسمیہ نیز دو معلقات کے شعراء کے نام لکھیں؟ ۱۰=٦+۴

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

قسم اوّل: حدیث

سوال نمبر 1:۔عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَيُنَصِّرَانِهٖ قِيْلَ فَمَنْ مَاتَ صَغِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللهِ؟ قَالَ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ .

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں؟

(ب) حدیث شریف کی تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) حدیث پر اعراب اور اس کا ترجمہ:

نوٹ: اوپر حدیث پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا کیا جاتا ہے پھر اس کے والدین اسے یہودی بناتے ہیں یا اسے نصرانی بناتے ہیں۔ عرض کیا گیا: پس جو بچہ بچپن میں فوت ہوا یا رسول اللہ؟ آپ نے جواب میں فرمایا: اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ وہ (بڑے ہوکر) کیا کرنے والے تھے۔

(ب) تشریح وتوضیح حدیث:

الفطرت: سے مراد وہ زمانہ ہے جس میں کوئی نبی موجود نہ ہو۔ یُهَوِّدَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل یہودی بنانا۔ یُنَصِّرَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل: نصرانی بنانا۔

بچپن میں فوت ہونے والے بچوں کا حکم:

جو بچے زمانہ بلوغ سے قبل دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں تو ان کے انجام کے حوالے سے محدثین کے پانچ اقوال ہیں:

۱- وہ جنت میں جائیں گے اس لیے ہر بچہ فطرت سلیمہ پر پیدا ہوتا ہے وہ نہ کافر ہوتا ہے اور نہ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مشرک ہوتا ہے۔

۲-وہ بچے اہل جنت کے خدام ہوں گے، وہ جنت میں جائیں گے اور جنت میں وہ اہل جنت کی خدمات انجام دیں گے۔

۳-علم باری تعالیٰ کے مطابق، جو بچے بڑے ہو کر نیک کام کرنے والے تھے، وہ جنت میں جائیں گے اور جو برے کام کرنے والے تھے، وہ جہنم میں جائیں گے۔

۴-وہ بچے نہ جنت میں جائیں گے، کیونکہ انہوں نے نیک اعمال نہیں کیے تھے اور نہ وہ جہنم میں جائیں گے، کیونکہ انہوں نے ابھی برے اعمال نہیں کیے تھے، بلکہ وہ مقام "اعراف" میں رہیں گے، جو جنت و دوزخ کے درمیان ہوگا۔

۵-مسلمان بچے والدین کی اتباع میں جنت میں اور مشرکین کے بچے اپنے والدین کی اتباع میں جہنم میں جائیں گے۔

سوال نمبر۲: عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القدریة مجوس ھٰذہ الامة وھم شیعة الدجال۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں، نیز "شیعة الدجال" کی توضیح کریں؟

(ب) تقدیر کے منکر کون ہیں، نیز یہ بتائیں کہ انہیں "مجوس ھٰذہ الامة" کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: (الف) ترجمہ حدیث:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: انہوں نے کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قدریہ اس امت کے مجوسی ہیں اور وہ دجال کی جماعت ہیں۔

"شیعة الدجال" کی وضاحت:

لفظ شیعہ کا معنیٰ ہے: گروہ، جماعت، گروپ۔ الدجال بروزن فعال مبالغہ کا صیغہ ہے، جس کا مطلب ہے: دھوکہ باز، مکار، دھوکہ دینے والا۔ اس طرح "شیعة الدجال" کا مطلب ہوا "دجال کی جماعت"۔

(ب) "تقدیر" کا منکر کون:

اسلامی تعلیمات کے مطابق جس طرح توحید، رسالت، آسمانی کتب، فرشتوں، جنت و دوزخ، قیام قیامت پر یقین رکھنا اور انہیں دلی طور پر تسلیم کرنا ضروری ہے، اسی طرح تقدیر کو حق سمجھنا بھی ضروری

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ہے۔

دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے یا انسان کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنے علم ازلی سے اسے اس طرح لکھ دیا جیسے ہونا تھا، یا انسان نے کرنا تھا، اسے تقدیر کا نام دیا جاتا ہے۔ کوئی برا عمل کر کے اسے تقدیر کی طرف منسوب کرنا اور اپنے آپ کو بری الذمہ قرار دینا درست نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اختیار عطا کیا ہے کہ وہ چاہے، تو کوئی کام کرے اور چاہے، تو نہ کرے اور شعور بھی دیا ہے کہ نیک عمل کا نتیجہ اچھا اور عمل بد کا نتیجہ برا ہوگا۔ انسان پتھر کی طرح بے حس، بے شعور اور بے حرکت نہیں ہے کہ اس کے عمل کو غیر کی طرف منسوب کر دیا جائے۔ تقدیر کا منکر گمراہ اور امت محمدیہ کا مجوسی ہے۔ تقدیر دو قسم کی ہو سکتی ہے: خیر اور شر، خیر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے گی جبکہ شر کی نسبت بندے کی طرف کی جائے گی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ عمل خیر کو پسند کرتا ہے، اور عمل بد کو ناپسند کرتا ہے۔

منکرین تقدیر کو "مجوس هذه الامت" کہنے کی وجہ:

تقدیر کا انکار گمراہی و بے دینی ہے، ایسے لوگوں کی مذمت اس حدیث میں بیان کی گئی ہے۔ یہاں تک کہ ان لوگوں کو "اُمت محمدیہ" کے مجوسی قرار دیا گیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان لوگوں کو اس امت کے مجوسی کیوں قرار دیا گیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ "مجوسی" دراصل ستارہ پرست کو کہا جاتا ہے، اور ستارہ پرست لوگ مشرک ہوتے ہیں۔ تقدیر کے منکروں کو اس امت کے مجوسی کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح ستارہ پرست لوگ صراحتاً شرک کے مرتکب ہوتے ہیں، بالکل اسی طرح تقدیر کے منکر بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ اس طرح ان لوگوں کی مذمت کرنا مقصود ہے۔

سوال نمبر 3:- (الف) امام ابوحنیفہ اور امام اوزاعی کے درمیان رفع یدین پر کیا مکالمہ ہوا؟ توضیح کریں؟

(ب) علمِ دین کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث مع ترجمہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) رفع یدین کے حوالے سے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور امام اوزاعی رحمہما اللہ تعالیٰ کا مکالمہ:

دونوں اماموں کے مابین رفع یدین کے موضوع پر مکالمہ ہوا تھا، جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

امام اوزاعی: رکوع کرتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت آپ لوگ رفع یدین کیوں نہیں کرتے؟

امام اعظم: اس بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث موجود نہیں ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

امام اوزاعی: یہ کیسے ممکن ہے۔ حضرت امام زہری نے حضرت سالم کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ روایت مجھے بیان کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آغاز نماز کے وقت، رکوع کرتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

امام اعظم: اس روایت کے خلاف اسی سند سے ہمارے پاس حدیث موجود ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صرف آغاز نماز کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

امام اوزاعی: میں آپ کی خدمت میں: عن الزهری عن سالم عن ابیه کی سند پیش کرتا ہوں، جبکہ آپ مجھے: حدثنی حماد بن ابراهیم بتاتے ہیں (یعنی آپ کی سند کے مقابلہ میں میری سند زیادہ قوی ہے)

امام اعظم: حضرت امام حماد، حضرت امام زہری سے ثقہ فقیہ تھے، حضرت ابراہیم نخعی حضرت امام سالم سے زیادہ فقیہ اور حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ فقہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کم نہیں تھے۔ خواہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیت کا درجہ حاصل تھا لیکن حضرت اسود رضی اللہ عنہ کو دوسرے کمالات حاصل تھے، پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تو اپنی خصوصیات کے سبب اپنی مثال آپ تھے۔

یہ گفتگو سن کر حضرت امام اوزاعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے خاموشی اختیار کر لی۔

(ب) علم دین کی فضیلت پر ایک حدیث:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

طلب العلم فريضةٌ علٰى كل مسلمٍ یعنی علم دین حاصل کرنا ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے۔

قسم دوم: الادب العربی

سوال نمبر 4:- درج ذیل اشعار کا ترجمہ اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں؟

اذا قامتا تضوع المسك منهما نسيم الصَّبا جاءَ ت بريا القرنفل

ففاضت دُمُوعُ العين منى صبابةً على النحر حتى بلَّ دمى محمَلى

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تقول وقدمال الغبيط بنا معًا ... عَقرتَ بَعيری یاامرأ القیس فانزلِ

اغرّكِ منی انّ حبّكِ قاتِلی ... وانكِ مهما تأمری القلب یفعَلِ

وجید كجید الرئم لیس بفاحشٍ ... اِذا هِیَ نصّتهُ ولا بمعطّلِ

ولیلٍ كموج البحر أرخی سدولهٔ ... علّی بانواع الهموم لیبتلی

جواب: اشعار کا ترجمہ:

۱- جب وہ دونوں (ام حویرث اور ام رباب مستانہ انداز سے) کھڑی ہوتی تھیں، تو ان دونوں سے مشک (کی خوشبو) ایسی مہکتی تھی گویا بادِ صبا لونگ کی خوشبو لیے آتی ہے۔

۲- پس عشق کی وجہ سے میری آنکھ کے آنسو یہاں تک سینہ پر بہے کہ میرے آنسوؤں نے میری (تلوار کے) پرتلہ کو تر کر دیا۔

۳- درآں حالیکہ، ہودج ہم دونوں کو جھکائے دے رہا تھا، وہ کہنے لگی: اے امرأالقیس! تو نے میری اونٹنی کی کمر لگا دی، پس نیچے اتر جا۔

۴- یقیناً میری جانب سے تجھ کو یہ گھمنڈ ہو گیا ہے کہ تیری محبت مجھے قتل کیے دیتی ہے، اور یہ کہ جو کچھ تو میرے دل کو حکم دے گی وہ کرے گا۔

۵- اور ایک گردن، جو گردن آہو کی مثل ہے جبکہ وہ اس کو بلند کرے، تو بلندی (بے ڈول) اور بے زیور نہیں ہے۔

۶- اور بہت سی موج دریا کی طرح (خوفناک) راتیں ہیں، جنہوں نے اپنے پردے طرح طرح کے غموں سمیت میرے اوپر چھوڑ دیے تاکہ وہ مجھے آزمائیں۔

خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق:

نوٹ: ہر شعر میں ایک خط کشیدہ لفظ ہے، تو کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق درج ذیل ہے:

۱- قرنفل: یہ رباعی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کا مصدر ہے۔

۲- محمل: اسم ظرف ثلاثی مجرد صحیح از باب سَمِعَ یَسْمَعُ۔ پرتلہ۔

۳- فانزل: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ثلاثی مجرد۔ اترنا۔

۴- یفعل: صیغہ واحد مذکر فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد از باب فَتَحَ یَفْتَحُ۔

۵- بمعطل: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔ ختم کرنا۔

۵- لیبتلی: یبتل: صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر مذکر غائب ناقص یائی، یَ ضمیر منصوب متصل

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مفعول بہ۔ آزمانا۔

سوال نمبر 5:۔ سبع معلقات کی وجہ تسمیہ' نیز دو معلقات کے شعراء کے نام لکھیں؟

جواب: ''سبع معلقات'' کی وجہ تسمیہ:

لفظ ''سبع'' اسم عدد ہے' جس کا معنٰی ہے: سات۔ لفظ ''معلقات'' اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ برائے جمع مؤنث از باب تفعیل۔ لٹکانا۔ زمانہ جاہلیت میں شعراء اپنے ممتاز کلام کو بیت اللہ کی دیوار کے ساتھ لٹکا دیتے تھے' اس سے بڑا شاعر اپنے امتیازی و معیاری قصیدہ کو جو اس سے زیادہ معیاری ہوتا' اسے اتار کر اس کی جگہ پر لٹکا دیا کرتا تھا۔ سبع معلقات کا مطلب یا وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ سات قصائد ایسے ہیں' جن کو شعراء نے بیت اللہ کے ساتھ لٹکایا تھا' ان سے زیادہ معیاری شعراء سے قصائد تیار نہ ہو سکے اور ان کے معیاری ہونے پر شعراء جاہلیت نے اتفاق کر لیا تھا۔

دو معلقات کے شعراء کے نام:

۱۔ پہلے معلقہ کا نام ''اللامیۃ'' ہے۔ اس کے شاعر (مصنف) کا نام ''امرؤالقیس الکندی'' ہے۔

۲۔ دوسرے معلقہ کے شاعر کا نام ہے: طرفہ بن العبد البکری۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

تیسرا پرچہ: فقہ

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:- والمفروض فی مسح الرأس مقدار الناصية وهو ربع الرأس .

(الف) مذکورہ عبارت کے تحت ہدایہ میں بیان کیے گئے اختلاف ائمہ کو مع الدلائل بیان کریں؟ ۱۴

(ب) "والمرفقان والكعبان يدخلان في الغسل" مذکورہ مسئلہ میں اختلاف ائمہ بالتفصیل لکھیں؟ ۲۰

سوال نمبر2:- والدابة تخرج من الدبر ناقضة فان خرجت من رأس الجرح اوسقط اللحم منه لاينقض والمراد بالدابة الدودة وهذا لان النجس ما عليها وذلك قليل وهو حدث في السبيلين دون غيرهما فاشبه الجشاء والفساء .

(الف) عبارت مذکورہ کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟ ۱۵=۸+۷

(ب) غدیر عظیم کی حد بیان کریں، اگر اس میں نجاست گر جائے، تو اس کا کیا حکم ہے؟ ۱۰

(ج) ماء مستعمل کی تعریف اور حکم بیان کریں؟ ۸=۵+۳

سوال نمبر3:- واول وقت العصر اذا خرج وقت الظهر على القولين وآخر وقتها مالم تغرب الشمس .

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) نماز ظہر کے وقت میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟ ۱۵

(ج) فتویٰ کس قول پر ہے، اور وجہ ترجیح کیا ہے؟ ۸=۵+۳

سوال نمبر4:- (الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل عبارات کی کوئی ایک ایک دلیل ذکر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

کریں؟ ۲۵

المنى نجس يجب غسله رطباً ۔

والنفاس هو الدم الخارج عقيب الولادة ۔

المسح على الخفين جائز ۔

ويرفع يديه فی تكبيرات العيدين ۔

الجماعة سنة مؤكدة ۔

(ب) مکروہات صلوٰۃ میں سے صرف دو دلیل سے بیان کریں؟ ۸

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر 1:- والمفروض فی مسح الرأس مقدار الناصیة وھو ربع الرأس ۔

(الف) مذکورہ عبارت کے تحت ہدایہ میں بیان کیے گئے اختلاف ائمہ کو مع الدلائل بیان کریں؟

(ب) "والمرفقان والکعبان یدخلان فی الغسل" مذکورہ مسئلہ میں اختلاف ائمہ بالتفصیل لکھیں؟

جواب: (الف) عبارت کے تحت ہدایہ میں بیان کردہ اختلاف آئمہ:

اس عبارت میں وضو کا چوتھا فرض بیان کیا گیا ہے' وہ سر کا مسح کرنا ہے۔ سر کے مسح کی مقدار میں آئمہ فقہ کا اختلاف ہے' جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف ہے کہ چوتھائی سر کا مسح کرنا فرض ہے' یہ مسح علی الاطلاق ہوگا' خواہ کسی بھی سمت سے ہو۔

۲- امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے کہ مطلق سر کا مسح فرض ہے' خواہ ایک بال ہی کیوں نہ ہو۔

۳- امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا مسلک ہے کہ تمام سر کا مسح فرض ہے' اگر کچھ حصہ سر کا باقی رہ گیا' تو مسح درست نہیں ہوگا۔

سب آئمہ کرام نے اس ارشاد ربانی سے استدلال کیا: وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِكُمْ ۔ تاہم انداز استدلال مختلف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ آیت اپنے اطلاق پر ہے' اس میں چوتھائی سر یا مکمل سر کا ذکر نہیں ہے' لہٰذا یہ مطلق ہوا۔ ضابطہ ہے: المطلق یجری علی اطلاقہ یعنی مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوتا ہے۔

امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ اس طرح استدلال کرتے ہیں کہ آیت بِرُؤُسِكُمْ میں ب زائدہ اور اصل حکم: وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِكُمْ کا 'رؤس راس کی جمع ہے' پھر راس پورے سر کو کہا جاتا ہے نہ کہ سر کے بعض حصہ کو' لہٰذا پورے سر کا مسح کرنا فرض ہے۔

احناف کی دلیل بھی یہی آیت ہے' مگر یہ آیت مطلق نہیں ہے' بلکہ مجمل ہے' مجمل تفصیل کا تقاضا

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

کرتی ہے اور اس کی تفصیل اس حدیث میں موجود ہے جو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے منقول کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کیا، پھر وضو کیا، تو آپ نے اپنی پیشانی اور موزوں پر مسح کیا۔ اس سے ثابت ہوا چوتھائی حصہ سر کا مسح فرض ہے۔

(ب) "والمرفقان والكعبان يدخلان فی الغسل" میں مذاہب آئمہ:

اس بات میں تمام آئمہ فقہ کا اتفاق ہے کہ وضو میں دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کا دھونا فرض ہے، مگر اس بات میں اختلاف ہے کہ کہنیاں ہاتھوں میں اور ٹخنے پاؤں کے دھونے میں شامل ہیں یا نہیں۔ اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- امام اعظم ابوحنیفہ، صاحبین، امام شافعی اور ایک قول کے مطابق امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ کہنیاں ہاتھوں میں اور ٹخنے پاؤں کے دھونے میں داخل ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ غایت کی دو اقسام ہیں: (۱) غایت اثبات: اس کا مطلب یہ ہے کہ غایت حکم میں شامل نہ ہو مگر اس حکم کو کھینچ کر اپنے مغیا تک پہنچا دے۔ (۲) غایت اسقاط: اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ غایت خود تو حکم میں شامل ہو، مگر اپنے علاوہ کو اس حکم میں شامل نہ ہونے دے، بلکہ کنارے کر دے، اب غایت اثبات اور غایت اسقاط کا دارومدار صدر کلام پر ہے یعنی مغیا غایت کی جنس سے ہو، تو وہ غایت، غایت اسقاط ہوگی، اور وہ حکم میں شامل ہوگی۔ اگر مغیا غایت کی جنس سے نہ ہو، تو پھر وہ غایت غایت اثبات کہلائے گی، اور وہ حکم میں داخل نہیں ہوگی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مرفق اور کعب دونوں ید اور رجل کی جنس سے ہیں، لہٰذا ہاتھوں اور پاؤں کی طرح ان کا دھونا بھی ضروری ہے۔

۲- امام زفر رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ کہنیاں ہاتھوں اور ٹخنے پاؤں کے دھونے میں داخل نہیں ہیں۔ لہٰذا وضو کے دوران ان دونوں کا دھونا ضروری نہیں ہے۔ آپ کی دلیل یہ ہے کہ کسی بھی چیز کی جو غایت اور حد ہوتی ہے، وہ مغیا اور محدود میں داخل نہیں ہوتی، ورنہ تو حد اور غایت کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، کیا دیکھتے نہیں کہ روزے کے باب میں اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ کہہ کر اللہ تعالیٰ نے لیل کو صوم کی حد اور غایت قرار دیا ہے، اور ہر آدمی اچھی طرح جانتا ہے کہ روزہ صرف دن میں رکھا جاتا ہے، رات اس میں داخل نہیں ہوتی۔ لہٰذا جس طرح لیل، صوم میں داخل نہیں ہے، اسی طرح مرفق اور کعب بھی غسل ید اور رجل میں داخل اور شامل نہیں ہوں گے۔

جمہور کی طرف سے امام زفر رحمہ اللہ تعالیٰ کی قیاسی دلیل کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ لیل، صوم کی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جنس سے نہیں ہے اس لیے: اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ والی غایت غایت اثبات ہوئی اور غایت اثبات میں غایت مغیا کے حکم میں شامل اور داخل نہیں ہوتی۔ لہٰذا یہاں بھی لیل صوم میں داخل نہیں ہو گی۔ پھر آپ کا مرفقین وغیرہ کو اس پر قیاس کرنا بھی درست نہیں ہوگا۔

سوال نمبر 2:- وَالدَّابَّةُ تَخْرُجُ مِنَ الدُّبُرِ نَاقِضَةٌ فَاِنْ خَرَجَتْ مِنْ رَأْسِ الْجَرْحِ اَوْسَقَطَ اللَّحْمُ مِنْهُ لَايَنْقُضُ وَالْمُرَادُ بِالدَّابَّةِ اَلدُّوْدَةُ وَهٰذَا لِاَنَّ النَّجَسَ مَا عَلَيْهَا وَذٰلِكَ قَلِيْلٌ وَّهُوَ حَدَثٌ فِي السَّبِيْلَيْنِ دُوْنَ غَيْرِهِمَا فَاَشْبَهَ الْجُشَاءَ وَالْفُسَاءَ ۔

(الف) عبارت مذکورہ کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) غدیر عظیم کی حد بیان کریں اگر اس میں نجاست گر جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

(ج) ماء مستعمل کی تعریف اور حکم بیان کریں؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور اس کا ترجمہ:

نوٹ: اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

اور پاخانے کے راستے سے نکلنے والا کیڑا بھی ناقض وضو ہے لیکن زخم کے سرے سے کیڑا نکلا یا زخم سے گوشت گر پڑا تو یہ ناقض نہیں ہے۔ اور دابہ سے مراد کیڑا ہے۔ یہ (فرق) اس وجہ سے ہے کہ نجاست وہی ہے جو کیڑے کے اوپر ہے اور وہ مقدار قلیل ہے جو سبیلین میں حدث ہے نہ کہ ان کے علاوہ میں تو یہ ڈکار اور پھسکی کے مشابہ ہو گیا۔

(ب) غدیر عظیم کی حد اور اس میں نجاست گرنے کا حکم:

(i) غدیر عظیم کی حد: وہ بڑا تالاب جس کے ایک کنارہ میں حرکت کرنے سے دوسرا کنارہ حرکت نہ کرے۔

اس کا حکم: اگر اس کے ایک کنارے میں نجاست گر جائے تو اس کے دوسرے کنارے سے وضو کرنا جائز ہے کیونکہ عدم حرکت کی وجہ سے اس کا دوسرا کنارہ نجس نہیں ہوگا۔

(ج) ماء مستعمل اور اس کا حکم:

اگر پاک چیز مثلاً غلہ سبزی اور پاک کپڑے وغیرہ دھونے کے لیے کوئی پاک پانی استعمال کیا جائے تو ماء مستعمل ہونے کے بعد بھی بالاتفاق وہ پانی پاک ہی رہتا ہے۔ یہ صورت متفقہ ہے۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس طرح کا ماء مستعمل صرف طاہر ہے مطہر نہیں ہے خواہ استعمال کرنے والا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

باوضو ہو یا بے وضو ہو۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسالہ وضو سے بھی استدلال کیا ہے کہ جب آپ وضو فرماتے، تو صحابہ کرام آپ کے وضو کا پانی لیکر اپنے چہروں پر اسے ملنے لگتے تھے۔

شیخین رحمہما اللہ تعالیٰ کا مذہب یہ ہے کہ اس طرح کا مستعمل پانی نجس اور ناپاک ہے، خواہ نجاست حقیقی کے ازالے کی خاطر استعمال کیا جائے یا نجاست حکمی میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے اس ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے استدلال کیا ہے، آپ نے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا ہے، اور غسل جنابت سے بھی منع کیا ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ نجاست حقیقیہ پانی کو ناپاک کر دیتی ہے۔

سوال نمبر 3:- وَاَوَّلُ وَقْتِ الْعَصْرِ اِذَا خَرَجَ وَقْتُ الظُّهْرِ عَلَى الْقَوْلَيْنِ وَاٰخِرُ وَقْتِهَا مَالَمْ تَغْرُبِ الشَّمْسُ .

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) نماز ظہر کے وقت میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

(ج) فتویٰ کس قول پر ہے، اور وجہ ترجیح کیا ہے؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور اس کا ترجمہ

نوٹ: عبارت پر اعراب لگا دیے گئے ہیں اور اس کا ترجمہ درج ذیل ہے:

نماز عصر کا وقت اس وقت شروع ہوتا ہے، جب دونوں قولوں کے مطابق ظہر کا وقت ختم ہو جاتا ہے۔

اس کا آخری وقت غروب آفتاب تک ہے۔

(ب) نماز ظہر کے وقت کے حوالے سے امام اعظم اور صاحبین رحمہم اللہ کا اختلاف:

اس بات میں آئمہ کا اتفاق ہے کہ زوال کا وقت ختم ہونے پر ظہر کا وقت شروع ہو جاتا ہے، کیونکہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے دن اسی وقت نماز ظہر پڑھائی تھی۔

البتہ اس کے آخری وقت کے حوالے سے آئمہ کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ سایہ اصلی کے علاوہ ہر چیز کا سایہ دوگنا ہونے پر ظہر کا وقت ختم ہو جاتا ہے، اور نماز عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ آپ کی دلیل یہ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: ابردوا بالظهر الخ خواہ یہ ارشاد موسم گرما پر محمول ہے، مگر تاریخ بتاتی ہے کہ عرب کے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

علاقوں میں ایک مثل سایہ ہونے پر گرمی اپنے عروج پر رہتی تھی' لہٰذا یہ بات طے شدہ "ابــــــرد وا بــالظهر" کا مصداق وہ وقت ہے' جو مثل اوّل کے بعد آتا ہے' اور جب مثل اوّل کے بعد والے وقت میں ظہر پڑھنے کا حکم دیا جا رہا ہے' تو پھر اس وقت میں عصر کا وقت کہاں سے آئے گا؟

۲- صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ اصلی سایہ کے علاوہ ہر چیز کا سایہ ایک مثل ہونے پر ظہر کا وقت ختم اور عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ صاحبین کی رائے یہ ہے کہ حضرت جرائیل علیہ السلام نے پہلے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عصر کی نماز اس وقت پڑھائی تھی جبکہ ہر چیز کا سایہ اس کے مثل ہو گیا تھا' تو اس سے ثابت ہوا کہ عصر کا وقت اس وقت شروع ہوتا ہے' ورنہ حضرت جرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت یہ نماز نہ پڑھاتے۔

(ج) مفتیٰ بہ قول:

امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کی دلیل کا جواب یوں دیا جاتا ہے کہ جب ایک مثل پر ظہر کا وقت باقی رہنے اور ختم ہونے کے سلسلہ میں نصوص میں تعارض ہے' کیونکہ امامت جرائیل والی حدیث سے ایک مثل پر ظہر کے وقت کا ختم ہونا ثابت ہو رہا ہے' اور امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی پیش کردہ حدیث سے ایک مثل پر اسی وقت کی بقاء ثابت ہو رہی ہے' اب اذا تـعـارضا تـسـاقـطـا کے ضابطہ سے دونوں احادیث سے صرف نظر کرتے ہوئے غور و فکر کیا جائے گا' تو یہ بات سامنے آئے گی کہ ایک مثل سایہ سے پہلے ظہر کا وقت یقینی طور پر باقی تھا' ایک مثل سایہ ہونے پر اس کی بقاء و عدم بقاء کے حوالے سے نصوص میں تعارض ہوا' ایک مثل سایہ کے بعد شک کی صورت پیدا ہو گئی جبکہ ایک مثل سے پہلے اس کی بقاء کا یقین تھا اور خروج وقت کے شک سے وہ زائل نہیں ہوگا' اسی طرح اس کے بعد بھی وہ (یقین) باقی رہے گا' کیونکہ فقہ کا اصول ہے: الیـقـیـن لایزول بالشك سے ثابت ہوا کہ مفتیٰ بہ قول امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا ہے' اور یہی معمول بہ اور یہی راجح ہے۔

سوال نمبر 4:- (الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل عبارات کی کوئی ایک ایک دلیل ذکر کریں؟

المنی نجس یجب غسله رطباً ۔

والنفاس هو الدم الخارج عقیب الولادة ۔

المسح علی الخفین جائز ۔

ویرفع یدیه فی تکبیرات العیدین ۔

الجماعة سنة مؤكدة ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) مکروہات صلوٰۃ میں سے صرف دو دلیل سے بیان کریں؟

جواب: (الف) عبارات کی ایک ایک دلیل:

۱- منی پلید ہے تر ہونے کی صورت میں اس کا دھونا واجب ہے۔ دلیل: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الماء من الماء یعنی خروج منی سے غسل واجب ہو جاتا ہے۔

۲- اور نفاس وہ خون ہے جو بچے کی ولادت کے بعد خارج ہوتا ہے۔ دلیل: ولادت کے بعد نکلنے والا خون نفاس کہلاتا ہے اس کو نفاس کہنے اور نفاس کا نام دینے کی وجہ یہ ہے کہ یہ: تنفس الرحم بالدم سے ماخوذ ہے جس کے معنیٰ ہیں رحم نے خون اگل دیا اور ظاہر ہے کہ ولادت کے وقت بعد ہی رحم خون اگلتا ہے یا نفاس کو نفاس کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ خروج نفس سے ماخوذ ہے جس کے معنیٰ ہیں: بچہ کا نکلنا معنیٰ کے اعتبار سے بھی نفاس کو نفاس کہنا صحیح ہے اس لیے کہ بچہ نکلنے اور پیدا ہونے کے بعد ہی نفاس خون آتا ہے۔

۳- موزوں پر مسح جائز ہے۔ دلیل: حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

۴- عیدین کی تکبیرات کے وقت رفع یدین کیا جائے گا۔ دلیل: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صرف سات مواقع پر رفع یدین کیا جائے گا: تکبیر افتتاح میں، تکبیر قنوت، عیدین کی تکبیروں میں اور چار مواقع حج میں بیان کیے۔

۵- باجماعت نماز ادا کرنا سنت مؤکدہ (واجب) ہے۔ دلیل: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جماعت سنن ہدیٰ میں سے ہے اور صرف منافق ہی جماعت سے پیچھے رہ سکتا ہے۔

(ب) دو مکروہات نماز مع دلیل:

۱- نمازی کا (حالت نماز میں) اپنے کپڑے یا اپنے جسم سے کھیلنا مکروہ ہے۔

دلیل: ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے تین چیزیں مکروہ قرار دی ہیں ان میں سے ایک نماز میں (کپڑے سے) کھیلنا ہے۔

۲- نمازی کا اپنی انگلیوں کو چٹخانا مکروہ ہے۔ دلیل: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: تم حالت نماز میں اپنی انگلیوں کو نہ چٹخاؤ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

وقت: تین گھنٹے　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- (الف) اصول شرع کتنے ہیں تعداد بتائیں اور وجہ حصر بیان کریں؟ ۱۰

(ب) علم اصول فقہ کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) کتاب اللہ کی تعریف اور اس تعریف میں مذکور قیودات کے فوائد لازمی تحریر کریں؟ ۱۰

(د) ''نورالانوار'' کس کتاب کی شرح ہے نام لکھیں؟ ۴

سوال نمبر 2:- انما تعرف احکام الشرع بمعرفۃ اقسامھا ۔

(الف) مصنف نے نظم اور معنیٰ کے اعتبار سے احکام شرع کی کتنی اور کون کون سی تقسیمات کی ہیں، ان میں سے کسی دو تقسیمات کی اقسام کے نام لکھیں؟ ۲۰

(ب) خاص کی تعریف، حکم اور مثال بیان کریں؟ ۱۳=۱۰+۳

سوال نمبر 3:- لھٰذا جعلنا لفظ الصاع فی حدیث ابن عمر رضی اللہ عنھما عاما فیما یحلہ ۔

(الف) مذکورہ عبارت کی نورالانوار کی روشنی میں توضیح کریں؟ ۱۰

(ب) مؤول کی تعریف، حکم اور مثال تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) عبارۃ النص اور اشارۃ النص کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟ ۱۳=۱۰+۳

سوال نمبر 4:- فان دخلت علی المنکر اوجبت عموم افرادہ وان دخلت علی المعرفۃ اوجبت عموم اجزائہ حتی فرقوا بین قولھم کل رمان ماکول، و کل الرمان ماکول بالصدق والکذب ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) مذکورہ عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) عموم افراد اور عموم اجزاء میں کیا فرق ہے؟ نیز کلمہ ''کل'' اور ''کلما'' کا فرق مثال سے بیان کریں؟ ۱۰

(ج) ''لا رجل فی الدار'' ایک قانون کی مثال ہے وہ قانون بیان کریں اور مثال مذکور اس پر منطبق کریں؟ ۳+۱۰=۱۳

☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

سوال نمبر ۱:- (الف) اصول شرع کتنے ہیں تعداد بتائیں اور وجہ حصر بیان کریں؟

(ب) علم اصول فقہ کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

(ج) کتاب اللہ کی تعریف اور اس تعریف میں مذکور قیودات کے فوائد لازمی تحریر کریں؟

(د) ''نورالانوار'' کس کتاب کی شرح ہے، نام لکھیں؟

جواب: (الف) اصول شرع کی تعداد اور وجہ حصر

اصول شرع چار ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب اللہ (۲) سنت رسول (۳) اجماع امت (۴) قیاس۔

وجہ حصر:

استدلال وحی سے ہوگا یا غیر وحی سے، اگر وحی سے استدلال ہو تو پھر دو حالتیں ہیں وحی متلو ہوگی یا غیر متلو۔ اگر وحی متلو ہے، تو کتاب اللہ ہے۔ اگر غیر متلو ہے، تو سنت رسول اللہ ہے۔ اگر استدلال غیر وحی سے ہے، تو دو صورتیں ہیں۔ یا تو بعض کا قول ہوگا یا کل کا قول ہوگا۔ اگر کل کا قول ہے، تو اجماع ہے، اگر بعض کا قول ہے، تو قیاس ہے۔

(ب) اصول فقہ کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت:

۱- اصول فقہ کی تعریف:

اصول فقہ کی تعریف دو طرح سے کی گئی ہے:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(i) حدِ اضافی: الفقه هو العلم بالاحكام الشرعية من ادلتها التفصيلية یعنی وہ ایسا ملکہ جس کے ذریعے شرعی احکام تفصیلی دلائل سے معلوم کیے جاتے ہیں۔

(ii) حدِ لقبی: ایسے قواعد کا جاننا ہے' جس کے ساتھ شرعی احکام کا استنباط کیا جائے۔

۲۔ موضوع:

دلائل اربعہ (کتاب اللہ' سنت رسول' اجماع اور قیاس) اور احکام ہیں۔

غرض وغایت:

شرعی احکام کو ادلہ تفصیلیہ سے معلوم کیا جائے اور مسائل کو استنباط کرنے کے قواعد معلوم کیے جائیں۔

(ج) کتاب اللہ کی تعریف اور قیود کے فوائد:

کتاب اللہ کی تعریف:

هُوَ كَلَامُ اللهِ الْمُنَزَّلُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَعَبَّدُ بِتِلَاوَتِهٖ یعنی اللہ تعالیٰ کا وہ کلام جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا اور اس کی تلاوت کرنا عبادت ہے۔

تعریف کی قیود کے فوائد:

كَلَامُ اللهِ اس میں تمام آسمانی کتب شامل ہیں۔ اَلْمُنَزَّلُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی قید سے باقی تمام کتب خارج ہو گئیں صرف قرآن کریم باقی رہ گیا۔ المتعبد بتلاوته کی قید سے قرآن کریم کا مزید امتیاز بیان ہوا ہے یعنی اس کی تلاوت عبادت کا درجہ رکھتی ہے۔

(د) ''نورالانوار'' کے متن کا نام:

کتاب نورالانوار ''کتاب المنار'' کی شرح ہے۔

سوال نمبر 2:- انما تعرف احكام الشرع بمعرفة اقسامها۔

(الف) مصنف نے نظم اور معنیٰ کے اعتبار سے احکام شرع کی کتنی اور کون کون سی تقسیمات کی ہیں' ان میں سے کسی دو تقسیمات کی اقسام کے نام لکھیں؟

(ب) خاص کی تعریف' حکم اور مثال بیان کریں؟

جواب: (الف) نظم اور معنیٰ کے اعتبار سے احکام شرع کی تقسیمات:

نظم قرآن اور معنیٰ کے اعتبار سے کل چار تقسیمات ہیں' جو درج ذیل ہیں:

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۱۔نظم قرآن کی وضع معنی کے اعتبار سے چار اقسام ہیں:

(i) خاص' (ii) عام' (iii) مشترک' (iv) مؤول

۲۔نظم قرآن کی معنی پر دلالت کے اعتبار سے اقسام: اگر نظم قرآن کی معنی پر دلالت واضح ہو تو اس کے تحت چار اقسام ہیں:

(i) ظاہر' (ii) نص' (iii) مفسر' (iv) محکم

اگر نظم قرآن کی معنی پر دلالت واضح نہ ہو' تو اس کے تحت بھی چار قسمیں بنتی ہیں:

(i) خفی' (ii) مشکل' (iii) مجمل' (iv) متشابہ

۳۔نظم قرآن کی معنی کے استعمال کے اعتبار سے چار اقسام ہیں:

(i) حقیقت' (ii) مجاز' (iii) صریح' (iv) کنایہ

۴۔نظم قرآن کی مرادی معنی پر مجتہد کے واقف ہونے کے طریقوں کی معرفت کے اعتبار سے بھی اس کی چار اقسام ہیں:

(i) عبارۃ النص' (ii) اشارۃ النص' (iii) دلالۃ النص' (iv) اقتضاء النص۔

نوٹ: اس طرح نظم قرآن کی کل بیس اقسام بنتی ہیں۔مصنف نے اپنی کتاب میں ان کی تفصیل بیان کی ہے۔

(ب) خاص کی تعریف، حکم اور مثال:

تعریف ومثال: خاص سے مراد وہ لفظ ہے' جس کو صرف ایک معلوم معین معنی پر مسمّی معلوم کے لیے وضع کیا گیا ہو مثلاً (i) زَیْدٌ (تخصیص فرد)' (ii) رَجُلٌ (تخصیص نوع) (iii) اِنْسَانٌ (تخصیص جنس)

حکم: احناف کے نزدیک خاص سے قطعی اور یقینی علم حاصل ہوتا ہے' اس پر عمل کرنا واجب ہوتا ہے' اگر اس کے مقابل خبر واحد اور قیاس آ جائے' تو دونوں کو جمع کرنا ممکن ہوا' تو دونوں پر عمل کریں گے ورنہ کتاب اللہ کے خاص پر عمل کریں گے اور خبر واحد اور قیاس کو ترک کر دیں گے۔

سوال نمبر 3:-لھٰذا جعلنا لفظ الصاع فی حدیث ابن عمر رضی اللہ عنھما عاما فیما یحلہ.

(الف) مذکورہ عبارت کی نور الانوار کی روشنی میں توضیح کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) مؤول کی تعریف، حکم اور مثال تحریر کریں؟

(ج) عبارۃ النص اور اشارۃ النص کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟

جواب: (الف) عبارت کی توضیح:

عموم مجاز کی مثال:

احناف کے ہاں مجاز عام ہوتا ہے اس پر ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کو متفرع کرتے ہیں "لا تبیعوا الدرھم بالدرھمین ولا الصاع بالصاعین" اس میں حقیقی معنی تو مراد نہیں ہو سکتے، کیونکہ صاع کے حقیقی معنی ظرف و برتن کے ہیں جو صاع لکڑی کا ہوتا ہے اس ایک برتن کا دو برتنوں کے بدلے فروخت کرنا شرعاً جائز ہے حالانکہ حدیث میں ایک صاع کو دو صاع کے بدلے فروخت کرنا ناجائز ہے تو حدیث میں مراد صاع سے ظرف نہیں، بلکہ حدیث کے مجازی معنی مراد ہیں یعنی صاع کے اندر جو چیز آ جاتی ہے صاع کے ذریعے اس کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ شوافع کے ہاں مجاز خاص ہے، اور وہ صاع سے مراد اناج، گندم، باجرہ، چاول وغیرہ لیتے ہیں۔ اس اناج والے ایک صاع کو دو صاع کے بدلے فروخت نہ کرو۔ احناف کے ہاں صاع سے ہر وہ چیز مراد ہے جو صاع میں داخل ہوتی ہے صاع کے ذریعے اندازہ کیا جاتا ہو چاہے۔ وہ اناج ہو یا اناج کے علاوہ چونا وغیرہ ہو، تو احناف رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں جس طرح ایک صاع بھرا اناج دو صاع بھرے اناج کے بدلے فروخت کرنا ناجائز ہے، اس طرح ایک صاع چونا کا دو صاع چونے کے بدلے فروخت کرنا بھی ناجائز ہے۔

(ب) مؤول کی تعریف، حکم اور مثال:

ایک لفظ کے کئی معانی میں سے ایک کو راجح قرار دینا، جیسے عین کے کئی معانی ہیں یعنی قرآن میں سے صرف عین جاریۃ (بہتا ہوا چشمہ) مراد لینا اور اس معنیٰ کو راجح قرار دینا۔

حکم: اس پر عمل کرنا واجب ہے، اسی احتمال کے ساتھ کہ یہ معنیٰ غلط ہو دوسرا معنیٰ صحیح ہو۔ مؤول ظنی ہے، قطعی نہیں ہے۔ اس کے منکر کو کافر نہیں کہا جائے گا۔

(ج) عبارۃ النص اور اشارۃ النص کی تعریف مع مثال:

۱۔ عبارۃ النص مع مثال: جو معنیٰ نص سے مقصود، نص کی عبارت ہی اس کی واضح الفاظ میں صراحت کر دے جیسے اَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ط (البقرہ) میں اس بات کی دلالت ہے کہ بیع حلال اور سود حرام ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۲-اشارۃ النص مع مثال: نص کے الفاظ میں کوئی ایسا اشارہ پایا جائے جو اس کے معنیٰ پر دلالت کرے جیسے وَ شَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ (آل عمران) اور معاملہ میں ان سے مشورہ کیجیے اس آیت میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ امت میں ایک گروہ ہونا چاہیے جو امت کی نمائندگی کرے اور اس سے معاملات کے بارے میں مشاورت کی جائے۔ اس دلالت کو دلالت اشارہ بھی کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4:-فَإِنْ دَخَلَتْ عَلَى الْمُنَكَّرِ اَوْجَبَتْ عُمُوْمَ اَفْرَادِهٖ وَإِنْ دَخَلَتْ عَلَى الْمُعَرَّفَةِ اَوْجَبَتْ عُمُوْمَ اَجْزَائِهٖ حَتّٰى فَرَّقُوْا بَيْنَ قَوْلِهِمْ كُلُّ رُمَّانٍ مَاكُوْلٌ، وَكُلُّ الرُّمَّانِ مَاكُوْلٌ بِالصِّدْقِ وَالْكِذْبِ.

(الف) مذکورہ عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) عموم افراد اور عموم اجزاء میں کیا فرق ہے؟ نیز کلمہ ''کل'' اور ''کلما'' کا فرق مثال سے بیان کریں؟

(ج) ''الرجل فی الدار'' ایک قانون کی مثال ہے وہ قانون بیان کریں اور مثال مذکور اس پر منطبق کریں؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور ترجمہ:

نوٹ: عبارت پر اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

پس اگر لفظ ''کـــل'' نکرہ پر داخل ہو تو نکرہ کے افراد میں عموم ثابت کرے گا کیونکہ افراد کا عموم اس کا لغوی مدلول ہوتا ہے۔ اگر یہ (کل) معرفہ پر داخل ہو تو معرفہ کے اجزاء میں عموم اس کا عرفی مدلول ہے۔ یہاں تک کہ فرق کیا ہے ان کے اس قول میں ''كُلُّ الرُّمَّانِ مَاكُوْلٌ'' اور ''كُلُّ الرُّمَّانِ مَاكُوْلٌ'' کے درمیان صدق و کذب کا۔

(ب) عموم افراد اور عموم اجزاء میں فرق:

لفظ ''کـــل'' اگر نکرہ پر داخل ہو تو اس کے مدخول کے افراد کو عموم افراد کہا جاتا ہے۔ اگر لفظ ''کل'' معرفہ پر داخل ہو تو اس کے مدخول کے افراد کو عموم اجزاء کہا جاتا ہے۔ دونوں کی مثالیں یہ ہیں:

(i) كُلُّ الرُّمَّانِ مَاكُوْلٌ (ii) كُلُّ الرُّمَّانِ مَاكُوْلٌ.

''کل'' اور ''کلما'' میں فرق:

لفظ ''کـــل'' اپنے مدخول کے ہر فرد کو اس طرح کر دینے کے لیے آتا ہے کہ اس کے ساتھ کوئی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

دوسرا فرد ہی نہیں ہے، مثلاً "کُلُّ اِنْسَانٍ حَیْوَانٌ" انسان کا ہر ہر فرد الگ الگ حیوان ہے، ایسا نہیں ہے کہ انسان کے تمام افراد علیٰ سبیل الاجتماع حیوان ہیں۔

"کل، ما" کے ساتھ ملا ہو تو عموم افعال ثابت کرتا ہے۔ افعال پر "کلما" داخل ہو کر مصادر میں عموم ثابت کرتا ہے، اس لیے کہ "کــــل" لازم الاضافت ہے، اسماء کا عموم ضمناً ثابت ہوتا ہے مثلاً "کلما تزوجت امرأة فهی طالق" کے معنیٰ ہیں: کل وقت اتزوج امرأة فهی طالق یعنی جس وقت بھی میں عورت سے نکاح کرے گا، اس پر طلاق واقع ہو جائے گی، مگر عموم افعال کے ضمن میں عموم اسماء بھی ثابت ہو جاتا ہے، کیونکہ افعال اسماء سے جدا نہیں ہیں۔ نیز کل میں صراحت عموم اسماء ہوتا ہے اور عموم افعال ضمناً ہوتے ہیں۔

(ج) "لا رجل فی الدار" ایک قانون کی مثال، وہ قانون اور اس پر مثال مذکور کا انطباق:

قانون: یہ مثال اس قانون کی ہے: نکرہ اس وقت عام واقع ہوگا، جب وہ تحت النفی ہو، کیونکہ نکرہ کی اصل وضع یا تو ماہیت پر ہوتی ہے، یا فرد واحد غیر معین پر ہوتی ہے، اس لیے جب اس پر حرف نفی داخل ہوگا، تو عام ہو جائے گا۔ اگر نفی عام نہ ہو تو ماہیت یا فرد غیر معین کی نفی نہ ہوگی، اور اگر نکرہ من استغراقیہ کے معنیٰ کو شامل ہو، تو وہ عموم میں نص ہوگا اور اگر من استغراقیہ کے معنیٰ کو شامل نہ ہو، تو عموم میں ظاہر ہوگا، اگرچہ خصوص کا بھی احتمال رکھتا ہے۔

اس کی مثال یوں ہے کہ اس عموم کی دلیل اجماع اہل لغت ہے "لا الٰہ الا اللہ" اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا، جو کہے: هَلْ مِنْ الٰـه الا الله۔ نیز مذکورہ مثال یعنی "لا رجل فی الدار" میں بھی نکرہ نفی کے تحت آیا ہے، اور اسی قانون کے مطابق یہ عموم کا فائدہ دیتا ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) اسم، فعل اور حرف کی وجہ تسمیہ شرح جامی کی روشنی میں بیان کریں؟ ۱۵=۳×۵

(ب) کلمہ کو کلام پر کیوں مقدم کیا جاتا ہے؟ حالانکہ کلام میں افادہ زیادہ ہے۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) "الكلمة لفظ" میں الف لام اور تاء کون سی ہے؟ نیز ان کے درمیان عدم منافات شرح جامی کی روشنی میں بیان کریں؟

(ب) مصنف نے کلمہ کی تعریف میں لفظ کو لفظة کیوں نہیں کہا؟ حالانکہ مبتداء اور خبر میں مطابقت لازم ہے۔ ۱۰

سوال نمبر 3: (وضع) الوضع تخصيص شيء بشيء بحيث متى اطلق او احس الشيء الاول فهم منه الشيء الثاني قيل يخرج عنه وضع الحرف حيث لا يفهم منه معناه متى أطلق بل اذا اطلق مع ضم ضميمة .

(الف) مذکورہ عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) اس عبارت میں مذکور اعتراض کے جوابات لکھیں، نیز یہ بتائیں کہ کلمہ اور کلام کا مشتق عنہ کون ہے؟ ۱۵

سوال نمبر 4: ومن خواصه دخول اللام والجر والتنوين والاضافة والاسناد اليه .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ لام تعریف کا داخل ہونا اسم کا خاصہ کیوں ہے؟ نیز وضاحت کریں کہ یہ خاصہ کون سا ہے؟ ۱۵

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) اضافت کو اسم کا خاصہ کیوں قرار دیا؟ وجہ تحریر کریں نیز بتائیں اضافت سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

سوال نمبر5: والنون زائدة من قبلها الف ووزن فعل وھٰذا القول تقریب

(الف) مذکورہ عبارت کی ترکیب کریں نیز بتائیں کہ "ھٰذا القول" کا کیا معنی ہے؟ ۱۰

(ب) اسباب منع صرف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تعداد میں کیا اختلاف ہے؟ واضح کریں؟ ۱۰

(ج) عَلَم کو نکرہ بنانے کا کوئی ایک طریقہ مثال کے ساتھ بیان کریں؟ ۵

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2021ء

پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر1: (الف) اسم‘ فعل اور حرف کی وجہ تسمیہ شرح جامی کی روشنی میں بیان کریں؟

(ب) کلمہ کو کلام پر کیوں مقدم کیا جاتا ہے؟ حالانکہ کلام میں افادہ زیادہ ہے۔

جواب: (الف) اسم‘ فعل اور حرف کی وجہ تسمیہ:

(۱) اسم کی وجہ تسمیہ:

لفظ اسم ’’سمو‘‘ سے مشتق ہے‘ جس کے معنیٰ بلندی کے ہیں اور اسم کی حیثیت فعل اور حرف کے مقابلہ میں زیادہ ہے‘ چونکہ یہ مسند الیہ ہوتا ہے‘ اور مسند بھی‘ جبکہ فعل صرف مسند ہوتا ہے‘ جبکہ حرف نہ مسند ہوتا ہے‘ اور نہ مسند الیہ ہوتا ہے۔ ایک ضعیف قول کے مطابق اسم ’’وسم‘‘ سے بنا ہے‘ جس کے معنیٰ ہیں علامت‘ چونکہ اسم بھی اپنے معنی پر علامت ہوتا ہے‘ اس لیے اسے اسم کہا جاتا ہے۔

۲۔ فعل کی وجہ تسمیہ:

فعل کو فعل اس لیے کہتے ہیں کہ فعل لغۃً مصدر کا نام ہے‘ اور مصدر چونکہ فعل کے اجزاء میں سے ایک جزء ہوتا ہے‘ اس طرح جزء کا نام کل کا نام رکھ دیا گیا۔ یا فعل حقیقت میں کسی فاعل کا فعل ہوتا ہے اسی مناسبت سے اس کا نام فعل رکھ دیا گیا۔

۳۔ حرف کی وجہ تسمیہ:

حرف کا معنیٰ طرف کے ہیں یعنی کنارہ کے اور حرف‘ اسم اور فعل کے مقابلہ میں مسند اور مسند الیہ ہونے کے اعتبار سے کنارے میں ہوتا ہے یعنی حرف نہ مسند ہوتا ہے‘ اور نہ مسند الیہ ہوتا ہے۔

(ب) کلمہ کو کلام پر مقدم کرنے کی وجہ:

سوال یہ ہے کہ کلمہ کو کلام پر مقدم کیوں کیا گیا ہے‘ جبکہ کلام کے فوائد زیادہ ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مفہوم کلمہ جزء ہے‘ مفہوم کلام کا‘ تو جزء طبعاً کل پر مقدم ہوتی ہے‘ تو ذکر میں بھی جزء کو کل پر مقدم کر دیا تا کہ وضع طبع کے مطابق ہو جائے۔

سوال نمبر2: (الف) ’’الکلمۃ لفظ‘‘ میں الف لام اور تاء کون سی ہے؟ نیز ان کے درمیان

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

عدم منافات شرح جامی کی روشنی میں بیان کریں؟

(ب) مصنف نے کلمہ کی تعریف میں لفظة کی بجائے لفظ کہا لفظۃ کیوں نہیں کہا؟ حالانکہ مبتداء اور خبر میں مطابقت لازم ہے۔

جواب: (الف) الكلمة میں الف لام کون سا اور تاء کون سی:

لفظ ''الكلمة'' کے الف لام میں بنیادی طور پر دو احتمال ہیں' یہ الف لام اسمی ہوگا یا حرفی' پہلا احتمال باطل ہے' کیونکہ الف لام اسمی اسم فاعل یا اسم مفعول کے شروع میں آتا ہے' جو الذی کے معنیٰ میں ہوتا ہے' مثلاً اَلضَّارِبُ وَالْمَضْرُوْبُ . الكلمة نہ اسم فاعل ہے' اور نہ اسم مفعول ہے۔ پھر الف لام حرفی میں بھی دو احتمال ہیں: زائد اور غیر زائد' پہلا احتمال بھی درست نہیں' کیونکہ وہ غیر مفید ہوتا ہے۔ حرفی غیر زائد میں چار احتمال ہیں: (۱) الف لام جنسی: جس کے مدخول کی جنس مراد لی جاتی ہے' مثلاً الرجل خير من المراة ۔ (۲) الف لام استغراقی: جس کے مدخول کے تمام افراد مراد لیے جاتے ہیں جیسے اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ میں اَلْاِنْسَان سے تمام افراد مراد ہیں۔ (۳) الف لام عہد خارجی: جس کے مدخول سے خاص فرد مراد لیا جائے' جو مخاطب اور متکلم کے درمیان متعین ہو جیسے فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ میں الرسول سے مراد خاص فرد ہے' وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ (۴) الف لام عہد ذہنی: وہ ہے' جس کے مدخول سے ایک خاص فرد لیا جائے' جو معین نہ ہو جیسے اِنِّیْ اَخَافُ اَنْ یَّاْکُلَهُ الذِّئْبُ میں الذئب پر الف لام ہے۔

لفظ ''الكلمة'' پر الف لام جنسی ہے' کیونکہ کلمہ مقام تعریف میں واقع ہے' اور تعریف ماہیت جنس کی ہوتی ہے۔

الف لام جنسی مراد لینے کی صورت میں اعتراض ہوتا ہے کہ ''الكلمة'' پر الف لام جنسی بنانا درست نہیں ہے' کیونکہ اس کے آخر میں تاء وحدت کی ہے' تو تاء وحدت اور الف لام جنسی کے درمیان منافات ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ وحدت کی چار اقسام ہیں: (i) وحدت جنسی' (ii) وحدت نوعی' (iii) وحدت صنفی' (iv) وحدت شخصی۔ وحدت جنسی کی مثال حیوان' وحدت نوعی کی مثال رجل' وحدت صنفی کی مثال رومی اور وحدت شخصی کی مثال زید۔ یہاں وحدت سے مراد وحدت جنسی ہے۔ جنس اور وحدت جنسی کے درمیان منافات نہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) مصنف کے کلمہ کی تعریف میں "لفظة" نہ کہنے کی وجہ:

سوال یہ ہے کہ مصنف نے کلمہ کی تعریف میں "لــفــظ" کہا ہے اور "لــفــظــة" نہیں کہا جبکہ "الـكـلـمة" مبتداء ہے اس میں تاء موجود "لفظ" اس کی خبر ہے جو تاء سے خالی ہے حالانکہ مبتداء اور خبر کے درمیان مذکر و مؤنث کے لحاظ سے مطابقت ضروری ہوتی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مبتداء اور خبر کے درمیان مذکر و مؤنث کے لحاظ سے مطابقت کی پانچ شرائط ہیں: (۱) خبر صفت کا صیغہ ہو مثلاً زَیْدٌ ضَـارِبٌ، (۲) مبتداء اور خبر دونوں اسم ظاہر ہوں مثلاً عُـمَـرُ وَصَـالِحٌ، (۳) خبر میں ایسی ضمیر ہو جو مبتداء کی طرف لوٹتی جیسے عثـمـان ابـوه مؤمن، (۴) خبر ایسا صفت کا صیغہ نہ ہو جو مذکر و مؤنث کے درمیان مساوی طور پر استعمال ہوتا ہو مثلاً الـرجـل صبور، (۵) خبر ایسا لفظ نہ ہو جو عورت کے ساتھ مخصوص ہو مثلاً الامرأة حائض۔

چونکہ یہاں شرائط مفقود ہیں، جس وجہ سے "لـفـظ" کے آخر میں تاء نہیں لائی گئی۔ علامہ زمخشری نے المفصل میں وحدت کا قصد کیا اس لیے وہ تاء لائے ہیں، جبکہ علامہ ابن حاجب نے وحدت کا قصد نہیں کیا، لہٰذا وہ نہیں لائے۔

سوال نمبر3: (وضع) اَلْوَضْعُ تَخْصِيْصُ شَيْءٍ بِشَيْءٍ بِحَيْثُ مَتٰى اُطْلِقَ اَوْ اُحِسَّ الشَّيْءُ الْاَوَّلُ فُهِمَ مِنْهُ الشَّيْءُ الثَّانِيْ قِيْلَ يَخْرُجُ عَنْهُ وَضْعُ الْحَرْفِ حَيْثُ لَايُفْهَمُ مِنْهُ مَعْنَاهُ مَتٰى اُطْلِقَ بَلْ اِذَا اُطْلِقَ مَعَ ضَمِّ ضَمِيْمَةٍ ۔

(الف) مذکورہ عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) اس عبارت میں مذکور اعتراض کے جوابات لکھیں، نیز یہ بتائیں کہ کلمہ اور کلام کا مقسم عنہ کون ہے؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور ترجمہ:

نوٹ: اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

وضع کا مطلب ہے کہ ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ اس طرح خاص ہونا، جب پہلی چیز بولی جائے یا محسوس کی جائے، تو اس سے دوسری چیز سمجھی جائے۔ بعض نحات کی طرف سے کہا گیا ہے کہ اس سے حرف کی وضع خارج ہو گئی، کیونکہ اس کے بولنے سے اس کا معنی نہیں سمجھا جاتا بشرطیکہ اس کے ساتھ دوسرے الفاظ شامل نہ کیے جائیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) عبارت کے حوالے سے سوال وجوابات:

مندرجہ بالا عبارت کے حوالے سے چند ایک اعتراضات اور ان کے جوابات درج ذیل ہیں:

۱-اعتراض: وضع کی تعریف میں شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے دو الفاظ "اطلق و احس" استعمال کیے ہیں، ان میں سے ایک پر اکتفاء کیوں نہیں کیا یعنی یوں کہہ دیتے: متی اطلق الشیء الاوّل فهم منه الشیء الثانی؟ جواب: شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے مطلق "وضع" کی تعریف کی ہے، اور خاص وضع کی تعریف نہیں کی، اس طرح انہوں نے دونوں الفاظ کو استعمال کر کے وضع لفظ اور وضع غیر لفظ یعنی دوال اربع کو وضع کی تعریف میں داخل کیا ہے۔ یہاں "اطلق" سے وضع لفظی اور "احس" سے وضع غیر لفظی مراد لی گئی ہے۔

۲-اعتراض: شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے وضع کا لغوی معنیٰ کیوں بیان نہیں کیا؟ علوم میں لغوی معنیٰ غیر مقصود ہوتا ہے اس لیے آپ نے اسے ترک کر دیا۔

۳-شارح رحمہ اللہ تعالیٰ نے گزشتہ عبارت میں "لفظ" کا لغوی معنیٰ کیوں بیان کیا ہے؟ جواب: لفظ کو اس کے لغوی معنیٰ سے اصطلاحی معنیٰ کی طرف نقل کرنے کے دو طریقے ہیں، ان کو بیان کرنا مقصود تھا۔ ان میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ پہلے لفظ کا لغوی معنیٰ بیان کیا جائے، پھر اس کا اصطلاحی معنیٰ بیان کیا جائے، تو شارح نے یہاں یہ طریقہ اختیار کیا ہے۔

۴-کسی لفظ کا لغوی معنیٰ بیان کر کے اصطلاحی معنیٰ کی طرف نقل کرنا یا منتقل ہونے سے تحصیل حاصل لازم آتا ہے، جو درست نہیں ہے؟ یہاں التفات سے مراد نئی اور جدید التفات ہے، جبکہ دوسری بار پہلی شیء بولی جائے یا محسوس کی جائے، تو نفس اس کی طرف نئی توجہ کرتا ہے۔ اس طرح تحصیل حاصل لازم نہیں آتا۔

کلمہ اور کلام کا مشتق منہ:

اس بات میں اختلاف ہے کہ "کلمہ" اور "کلام" اسماء ہیں یا مشتق ہیں؟ بعض نحات کا خیال ہے کہ "کلمہ" اور "کلام" مستقل ہیں اور یہ کسی سے مشتق نہیں ہیں۔ جمہور نحات کا مؤقف ہے کہ یہ دونوں مشتق ہیں اور ان کا مشتق منہ "الکلم" (بسکون اللام) ہے۔

سوال: مشتق اور مشتق منہ کے درمیان مطابقت ہوتی ہے، یہاں مطابقت نہیں پائی جاتی؟

جواب: مطابقت کی تین صورتیں: مطابقةً، تضمناً اور التزاماً، تو یہاں خواہ لفظی مطابقت تو نہیں پائی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جاتی مگر معنیٰ التزامی کے اعتبار سے مطابقت پائی جاتی ہے۔

سوال نمبر4: ومن خواصه دخول اللام والجر والتنوين والاضافة والاسناد اليه .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ لام تعریف کا داخل ہونا اسم کا خاصہ کیوں ہے؟ نیز وضاحت کریں کہ یہ خاصہ کون سا ہے؟

(ب) اضافت کو اسم کا خاصہ کیوں قرار دیا؟ وجہ تحریر کریں' نیز بتائیں اضافت سے کیا مراد ہے؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

اور اسم کی علامات میں سے بعض یہ ہیں: (۱) شروع میں الف لام کا داخل ہونا' (۲) حرف جارہ کا داخل ہونا' (۳) (آخر میں) تنوین کا آنا' (۴) اضافت یعنی مضاف ہونا' (۵) مسند الیہ ہونا۔

الف لام صرف اسم کا خاصہ ہونے کی وجہ:

چونکہ الف لام کی وضع معنیٰ مستقل تعیین کے لیے ہوتی ہے' تاکہ اس پر مدخول الف لام دلالت کرے اور معنیٰ مستقل بالمفہومیت پر اسم دلالت کرتا ہے' حرف معنیٰ مستقل بالمفہومیت پر دلالت نہیں کرتا۔ فعل خواہ معنیٰ مستقل بالمفہومیت پر دلالت کرتا ہے' مگر فعل کے معنیٰ مطابقی میں استقلال نہیں' بلکہ معنیٰ تضمنی میں ہے' جبکہ یہاں معنیٰ مطابقی میں استقلال مراد ہے۔ اس لیے الف لام فعل اور حرف پر داخل نہیں ہوتا۔

نیز الف لام اسم کے خصائص مشہورہ میں سے ایک ہے۔

(ب) اضافت اسم کا خاصہ ہونے کی وجہ:

اضافت سے دو فائدے حاصل ہوتے ہیں: (i) لفظی' (ii) معنوی۔ لفظی اس طرح کہ بوقت اضافت مضاف کی تنوین اور قائمقام تنوین حذف ہو جاتی ہے' یہ تخفیف لفظی ہے۔ معنوی اس طرح کہ اگر مضاف الیہ نکرہ ہو' تو مضاف میں تخصیص آتی ہے' اور اگر مضاف الیہ معرفہ ہو' تو مضاف معرفہ ہو جاتا ہے' اور یہ تینوں یعنی تخفیف' تخصیص اور تعریف اسم کے ساتھ خاص ہیں' اس لیے اضافت بھی اسم کا خاصہ ہے۔ مضاف الیہ ہونا اس لیے اسم کا خاصہ ہے کہ مضاف' مضاف الیہ کو جر دیتا ہے' اور جر اسم کا خاصہ ہے۔ لہٰذا مضاف الیہ ہونا بھی اسم کا خاصہ ہے۔

نوٹ: یہاں اضافت سے مراد مضاف اور مضاف الیہ دونوں اسم کے خصائص میں سے ہیں۔
یہ بھی اسم کے خصائص مشہورہ میں سے ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر5: والنون زائدة من قبلها الف ووزن فعل وهٰذا القول تقريب

(الف) مذکورہ عبارت کی ترکیب کریں، نیز بتائیں کہ "هٰذا القول" کا کیا معنی ہے؟

(ب) اسباب منع صرف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تعداد میں کیا اختلاف ہے؟ واضح کریں۔

(ج) عَلَم کو نکرہ بنانے کا کوئی ایک طریقہ مثال کے ساتھ بیان کریں؟

جواب: (الف) ترکیب عبارت:

(i) والنون زائدة من قبلها الف: یہ تمام عبارت مراد لفظ مرفوع محلاً خبر ہوئی مبتداء محذوف کی جو "ثامنها" ہے، مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(ii) ووزن فـعـل: وَ حرف عاطفہ مبنی بر فتح مبنیات اصلیہ سے۔ وزن مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً مضاف فـعـل مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مجرور لفظاً مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ہوئی مبتداء محذوف "تاسعها" ہے، مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(iii) وهٰذا القول تقريب: وَ حرف عاطفہ مبنی بر فتح مبنیات اصلیہ سے هٰذا اسم اشارہ برائے واحد مذکر قریب مرفوع محلاً موصوف القول مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً صفت، صفت با موصوف مبتداء۔ تقريب مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً خبر، مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

"هٰذا القول" کا مفہوم:

اس عبارت کے دو مفاہیم ہیں:

(۱) اسباب منع صرف کو نظم کی صورت میں بیان کرنا، یاد کرنے کے لیے آسان ہے اور نثر میں ان کا یاد کرنا دشوار ہے۔

(۲) اسباب منع صرف کی تعداد "نو" بیان کرنا بھی بہت مناسب ہے، کیونکہ یہ ارشاد نبوی ہے:
خير الامور اوسطها ۔

(ب) اسباب منع کی تعداد میں اختلاف:

اسباب منع صرف کی تعداد میں اختلاف ہے، اس میں تین اقوال ہیں:

(۱) یہ تعداد میں دو ہیں۔

(۲) یہ تعداد میں گیارہ ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۳) یہ تعداد میں نو (9) ہیں۔

تیسرا قول مصنف اور جمہور کا مختار ہے۔

(ج) ''علم'' کو نکرہ بنانے کا ایک طریقہ:

''علم'' کو نکرہ بنانے کے کئی طریقے ہیں' ان میں سے ایک یہ ہے کہ ایک نام کے بارہ افراد جمع کر لیے جائیں' تو پہلا نام (علم) معرفہ ہوگا' باقی سب نکرہ ہوں گے' مثلاً طلحہ نام کے بارہ آدمی ہوں' تو ان میں سے پہلا تو معرفہ ہوگا باقی سب نکرہ ہوں گے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

قسم اوّل...... بلاغت

سوال نمبر1:- أَلَّفْتُ مُخْتَصَرًا يَتَضَمَّنُ مَا فِيهِ مِنَ الْقَوَاعِدِ وَيَشْتَمِلُ عَلٰى مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ مِنَ الْأَمْثِلَةِ وَالشَّوَاهِدِ وَلَمْ آلُ جَهْدًا فِي تَحْقِيقِهِ وَتَهْذِيبِهِ وَرَتَّبْتُهُ تَرْتِيبًا أَقْرَبَ تَنَاوُلًا مِنْ تَرْتِيبِهِ وَلَمْ أُبَالِغْ فِي اخْتِصَارِ لَفْظِهِ تَقْرِيبًا لِتَعَاطِيهِ وَطَلَبًا لِتَسْهِيلِ فَهْمِهِ عَلٰى طَالِبِيهِ.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) تلخیص المفتاح کس کتاب کی تلخیص ہے؟ نیز دونوں کے مصنفین کے نام لکھیں؟ ۵

سوال نمبر2:- وهو علم يعرف به أحوال اللفظ العربی التی بها يطابق اللفظ مقتضى الحال.

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ علم معانی کے کتنے اور کون کون سے باب ہیں؟ ۱۵

(ب) خبر کے صدق اور کذب کا معیار اور اس میں علماء کے مختلف اقوال بیان کریں؟ ۱۰

سوال نمبر3:- لاشك ان قصد المخبر بخبره افادة المخاطب اما الحكم أو كونه عالما به ويسمى الأول فائدة الخبر والثانی لازمها.

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ اور اس میں مذکور خبر کی دونوں قسمیں مثال کے ساتھ تفصیلاً تحریر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

کریں؟ ۱۵

(ب) مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانے کی صورتیں مع امثلہ بیان کریں؟ ۱۰

قسم ثانی...... منطق

سوال نمبر 4:- العلم إن كان إذعانا للنسبة فتصديق وإلا فتصور .

(الف) مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف کیوں نہیں ذکر کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں دو توجیہات بیان کریں؟ ۱۰

(ب) تصدیق کی حقیقت میں حکماء اور امام رازی کا اختلاف لکھیں، نیز بتائیں مصنف نے کس کا مذہب اختیار کیا ہے؟ اور اس پر کیا دلیل ہے؟ ۱۵

سوال نمبر 5:- ويقتسمان بالضرورة والاكتساب بالنظر وهو ملاحظة المعقول لتحصيل المجهول .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کرنے کے بعد "يقتسمان" کا فاعل سپرد قلم کریں، ضرورة اور اکتساب کی قید کا فائدہ لکھیں؟ ۱۵

(ب) معلوم سے معقول کی طرف عدول کرنے کے دو فائدے بیان کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 6:- (الف) وہ کون سی دلالت ہے، جس میں لزوم شرط ہے؟ تعریف کریں، نیز لزوم عقلی اور عرفی مع مثال بیان کریں؟ ۱۵

(ب) متواطی اور مشکک کی تعریف تحریر کریں؟ ۱۰

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

قسم اوّل......بلاغت

سوال نمبر 1:-أَلَّفْتُ مُخْتَصَرًا يَتَضَمَّنُ مَا فِيهِ مِنَ الْقَوَاعِدِ وَيَشْتَمِلُ عَلَى مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ مِنَ الْأَمْثِلَةِ وَالشَّوَاهِدِ وَلَمْ آلُ جَهْدًا فِي تَحْقِيقِهِ وَتَهْذِيبِهِ وَرَتَّبْتُهُ تَرْتِيبًا أَقْرَبُ تَنَاوُلًا مِنْ تَرْتِيبِهِ وَلَمْ أُبَالِغْ فِي اخْتِصَارِ لَفْظِهِ تَقْرِيبًا لِتَعَاطِيهِ وَطَلَبًا لِتَسْهِيلِ فَهْمِهِ عَلَى الطَّالِبِينَ.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟

(ب) تلخیص المفتاح کس کتاب کی تلخیص ہے؟ نیز دونوں کے مصنفین کے نام لکھیں؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور ترجمہ عبارت:

تو میں نے (ایک) ایسی مختصر (کتاب) تالیف کی جو اس کے قواعد کو متضمن ہوگی' اور ان امثلہ و شواہد پر مشتمل ہوگی' جن کی وہ (قسم ثالث) محتاج ہے' میں اس کی تحقیق اور تہذیب میں کوشش کرنے سے تجھے منع نہیں کرتا۔ میں نے اس (کتاب تلخیص) کو ایسی ترتیب پر مرتب کیا جو اس (قسم ثالث یا مفتاح العلوم) کی ترتیب کی نسبت حصول کے زیادہ قریب ہے' اور میں نے اس کے لفظ کے اختصار میں مبالغہ کو ترک کیا' اس کی تحصیل کو قریب کرتے ہوئے اور اس کے طالب علموں پر فہم کی آسانی چاہتے ہوئے۔

(ب) تلخیص المفتاح کس کتاب کی شرح اور دونوں کے مصنفین کے نام:

کتاب تلخیص المفتاح' مفتاح العلوم کی شرح ہے۔ تلخیص المفتاح کے مصنف کا نام جلال الدین ابوعبداللہ محمد بن ابی احمد عبدالرحمٰن القزوینی الشافعی رحمہ اللہ تعالیٰ ہے۔ مفتاح العلوم کے مصنف کا نام علامہ ابویعقوب یوسف بن محمد سکا کی خوارزمی ہے۔

سوال نمبر 2:-وهو علم يعرف به أحوال اللفظ العربى التى بها يطابق اللفظ مقتضى الحال.

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ علم معانی کے کتنے اور کون کون سے باب ہیں؟

(ب) خبر کے صدق اور کذب کا معیار اور اس میں علماء کے مختلف اقوال بیان کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت اور علم معانی کے ابواب:

ترجمہ عبارت: اور وہ (علم معانی) ایسا علم ہے جس کے ذریعے لفظ عربی کے وہ احوال معلوم ہوتے ہیں لفظ جن کے سبب مقتضی الحال کے مطابق ہوتا ہے۔

علم معانی کے ابواب کی تعداد اور نام:

علم معانی آٹھ ابواب پر مشتمل ہے وہ ابواب درج ذیل ہیں:

(۱) احوال اسناد خبری (۲) احوال مسند الیہ (۳) احوال مسند (۴) احوال متعلقات فعل (۵) قصر (۶) انشاء (۷) فصل و وصل (۸) ایجاز اطناب اور مساوات۔

(ب) صدق و کذب خبر کے معیار کے حوالے سے علماء کے مختلف اقوال:

صدق و کذب خبر میں علماء کا اختلاف ہے اس حوالے سے ان کے مختلف اقوال درج ذیل ہیں:

۱- جمہور کا مؤقف ہے کہ خبر واقع کے مطابق ہو تو صدق ہے اور اگر خبر واقع کے مطابق نہ ہو تو کذب ہے۔

۲- نظام معتزلی کا مؤقف ہے کہ خبر مخبر کے اعتقاد کے مطابق ہو تو صدق ہے اور اگر خبر مخبر کے اعتقاد کے مطابق نہ ہو تو کذب ہے۔

۳- جاحظ معتزلی کا نظریہ ہے کہ خبر واقع کے مطابق اور ساتھ ہی اس کے مطابق ہونے کا عقیدہ بھی ہو تو صدق خبر ہے اور اگر خبر واقع کے مطابق نہیں اور عقیدہ بھی یہ ہو کہ وہ واقع کے مطابق نہیں تو کذب خبر ہے۔

سوال نمبر 3:- لاشك ان قصد المخبر بخبره افادة المخاطب اما الحكم أو كونه عالما به ويسمى الأول فائدة الخبر والثانی لازمها۔

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ اور اس میں مذکور خبر کی دونوں قسمیں مثال کے ساتھ تفصیلاً تحریر کریں؟

(ب) مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانے کی صورتیں مع امثلہ بیان کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) ترجمہ عبارت اور خبر کی دونوں اقسام کی وضاحت:

ترجمہ عبارت: بلاشبہ مخبر کا اپنی خبر سے مقصد مخاطب کو فائدہ پہنچانا ہے، حکم یا حکم عالم ہونے (کا فائدہ)، اوّل کو فائدہ خبر اور ثانی کو لازم فائدہ خبر کا نام دیا جاتا ہے۔

دونوں اقسام کی وضاحت:

مخبر دو مقاصد کے لیے خبر دیتا ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- فائدة الخبر: اگر مخبر کا مقصد اپنی خبر سے مخاطب کو حکم کا فائدہ پہنچانا ہو، تو اسے فائدة الخبر کہتے ہیں، یہ اس وقت ہوگا جب مخاطب خالی الذہن ہو۔

۲- لازم فائدة الخبر: اگر مخبر کا مقصد اپنی خبر سے اپنے عالم بالحکم ہونے کا فائدہ پہنچانا ہو، تو اسے لازم فائدة الخبر کہتے ہیں، یہ اس وقت ہوگا جب مخاطب حکم کو جانتا ہو۔

(ب) مقتضیٰ ظاہر کے خلاف کلام لانے کی صورتیں:

مقتضیٰ ظاہر کے خلاف کلام لانے کی تین صورتیں ہیں:

۱- جب کسی غیر سائل کو سائل کے قائمقام کیا جائے، پس غیر سائل کا تقاضا ہے کہ اس کے سامنے تاکید نہ لائی جائے مگر اسے کسی نکتہ کی وجہ سے سائل قرار دے کر مؤکد کلام لایا جائے، تو یہ مقتضیٰ ظاہر کے خلاف کلام ہوگا اور یہاں تاکید لانا مستحسن ہے۔

۲- جب غیر منکر کو منکر کے قائمقام کیا جائے، تو تاکید لانا واجب ہے، کیونکہ غیر منکر کا تقاضا تو یہ تھا کہ تاکید نہ لائی جائے مگر اسے منکر قرار دیا نکتہ کی وجہ سے، اس لیے تاکید لانا واجب ہے۔

۳- منکر کو غیر منکر کے قائمقام کیا جائے، تو تاکید نہیں لائی جائے گی۔

قسم ثانی...... منطق

سوال نمبر 4:- العلم إن كان إذعانا للنسبة فتصديق وإلا فتصور .

(الف) مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف کیوں نہیں ذکر کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں دو توجیہات بیان کریں؟

(ب) تصدیق کی حقیقت میں حکماء اور امام رازی کا اختلاف لکھیں، نیز بتائیں مصنف نے کس کا مذہب اختیار کیا ہے؟ اور اس پر کیا دلیل ہے؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف نہ کرنے کی دو وجوہات:

مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف نہیں کی' اس کی دو وجوہات درج ذیل ہیں:

(۱) شہرت کی وجہ سے علم کی تعریف نہیں کی' (۲) علم ایک بدیہی چیز ہے' اور بدیہی چیز تعریف کی محتاج نہیں ہوتی۔

علم کی تعریف: کسی چیز کی صورت کا عقل میں حاصل ہونا۔

(ب) تصدیق کی حقیقت میں حکماء اور امام رازی کا اختلاف:

حکماء اور امام رازی کے درمیان تصدیق کی حقیقت میں تین طرح سے فرق ہے:

۱۔ حکماء کے نزدیک تصدیق بسیط ہے' کیونکہ تصدیق نفس حکم ہے' جبکہ امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تصدیق مرکب ہے۔

۲۔ حکماء کے نزدیک تصورات ثلاثہ تصدیق کے لیے شرط ہیں اور اس کی حقیقت میں داخل نہیں' جبکہ امام رازی کے نزدیک تصدیق کے لیے تصورات ثلاثہ شرط نہیں' بلکہ شطر ہیں اور اس کی حقیقت میں داخل ہیں۔

۳۔ حکماء کے نزدیک حکم عین تصدیق ہے' جبکہ امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حکم عین تصدیق نہیں' بلکہ جزء تصدیق ہے۔

مصنف کا مؤقف:

سوال نمبر 5:۔ ويقتسمان بالضرورة والاكتساب بالنظر وهو ملاحظة المعقول لتحصيل المجهول.

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کرنے کے بعد "يقتسمان" کا فاعل سپرد قلم کریں' ضرورۃ اور اکتساب کی قید کا فائدہ لکھیں؟

(ب) معلوم سے معقول کی طرف عدول کرنے کے دو فائدے بیان کریں؟

جواب: (۱) ترجمہ عبارت:

تصور اور تصدیق دونوں اپنا حصہ حاصل کرتے ہیں وصف ضرورت (حصول بالانظر) اور وصف اکتساب (حصول بالنظر) دونوں سے۔ وہ معلوم سے مجہول کو حاصل کرنا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) ترجمہ عبارت اور خبر کی دونوں اقسام کی وضاحت:

ترجمہ عبارت: بلاشبہ مخبر کا اپنی خبر سے مقصد مخاطب کو فائدہ پہنچانا ہے، حکم یا حکم عالم ہونے (کا فائدہ)، اوّل کو فائدہ خبر اور ثانی کو لازم فائدہ خبر کا نام دیا جاتا ہے۔

دونوں اقسام کی وضاحت:

مخبر دو مقاصد کے لیے خبر دیتا ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱-فائدة الخبر: اگر مخبر کا مقصد اپنی خبر سے مخاطب کو حکم کا فائدہ پہنچانا ہو، تو اسے فائدة الخبر کہتے ہیں، یہ اس وقت ہوگا جب مخاطب خالی الذہن ہو۔

۲-لازم فائدة الخبر: اگر مخبر کا مقصد اپنی خبر سے اپنے عالم بالحکم ہونے کا فائدہ پہنچانا ہو، تو اسے لازم فائدة الخبر کہتے ہیں، یہ اس وقت ہوگا جب مخاطب حکم کو جانتا ہو۔

(ب) مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانے کی صورتیں:

مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانے کی تین صورتیں ہیں:

۱-جب کسی غیر سائل کو سائل کے قائمقام کیا جائے، پس غیر سائل کا تقاضا ہے کہ اس کے سامنے تاکید نہ لائی جائے مگر اسے کسی نکتہ کی وجہ سے سائل قرار دے کر مؤکد کلام لایا جائے، تو یہ مقتضی ظاہر کے خلاف کلام ہوگا اور یہاں تاکید لانا مستحسن ہے۔

۲-جب غیر منکر کو منکر کے قائمقام کیا جائے، تو تاکید لانا واجب ہے کیونکہ غیر منکر کا تقاضا تو یہ تھا کہ تاکید نہ لائی جائے مگر اسے منکر قرار دیا نکتہ کی وجہ سے، اس لیے تاکید لانا واجب ہے۔

۳-منکر کو غیر منکر کے قائمقام کیا جائے، تو تاکید نہیں لائی جائے گی۔

قسم ثانی...... منطق

سوال نمبر 4:-العلم إن كان إذعانا للنسبة فتصديق وإلا فتصور۔

(الف) مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف کیوں نہیں ذکر کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں دو توجیہات بیان کریں؟

(ب) تصدیق کی حقیقت میں حکماء اور امام رازی کا اختلاف لکھیں، نیز بتائیں مصنف نے کس کا مذہب اختیار کیا ہے؟ اور اس پر کیا دلیل ہے؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف نہ کرنے کی دو وجوہات:

مصنف نے علم کی تقسیم سے پہلے علم کی تعریف نہیں کی' اس کی دو وجوہات درج ذیل ہیں:

(۱) شہرت کی وجہ سے علم کی تعریف نہیں کی' (۲) علم ایک بدیہی چیز ہے' اور بدیہی چیز تعریف کی محتاج نہیں ہوتی۔

علم کی تعریف: کسی چیز کی صورت کا عقل میں حاصل ہونا۔

(ب) تصدیق کی حقیقت میں حکماء اور امام رازی کا اختلاف:

حکماء اور امام رازی کے درمیان تصدیق کی حقیقت میں تین طرح سے فرق ہے:

۱- حکماء کے نزدیک تصدیق بسیط ہے' کیونکہ تصدیق نفس حکم ہے' جبکہ امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تصدیق مرکب ہے۔

۲- حکماء کے نزدیک تصورات ثلاثہ تصدیق کے لیے شرط ہیں اور اس کی حقیقت میں داخل نہیں' جبکہ امام رازی کے نزدیک تصدیق کے لیے تصورات ثلاثہ شرط نہیں' بلکہ شطر ہیں اور اس کی حقیقت میں داخل ہیں۔

۳- حکماء کے نزدیک حکم عین تصدیق ہے' جبکہ امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حکم عین تصدیق نہیں' بلکہ جزء تصدیق ہے۔

مصنف کا مؤقف:

سوال نمبر 5:- ويقتسمان بالضرورة والاكتساب بالنظر وهو ملاحظة المعقول لتحصيل المجهول .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کرنے کے بعد "یقتسمان" کا فاعل سپرد قلم کریں ضرورت اور اکتساب کی قید کا فائدہ لکھیں؟

(ب) معلوم سے معقول کی طرف عدول کرنے کے دو فائدے بیان کریں؟

جواب: (۱) ترجمہ عبارت:

تصور اور تصدیق دونوں اپنا حصہ حاصل کرتے ہیں وصف ضرورت (حصول بالانظر) اور وصف اکتساب (حصول بالنظر) دونوں سے۔ وہ معلوم سے مجہول کو حاصل کرنا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

یقتسمان کا فاعل:

عبارت مذکورہ میں لفظ ''یقتسمان'' استعمال ہوا ہے جو تثنیہ مذکر غائب فعل مضارع معروف کا صیغہ ہے' اس کا فاعل الف ہے جو علامت تثنیہ اور ضمیر بارز فاعل ہے' جبکہ اس سے مراد تصور اور تصدیق ہیں یعنی یقتسمان کا فاعل تصور اور تصدیق ہیں۔

''بالضرورۃ'' کی قید کا فائدہ:

شارح بعض مناطقہ کا رد کرنا چاہتے ہیں کہ بعض مناطقہ اس تقسیم کے لیے دلیل دی ہے' لیکن علامہ یزدی کہتے ہیں کہ اس تقسیم کے لیے کوئی دلیل دینے کی ضرورت نہیں' متن میں بالضرورۃ کا لفظ جو استعمال ہوا ہے اس کے دو معانی ہیں اور دونوں درست ہیں:

(i) بالضرورۃ کا معنیٰ بداہت یعنی واضح ہونا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ تصور اور تصدیق واضح طور پر ضروری و نظری کی طرف تقسیم ہوتے ہیں۔

(ii) بالضرورۃ کا بمعنیٰ وجوبی مطلب یہ ہے کہ تصور و تصدیق وجوبی طور پر تقسیم ہوتے ہیں اور دونوں معانی بالکل صحیح ہیں۔

(۲) لفظ ''معلوم'' سے ''معقول'' کی طرف عدول کرنے کے فوائد:

جمہور مناطقہ نے لفظ ''معلوم'' استعمال کیا تھا' جبکہ مصنف نے ان کے مقابل لفظ ''معقول'' استعمال کیا ہے' اور اس عدول کے کثیر فوائد ہیں' جن میں سے چند ایک حسب ذیل ہیں:

۱- لفظ ''معلوم'' علم سے ماخوذ ہے' اور علم چھ معانی کے لیے آتا ہے جن میں سے کسی معنیٰ کا تعین کرنا دشوار ہوتا ہے' جبکہ لفظ ''معقول'' عقل سے ماخوذ ہے' اور اس کا معنیٰ بھی ایک ہے جس کے سمجھنے میں دشواری نہیں ہے۔

۲- نظر و فکر جس طرح تصدیقات میں جاری ہوتی ہے' اسی طرح تصورات میں بھی جبکہ معلوم کا اطلاق صرف مرکبات پر ہوتا ہے' جبکہ معقول کا اطلاق دونوں پر ہوتا ہے۔

۳- نظر و فکر جس طرح مرکبات میں جاری ہوتی ہے' اسی طرح مفردات میں بھی جبکہ معلوم کا اطلاق صرف مرکبات پر ہوتا ہے' جبکہ معقول کا اطلاق دونوں پر ہوتا ہے۔

سوال نمبر 6:- (الف) وہ کون سی دلالت ہے' جس میں لزوم شرط ہے؟ تعریف کریں' نیز لزوم عقلی اور عرفی مع مثال بیان کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) متواطی اور مشکک کی تعریف تحریر کریں؟

جواب: (الف) وہ دلالت جس میں لزوم شرط ہے:

دلالت لزومی کی تعریف: دلالت التزامی میں امر خارج یعنی لازم کا اس طرح ہونا شرط ہے کہ مسمٰی یعنی ملزوم کے تصور سے اس لازم کا تصور ذہن میں لازم آئے' ورنہ اس لازم کا لفظ ملزوم سے سمجھنا محال ہوگا۔

لزوم عقلی اور لزوم عرفی کی تعریفات مع مثال:

۱-لزوم عقلی: وہ چیز ہے' جس کے ذکر سے دوسری چیز کا علم عقل میں حاصل ہو جائے مثلاً اربعہ کے لیے زوجیت۔

۲-لزوم عرفی: وہ چیز ہے' جس کے ذکر سے دوسری چیز کا عرفاً علم آئے مثلاً حاتم کے ذکر سے سخاوت کا علم آنا۔

(ب) متواطی اور مشکک کی تعریفات:

۱-متواطی: وہ لفظ مفرد واحد المعنیٰ جس کا معنیٰ معین و مشخص نہ ہو' اور تمام افراد پر برابر برابر صادق آتا ہو جیسے انسان کا زید' عمرو اور بکر وغیرہ پر برابر برابر صادق آتا ہے۔

۲-مشکک: وہ لفظ مفرد واحد المعنیٰ جس کا معنیٰ معین و مشخص نہ ہو' اور تمام افراد پر برابر برابر صادق بھی نہ آتا ہو' بلکہ اس کا صدق بعض پر اولیٰ بعض پر غیر اولیٰ بعض پر مقدم بعض پر مؤخر' بعض پر اشد بعض پر اضعف' بعض پر ازید اور بعض پر انقص ہو جیسے سواد و بیاض اور لفظ وجود۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:-(ویوم یعض الظالم) المشرك عقبة بن أبی معیط کان نطق بالشهادتین ثم رجع إرضاء لأبی بن خلف (علی یدیه) ندما وتحسرا فی یوم القیمة (یقول یا) للتنبیه (لیتنی اتخذت مع الرسول) محمد (سبیلا) طریقا إلی الهدی (یویلتی) ألفه عوض عن یاء الإضافة أی ویلتی ومعناه هلکتی (لیتنی لم أتخذ فلانا) أی أبیا (خلیلا)

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۴=۷+۷

(ب) عبارات مفسر کی تشریح کریں اور بتائیں کہ قیامت کے دن کس کی دوستی کام آئے گی؟ ۱۴=۷+۷

(ج) جلالین کے مصنفین کے نام تحریر کریں؟ ٦

سوال نمبر 2:-(ووصینا الإنسان بوالدیه حسنا) أی إیصاء ذا حسن أن یبرهما (وإن جاهداك لتشرك بی مالیس لك به) بإشراکه (علم) موافقة للواقع فلامفهوم له (فلا تطعهما) فی الإشراك (إلی مرجعکم فأنبئکم بما کنتم تعلمون) فأجازیکم به

(الف) کلام الٰہی اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۴=۷+۷

(ب) اولاد پر والدین کے اور والدین پر اولاد کے کیا حقوق ہیں؟ ۱۲

(ج) "حسنا" کی وجہ نصب اور "موافقة" سے غرض مفسر لکھیں؟ ۷=۴+۳

سوال نمبر 3:-ثم ضرب لهم أمثالا بالموتی والصم والعمی فقال (إنك لاتسمع الموتی ولاتسمع الصم الدعاء إذا) بتحقیق الهمزتین وتسهیل الثانیة وتسهیل الثانیة بینها وبین الیاء (ولوا مدبرین)

(الف) کلام ربانی اور کلام مفسر کا ترجمہ کریں؟ ۸=۴+۴

(ب) سماع موتی پر قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل مضمون اور اس آیت کا صحیح مفہوم تحریر کریں؟ ۱۵

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج) مفسر کی بیان کردہ قرأتوں کی توضیح کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 4:- (فطرة الله) خلقته (التی فطر) خلق (الناس عليها) وهی دينه أی الزموها (لاتبديل لخلق الله) لدينه أی لاتبدلوا بأن تشركوا (ذٰلك الدّين القيم المستقيم توحيد الله .

(الف) کلام الٰہی اور کلام مفسر کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) اغراض مفسر واضح کریں؟ ۱۰

(ج) اللہ کی تخلیق کو بدلنا جرم ہے۔ مدلل بیان کریں؟ ۱۳

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

سوال نمبر 1:-(وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ) اَلْمُشْرِكُ عُقْبَةُ بْنُ أَبِىْ مُعَيْطٍ كَانَ نَطَقَ بِالشَّهَادَتَيْنِ ثُمَّ رَجَعَ إِرْضَاءً لِأُبَىِّ بْنِ خَلْفٍ (عَلٰى يَدَيْهِ) نَدَمًا وَتَحَسُّرًا فِىْ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ (يَقُوْلُ يَا) لِلتَّنْبِيْهِ (لَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ) مُحَمَّدٍ (سَبِيْلًا) طَرِيْقًا إِلَى الْهُدٰى (يٰوَيْلَتٰى) أَلِفُهٗ عِوَضٌ عَنْ يَاءِ الْإِضَافَةِ أَىْ وَيْلَتِىْ وَمَعْنَاهُ هَلَكَتِىْ (لَيْتَنِىْ لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا) أَىْ أُبَيًّا (خَلِيْلًا)

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) عبارات مفسر کی تشریح کریں اور بتائیں کہ قیامت کے دن کس کی دوستی کام آئے گی؟

(ج) جلالین کے مصنفین کے نام تحریر کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

کلام باری تعالیٰ وکلام مفسر کا ترجمہ:

(اور ظالم جس دن اپنے ہاتھ چباڈالے گا) یعنی عقبہ بن ابی معیط مشرک نے شہادتین کا نطق کیا تھا۔ پھر لوٹ گیا اسلام سے ابی بن خلف کو راضی کرنے کے لیے (اس کا ایسا کرنا) قیامت کے دن حسرت اور ندامت کے لیے ہوگا (وہ کہے گا: ہائے افسوس! کاش میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتا) یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے (راستے پر) یعنی راہِ ہدایت پر یا بطور تنبیہ آیا ہے (وائے خرابی میری)! یہاں الف یائے اضافت کے بدلے میں ہے جس کا معنیٰ ہے "ھلکتی" (کسی طرح میں نے فلاں کو نہ پایا ہوتا) یعنی ابی (دوست) کو۔

(ب) عبارات مفسر کی تشریح:

الظالم پر الف لام عہد خارجی کا ہے اور اس سے مراد خاص فرد ہے یعنی عقبہ بن ابی معیط، جس نے اپنے جگری دوست ابی بن خلف کو راضی کرنے کے لیے اسلام سے منہ پھیر لیا اور مرتد ہو گیا۔ ندمًا و تحسرًا سے مفعول محذوف کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ وہ مذکورہ فعل کی علت کو بیان کر رہا ہے۔ پھر یا کا تعین کر دیا کہ یہ حرف غیر عامل ہے اور پھر یویلتی کی صرفی تحقیق کچھ یوں کی کہ اس کے آخر میں الف یائے اضافت کے عوض آیا ہے، کیونکہ یہ اصل میں "ویلتی" تھا۔ تو قاعدہ یہ ہے کہ جب منادیٰ یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو یاء کو الف سے بدل کر بھی پڑھا جا سکتا ہے جیسے یا غلامی سے یا غلاما۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

قیامت کے دن جن کی دوستی کام آئے گی:

قیامت کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کام آئے گی اور علماء، صلحاء، متقی و پرہیزگار لوگوں کی دوستی کام آئے گی۔

(ج) جلالین کے مصنفین کے نام:

i- علامہ جلال الدین سیوطیؒ   ii- علامہ جلال الدین محمد بن احمد محلی

سوال نمبر2:- (وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا) أَيْ إِيصَاءً ذَا حُسْنٍ أَنْ يَبَرَّهُمَا (وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ) بِإِشْرَاكِهِ (عِلْمٌ) مُوَافَقَةً لِلْوَاقِعِ فَلَا مَفْهُومَ لَهُ (فَلَا تُطِعْهُمَا) فِي الْإِشْرَاكِ (إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ) فَأُجَازِيكُمْ بِهِ.

(الف) کلام الٰہی اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) اولاد پر والدین کے اور والدین پر اولاد کے کیا حقوق ہیں؟

(ج) ''حسنا'' کی وجہ نصب اور ''موافقۃ'' سے غرض مفسر لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

کلام الٰہی وکلام مفسر کا ترجمہ:

(اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ بھلائی کی تاکید کی) یعنی احسان کرنے والی وصیت کہ وہ اپنے والدین سے بھلائی کرے (اور اگر وہ کوشش کریں تیرے ساتھ کہ تو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہ ہو) واقع کی موافقت کے لیے پس مفہوم اس کا کوئی نہیں (پس نہ مان ان کا کہا) شریک ٹھہرانے میں/ شرک کرنے میں (میری طرف ہی رجوع ہے اور میں ہی تمہیں تمہارے کاموں سے خبردار کروں گا) یعنی تمہیں ان کا بدلہ دوں گا۔

(ب) اولاد پر والدین کے حقوق:

اولاد پر والدین کے حقوق یہ ہیں:

i- ان کی تعظیم وتکریم کرے۔ ii- ان کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچائے۔ iii- ہر جائز کام میں ان کے حکم کی فرمانبرداری کرے۔ iv- اپنی جان ومال سے ان کی خدمت کرے۔ v- ان کی وفات کے بعد ان کے لیے دعائے مغفرت کرے۔ vi- ان کی وصیتوں کو پورا کرے۔ vii- ان کے دوستوں اور ملنے جلنے والوں کے ساتھ احسان اور اچھا برتاؤ کرے وغیرہ وغیرہ۔

والدین پر اولاد کے حقوق:

والدین پر اولاد کے حقوق یہ ہیں:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

i- اپنے بچوں سے پیار و محبت کریں۔ ii- ہر معاملہ میں ان کے ساتھ مشفقانہ رویہ اختیار کریں۔ iii- ان کی دلجوئی و دلبستگی کریں۔ iv- ان کو اسلامی آداب اور دین و مذہب کی باتیں سکھائیں۔ v- ان کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ vi- اچھی باتوں سے رغبت اور بری باتوں سے نفرت دلائیں۔ vii- نیا میوہ، پھل پہلے بچوں کو کھلائیں۔ viii- پیدا ہونے پر اس کے کان میں اذان دیں۔ ix- ان کے اچھے نام رکھیں وغیرہ وغیرہ۔

(ب) "حسنا" کی وجہ نصب:

یہ مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

"موافقة" سے غرض مفسر: اس سے مفسر کی غرض یہ ہے کہ واقع اور خارج میں شریک باری تعالیٰ کی نفی ہے یعنی واقع اور خارج میں اس کا کوئی شریک نہیں تو پھر علم و تحقیق سے بھی کوئی اس کا شریک نہیں ہوسکتا۔

سوال نمبر3:- ثم ضرب لهم أمثالا بالموتى والصم والعمى فقال (إنك لاتسمع الموتى ولا تسمع الصم الدعاء إذا) بتحقيق الهمزتين وتسهيل الثانية وتسهيل الثانية بينها وبين الياء (ولوا مدبرين)

(الف) کلام ربانی اور کلام مفسر کا ترجمہ کریں؟

(ب) سماع موتی پر قرآن و حدیث کی روشنی میں مدلل مضمون اور اس آیت کا صحیح مفہوم تحریر کریں؟

(ج) مفسر کی بیان کردہ قرأتوں کی توضیح کریں؟

جواب: (الف) کلام ربانی و مفسر کا ترجمہ:

پھر اللہ نے انہیں کے لیے مردوں، بہروں اور اندھوں کی مثال بیان کی، پھر فرمایا (بے شک تم مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ ہی بہروں کو سنا سکتے ہو پکار جب) إذا میں دونوں ہمزہ ثابت رکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ بھی اور ہمزہ اور یاء کے درمیان تسہیل کے ساتھ بھی (اور جب وہ پیٹھ دے کر پھریں)

(ب) سماع موتی پر مدلل مضمون:

مردے سنتے ہیں اور اس بارے میں قرآن و حدیث میں بے شمار دلائل موجود ہیں:

i- نبی علیہ السلام اکثر جنت البقیع میں تشریف لے جایا کرتے تھے اور وہاں جا کر اہل قبور کو صیغہ خطاب کے ساتھ پکارا کرتے تھے۔ آپ کی شان کے لائق نہیں کہ ایک شخص سنتا نہ ہو اور آپ اس کے ساتھ کلام کریں۔

ii- حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص قبر پر جائے تو قبر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

والے کو سلام کرے۔ اگر قبر والا دنیا میں اسے جانتا ہو تو اس کو پہچان بھی لیتا ہے اور اس کے سلام کا جواب بھی دیتا ہے۔ اگر نہ جانتا ہو تو صرف اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

iii- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی خبر دی کہ جب قبر والے کو قبر میں دفنا کر لوٹتے ہیں تو وہ جانے والے کے جوتوں کی آواز سنتا ہے۔

آیت مبارکہ کا مفہوم:

آیت کریمہ میں مذکور ہے کہ اے محبوب! آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ حق کی باتوں کو سنتے ہیں مگر قبول نہیں کرتے۔ اور جو شخص حق کو سنے لیکن قبول نہ کرے وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ مردہ شخص، کہ وہ سنتا ضرور ہے لیکن سن کر اس کو قبول کر کے اس کے مطابق عمل نہیں کر سکتا۔ لہٰذا اس آیت سے مردوں کا نہ سننا ثابت نہیں ہوتا۔

(ج) مفسر کی بیان کردہ قرأتوں کی توضیح:

ءَاِذَا میں دو قرأتوں کا ذکر کیا گیا ہے:

i- ءَاِذَا دونوں ہمزوں کی تحقیق کے ساتھ تسہیل کا قانون جاری کیے بغیر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

ii- ءَاِذَا دوسری تسہیل کے ساتھ بھی پڑھا جا سکتا ہے اس ہمزہ اور ''ی'' کے درمیان والی حالت یعنی تسہیل کا قانون بھی جاری کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر 4:- (فطرة الله) خلقته (التی فطر) خلق (الناس علیها) وهی دینه أی الزموها (لاتبدیل لخلق الله) لدینه أی لاتبدلوا بأن تشرکوا (ذلك الدین القیم المستقیم توحید الله.

(الف) کلام الٰہی اور کلام مفسر کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) اغراض مفسر واضح کریں؟

(ج) اللہ کی تخلیق کو بدلنا جرم ہے۔ مدلل بیان کریں؟

جواب: (الف) کلام الٰہی و مفسر کا ترجمہ:

(اللہ کی تخلیق جس پر لوگوں کو پیدا کیا) وہ اس کا دین ہے یعنی اس کو لازم پکڑو (اللہ کی تخلیق تبدیل نہ ہو گی) یعنی اس کا دین یعنی اس کو بدل کر تم مشرک ہو جاؤ (یہی سیدھا دین ہے) سیدھا راستہ اللہ کو ایک جاننا ہے۔

(ب) اغراض مفسر کی وضاحت:

یہاں علامہ مفسر نے خلقته کا ذکر کر کے فطرة کو بیان کیا ہے کہ اللہ نے ہر انسان کو فطرت پر پیدا کیا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ہے۔ یہاں فطرۃ سے دین اسلام ہے۔ لہٰذا انسان کو چاہیے کہ وہ دین اسلام کو اپنا کر اس کے موجبات پر عمل کرے اور اپنی خواہشات کی پیروی نہ کرے۔

لا تبدلوا ذکر کر کے علامہ مفسر رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کیا ہے کہ اللہ کے دین سے پھر کر لوگ مشرک نہ ہو جائیں۔ یہاں یہ نفی نہی کے معنی میں آیا ہے۔ الزموا سے اس بات کی طرف اشارہ کر دیا کہ یہ فطرۃ سے پہلے مقدر ہے اس لیے منصوب ہے اور اس سے پہلے علیکم اسم فعل کو بھی مقدر کرنا جائز ہے۔

(ج) اللہ کی تخلیق کو بدلنا جرم ہے:

علامہ مفسر رحمہ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ یہاں فطرۃ بمعنی خلقۃ ہے اور اس سے مراد ہے دین اسلام۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ نے تمام انسانوں کو دین اسلام یعنی ایمان پر تخلیق کیا ہے جیسا کہ حدیث مبارک ہے:

حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اس کو یہودی یا نصرانی بنا لیتے ہیں...... الخ۔

پس جب اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو دین اسلام پر تخلیق فرمایا تو پھر اس کو بدلنا یعنی یہود و نصاریٰ بنانا یا کوئی اور مذہب اختیار کرنا جرم ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ" کہ اللہ کی اس تخلیق کو نہ بدلو یعنی دین اسلام پر قائم رہو۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوى النهائى تحت اشراف تنظيم المدارس (أهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم) (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: قسم اوّل سے کوئی دوسوال اور قسم ثانی کے دونوں سوال حل کریں۔

قسم اوّل......حدیث

سوال نمبر 1:-عن يزيد قال كنت أرى رأى الخوارج فسألت بعض أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم فأخبرنى أن النبى صلى الله عليه وسلم قال بخلاف ماكنت أقول فأنقذنى الله تعالى به.

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۵=۱۰+۵

(ب) حدیث مذکور کی تشریح کریں نیز خارجی رافضی اور ناصبی کی تعریف کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 2:-(الف) درج ذیل عنوانات پر ایک ایک حدیث ذکر کریں؟ ۱۵

(۱) شفاعت مصطفیٰ (۲) فضیلت علم (۳) اہل ذکر کی فضیلت

(ب) امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی سوانح عمری مختصر مگر جامع لکھیں؟ ۱۵

سوال نمبر 3:-عن جعفر بن أبى طالب أن ناسامن أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم دخلوا على النبى صلى الله عليه وسلم فقال مالى أراكم قلحا استاكوا فلولا أن أشق على أمتى لأمرتهم بالسواك عند كل صلوة.

(الف) حدیث نبوی پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) مسواک کا حکم بیان کریں نیز مسواک کی مقدار بیان کریں؟ ۱۰

(ج) مسواک کرنے کی فضیلت اور فوائد بیان کریں؟ ۱۰

حصہ دوم......الأدب العربى

سوال نمبر 4:-درج ذیل میں سے صرف پانچ کا ترجمہ اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۵×۶=۳۰

وقوفا بها صحبي على مطيهم يقولون لاتهلك أسى وتجمل
وإن شفائي عبرة مهراقة فهل عند رسم دارس من معول
إذا قامتا تضوع المسك منهما نسيم الصبا جاءت بريا القرنفل
وألقى بصحراء الغبيط بعاعه نزول اليماني ذى العياب المحمل
كأن مكاكي الجواء غدية صبحن سلافا من رحيق مفلفل
كأن السباع فيه غرقى عشية بأرجائه القصوى أنابيش عنصل

سوال نمبر 5:- سبع معلقات کی وجہ تسمیہ نیز پہلے اور تیسرے معلقہ کے شعراء کے نام لکھیں؟ ۳۰

☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

قسم اوّل ... حدیث

سوال نمبر 1:- عَنْ يَزِيدَ قَالَ كُنْتُ أَرى رَأْيَ الْخَوَارِجِ فَسَأَلْتُ بَعْضَ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَنِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِخِلَافِ مَا كُنْتُ أَقُولُ فَأَنْقَذَنِيَ اللهُ تَعَالَى بِهِ.

(الف) حدایث مذکور پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حدیث مذکور کی تشریح کریں نیز خارجی، رافضی اور ناصبی کی تعریف کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث شریف:

یزید کہتے ہیں کہ پہلے میں بھی خوارج کی رائے رکھتا تھا۔ لہٰذا میں نے بعض اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو انہوں نے مجھ کو خبر دی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان اس کے خلاف ہے، جو میں کہا کرتا تھا۔ پس اللہ نے مجھے اس برے عقیدے سے نجات بخشی۔

(ب) حدیث مذکورہ کی تشریح:

اس حدیث مبارکہ میں خوارج کے عقیدہ کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ باطل ہے، کیونکہ ان کے

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

نزدیک گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر ہے اور یہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا اور مذکورہ حدیث بھی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ خوارج جو عقیدہ رکھتے ہیں' وہ باطل اور بے بنیاد ہے۔ انہوں (یزید) نے اخذ مفہوم میں ٹھوکر کھائی ہے۔

فرقات کی تعریفات:

خارجی: یہ ایک گمراہ اور گم کردۂ راہ ہدایت فرقہ جو جنگ صفین کے بعد حضرت علی کی نصرت وحمایت سے دستبردار ہوگیا اور آپ کے خلاف بغاوت پر کمر بستہ ہو کر خارجی کہلایا۔

رافضی: یہ فرقہ اسلامی تعلیمات اور دین کے مسلمہ معتقدات اور دینی ضروریات کا منکر ہے۔ دو کفر دیگر کفریات کے ان عالم و جاہل اور مرد و زن سب کو شامل ہیں: پہلا کفر یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو تمام سابقہ انبیاء سے افضل مانتے ہیں۔ دوسرا کفر یہ کہ ان کے نزدیک معاذ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم وغیرہم اہل سنت کا چند پارے' سورتین یا آیات کو قرآن سے کم کر دیا ہے اور ان میں سے کچھ الفاظ میں تغیر و تبدل کیا ہے۔ ان کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلفائے ثلاثہ کی خلافت کو تسلیم کر لینا تقیہ و بزدلی ہے۔

ناصبی: یہ فرقہ اہل بیت کا گستاخ ہے۔ یہ اپنی کتابوں اور کلام میں اہل بیت پر طعن و تشنیع کرتے ہیں اور یزید کی تعریف کرتے ہیں اور اس کو جنتی ثابت کرتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ حکومت کے لیے کربلا گئے تھے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ اہل بیت کے قافلہ کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا یعنی یزیدیوں نے امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید نہیں کیا اور یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف بھی وسوسہ ڈالتے ہیں۔

سوال نمبر 2:- (الف) درج ذیل عنوانات پر ایک ایک حدیث ذکر کریں؟

(۱) شفاعت مصطفیٰ' (۲) فضیلت علم' (۳) اہل ذکر کی فضیلت

(ب) امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی سوانح عمری مختصر مگر جامع لکھیں؟

جواب: (الف) 1- ''شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم'' کے عنوان پر حدیث مبارکہ:

ایک روایت میں یوں ہے کہ یزید سے اس طرح آیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے شفاعت کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اہل ایمان سے ایک قوم کو اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کے سبب عذاب دے گا۔ پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا وسیلہ ان کو دوزخ سے نکال دے گا (یزید) کہتے ہیں کہ میں نے کہا: پھر اللہ کا قول کدھر گیا۔ پھر آخر تک حدیث ذکر فرمائی۔

2- ''فضیلت علم'' کے عنوان پر حدیث مبارکہ:

طلب العلم فریضة علی کل مسلم (یعنی علم کی طلب ہر مسلم (مرد و عورت) پر فرض ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

3-''اہل ذکر کی فضیلت'' کے عنوان پر حدیث مبارکہ:

علی بن اقمر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں کہ ایک جماعت پر آپ کا گزر ہوا' جو جماعت ذکر الٰہی میں مشغول تھی۔ آپ نے فرمایا: تم ان لوگوں میں سے ہو جن کے ساتھ رہنے کے لیے میں مامور ہوں' اور تم جیسے لوگ جب ذکر الٰہی کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں تو فرشتے انہیں اپنے پروں کے سائے میں لے لیتے ہیں اور رحمت الٰہی ان کو ڈھانپ لیتی ہے۔ اللہ ان کا تذکرہ اپنے مقرب فرشتوں میں کرتا ہے جو اس کے پاس حاضر ہوں۔

(ب) امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی سوانح عمری:

آپ کا نام نعمان' کنیت ابوحنیفہ' لقب امام اعظم ہے۔ پورا نام ہے: نعمان بن ثابت بن زوطی بن ماہ۔ آپ بادشاہ نوشیروان عادل کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کا سن ولادت ۸۰ ہجری ہے۔

آپ کا تعلق چونکہ تاجر گھرانے سے تھا' لہٰذا اپنے آبائی پیشہ کی طرف ہی آپ کی توجہ مرکوز رہی۔ لیکن خاندانی وجاہت وعزت کی وجہ سے بے علم بھی نہ رہے۔ اتنا ضرور تھا کہ جس کام کے لیے اللہ نے آپ کو پیدا فرمایا تھا اس کے آثار آپ کی روشن پیشانی میں صاف دیکھے جا سکتے تھے۔ امام صاحب کہتے ہیں کہ جب حصول تعلیم کی طرف توجہ کی تو بہت سے علوم میرے سامنے تھے۔ میں کشمکش میں تھا کہ ان علوم مروجہ میں سے کس کو اختیار کروں؟ آخر فقہ پر نظر پڑی اور دنیا و دین کی ضرورتیں اس سے وابستہ نظر آئیں۔

علم فقہ پڑھنے کے لیے آپ نے حماد کو استادی کے لیے منتخب فرمایا۔ حماد کی زندگی ہی میں آپ نے علم حدیث کی طرف توجہ کی' کیونکہ تفقہ فی الدین علم حدیث کے بغیر ناممکن تھی۔

آپ نے ان کے علاوہ اور بھی بہت سے اساتذہ سے علم حاصل کیا' جن میں حضرت انس اور حضرت عبداللہ بن اوفیٰ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر اساتذہ کے نام یہ ہیں: عطاء ابن ریاح' علقمہ بن مرثد' حکم بن عتبہ وغیرہم۔

آپ کے تلامذہ کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے۔ امام ابو یوسف' امام محمد اور امام زفر آپ کے قابل صد فخر تلامذہ ہیں۔ جنہوں نے فقہ حنفی کو دنیا میں پھیلانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کے علاوہ حماد بن نعمان' ابراہیم بن طہمان' حمزہ بن حبیب' عیسیٰ بن یونس وغیرہم۔

آپ کی طرف جو کتابیں منسوب ہیں ان کے نام یہ ہیں:

فقہ اکبر' العالم والمتعلم' مسند امام اعظم وغیرہ۔

آپ ماہ رجب یا شعبان 150 میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ آپ کو خیزران میں دفن کیا گیا اور بیس روز تک لوگ آپ کی قبر پر نماز جنازہ ادا کرتے رہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر 3:- عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّ نَاسًا مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فَقَالَ مَالِي أَرَاكُمْ قُلْحًا اسْتَاكُوْا فَلَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ.

(الف) حدیث نبوی پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) مسواک کا حکم بیان کریں نیز مسواک کی مقدار بیان کریں؟

(ج) مسواک کرنے کی فضیلت اور فوائد بیان کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث شریف:

حضرت جعفر بن ابی طالب بیان کرتے ہیں کہ چند صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ انہیں دیکھ کر فرمانے لگے کہ کیا سبب ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے دانت زرد و پیلے ہیں؟ تم مسواک کیا کرو۔ اگر مجھے اپنی امت پر مشقت وگرانی کا ڈر نہ ہوتا تو میں انہیں حکم دیتا کہ ہر نماز کے بعد مسواک کریں۔

(ب) حکم مسواک:

مسواک کرنا مستحب مؤکدہ ہے اور ہر نماز سے پہلے سنت ہے۔

مقدار مسواک: اس کی موٹائی چھنگلی کے برابر ہو اور اس کی لمبائی ایک بالشت کے برابر ہو۔

(ج) فضیلت مسواک:

حدیث مرفوع ہے کہ مسواک کرنا تم پر لازم ہے' کیونکہ یہ منہ کو صاف کرنے والی اور اللہ کی خوشنودی کا سبب ہے۔

فوائد: مسواک کرنے سے دانتوں کی زردی ختم ہوتی ہے' دانتوں میں چمک پیدا ہوتی ہے' بلغم کو سینے سے اکھیڑتی ہے' بینائی تیز کرتی ہے' مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں' منہ کی بدبو زائل ہوتی ہے' معدے کی اصلاح ہوتی ہے۔ جنت میں درجات کی بلندی کا سبب بنتی ہے۔ فرشتے مسواک کرنے والوں کی تعریف میں رطب اللسان ہوتے ہیں۔ اللہ کو راضی کرنے کا سبب ہے۔

حصہ دوم ...... الأدب العربی

سوال نمبر 4:- درج ذیل اشعار کا ترجمہ اور خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

وقوفا بها صحبي على مطيهم يقولون لاتهلك أسى و تجمل
وإن شفائي عبرة مهراقة فهل عند رسم دارس من معول
إذا قامتا تضوع المسك منهما نسيم الصبا جاءت بريا القرنفل
وألقى بصحراء الغبيط بعاعه نزول اليماني ذي العياب المحمل
كأن مكاكي الجواء غدية صبحن سلافا من رحيق مفلفل
كأن السباع فيه غرقى عشية بإرجائه القصوى أنابيش عنصل

جواب: ترجمہ اشعار:

☆ (میں نالاں تھا) اور احباب میرے پاس ان میدانوں میں اپنی سواریوں کو روکتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ غم کی وجہ سے ہلاک نہ ہو اور صبر جمیل اختیار کر۔

☆ بیشک میری شفا یہی بہنے والے آنسو ہیں' کیا ان مٹے ہوئے نشانوں کے پاس کوئی قابل اعتماد ہے؟

☆ جب وہ دونوں (ام حویرث اور ام رباب مستانہ ادا سے) کھڑی ہوتی تھیں تو ان دونوں کی مشک ایسی مہکتی تھی گویا باد صبا لونگ کی خوشبو لیے آتی ہے۔

☆ دشت غبیط میں اس ابر نے اپنا تمام بوجھ لاد ڈالا جیسے یمنی تاجر بھاری گٹھریوں والا اترتا ہے۔

☆ گویا مقام جواء کی چہچہانے والی سفید چڑیاں صبح کے وقت صاف شراب فلفل آمیز پلا دی گئی تھیں۔

☆ پانی میں ڈوبے ہوئے درندے شام کے وقت جواء کے اطراف بعیدہ میں ایسے معلوم ہوتے تھے جیسے جنگلی پیاز کی جڑیں۔

خط کشیدہ کی صرفی تحقیق:

تجمل: واحد مذکر حاضر فعل مضارع معروف از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ۔

مهراقة: واحد مؤنث اسم مفعول از باب افعال۔

تضوع: واحد مؤنث غائب مضارع معروف از باب نَصَرَ یَنْصُرُ ۔

ألقي: واحد مذکر غائب ماضی معروف از باب افعال۔

صبحن: جمع مؤنث غائب ماضی معروف از باب فَتَحَ یَفْتَحُ ۔

بارجائه: ب جارہ' ارجاء صیغہ مصدر از باب افعال ہ ضمیر مضاف الیہ۔

سوال نمبر 5:- سبع معلقات کی وجہ تسمیہ نیز پہلے اور تیسرے معلقہ کے شعراء کے نام لکھیں؟

جواب: "سبع معلقات" کی وجہ تسمیہ:

لفظ "سبع" اسم عدد ہے جس کا معنیٰ ہے: سات۔ لفظ "معلقات" اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ برائے جمع

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مؤنث از باب تفعیل۔ لٹکانا۔ زمانہ جاہلیت میں شعراء اپنے ممتاز کلام کو بیت اللہ کی دیوار کے ساتھ لٹکا دیتے تھے' اس سے بڑا شاعر اپنے امتیازی ومعیاری قصیدہ کو جو اس سے زیادہ معیاری ہوتا' اسے اتار کر اس کی جگہ پر لٹکا دیا کرتا تھا۔ سبع معلقات کا مطلب یا وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ سات قصائد ایسے ہیں' جن کو شعراء نے بیت اللہ کے ساتھ لٹکایا تھا' ان سے زیادہ معیاری شعراء سے قصائد تیار نہ ہو سکے اور ان کے معیاری ہونے پر شعراء جاہلیت نے اتفاق کر لیا تھا۔

پہلے معلقہ کے شاعر کا نام: ''امرؤالقیس الکندی''

تیسرے معلقہ کے شاعر کا نام: ''زہیر بن ابی سلمیٰ''

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

تیسرا پرچہ: فقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:-وَمَنْ تَكَلَّمَ فِي صَلَاتِهِ عَامِدًا أَوْسَاهِيًا بَطَلَتْ صَلَاتُهُ خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللهُ فِي الْخَطَأِ وَالنِّسْيَانِ وَمَفْزَعُهُ الْحَدِيثُ الْمَعْرُوفُ ۔ وَلَنَا قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ صَلَاتَنَا هَذِهِ لَا يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ وَإِنَّمَا هِيَ التَّسْبِيحُ وَالتَّهْلِيلُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ وَمَا رَوَاهُ مَحْمُولٌ عَلَى رَفْعِ الْإِثْمِ ۔

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۴=۷+۷

(ب) احناف اور شوافع کے دلائل ذکر کرکے احناف کے موقف کو واضح کریں؟ ۱۵=۸+۷

(ج) ہدایہ کی روشنی میں پانچ مفسدات نماز بیان کریں؟ ۵

سوال نمبر2:-قال الماء المستعمل لايطهر الاحداث خلافا لمالك والشافعي رحمهما الله ۔

(الف) مذکورہ بالا عبارت کے تحت ہدایہ میں بیان کیا گیا اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کریں؟ ۲۰

(ب) ماء مستعمل کی تعریف اور حکم قلم بند کریں؟ ۸

(ج) إن كان المستعمل متوضئا فهو طهور ۔

مذکورہ عبارت کی مختصر وضاحت کریں؟ ۵

سوال نمبر3:-قَالَ وَأَوَّلُ وَقْتِ الْمَغْرِبِ إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَآخِرُ وَقْتِهَا مَالَمْ يَغِبِ الشَّفَقُ ۔

(الف) عبارت مذکورہ پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) شفق کے بارے میں اقوال ائمہ ذکر کریں؟ ۲۰

(ج) شفق کی تعریف کریں؟ ۳

سوال نمبر4:-ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل احکام کی کوئی ایک ایک دلیل ذکر کریں؟ ۲۵=۵×۵

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۱) الغدير العظيم . (۲) وموت ماليس له نفس سائلة فی الماء . (۳) والنية فرض فی التيمم . (۴) ولايجوز المسح لمن وجب عليه الغسل . (۵) أقل الحيض ثلاثة أيام ولياليها ومانقص من ذلك فهو استحاضة .

(ب) واجبات نماز میں سے صرف دو مع دلیل ذکر کریں؟ ۸

☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر 1:-وَمَنْ تَكَلَّمَ فِيْ صَلَاتِهِ عَامِدًا أَوْسَاهِيًا بَطَلَتْ صَلَاتُهُ خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِي الْخَطَأِ وَالنِّسْيَانِ وَمَفْزَعُهُ الْحَدِيْثُ الْمَعْرُوْفُ . وَلَنَا قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ صَلَاتَنَا هٰذِهٖ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَيْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ وَإِنَّمَا هِيَ التَّسْبِيْحُ وَالتَّهْلِيْلُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ وَمَا رَوَاهُ مَحْمُوْلٌ عَلٰى رَفْعِ الْإِثْمِ .

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) احناف اور شوافع کے دلائل ذکر کر کے احناف کے موقف کو واضح کریں؟

(ج) ہدایہ کی روشنی میں پانچ مفسدات نماز بیان کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ:

جس نے اپنی نماز میں عمداً یا سہواً بات کی تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔ خطاء اور نسیان میں امام شافعی کا اختلاف ہے۔ ان کی دلیل حدیث معروف ہے۔ ہماری دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مبارک ہے: ”بیشک ہماری نماز لوگوں سے ذرا سے کلام کی بھی صلاحیت نہیں رکھتی' کیونکہ نماز تسبیح اور تہلیل اور قرأت قرآن کا نام ہے“۔ امام شافعی کی پیش کردہ روایت محمول ہے گناہ اُٹھانے پر۔

(ب) احناف وشوافع کے دلائل:

احناف وشوافع کے دلائل درج ذیل ہیں:

احناف کی دلیل: احناف کی دلیل اوپر بیان کردہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ”قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان صلاتنا هذه لا يصلح فيها شيء من كلام الناس وإنما هی التسبيح والتهليل وقراءة القران“ .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

شوافع کی دلیل: شوافع کی دلیل یہ حدیث معروف ہے جس میں کہا گیا ہے "رفع عن امتی الخطاء والنسیان"۔

احناف کا مؤقف: احناف کہتے ہیں کہ دوران نماز دنیاوی کلام کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے، خواہ کلام قصداً کیا ہو یا سہواً۔

سوال نمبر2:-قال الماء المستعمل لايطهر الأحداث خلافا لمالك والشافعي رحمهما الله .

(الف) مذکورہ بالا عبارت کے تحت ہدایہ میں بیان کیا گیا اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کریں؟

(ب) ماء مستعمل کی تعریف اور حکم قلم بند کریں؟

(ج) إن كان المستعمل متوضنا فهو طهور؟

مذکورہ عبارت کی مختصر وضاحت کریں؟

جواب: (الف) مذکورہ بالا عبارت کے تحت اختلاف آئمہ:

مؤقف احناف: احناف کہتے ہیں کہ ماء مستعمل سے ناپاکی دور نہ ہوگی۔ ان کی دلیل امام محمد اور امام اعظم کی روایت ہے کہ ماء مستعمل پاک ہے لیکن پاک نہیں کرتا، کیونکہ اگر کسی چیز میں کوئی پاک چیز مل جائے تو وہ پاک ہی رہتی ہے نجاست کو واجب نہیں کرتی۔ مگر وضو قربت کے قائم مقام ہونے کے سبب اس کی صفت بدل جائے گی۔ اب وہ پانی پاک تو ہوگا مگر پاک کرنے والا نہ ہوگا یعنی اس سے پاکی حاصل نہ ہوگی۔

امام صاحب کی دوسری بیان کردہ روایت یہ ہے کہ "اگر پانی سے غسل جنابت کیا گیا ہو، تو وہ نجس ہوگا، کیونکہ یہ نجاست کو دور کرنے کے لیے استعمال کیا گیا"۔ یہی امام ابو یوسف کا قول ہے۔

مؤقف امام شافعی وامام مالک: امام شافعی وامام مالک کا کہنا ہے کہ "ماء مستعمل طاہر بھی ہے اور مطہر بھی"۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ طہور وہ ہے، جو غیر کو ایک مرتبہ پاک کرنے کے بعد دوسری بار بھی پاک کردے، کیونکہ پانی کو اللہ تعالیٰ نے طہور بنایا ہے جب تک اس میں نجاست نہ ملے۔ طہور سے مراد جو دوسری کو طاہر کردے۔

مؤقف امام زفر: امام زفر کہتے ہیں کہ ماء اگر وضو کرنے سے مستعمل ہوا ہو، تو طہور اور اگر بے وضو سے مستعمل ہوا ہو، تو پھر یہ طاہر ہے اور نہ ہی مطہر، کیونکہ درحقیقت عضو پاک ہوتا ہے لیکن حکماً نجس ہوگا۔ اس لیے اس سے بے وضوگی کو دور کیا گیا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) ماء مستعمل اور اس کا حکم:

اگر پاک چیز مثلاً غلہ، سبزی اور پاک کپڑے وغیرہ دھونے کے لیے کوئی پاک پانی استعمال کیا جائے، تو ماء مستعمل ہونے کے بعد بھی بالاتفاق وہ پانی پاک ہی رہتا ہے۔ یہ صورت متفقہ ہے۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس طرح کا ماء مستعمل صرف طاہر ہے مطہر نہیں ہے، خواہ استعمال کرنے والا باوضو ہو یا بے وضو ہو۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غسالہ وضو سے بھی استدلال کیا ہے کہ جب آپ وضو فرماتے، تو صحابہ کرام آپ کے وضو کا پانی لے کر اپنے چہروں پر اسے ملنے لگتے تھے۔

شیخین رحمہم اللہ تعالیٰ کا مذہب یہ ہے کہ اس طرح کا مستعمل پانی نجس اور ناپاک ہے، خواہ نجاست حقیقی کے ازالے کی خاطر استعمال کیا جائے یا نجاست حکمی میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے اس ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے استدلال کیا ہے، آپ نے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا ہے، اور غسل جنابت سے بھی منع کیا ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ نجاست حقیقیہ پانی کو ناپاک کر دیتی ہے۔

(ج) مذکورہ عبارت کی وضاحت:

اگر پانی کو استعمال کرنے والا شخص پہلے سے باوضو ہے، تو اس کا استعمال کیا ہوا پانی طاہر بھی ہوگا اور مطہر بھی۔ یہی امام زفر کا قول ہے۔

سوال نمبر3:- قال وأول وقت المغرب إذا غربت الشمس وآخر وقتها ما لم يغب الشفق .

(الف) عبارت مذکورہ پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) شفق کے بارے میں اقوال ائمہ ذکر کریں؟

(ج) شفق کی تعریف کریں؟

جواب: **(الف) اعراب:** اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ:

صاحب قدوری فرماتے ہیں کہ مغرب کا ابتدائی وقت جب سورج غروب ہو جائے اور اس کا آخری وقت شفق کے غائب ہونے تک ہے یعنی جب تک شفق غائب نہ ہو۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) شفق سے متعلق اقوال آئمہ:

امام شافعی کا قول: امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک شفق سرخی کو کہتے ہیں۔

امام اعظم کا قول: امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک شفق وہ سفیدی ہے جو بعد از سرخی آسمان کے کناروں پر پھیلتی ہے۔

صاحبین رحمہما اللہ کا قول: صاحبین کے نزدیک شفق سرخی کو کہا جاتا ہے۔

(ج) شفق کی تعریف:

شفق اس سفیدی کو کہتے ہیں جو بعد از سرخی آسمان کے کناروں پر پھیلتی ہے۔

سوال نمبر 4:- ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل احکام کی کوئی ایک ایک دلیل ذکر کریں؟

(۱) الغدير العظيم . (۲) وموت ماليس له نفس سائلة فى الماء . (۳) والنية فرض فى التيمم . (۴) ولايجوز المسح لمن وجب عليه الغسل . (۵) أقل الحيض ثلاثة أيام ولياليها ومانقص من ذلك فهو استحاضة .

(ب) واجبات نماز میں سے صرف دو مع دلیل ذکر کریں؟

جواب: (الف) عبارات کی ایک ایک دلیل:

۱- غدیر عظیم: وہ بڑا تالاب جس کے ایک کنارے میں نجاست گر جانے سے اس کے دوسرے کنارے سے وضو کرنا جائز ہے' کیونکہ عدم حرکت کی وجہ سے اس کا دوسرا کنارہ نجس نہ ہوگا۔

۲- وموت ماليس به نفس سائلة فى الماء: اگر پانی میں کر مرنے والے جانور کا خون نہ بہے تو اس سے پانی نجس نہ ہوگا' کیونکہ بہنے والا خون پانی کو نجس کرتا ہے جو اس جانور میں نہیں ہے۔

۳- والنية فرض فى التيمم: تیمم میں نیت فرض ہے' کیونکہ لفظ تیمم لغت میں قصد وارادہ کو کہا جاتا ہے اور قصد کا دوسرا نام نیت ہے۔ لہٰذا نیت کے بغیر تیمم نہ ہوگا۔

۴- ولا يجوز المسح لمن وجب عليه الغسل: جس پر غسل واجب ہے اس کے لیے موزوں پر مسح کرنا جائز نہیں' کیونکہ وضو کی طرح غسل جنابت میں تکرار نہیں۔ لہٰذا موزے اتارنے میں کوئی حرج نہیں۔

۵- اقل الحيض ثلاثة ايام وليا ليها وما نقص من ذلك فهو استحاضة: حیض کی کم سے کم مدت تین دن اور راتیں ہیں۔ جو اس سے کم ہو وہ استحاضہ ہے' کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کنواری وشادی شدہ کے لیے حیض کی کم از کم مدت تین دن اور راتیں ہیں اور زیادہ سے زیادہ دس دن اور راتیں''۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) واجبات نماز:

۱- الحمد پڑھنا: سورۃ فاتحہ کی قرأت واجب ہے اس کے بغیر نماز نہ ہوگی۔

دلیل: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ فاتحہ کے بغیر نماز نہ ہوگی۔

۲- قرأت میں مقتدی کا خاموش رہنا: امام جب قرأت کرے بلند آواز سے یا آہستہ اس وقت مقتدی خاموش رہے گا۔

دلیل: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "امام کے پیچھے قرأت نہ کیا کرو، کیونکہ امام کی قرأت ہی تمہاری قرأت ہے"۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- إِنَّ أُصُولَ الشَّرْعِ ثَلٰثَةٌ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ وَإِجْمَاعُ الْأُمَّةِ بَدَلٌ مِّنْ ثَلٰثَةٌ أَوْ بَيَانٌ لَّهٗ وَالْمُرَادُ مِنَ الْكِتَابِ بَعْضُ الْكِتَابِ وَهُوَ مِقْدَارُ خَمْسِ مِائَةِ اٰيَةٍ لِأَنَّهٗ أَصْلُ الشَّرْعِ وَالْبَاقِي قَصَصٌ وَنَحْوُهَا وَهٰكَذَا الْمُرَادُ مِنَ السُّنَّةِ بَعْضُهَا وَهُوَ مِقْدَارُ ثَلٰثَةِ اٰلَافٍ عَلٰى مَا قَالُوْا۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) اجماع سے مراد کن کن کا اجماع ہے؟ نیز والأصل الرابع القياس کہہ کر قیاس کو الگ ذکر کرنے کی وجہ بیان کریں؟ ۷+۷=۱۴

سوال نمبر 2:- وهو اسم للنظم والمعنى جميعا۔

(الف) فارسی میں تلاوت جائز ہے یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف ایک وہم منسوب ہے اس وہم کا ازالہ بیان کریں؟ ۱۴

(ب) ماتن رحمہ اللہ تعالیٰ لفظ کی جگہ نظم کا صیغہ کیوں لائے؟ وضاحت کریں؟ ۹

(ج) مذکورہ عبارت لانے کا مقصد بیان کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:- (الف) حقیقت، مجاز، صریح اور کنایہ میں سے ہر ایک کی مع امثلہ اور تقسیم ثالث کی اقسام اربعہ میں وجہ حصر بیان کریں؟ ۲۰+۸=۲۸

(ب) حقیقت کی کتنی اقسام ہیں؟ صرف نام تحریر کریں؟ ۵

سوال نمبر 4:- (الف) خاص، عام، مشترک اور مؤول کی تعریفات مع امثلہ ذکر کریں؟ ۲۰

(ب) مذکورہ بالا اصطلاحات کی اقسام اربعہ میں وجہ حصر بیان کریں؟ ۸

(ج) نور الانوار کس کتاب کی شرح ہے؟ متن اور ماتن کا نام قلم بند کریں؟ ۵

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

سوال نمبر 1:-إِنَّ أُصُوْلَ الشَّرْعِ ثَلٰثَةُ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ وَإِجْمَاعُ الْأُمَّةِ بَدَلٌ مِنْ ثَلٰثَةٍ أَوْ بَيَانٌ لَهُ وَالْمُرَادُ مِنَ الْكِتَابِ بَعْضُ الْكِتَابِ وَهُوَ مِقْدَارُ خَمْسِ مِائَةِ آيَةٍ لِأَنَّهُ أَصْلُ الشَّرْعِ وَالْبَاقِيْ قَصَصٌ وَنَحْوُهَا وَهٰكَذَا الْمُرَادُ مِنَ السُّنَّةِ بَعْضُهَا وَهُوَ مِقْدَارُ ثَلٰثَةِ الْآفِ عَلٰى مَا قَالُوْا۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟

(ب) اجماع سے مراد کن کا اجماع ہے؟ نیز ولأصل الرابع القیاس کہ کر قیاس کو الگ ذکر کرنے کی وجہ بیان کریں؟

جواب: (الف) اعراب وترجمہ: اعراب اوپر لگا دیے ہیں ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

"بے شک شرع کے اصول تین ہیں: کتاب' سنت اور اجماع امت یہ (عبارت) ثلثة سے بدل ہے یا اس کا عطف بیان ہے۔ کتاب سے مراد بعض کتاب ہے' جس کی مقدار پانچ سو آیتیں ہیں۔ اس لیے کہ وہ اصلِ شرع ہے اور باقی قصے اور اس کی مثل واقعات ہیں۔ ایسے ہی سنت سے مراد اس کا بعض ہے۔ علماء کے اقوال کے مطابق تین ہزار مقدار ہے"۔

(ب) اجماع سے مراد:

اجماع سے مراد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا اجماع ہے۔ خواہ وہ اہل مدینہ کا ہو یا نہ ہو' عترتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اجماع ہو یا غیر کا یعنی اصحابِ رسول کا۔

قیاس کو علیحدہ ذکر کرنے کی وجہ: چونکہ پہلے تین اصول قطعی ہیں اور قیاس ظنی ہے۔ اس لیے اس کو الگ ذکر کیا۔

سوال نمبر 2:-وهو اسم للنظم والمعنى جميعا ۔

(الف) فارسی میں تلاوت جائز ہے یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف ایک وہم منسوب ہے اس وہم کا ازالہ بیان کریں؟

(ب) ماتن رحمہ اللہ تعالیٰ لفظ کی جگہ نظم کا صیغہ کیوں لائے؟ وضاحت کریں؟

(ج) مذکورہ عبارت لانے کا مقصد بیان کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: (الف) کیا فارسی میں تلاوت جائز ہے؟

اگر عذرِ حکمی ہو تو جائز ہے۔ عذرِ حکمی سے مراد یہ ہے کہ نماز اللہ تعالیٰ کے ساتھ مناجات اور ملاقات کی حالت ہے۔ ہوسکتا ہے کہ قرآن کریم کے حسنِ بلاغت اور اعجازِ قرآن کی وجہ سے انسان مقصودِ اصلی سے محروم رہے۔ نظمِ قرآن، تلاوتِ قرآن اللہ اور بندے کے درمیان رکاوٹ بن جائے۔ اس لیے اگر ایسی صورت وعذر ہو تو نماز میں فارسی کی قرأت جائز ہے۔ مگر نماز کے علاوہ جائز نہیں۔ نماز کے علاوہ نظم اور معنی دونوں کی رعایت کرنا امرِ ضروری ہے۔ پس یہ اعتراض نہ کیا جائے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عربی نظم پر قدرت کے باوجود فارسی میں قرأت جائز ہے، تو یہ درست نہیں۔ یہ اعتراض نہ کیا جائے امام صاحب کے نزدیک بھی قرآن نظم اور معنی دونوں سے عبارت ہے۔ صرف نظم یا صرف معنی کا نام قرآن نہیں ہے۔

(ب) لفظ کی جگہ نظم لانے کی وجہ:

سوءِ ادب سے بچنے اور ادب کی رعایت کرنے کے لیے ماتن نے لفظ کی جگہ نظم کو اختیار کیا ہے، کیونکہ لفظ کا معنی ہے پھینکنا اور نظم کا معنی ہے موتیوں کو لڑی میں پرونا۔

(ج) مذکورہ عبارت لانے کا مقصد:

مذکورہ عبارت لانے کا مقصد اس بات پر تنبیہ کرنا ہے کہ قرآن نظم اور معنی دونوں کا نام ہے۔ صرف نظم یا صرف معنی کا نام قرآن نہیں، کیونکہ انزال، کتابت اور نقل جیسے اوصاف جس طرح نظم میں جاری ہوتے ہیں تقدیراً معنیٰ میں بھی جاری ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 3:- (الف) حقیقت، مجاز، صریح اور کنایہ میں سے ہر ایک کی مع امثلہ اور تقسیم ثالث کی اقسام اربعہ میں وجہ حصر بیان کریں؟

(ب) حقیقت کی کتنی اقسام ہیں؟ صرف نام تحریر کریں؟

جواب: (الف) **حقیقت کی تعریف:** لفظ کو اسی معنیٰ میں استعمال کرنا جس کے لیے واضع نے اسے وضع کیا ہے جیسے اسد کا استعمال حیوانِ مفترس کے لیے۔

مجاز کی تعریف: لفظ کو اس معنی میں استعمال نہ کرنا جس کے لیے اسے وضع کیا ہے، جیسے لفظ اسد کو رجلِ شجاع کے لیے استعمال کرنا مجاز ہے۔

صریح کی تعریف: جس لفظ کی مراد ظاہر ہو صریح کہلاتا ہے جیسے اشتریت وغیرہ۔

کنایہ کی تعریف: جس لفظ کی مراد ظاہر نہ ہو بلکہ پوشیدہ ہو جیسے کثیر الرماد بول کر سخی مراد لینا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تقسیم ثالث کی اقسام اربعہ میں وجہ انحصار:

دیکھیں گے کہ لفظ اپنے معنیٰ موضوع لہ میں مستعمل ہے یا غیر میں۔اگر معنی موضوع لہ میں مستعمل ہو تو حقیقت اور اگر غیر میں میں استعمال ہو تو مجاز۔پھر ان میں ہر ایک کا معنیٰ واضح ہوگا یا نہیں۔اگر واضح ہو تو صریح اور اگر واضح نہ ہو تو کنایہ۔پس چار اقسام ثابت ہو گئیں۔

(ب)حقیقت کی اقسام:

حقیقت کی تین اقسام ہیں:

۱-متعذرہ، ۲-مہجورہ، ۳-مستعملہ

سوال نمبر 4:-(الف)خاص، عام، مشترک اور مؤول کی تعریفات مع امثلہ ذکر کریں؟

(ب)مذکورہ بالا اصطلاحات کی اقسام اربعہ میں وجہ حصر بیان کریں؟

(ج)نور الانوار کس کتاب کی شرح ہے؟متن اور ماتن کا نام قلم بند کریں؟

جواب:(الف)اصطلاحات کی تعریفات:

خاص کی تعریف: وہ لفظ ہے جو کسی معلوم کے لیے انفرادی طور پر وضع کیا گیا ہو جیسے خَالِدٌ۔

عام کی تعریف: وہ لفظ ہے جو لفظاً اور معناً افراد کی ایک جماعت کو شامل ہو جیسے مُسْلِمُوْنَ، مَنْ۔

مشترک کی تعریف: وہ لفظ جو ایسے دو یا زائد معنوں کے لیے وضع کیا گیا ہو جن کی حقیقتیں مختلف ہوں جیسے جَارِيَةٌ وغیرہ۔

مؤول کی تعریف: جب مشترک کے کسی معنیٰ کو غالب رائے سے ترجیح حاصل ہو جائے، تو اسے مؤول کہتے ہیں۔

(ب)اقسام اربعہ میں وجہ حصر:

دیکھیں گے کہ لفظ کی دلالت ایک معنیٰ پر ہے یا زائد پر۔اگر ایک معنیٰ پر ہے اور وہ انفرادی طور پر اس پر دلالت کرے تو یہ خاص ہے۔اگر انفرادی طور پر دلالت نہیں کرتا بلکہ افراد کے درمیان اشتراک کے ساتھ کرتا ہے، تو اسے عام کہتے ہیں۔اگر زائد معانی پر دلالت کرے، تو پھر دیکھیں گے کہ اس کے معانی مشترکہ میں کسی ایک کو تاویل کے ساتھ ترجیح حاصل ہے یا نہیں۔اگر حاصل ہے تو مؤول اور اگر نہیں تو مشترک۔

(ج)نور الانوار کس کتاب کی شرح ہے؟

نور الانوار"کتاب المنار" کی شرح ہے۔

متن کا نام: متن کا نام"منار الانوار" ہے۔

ماتن کا نام: ماتن کا نام ابوالبرکات حافظ الدین عبدالرحمٰن بن احمد نسفی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے۔سال دوم) (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

سوال نمبر 1:۔التقدير أى تقدير الإعراب فيما أى فى الإسم المعرب الذى تعذر الإعراب فى أى امتنع ظهوره فى لفظه وذلك إذالم يكن الحرف الذى هو محل الإعراب قابلا للحركة الإعرابية .

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟ ۸+۸=۱۶

(ب) شرح جامی شرح مزجی ہے یا غیر مزجی؟ وضاحت کر کے ماتن وشارح کے مختصر حالات لکھیں؟ ۶+۶+۶=۱۸

سوال نمبر 2:۔ويجوز صرفه للضرورة وللتناسب .

(الف) ضروریات سے کیا مراد ہے؟ ضرورت شعری کی صورت میں یجوز کہنا کیسے درست ہوگا؟ توجیہ پیش کر کے ضرورت اور تناسب کی امثلہ مع وضاحت لکھیں؟ ۱۰

(ب) اعراب کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں "ليدل على المعانى المعتورة عليه" تعریف میں شامل ہے یا خارج شارح کے قول "ليس هذا من تمام الحد" کی روشنی میں وضاحت کریں؟ ۲۰

سوال نمبر 3:۔المثنى وما يلحق به وهو كلا مضافا إلى مضمر .

(الف) تثنیہ وجمع اور ان کے ملحقات کا اعراب مع وجہ لکھ کر مضافا إلى مضمر کی قید کا فائدہ شرح جامی کی روشنی میں تفصیلاً لکھیں؟ ۵×۴=۲۰

(ب) منع صرف کے اسباب تسعہ کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟ ۱۳

سوال نمبر 4:۔(الف) الكلمة لفظ میں "لفظ" کا حمل الكلمة پر کیسے درست ہوگا نیز مبتداء و خبر میں عدم مطابقت کے اعتراض کا دفعیہ کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) کلمہ، کلام اور معرب کی وجہ تسمیہ شرح جامی کی روشنی میں لکھیں؟ ۶+۶+۶=۱۸

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

پانچواں پرچہ: شرح ملا جامی

سوال نمبر 1:- اَلتَّقْدِيْرُ اَىْ تَقْدِيْرُ الْاِعْرَابِ فِيْمَا اَىْ فِى الْاِسْمِ الْمُعْرِبِ الَّذِىْ تَعَذَّرَ الْاِعْرَابُ فِىْ اَىْ اِمْتَنَعَ ظُهُوْرُهٗ فِىْ لَفْظِهٖ وَذٰلِكَ اِذَا لَمْ يَكُنِ الْحَرْفُ الَّذِىْ هُوَ مَحَلُ الْاِعْرَابِ قَابِلًا لِلْحَرَكَةِ الْاِعْرَابِيَّةِ .

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) شرح جامی شرح مزجی ہے یا غیر مزجی؟ وضاحت کرکے ماتن وشارح کے مختصر حالات لکھیں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت: تشکیل عبارت اوپر ہوگئی ہے۔

ترجمۃ العبارۃ:

تقدیر یعنی اعراب کا مقدر ہونا' اس اسم معرب میں ہوگا جس میں اعراب متعذر ہو یعنی لفظوں میں اس کا ظاہر ہونا ممتنع ہو اور یہ امتناع تب ہوگا جب محل اعراب والا حرف حرکتِ اعرابیہ کا قابل نہ ہو۔

(ب) شرح جامی:

غیر مزجی شرح ہے۔ شرح جامی کے قواعد اور اس کے فوائد کافیہ کی مشکل جگہوں کو حل کرنے کے لیے کافی ووافی ہیں۔ شرح جامی مزجی یعنی غیر تام وناقص شرح نہیں ہے۔

ماتن کے مختصر حالات:

شرح جامی کے ماتن کا نام عثمان ہے۔ کنیت ابو عمرو' لقب جمال الدین ہے اور والد کا نام عمر ہے۔ 570 ہجری میں ملک مصر کی ایک آشنا نامی بستی میں پیدا ہوئے۔ قاہرہ میں ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد مختلف علاقوں کے ممتاز اور جید فضلاء وعلماء سے علم حاصل کیا اور تمام علوم وفنون میں مہارت تامہ حاصل کی۔ آپ اعلیٰ مناظر' بلند پایہ فقیہ تھے۔ دینداری اور تقویٰ جیسی نعمت سے مالا مال تھے۔ انتہائی ذہین و فطین تھے کہ جو کتاب ایک دفعہ آپ کی نظر سے گزرتی حفظ ہوجاتی۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ہر فن میں کتاب تصنیف فرمائی۔ علم کی روشنی پھیلاتا ہوا یہ آفتاب بالآخر 16 شوال 646 ہجری کو اسکندریہ میں غروب ہوا۔ اور اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔

شارح کے مختصر حالات:

شارح کا لقب نور الدین اور تخلص جامی تھا۔ نام عبدالرحمٰن اور والد کا نام نظام الدین تھا۔ پورا نام یوں

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ہوا: عبدالرحمٰن بن نظام الدین احمد بن شمس الدین محمد۔ آپ کی تاریخ پیدائش 23 شعبان 817 ہجری ہے۔ حفظ القرآن اور ابتدائی تعلیم شہر ہراۃ میں حاصل کی۔ سمرقند میں مشہور عالم اور اعلیٰ مدرس تھے۔ اور روم میں عہدہ قضاۃ پر فائز تھے۔ ویسے تو ہر فن میں ید طولیٰ اور مہارت تامہ رکھتے تھے لیکن فن ہیئت میں تو خصوصی مہارت تھی۔ وقت کے بادشاہ آپ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور عزت واکرام کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو چار بیٹوں سے نوازا۔ لیکن صرف ایک بیٹا یعنی ضیاء الدین یوسف طبع ۴ کو پہنچے اور فوت ہو گئے جبکہ باقی بیٹے اوائل عمر میں ہی خالق حقیقی سے جا ملے۔ عالم جہاں میں علم وفضل کا یہ آفتاب اپنی روشنی بکھیرتا ہوا 18 محرم 898 ہجری کو ہمیشہ کے لیے غروب ہو گیا۔ تدریس کے ساتھ ساتھ میدانِ تصنیف کے بھی اعلیٰ شہسوار تھے۔ بہت سی کتابیں آپ نے تصنیف فرمائیں جن کی تعداد 99 بتائی جاتی۔ ان میں شرح جامی شہرت کے لحاظ سے نمایاں ہے۔

سوال نمبر 2:- ویجوز صرفه للضرورة وللتناسب ۔

(الف) ضروریات سے کیا مراد ہے؟ ضرورت شعری کی صورت میں یجوز کہنا کیسے درست ہو گا؟ توجیہ پیش کرتے ضرورت اور تناسب کی امثلہ مع وضاحت لکھیں؟

(ب) اعراب کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں "لیدل علی المعانی المعتورة علیه" تعریف میں شامل ہے یا خارج شارح کے قول "لیس هذا من تمام الحد" کی روشنی میں وضاحت کریں؟

جواب: (الف) مفہوم ضرورت:

قافیہ وسجع کی رعایت کرنے کے ساتھ ساتھ وزن شعر برقرار رکھنا ضرورت کا مطلب ہے۔ اکثر ایسا ہو جاتا ہے کہ کلام میں کلمہ غیر منصرف آنے کی وجہ سے شعر کا وزن برقرار نہیں رہتا۔ پھر وزن برقرار رکھنے کے لیے اس کو منصرف پڑھا جاتا ہے۔

ضرورتِ شعری اگر حدِ وجوب کو پہنچتی ہے لیکن اس جگہ یجوز کا مطلب ہے کہ ممتنع نہیں۔ امتناع ضرورت اور غیر ضرورت دونوں کو شامل ہوتا ہے۔ ضرورت کی مثال جیسے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا قول "صبت علی مصائب لو انها ...... صبت علی الایام صرن لیالیا" اس شعر میں مصائب کلمہ غیر منصرف ہے لیکن اس پر تنوین پڑھی گئی، کیونکہ اگر تنوین نہ پڑھی جائے تو وزن شعر باقی نہ رہے گا۔

تناسب کی مثال جیسے ارشاد ربانی ہے: "سلاسلا و اغلالا" اس مثال میں سلاسلًا غیر منصرف ہے جس پر تنوین پڑھی گئی وہ اس لیے تاکہ اغلالًا کے مناسب ہو جائے۔

(ب) اعراب کی تعریف:

اعراب وہ حرف یا حرکت ہے جس کے باعث معرب کا آخر بدلے تاکہ یہ اختلاف ان صفات پر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

دلالت کرے جو معرب پر پے در پے آتی ہیں۔

لیدل علی المعانی کا حکم:

اختلافِ اعراب کا فائدہ کیا ہے؟ اس پر تنبیہ کرنے کے لیے ماتن نے یہ عبارت چلائی ہے۔ اگر چہ اعراب کی تعریف اس سے پہلے ہی مکمل اور جامع و مانع ہو جاتی ہے۔ تو ماتن کی مراد یہ ہے کہ لیدل کے بغیر بھی تعریف اعراب مکمل ہے لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ یہ تعریف سے خارج ہے بلکہ تعریف داخل ہے۔

سوال نمبر 3:- المثنى وما يلحق به وهو كلا مضافا إلى مضمر۔

(الف) تثنیہ وجمع اوران کے ملحقات کا اعراب مع وجہ لکھ کر مضافا إلى مضمر کی قید کا فائدہ شرح جامی کی روشنی میں تفصیلاً لکھیں؟

(ب) منع صرف کے اسباب تسعہ کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟

جواب: (الف) تثنیہ کا اعراب: رفع الف کے ساتھ' نصب اور جر یا ما قبل مفتوح کے ساتھ۔

ملحق بہ تثنیٰ کا اعراب: رفع الف کے ساتھ' نصب اور جر یا ما قبل مفتوح کے ساتھ۔

جمع مذکر سالم اور ملحق بہ جمع مذکر سالم کا اعراب: رفع واؤ کے ساتھ' نصب اور جر یا ما قبل مکسور کے ساتھ۔

وجہ: ملحق بہ تثنیٰ یعنی اثنان و اثنتان اگر لفظاً مفرد ہیں مگر ان کی شکل وصورت تثنیٰ جیسی ہے۔ اس لیے ان کو تثنیہ والا اعراب دیا گیا ہے۔

اسی طرح ملحق بہ جمع مذکر سالم جیسے عشرون اور اس کے بھائی۔ اگر چہ جمع نہیں لیکن ان کی شکل وصورت جمع جیسی ہے۔ اس لیے جمع والا اعراب ان کو دیا گیا۔

مضافًا الی المضمر کی قید کا فائدہ:

یہ قید اس لیے لگائی کہ کلا اگر اسم ظاہر کی طرف مضاف ہو تو پھر اس کا اعراب تثنیہ والا نہیں ہوگا' بلکہ تقدیری ہوگا۔

وجہ اس کی یہ ہے کہ کلا باعتبار لفظ کے مفرد ہے اور باعتبار معنیٰ کے تثنیہ ہے۔ تو اس میں دو جہتوں کا اعتبار کیا گیا ہے۔ اگر اسم ظاہر کی طرف مضاف ہو تب ان کا اعراب اعراب بالحرکت ہوگا۔ اور اگر ضمیر کی طرف مضاف ہو تب ان کا اعراب اعراب بالحرف ہوگا۔ اس لیے یہ قید لگائی۔

(ب) اسباب تسعہ کی تعریفیں اور مثالیں:

عدل کی تعریف: اسم کا اپنے اصلی صیغہ سے نکل کر دوسرے صیغہ کی طرف جانا جیسے عمر۔

وصف کی تعریف: وہ اسم جو ذاتِ مبہمہ پر دلالت کرے جیسے اسود' ارقم۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تانیث کی تعریف: وہ اسم جس میں تانیث کی علامت موجود ہو جیسے طَلْحَةُ۔

معرفہ کی تعریف: وہ اسم جو معین چیز پر دلالت کرے جیسے زَیْدٌ ۔

عجمہ کی تعریف: وہ لفظ جسے غیر عرب نے وضع کیا ہو جیسے اِبْرَاهِیْمُ ۔

جمع کی تعریف: وہ اسم جو تین یا تین سے زائد پر دلالت کرے جیسے مَصَابِیْحُ ۔

ترکیب کی تعریف: دو کلموں کو ملا کر ایک کرنا کہ ان میں کوئی جز حرف نہ ہو جیسے مَعْدِیْکَرَب :

وزن فعل کی تعریف: اسم کا فعل کے وزن پر ہونا جیسے ضرب (جبکہ کسی شخص کا نام ہو)

الف ونون زائدتان کی تعریف: جو اسم کے آخر میں زائدہ کیے جاتے ہیں جیسے نعمان، رَحْمٰنُ ۔

سوال نمبر 4:- (الف) الكلمة لفظ میں "لفظ" کا حمل الکلمہ پر کیسے درست ہوگا نیز مبتداء و خبر میں عدم مطابقت کے اعتراض کا دفعیہ کریں؟

(ب) کلمہ کلام اور معرب کی وجہ تسمیہ شرح جامی کی روشنی میں لکھیں؟

جواب: (الف) لفظ کا الکلمة پر حمل:

الكلمة مبتداء ہے اور لفظ اس کی خبر۔ حمل اس لیے درست ہے کہ الکلمة میں تاء اگرچہ وحدت کے لیے ہے مگر وحدت مقصود نہیں۔

باقی رہا عدم مطابقت والا اعتراض تو اس کا جواب یہ ہے کہ مطابقت وہاں ضروری ہوتی ہے جہاں خبر مشتقات میں سے ہو۔ اس جگہ خبر مشتق نہیں تو مطابقت بھی ضروری نہیں ہے۔

(ب) کلمہ اور کلام کی وجہ تسمیہ:

کلمہ اور کلام دونوں کَلِمٌ سے مشتق ہیں اور کلم کا معنیٰ ہے "جرح" تو جس طرح زخم نفس میں اثر کرتا ہے اسی طرح اچھا و برا کلمہ و کلام بھی اثر کرتے ہیں۔

معرب کی وجہ تسمیہ:

معرب اعراب سے ماخوذ ہے۔ اعراب کا معنیٰ ہے اظہار۔ تو چونکہ معرب بھی اعراب کے اظہار کا محل اور جگہ ہے اور اس پر تینوں اعراب ظاہر ہوتے ہیں، اس لیے اس کو معرب کا نام دیا گیا ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

چھٹا پرچہ: بلاغت ومنطق

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

قسم اول......بلاغت

سوال نمبر1:- يُسَمَّى الْاَوَّلُ فَائِدَةَ الْخَبَرِ وَالثَّانِيْ لَازِمَهَا وَقَدْ يُنْزَلُ الْعَالِمُ بِهِمَا مَنْزِلَةَ الْجَاهِلِ لِعَدَمِ جَرْيِهٖ عَلٰى مُوْجَبِ الْعِلْمِ فَيَنْبَغِيْ اَنْ يَقْتَصِرَ مِنَ التَّرْكِيْبِ عَلٰى قَدْرِ الْحَاجَةِ فَاِنْ كَانَ خَالِيَ الذِّهْنِ مِنَ الْحُكْمِ وَالتَّرَدُّدِ فِيْهِ اسْتُغْنِيَ عَنْ مُؤَكِّدَاتِ الْحُكْمِ وَاِنْ كَانَ مُتَرَدِّدًا فِيْهِ طَالِبًا لَهٗ حَسُنَ تَقْوِيَتُهٗ بِمُؤَكِّدٍ وَاِنْ كَانَ مُنْكِرًا وَجَبَ تَوْكِيْدُهٗ بِحَسْبِ الْاِنْكَارِ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۸+۸=۱۶

(ب) عبارت میں مذکور الأول اور الثانی سے کیا مراد ہے؟ نیز تعقید عقلیہ کی تعریف لکھیں؟ ۴+۵=۹

سوال نمبر2:-(الف) الحمد لله على ما انعم "ما" کونسا ہے تمام احتمالات لکھ کر بتائیں تلخیص المفتاح متن ہے یا شرح؟

بصورت ثانی ماتن وشارح کے حالات لکھیں؟ ۱۵

(ب) مقتضیٰ ظاہر کے خلاف کلام لانے کی وجوہ مع امثلہ لکھیں؟ ۱۰

سوال نمبر3:-(الف) علم المعانی کی تعریف کر کے ابواب ثمانیہ اور ان کی وجہ حصر لکھیں؟ ۹

(ب) تنافر، غرابت، مخالفت قیاس اور تعقید میں سے ہر ایک کی تعریف ومثال لکھیں؟ ۴×۴=۱۶

حصہ دوم......منطق

سوال نمبر4:-قوله العلم هو الصورة الحاصلة من الشیء عند العقل والمصنف لم

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

یتعرض لتعریفه امالا کتفاء بالتصور بوجه مافی مقام التقسیم واما لان تعریف العلم مشهور مستفیض واما لان العلم بدیهی التصور علی ماقیل .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۶+۷=۱۳

(ب) علم منطق کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت شرح تہذیب کی روشنی میں کریں۔ ۴×۳=۱۲

سوال نمبر 5:- (الف) فهذا غاية تهذيب الكلام فی تحریر المنطق والكلام .

عبارت میں تہذیب مصدر کے ھذا پر حمل کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ درست ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ شرح تہذیب کی روشنی میں تفصیل سے لکھیں؟ نیز لفظ "تحریر" لانے کا فائدہ بتائیں۔ ۱۳

(ب) کلی کے افراد خارج میں پائے جانے اور نہ پائے جانے کے اعتبار سے اقسام مع وجہ حصر تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۱۲

سوال نمبر 6:- (الف) معرف کی باعتبار تقسیم اوّل کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ وجہ حصر مع تعریفات و امثلہ لکھ کر معرف لفظی کی تعریف ومثال تحریر کریں؟ ۶+۶=۱۲

(ب)- الذی هدانا سواء الطریق وجعل لنا التوفیق خیر رفیق .

اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز ہدایت کی اقسام مع امثلہ لکھ کر بتائیں سواء الطریق سے کیا مراد ہے؟ ۷+۶=۱۳

☆☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

حصہ اوّل: بلاغت

سوال نمبر 1:- وَيُسَمَّى الْاَوَّلُ فَائِدَةَ الْخَبَرِ وَالثَّانِیْ لَازِمَهَا وَقَدْ يُنَزَّلُ الْعَالِمُ بِهِمَا مَنْزِلَةَ الْجَاهِلِ لِعَدَمِ جَرْيِهٖ عَلٰی مُوْجَبِ الْعِلْمِ فَيَنْبَغِیْ اَنْ يَّقْتَصِرَ مِنَ التَّرْكِيْبِ عَلٰی قَدْرِ الْحَاجَةِ فَاِنْ كَانَ خَالِیَ الذِّهْنِ مِنَ الْحُكْمِ وَالتَّرَدُّدِ فِيْهِ اسْتُغْنِیَ عَنْ مُؤَكِّدَاتِ الْحُكْمِ وَاِنْ كَانَ مُتَرَدِّدًا فِيْهِ طَالِبًا لَهٗ حَسُنَ تَقْوِيَتُهٗ بِمُؤَكِّدٍ وَاِنْ كَانَ مُنْكِرًا وَجَبَ تَوْكِيْدُهٗ بِحَسْبِ الْاِنْكَارِ .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) عبارت میں مذکور الاول اور الثانی سے کیا مراد ہے؟ نیز حقیقت عقلیہ کی تعریف لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب وترجمۃ العبارۃ: اعراب اوپر لگادیے ہیں۔ ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

"اوّل کا نام فائدۃ الخبر رکھا جاتا ہے اور ثانی کا نام لازم فائدہ خبر رکھا جاتا ہے اور کبھی کبھی ان دونوں کے عالم کو جاہل کی جگہ اتارا جاتا ہے کیونکہ وہ علم کے تقاضے پر عمل نہیں کرتا۔ پس مناسب یہ ہے کہ متکلم ضرورت کے مطابق کلام پر اقتصار کرے۔ پس اگر مخاطب حکم سے خالی الذہن ہو اور اس میں شک بھی کرنے والا نہ ہو تو پھر حکم کو تاکید سے خالی لایا جائے گا۔ اگر حکم میں شک کرنے والا ہو اور حکم کا طالب بھی ہو تو پھر تاکید لانا اچھا ہے۔ مخاطب اگر حکم کا انکار کرنے والا ہے تو پھر اس کے انکار کے مطابق تاکید لانا واجب ہے"۔

(ب) الاول اور الثانی سے مراد:

الاوّل سے مراد یہ ہے کہ اگر مخبر کا اپنی خبر سے مخاطب کو حکم کا فائدہ دینا مقصود ہو الثانی سے مراد یہ ہے کہ اگر مخبر کا مخاطب کو اپنی خبر سے یہ بتانا مقصود ہو کہ میں بھی اس حکم کا عالم ہوں۔

حقیقت عقلیہ کی تعریف: حقیقت عقلیہ یہ ہے کہ فعل یا معنیٰ فعل کا اسناد ماھو لہ کی طرف کرنا ہے۔

سوال نمبر 2:- (الف) الحمد للہ علی ما انعم "ما" کونسا ہے تمام احتمالات لکھ کر بتائیں تلخیص المفتاح متن ہے یا شرح؟

بصورت ثانی ماتن وشارح کے حالات لکھیں؟

(ب) مقتضیٰ ظاہر کے خلاف کلام لانے کی وجوہ مع امثلہ لکھیں؟

جواب: (الف) مَا کا تعین:

عـلـی مَا انعم میں مَا کونسا ہے؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ ما موصولہ ہے لیکن حق مذہب یہ ہے کہ ما موصولہ نہیں بلکہ مصدریہ ہے کیونکہ اگر موصولہ بنائیں تو لفظاً اور معناً دونوں طرح خرابی لازم آتی ہے۔ لفظی خرابی یہ ہے کہ موصول بغیر عائد کے رہ جائے گا حالانکہ صلہ میں موصول کی طرف لوٹنے والی ضمیر کا ہونا ضروری ہے۔ معنیٰ کی خرابی یہ کہ؟؟ اللہ کی حمد خاص نعمت پر ہوگی وصفِ نعمت پر نہ ہو گی۔ جبکہ مصدریہ بنانے میں اللہ کی حمد وصفِ نعمت پر ہوگی۔ وصفِ نعمت پر حمد کرنا خاص نعمت پر حمد کرنے سے امکن اور اشد ہے۔

تلخیص المفتاح کا تعارف:

تلخیص المفتاح متن ہے شرح نہیں۔ اس کی شرح اوّل کا نام مطول ہے۔ پھر مطول کا اختصار ہوا جس کا نام مختصر المعانی رکھا۔ تلخیص المفتاح متن ہے شرح نہیں اس لیے شارح کے حالات مطلوب نہ ہوئے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

البتہ تلخیص المفتاح کے مصنف کا نام یہ ہے: ''جلال الملت والدین محمد بن عبدالرحمٰن القزوینی'' جو جامع مسجد دمشق کے خطیب تھے۔

(ب) مقتضی الظاہر کے خلاف کلام لانے کی صورتیں:

کلام کو مقتضی الظاہر کے خلاف لانے کی چند صورتیں ہیں:

☆ کبھی کبھی غیر سائل کو سائل کی طرح بنالیا جاتا ہے۔ اور اس غیر سائل سے سائل و طالب جیسا کلام کیا جاتا ہے۔ یہ اس وقت ہوگا جب غیر سائل کی طرف کوئی ایسی چیز مقدم کی جس نے کسی خبر کی طرف اشارہ ہوتا ہو۔ وہ غیر سائل حکم کا ایسے انتظار کرتا ہے جیسا کہ طالب اور متردد جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَo''

☆ کبھی کبھی غیر منکر کو منکر کی طرح بنالیا جاتا۔ اور اس غیر منکر منکر جیسا کلام کرلیا جاتا ہے۔ یہ اس وقت ہوگا جب اس غیر منکر سے کوئی ایسی شئی ظاہر ہو جو انکار کی علامات سے ہو جیسے حجل بن نضلہ کا قول:

''جَاءَ شَقِيْقٌ عَارِضًا رُمْحَه ۔ اِنَّ بنی عَمِّكَ فِيْهِمْ رماحٌ''۔

☆ کبھی کبھی منکر کو غیر منکر کی طرح بنالیا جاتا ہے۔ جب منکر کے پاس ایسے دلائل ہوں کہ وہ اگر ان میں غور و فکر کرے تو اپنے انکار سے رجوع کرلے جیسے لَارَيْبَ فِيْهِ ۔ قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ یوں کہا جاتا ''اِنَّهٗ لَارَيْبَ فِيْهِ'' کیونکہ یہ کلام منکرین قرآن کے لئے کہا ہے۔

سوال نمبر 3:-(الف) علم المعانی کی تعریف کرکے ابواب ثمانیہ اور ان کی وجہ حصر لکھیں؟

(ب) تنافر، غرابت، مخالفت قیاس اور تعقید میں سے ہر ایک کی تعریف و مثال لکھیں؟

جواب: (الف) علم معانی کی تعریف:

علم معانی وہ علم جس سے لفظ عربی کے ایسے احوال معلوم ہوں کہ جن کے ذریعے لفظ مقتضی الحال کے مطابق ہو جائے۔

آٹھ ابواب میں وجہ حصر:

علم معانی آٹھ ابواب میں بند ہے۔ علم معانی کا مقصود آٹھ ابواب میں بند ہونے کی دلیل یہ ہے کہ دیکھیں گے کہ کلام خبر ہے یا انشاء۔ اگر خبر ہو تو اس کے لیے مسند الیہ کا ہونا ضروری ہوگا، تو باب اول ہے یعنی احوال المسند الیہ۔ مسند کا ہونا بھی ضروری ہوگا تو یہ باب ثانی ہے یعنی ''مسند کے احوال'' اسناد کا ہونا بھی ضروری ہے تو یہ تیسرا باب ہوا یعنی ''احوال الاسناد'' پھر مسند کے متعلقات بھی ہوتے ہیں تو یہ چوتھا باب یعنی ''احوال متعلقات فعل'' پھر اسناد اور تعلق میں سے ہر ایک قصر کے ساتھ ہوگا تو یہ پانچواں باب ہے یعنی ''بابُ القصر'' پھر ہر جملہ جب دوسرے کے ساتھ مقترن ہوگا تو عطف کے ساتھ ہوگا یا بغیر عطف کے تو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

یہ چھٹا باب ہے یعنی "باب الفصل والوصل" پھر کلام بلیغ کسی فائدہ کی وجہ سے اصل مراد پر زائد ہوگی یا نہ ہوگی تو ساتواں باب ہے یعنی "ایجاز اطناب مساوات" اور اگر کلام انشاء ہو تو آٹھواں باب۔ یوں علم معانی کا مقصود آٹھ ابواب میں بند ہے۔

(ب) تنافر کی تعریف: کلمہ میں ایسی وصف جس کی وجہ سے وہ کلمہ زبان پر ثقیل ہو جائے جیسے مستشزرات۔

غرابت کی تعریف: کلمہ کا معنی ظاہر نہ ہونا اور مانوس الاستعمال نہ ہونا جیسے مسرج۔

مخالفتِ قیاس کی تعریف: کلمہ کا صرفی قانون کے مخالف ہونا جیسے اجلل۔

تعقید کی تعریف: کسی خلل کی وجہ سے کلام اپنے مرادی معنی پر جلدی سے دلالت نہ کرے۔ خلل اگر نظم میں واقع ہوا سے تعقید لفظی کہتے ہیں اور اگر انتقال میں واقع ہو تو اسے تعقید معنوی کہتے ہیں۔

اول کی مثال جیسے وما مثله فی الناس اِلا مملکاً ابو امه حی ابوه یقاربه ۔

ثانی کی مثال جیسے ساطلب بُعدَ الدّار عنکُم لِتقرُبُوا ۔ وَتسکُبُ عَیْنَایَ الدموعَ لِتَجْمُدَ ۔

حصہ دوم: منطق

سوال نمبر 4:- قَوْلُهُ الْعِلْمُ هُوَ الصُّورَةُ الْحَاصِلَةُ مِنَ الشَّیْءِ عِنْدَ الْعَقْلِ وَالْمُصَنِّفُ لَمْ یَتَعَرَّضْ لِتَعْرِیْفِهِ اِمَّالِلْاِکْتِفَاءِ بِالتَّصَوُّرِ بِوَجْهٍ مَّا فِیْ مَقَامِ التَّقْسِیْمِ وَاِمَّا لِاَنَّ تَعْرِیْفَ الْعِلْمِ مَشْهُوْرٌ مُّسْتَفِیْضٌ وَاِمَّا لِاَنَّ الْعِلْمَ بَدِیْهِیُّ التَّصَوُّرِ عَلٰی مَاقِیْلَ

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) علم منطق کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت شرح تہذیب کی روشنی میں کریں۔

جواب: (الف) اعراب وترجمۃ العبارۃ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔ ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں "ماتن کا قول "العلم" شئی کی وہ صورت جو عقل کے ہاں حاصل ہو، علم ہے۔ اور مصنف نہیں درپے ہوئے علم کی تعریف کے یا تو مقام تقسیم میں تصور بوجہ ما پر اکتفاء کرتے ہوئے یا اس لیے کہ علم کی تعریف مشہور یا اس لیے کہ علم بدیہی اور واضح چیز ہے جیسا کہ علماء نے کہا"۔

(ب) علم منطق کی تعریف: منطق وہ قانونی آلہ ہے جس کی رعایت کرنے سے ذہن کو فکری غلطی سے بچایا جا سکے۔

علم منطق کا موضوع: اس علم کا موضوع معلوم تصوری اور معلوم تصدیقی ہیں اس حیثیت سے کہ وہ مطلوب تصوری تک پہنچائے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

علم منطق کی غرض: اس علم کی غرض ذہن کو فکری غلطی سے بچانا ہے۔

سوال نمبر5:-(الف) فهٰذا غاية تهذيب الكلام في تحرير المنطق والكلام .
عبارت میں تہذیب مصدر کے ھذا پر حمل کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ درست ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ شرح تہذیب کی روشنی میں تفصیل سے لکھیں؟ نیز لفظ "تحرير" لانے کا فائدہ بتائیں۔
(ب) کلی کے افراد خارج میں پائے جانے اور نہ پائے جانے کے اعتبار سے اقسام مع وجہ حصر تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) مصدر کا حمل:

تہذیب مصدر ہے اور مصدر کا حمل ذات پر اگرچہ جائز نہیں لیکن اگر کوئی غرض مقصود ہو تو جائز ہے۔ اس جگہ بھی جائز ہے کیونکہ غرض یا تو مبالغہ حاصل کرنا ہے جیسا کہ زید عدل میں مبالغۃً حمل ہو رہا ہے۔ یا پھر اس جگہ عبارت محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں ہے: "هذا كلام مهذب غايه التهذيب" خبر کو حذف کیا مفعول مطلق کو اس کے قائم مقام کیا۔ تو یہ مجاز في الحذف کے قبیلہ سے ہو جائے گا۔

لفظ تحریر لانے کا فائدہ:

لفظ تحریر لا کر ماتن نے اس بات کی طرف اشارہ کر دیا کہ یہ کتاب حشو اور تطویل سے خالی ہے۔ لفظ بیان لانے میں یہ فائدہ حاصل نہ ہوتا۔

(ب) کلی کی اقسام اور ان میں وجہ حصر:

دیکھیں گے کہ افراد کا خارج میں پایا جانا ممتنع ہے یا ممکن۔ اگر ممتنع ہو تو قسم اول جیسے شریک باری تعالیٰ۔ اور اگر ممکن ہو تو دیکھیں گے کہ پائے گئے ہیں یا نہیں۔ اگر نہیں تو قسم ثانی اگر پائے گئے ہوں تو پھر دیکھیں ایک پایا گیا ہے یا متعدد۔ اگر ایک پایا گیا ہو تو دیکھیں گے کہ اس کے ساتھ غیر کا پایا جانا ممکن ہے یا نہیں۔ اگر ایک کے ساتھ غیر کا پایا جانا ممکن ہو تو قسم ثالث اور اگر ایک کے ساتھ غیر کا پایا جانا ممتنع ہو تو قسم رابع۔ اگر متعدد پائے جائیں تو دیکھیں گے کہ متعدد متناہی ہیں یا غیر متناہی۔ اگر متناہی ہوں تو قسم خامس اور اگر غیر متناہی ہوں تو قسم سادس۔ یوں کلی کے افراد خارج میں پائے جانے اور نہ پائے جانے کے اعتبار سے اس کی چھ اقسام ہوئیں۔

تعریفات وامثلہ:

پہلی قسم کی تعریف: وہ کلی جس کے افراد کا خارج میں پایا جانا ممتنع ہو جیسے شریک باری تعالیٰ۔

دوسری قسم کی تعریف: وہ کلی جس کے افراد کا خارج میں پایا جانا ممکن تو ہو لیکن پائے نہ جائیں جیسے عنقاء۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تیسری قسم کی تعریف: وہ کلی جس کا خارج میں ایک فرد پایا جائے اور غیر کا پایا جانا ممکن ہو جیسے شمس۔

چوتھی قسم کی تعریف: وہ کلی جس کا خارج میں ایک فرد پایا جائے اور غیر کا پایا جانا ممتنع ہو جیسے واجب الوجود کا مفہوم۔

پانچویں قسم کی تعریف: وہ کلی جس کے خارج میں کثیر اور متناہی افراد پائے جائیں جیسے کواکب سیارہ۔

چھٹی قسم کی تعریف: وہ کلی کہ جس کے خارج میں کثیر اور غیر متناہی افراد پائے جائیں جیسے معلوماتِ باری تعالیٰ۔

سوال نمبر 6:- (الف) معرف کی باعتبار تقسیم اول کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ وجہ حصر مع تعریفات و امثلہ لکھ کر معرف لفظی کی تعریف و مثال تحریر کریں؟

(ب) اَلَّذِیْ هَدَانَا سَوَاءَ الطَّرِيقِ وَجَعَلَ لَنَا التَّوْفِيْقَ خَيْرَ رَفِيْقٍ.

اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز ہدایت کی اقسام مع امثلہ لکھ کر بتائیں سواء الطریق سے کیا مراد ہے؟

جواب: (الف) تقسیم اول کے اعتبار سے معرف کی اقسام:

تقسیم اول کے اعتبار سے معرف کی چار اقسام ہیں:

وجہ حصر کا بیان:

شئی کا معرف یا تو مفصل قریب پر مشتمل ہو گا تو یہ حد ہے۔ یا خاصہ پر مشتمل ہوگا تو یہ رسم ہے۔ پھر حد تین حال سے خالی نہیں۔ یا تو جنس قریب اور فصل قریب پر مشتمل ہوگی یا جنس بعید اور فصل قریب پر مشتمل ہو گی یا پھر فقط فصل قریب پر۔ بصورت اول حد تام بصورت ثانی و ثالث حد ناقص۔ اسی طرح رسم بھی تین حال سے خالی نہیں کہ وہ جنس قریب اور خاصہ پر مشتمل ہوگی یا جنس بعید اور خاصہ پر یا پھر صرف خاصہ پر مشتمل ہوگی۔ بصورت اول رسم تام اور بصورت ثانی و ثالث رسم ناقص کہلائے گی۔

اقسام اربعہ کی تعریفات و امثلہ:

حد تام: جو جنس قریب اور فصل قریب پر مشتمل ہو جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق سے کرنا۔

حد ناقص: وہ حد جو جنس بعید اور فصل قریب پر مشتمل ہو یا فقط فصل قریب پر مشتمل ہو جیسے انسان کی تعریف جسم ناطق یا فقط ناطق سے کرنا۔

رسم تام: وہ رسم جو جنس قریب اور خاصہ پر مشتمل ہو جیسے انسان کی تعریف حیوانِ ضاحک سے کرنا۔

رسم ناقص: وہ رسم جو جنس قریب اور خاصہ یا فقط خاصہ پر مشتمل ہو جیسے انسان کی تعریف جسم ضاحک یا فقط ضاحک سے کرنا۔

معرف لفظی کی تعریف: وہ حد شئی پر محمول ہو اور اس شئی کے تصور کا فائدہ دے جیسے انسان کی تعریف

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

حیوان ناطق سے کرنا تعریف لفظی ہے۔

(ب) اعراب وترجمہ: اعراب اوپر لگادیے ہیں ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

''وہ ذات جس نے ہدایت دی ہمیں سیدھے راستے اور بنایا اس نے ہمارے لیے توفیق کو بہترین ساتھی''۔

ہدایت کی اقسام:

قسم اوّل: بعض نے کہا کہ ہدایت یہ ہے کہ کسی کو مطلوب تک پہنچانا۔

قسم ثانی: بعض نے کہا کہ ہدایت ایسا راستہ دکھانا ہے' جو مطلوب تک پہنچادے۔

دونوں میں فرق: قسم اوّل کو ایصال الی المطلوب لازم ہے اور قسم ثانی کو مطلوب تک پہنچانا لازم نہیں۔ قسم اوّل کی مثال کہ کسی نے مثلاً یادگار کا پوچھا تو اس پوچھنے والے کو یادگار پہنچانا ہدایت ہے۔ قسم ثانی کی مثال کہ کسی نے مینار پاکستان کا پوچھا تو اس کو ایسا راستہ اور علامات بتا دینا جو پوچھنے والے کو مینار پاکستان تک پہنچادے' ہدایت ہے۔ اس کا ہاتھ پکڑ کر مینار پاکستان پہنچانا لازم نہیں۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ 12

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:-وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ مُبْتَدَأٌ وَمَا بَعْدَهٗ صِفَاتٌ لَّهٗ اِلٰى اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ غَيْرَ الْمُعْتَرِضِ فِيْهِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا اَىْ بِسَكِيْنَةٍ وَتَوَاضُعٍ وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ بِمَا يَكْرَهُوْنَهٗ قَالُوْا سَلٰمًا اَىْ قَوْلًا يَسْلَمُوْنَ فِيْهِ مِنَ الْاِثْمِ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا جَمْعُ سَاجِدٍ وَقِيَامًا بِمَعْنٰى قَائِمِيْنَ اَىْ يُصَلُّوْنَ بِاللَّيْلِ . .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) اغراض مفسر کی وضاحت کریں؟ ۶

(ج) سورۃ فرقان میں رحمٰن کے بندوں کی کتنی اور کون سی صفات بیان ہوئی ہیں؟ تحریر کریں؟ ۸

سوال نمبر2:-ولقد اتينا لقمن الحكمة منها العلم والديانة والاصابة فى القول وحكمة كثيرة ماثورة كان يفتى قبل بعث داؤد ادرك زمنه واخذ منه العلم وترك الفتيا وقال فى ذلك الا اكتفى اذا كفيت وقيل له اى الناس شر قال الذى لايبالى ان راه الناس مسيئا .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو کیا وصیتیں کیں؟ سپرد قلم کریں؟ ۱۳

سوال نمبر3:-يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ مِّنَ الْكُفَّارِ مُتَحَزِّبُوْنَ اَيَّامَ حَفْرِ الْخَنْدَقِ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا مَلٰٓئِكَةً وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بِالتَّاءِ مِنْ حَفْرِ الْخَنْدَقِ وَبِالْيَاءِ مِنْ تَحْزِيْبِ الْمُشْرِكِيْنَ .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) غزوہ احزاب کا واقعہ تفصیل کے ساتھ قلمبند کریں؟ ۱۰

(ج) خندق کھودنے کا مشورہ کس صحابی نے دیا؟ ۳

سوال نمبر4:-(يأيها الذين اٰمنوا اذا نكحتم المؤمنات ثم طلقتموهن من قبل أن

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تمسوهن) وفي قراءة تماسوهن اى تجامعوهن (فمالكم عليهن من عدة تعتدونها) تحصونها بالأقراء أو غيرها (فمتعوهن) أعطوهن مايتمتعن به أى ان لم يسم لهن أصدقة والا فلهن نصف المسمى فقط قاله ابن عباس و عليه الشافعي .

(الف) کلام باری تعالیٰ کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ صیغے حل کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) طلاق حسن، طلاق احسن اور طلاق بدعی سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں؟ ۱۳

☆☆☆☆

خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2023ء

پہلا پرچہ: تفسیر جلالین

سوال نمبر 1:- وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ مُبْتَدَأٌ وَمَا بَعْدَهٗ صِفَاتٌ لَّهٗ اِلٰى اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ غَيْرَ الْمُعْتَرِضِ فِيْهِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا اَىْ بِسَكِيْنَةٍ وَتَوَاضُعٍ وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ بِمَا يَكْرَهُوْنَهٗ قَالُوْا سَلٰمًا اَىْ قَوْلًا يَسْلَمُوْنَ فِيْهِ مِنَ الْاِثْمِ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا جَمْعُ سَاجِدٍ وَقِيَامًا بِمَعْنٰى قَائِمِيْنَ اَىْ يُصَلُّوْنَ بِاللَّيْلِ .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: تشکیل عبارت: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ: "اور اللہ کے بندے (یہ مبتداء ہے اور اس کا مابعد والی عبارت اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ تک اس کی صفت ہے جملہ معترضہ کے علاوہ) وہ ہیں جو زمین پر نرمی سے چلتے ہیں (یعنی سکون اور عاجزی کے ساتھ) اور جب ان سے بے علم لوگ مخاطب ہوتے ہیں (ایسے کلام کے ساتھ جسے وہ ناپسند کرتے ہیں) تو انہیں سلام کہتے ہیں (یعنی ایسی بات جس میں گناہ سے سلامتی ہوتی ہے) اور وہ لوگ جو حالت سجدہ میں اپنے رب کے حضور رات گزارتے ہیں (یہ ساجد کی جمع ہے) اور قیام کی حالت میں (قیام مصدر بمعنی قائمین اسم فاعل ہے یعنی رات کو نماز پڑھتے ہیں۔"

(ب) اغراض مفسر کی وضاحت کریں؟

اغراض مفسر کی وضاحت:

مفسر رحمہ اللہ تعالیٰ نے عباد الرحمٰن کے بعد عبارت نکال کر اس کی نحوی ترکیب بیان کی ہے۔ ھونًا کے بعد عبارت نکال کر لفظ ھون کا آسان معنی بیان کیا۔ بما یکرھونه نکال کر یہ بتایا کہ الجاھلون کا صلہ محذوف ہے۔ سلمًا کے بعد عبارت نکال کر عباد الرحمن کے سلام کرنے کا مطلب بتا دیا کہ جاہلین

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سے مباحثہ ترک کر دیتے ہیں تاکہ کوئی لغو کلام نہ ہو جائے۔ سجدًا کی لفظی تحقیق بتادی کہ وہ ساجد کی جمع ہے۔ قیام مصدر ہے لیکن اسم فاعل کے معنیٰ میں ہے' کیونکہ ترکیب میں حال واقع ہو رہا ہے۔ اس اسم فاعل کے معنی میں لینا ضروری ہے تاکہ محض وصف کا حمل لازم نہ آئے۔

(ج) سورۃ فرقان میں رحمٰن کے بندوں کی کتنی اور کون سی صفات بیان ہوئی ہیں؟ تحریر کریں؟

سورۃ فرقان میں درج ذیل آٹھ صفات کا ذکر ہے:

۱- زمین پر نرمی سے چلنا۔	۲- جاہل لوگوں سے کنارہ کشی کرنا۔
۳- رات حالت قیام و سجود میں گزارنا۔	۴- عذابِ جہنم سے پناہ مانگنا۔
۵- فضول خرچی سے اجتناب کرنا۔	٦- صرف اللہ ہی کی عبادت کرنا۔
۷- اللہ تعالیٰ کے حرام کردہ قتل کو قتل نہ کرنا۔	۸- جھوٹی شہادت نہ دینا۔

سوال نمبر 2:- وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ مِنْهَا الْعِلْمُ وَالدِّيَانَةُ وَالْاِصَابَةُ فِي الْقَوْلِ وَحِكَمُهٗ كَثِيْرَةٌ مَأْثُوْرَةٌ كَانَ يُفْتِيْ قَبْلَ بَعْثِ دَاوٗدَ اَدْرَكَ زَمَنَهٗ وَاَخَذَ مِنْهُ الْعِلْمَ وَتَرَكَ الْفُتْيَا وَقَالَ فِيْ ذٰلِكَ اَلَا اَكْتَفِيْ اِذَا كُفِيْتُ وَقِيْلَ لَهٗ اَيُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ الَّذِيْ لَا يُبَالِيْ اَنْ رَاٰهُ النَّاسُ مُسِيْئًا ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مسنون پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت: اعراب اوپر لگادیے گئے ہیں۔

ترجمہ: اور ہم نے لقمان کو دانائی بخشی (انہی میں سے علم، دیانت اور راست گوئی ہے)۔ اور ان کی حکمت کی (باتیں) بہت ہیں جو کہ منقول ہیں اور وہ حضرت داؤد کی بعثت سے پہلے فتویٰ دیا کرتے تھے۔ حضرت لقمان نے داؤد کا زمانہ پایا تھا اور ان سے علم بھی حاصل کیا تھا۔ اور (داؤد کی بعثت کے بعد) فتویٰ دینا ترک کر دیا تھا۔ فتویٰ کے معاملہ میں فرمایا: کیا میں سبکدوشی اختیار نہ کروں؟ آپ سے دریافت کیا گیا کہ بدترین شخص کون ہے؟ جواب دیا: وہ شخص جو اس بات کی پرواہ نہ کرے کہ لوگ اسے برا کرتے ہوئے دیکھیں گے۔

(ب) حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو کیا وصیتیں کیں؟ سپردِ قلم کریں؟

بیٹے کو نصیحتیں:

حضرت لقمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا:

(۱) اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا۔ (۲) اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔ (۳) بری خصلت سے بچنا۔ (۴) نماز قائم رکھنا۔ (۵) اچھے کاموں کی نصیحت کرنا اور برے کاموں سے منع کرتے رہنا۔ (٦) امر و نہی کے سبب اگر تم پر کوئی مصیبت آجائے' تو صبر کرنا۔ (۷) لوگوں سے تکبر کی وجہ سے اپنا رخ نہ پھیرنا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۸) زمین پر اکڑ کر مت چلنا۔ (۹) اپنی آواز کو پست رکھنا۔

سوال نمبر 3:-یـاایها الذین امنوا اذکر و انعمة الله علیکم اذجاء تکم جنود من الکفار متحزبون ایام حفر الخندق فارسلنا علیهم ریحا و جنود الم تروها ملائکة و کان الله بما تعلمون بالتاء من حفر الخندق وبالیاء من تخریب المشرکین .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: تشکیل عبارت:

ترجمہ: مومنو! خدا کی اس مہربانی کو یاد کرو جب فوجیں تم پر حملہ کرنے کو آئیں (کفار کے بہت سے لشکر خندق کھودنے کے دنوں میں) تو ہم نے ان پر ہوا بھیجی اور ایسے لشکر (نازل) کیے جن کو تم دیکھ نہیں سکتے تھے (فرشتے) اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ ان کو دیکھ رہا ہے۔ تاء کے ساتھ مراد ہے خندق کھودنا اور یاء کے ساتھ مراد ہے مشرکین کی تخریب کاری۔

(ب) غزوہ احزاب کا واقعہ تفصیل کے ساتھ قلمبند کریں؟

غزوہ احزاب کا واقعہ:

غزوۂ احزاب ۵ ھ ذی قعدہ کے مہینے میں واقع ہوا۔ اس کا دوسرا نام غزوۂ خندق بھی ہے۔ جب بنونضیر جلا وطن ہو کر خیبر کے مقام پر آ رہے تھے اور انہوں نے دیگر قبائل عرب کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا، بنوقریظہ پہلے تو راضی نہ ہوئے مگر حیی بن اخطب نے ان کو بھی راضی کر لیا۔ ان تمام قبائل اور قریش مکہ کو مسلمانوں کے ساتھ لڑائی کرنے کے لیے اُبھارا۔ غرض انہوں نے بارہ ہزار کا لشکر تیار کر کے مدینہ پر چڑھائی کا ارادہ کیا۔ کفار کی تیاری سے متعلق خبریں سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے مشورہ کیا۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کہا: کھلے میدان میں جا کر لڑنا مصلحت نہیں ہے بلکہ مدینہ اور دشمن کے درمیان ایک خندق کھود کر مقابلہ کیا جائے، سب نے اس رائے کو پسند کیا۔ چنانچہ آپ نے مستورات اور بچوں کو شہر کے محفوظ قلعوں میں منتقل کر دیا۔ بذات خود تین ہزار لشکر کے ساتھ شہر سے نکلے اور سلع کی پہاڑی کو پس پشت رکھ کر خندق کھودی۔ اسی وجہ سے اس کو غزوۂ خندق بھی کہتے ہیں۔ خندق کھودنے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بذات خود حصہ لیا۔ کفار نے ایک مہینہ تک محاصرہ کیا مگر خندق عبور نہ کر سکے۔ ایک دن کفار کے کچھ سوار عمرو بن عبدود وغیرہ ایک جگہ سے خندق عبور کرنے میں کامیاب ہو گئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو واصل جہنم کیا اور باقی ساتھیوں کے حوصلے پست ہو گئے۔ آخر کار قریظہ و قریش میں پھوٹ پڑ گئی۔ سردی کا موسم ہونے کے باوجود ایک رات ایسا طوفان آیا کہ خیموں کی طنابیں اکھڑ گئیں، گھوڑے بھاگ گئے، ہانڈیاں الٹ گئیں، سامان رسد ختم ہو گیا، قریش محاصرہ ختم کرنے پر مجبور ہو گئے اور بنوقریظہ اپنے قلعوں میں واپس چلے گئے۔ اس غزوہ میں آپ سے بہت سے معجزات ظاہر ہوئے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج) خندق کھودنے کا مشورہ کس صحابی نے دیا؟

خندق کھودنے کا مشورہ دینے والے صحابی کا نام حضرت سلمان فارسی تھا۔

سوال نمبر 4:-(یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثم طلقتموهن من قبل أن تمسوهن) وفي قراءة تماسوهن أي تجامعوهن (فمالكم عليهن من عدة تعتدونها) تحصونها بالأقراء أو غيرها (فمتعوهن) أعطوهن مايتمتعن به أي ان لم يسم لهن أصدقة والا فلهن نصف المسمى فقط قاله ابن عباس و عليه الشافعي .

(الف) کلام باری تعالیٰ کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ صیغے حل کریں؟

جواب: ترجمہ: اے مومنو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو۔ پھر عمل زوجیت سے پہلے ان کو طلاق دیدو تو تمہارے لیے ان پر کسی قسم کی عدت نہیں جس کا تم شمار کرو۔ سو تم ان کو فائدہ دے کر حسن سلوک سے رخصت کردو۔

صیغے:

تَمَسُّوْهُنَّ: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل مضارع جازم بان شرطیہ ثلاثی مجرداز باب نَصَرَ يَنْصُرُ۔

تَعْتَدُّوْنَهَا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل مضارع معروف ثلاثی مجرداز باب نَصَرَ يَنْصُرُ۔

لَمْ يسم: صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد بلم معروف ثلاثی مزید از باب تفعیل۔

(ب) طلاق حسن، طلاق احسن اور طلاق بدعی سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں؟

طلاق حسن: اس کو طلاق سنت بھی کہتے ہیں: شوہر، بیوی کو جو مدخول بہا ہو تین طہر میں تین طلاقیں دے۔

طلاق احسن: شوہر اپنی بیوی کو ایسے طہر میں طلاق دے جس میں اس سے جماع نہ کیا ہو اور ایک طلاق رجعی دے کر چھوڑ دے یہاں تک کہ عدت پوری ہو جائے، اسے طلاق احسن کہتے ہیں۔

طلاق بدعت: شوہر ایک ہی کلمے کے ساتھ یا ایک ہی طہر میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں اکٹھی دے دے۔ ایسا کرنے سے طلاق تو واقع ہو جائے گی مگر شوہر گناہ گار ہوگا۔ ایسی طلاق کو طلاق بدعی کہتے ہیں۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: قسم اول سے کوئی سے دو جبکہ قسم ثانی کے دونوں سوال حل کریں؟

قسم اول......حدیث

سوال نمبر 1:- قال باخبرنی عن الساعة متى هل قال ما المسؤل عنها باعلم من السائل ولكن لها شرائط ـ

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت کا علم تھا؟ اہلسنّت کا مؤقف تفصیلاً تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) قیامت کی پانچ نشانیاں سپردِ قلم کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 2:- عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لعن القدرية وقال مامن نبى بعثه الله تعالىٰ قبلى الاحذر امته منهم ـ

(الف) حدیث مذکور کی تشکیل وترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) لعنت کا مفہوم بیان کریں اور بتائیں کہ فرقہ قدریہ پر لعنت کیوں کی گئی ہے؟ ۱۰

(ج) فرقہ قدریہ کے عقائد تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:- درج ذیل عنوانات پر ایک ایک حدیث سپردِ قلم کریں؟

(الف) مسواک کی فضیلت، جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی فضیلت، سنت فجر کی فضیلت

۵×۳=۱۵

(ب) رفع یدین کے متعلق امام اعظم اور امام اوزاعی کے درمیان جو مکالمہ ہوا تحریر کریں؟ ۱۵

قسم ثانی......عربی ادب

سوال نمبر 4:- درج ذیل اشعار میں سے صرف پانچ کا ترجمہ کریں؟ ۵×۶=۳۰

(۱) تجاوزت أحراسا اليها ومعشرا　　علی حراصا لويسرون مقتلی

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۲) هصرت بفودى رأسها فتمايلت علي هضيم الكشح ريا المخلخل
(۳) وفرع يزين المتن أسود فاحم أثيث كقنو النخلة المتعثكل
(۴) ألا أيها الليل الطويل ألا انجلي بصبح وما الاصباح منك بأمثل
(۵) وتبسم عن ألمى كان منورا تخلل حر الرمل دعص له ند
(٦) ووجه كأن الشمس ألقت رداء ها عليه نقى اللون لم يتخدد

سوال نمبر 5:-درج ذیل جموع کے مفردات مع معانی تحریر کریں؟ ۱۰

سموات، التمائم، غدائر، أساريع، مساويك

☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

قسم اوّل: حدیث

سوال نمبر 1:-قَالَ فَاَخْبِرْنِی عَنِ السَّاعَةِ مَتٰی هَلْ قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلٰكِنْ لَّهَا شَرَائِطُ ۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب وترجمہ حدیث:

اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: ''پھر اس نے کہا: مجھے قیامت کا حال بتائیے کہ وہ کب آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے سوال کرتے ہو وہ اس سے متعلق سائل سے زیادہ نہیں جانتا۔ البتہ اس کی چند علامات ہیں۔''

(ب) کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت کا علم تھا؟ اہلسنت کا موقف تفصیلاً تحریر کریں؟

علم قیامت:

اہل سنت کا موقف ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت کا علم تھا، کیونکہ آپ نے قیامت کے بارے میں سب کچھ بتا دیا، صرف سال نہیں بتایا۔ اگر آپ یہ بھی بتا دیتے تو معلوم ہو جاتا کہ کس سال آئے گی اور اس کے آنے میں کتنا وقت رہ گیا ہے، تو قیامت کا آنا اچانک نہ رہتا جیسا کہ قرآن میں ہے:

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

فَيَأْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ o (الشعراء:202)

یعنی ان کے سروں پر اچانک آ ئے گی اوران کواس کا شعور بھی نہ ہوگا۔

پس آپ نے اپنے علم کے اظہار کے لیے وقوع قیامت کی تمام نشانیاں، مہینہ، تاریخ، دن اور دن کا مخصوص وقت تک سب کچھ بتادیا۔

(ج) قیامت کی پانچ نشانیاں سپردِ قلم کریں؟

علاماتِ قیامت:

قیامت کی پانچ علامات درج ذیل ہیں:

۱- تین خسف ہوں گے ایک مشرق میں، دوسرا مغرب میں اور تیسرا جزیرہ عرب میں۔

۲- مرد کم ہوں گے اور عورتیں زیادہ یہاں تک کہ ایک فرد کی سرپرستی میں پچاس عورتیں ہوں گی۔

۳- دین پر قائم رہنا اتنا دشوار ہوگا جیسے مٹھی میں انگارا لینا۔

۴- ماں باپ کی نافرمانی کی جائے گی۔

۵- مرد اپنی عورت کا تابع/مطیع ہوگا۔

سوال نمبر 2:- عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللهُ الْقَدَرِيَّةَ وَقَالَ مَا مِنْ نَبِيٍّ بَعَثَهُ اللهُ تَعَالٰى قَبْلِیْ اِلَّا حَذَّرَ اُمَّتَهٗ مِنْهُمْ لَعَنَهُمْ .

(الف) حدیث مذکور کی تشکیل وترجمہ کریں؟

جواب: حدیث کی تشکیل: حدیث کی تشکیل سوالیہ حصہ میں ملاحظہ کریں؟

ترجمہ حدیث: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرقہ قدریہ پر لعنت کی ہے۔ نیز فرمایا: مجھ سے پہلے کوئی نبی ایسے نہیں بھیجے گئے جنہوں نے اپنی امت کو ان سے نہ ڈرایا ہو اور ان پر لعنت نہ کی ہو۔

(ب) لعنت کا مفہوم بیان کریں اور بتائیں کہ فرقہ قدریہ پر لعنت کیوں کی گئی ہے؟

مفہوم لعنت: لعنت ایک بددعا ہے جس کا معنی ہے کہ اللہ کی رحمت سے دور ہونا اور محروم ہونا ہے۔ جب کوئی کسی پر لعنت کرتا ہے، تو گویا وہ اس کے حق میں بددعا کرتا ہے کہ تم اللہ کی رحمت سے محروم ہو جاؤ۔

فرقہ قدریہ پر لعنت کرنے کا سبب: یہ فرقہ تقدیر کا منکر ہے جو ایمان کا چھٹا رکن ہے، اگر کسی ایک بھی رکن ایمان کا انکار کیا جائے، تو انسان دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ پس اس کے منکر تقدیر اور غلط عقائد کے سبب ان پر لعنت کی گئی ہے۔ اسلام میں انتشار پھیلانے کے سبب بھی یہ فرقہ بنا اور قابل ملامت ٹھہرا۔

(ج) فرقہ قدریہ کے عقائد تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

عقائد فرقہ قدریہ: قدریہ فرقے کے لوگ اللہ کی حکمت کے منکر ہیں ان کا عقیدہ ہے کہ یہ ہر انسان کو اس کے افعال کا خالق جانتے ہیں۔ گویا انہوں نے شرک کیا اور آیت قرآن کو جھٹلایا۔

سوال نمبر 3:- درج ذیل عنوانات پر ایک ایک حدیث سپرد قلم کریں؟

(الف) مسواک کی فضیلت، جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی فضیلت، سنت فجر کی فضیلت۔

جواب: عنوانات پر احادیث مبارکہ:

فضیلت مسواک: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رکعتان بالسواك افضل من سبعين ركعة بغير سواك ۔ (الترغیب والترہیب: ج:1، ص: 102 دار الکتب العلمیہ بیروت)

نماز باجماعت کی فضیلت:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صلاة الجماعة تفضل صلاة الفرد بسبع وعشرين درجة ۔ (صحیح بخاری)

سنت فجر کی فضیلت:

عن عائشة رضی اللہ عنها عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ركعتا الفجر خير من دنيا وما فيها ۔ (صحیح مسلم)

(ب) رفع یدین کے متعلق امام اعظم اور امام اوزاعی کے درمیان جو مکالمہ ہوا تحریر کریں؟

مکالمہ امام اعظم و امام اوزاعی کے مابین:

موضوع: رفع یدین: ایک مرتبہ مکہ میں امام اوزاعی کی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات ہوئی تو ان کے درمیان رفع یدین سے متعلق ایک مکالمہ/گفتگو ہوئی اس کا خلاصہ یوں ہے:

امام اوزاعی: کیا وجہ ہے آپ لوگ رکوع کرتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین نہیں کرتے؟

امام ابوحنیفہ: اس لیے کہ اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی صحیح حدیث موجود نہیں ہے۔

امام اوزاعی: کیسے نہیں حالانکہ مجھ سے زہری نے روایت کی ہے انہوں نے سالم سے، انہوں نے اپنے والد (عبداللہ ابن عمر) سے، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے وقت، رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت ہاتھوں کو اٹھاتے تھے۔"

امام ابوحنیفہ: ہم سے حدیث بیان کی ہے حماد نے، انہوں نے ابراہیم نخعی سے، انہوں نے علقمہ اور اسود سے، انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف نماز

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

کے شروع میں ہاتھ اٹھاتے تھے اور پوری نماز میں دوبارہ ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے۔'' یہ سن کر امام اوزاعی نے کہا:

امام اوزاعی: میں آپ کے سامنے سند پیش کر رہا ہوں: زہری، سالم، عبداللہ ابن عمر اور آپ اس کے مقابل یہ سند پیش کر رہے ہیں: حماد، ابراہیم بھلا میری سند کے مقابل آپ کی سند کہاں؟

امام ابوحنیفہ: میری سند میں حماد آپ کی سند کے زہری سے زیادہ حدیث وفقہ کی سمجھ رکھنے والے ہیں اور میری سند میں ابراہیم آپ کی سند کے سالم سے بڑے فقیہ ہیں۔ میری سند میں علقمہ اور اسود ہیں وہ بھی علم فقہ میں بڑا مرتبہ رکھتے ہیں۔ عبداللہ تو پھر عبداللہ ہی ہیں (ان کے رتبے کو ابن عمر کہاں پہنچ سکتے ہیں)

یہ سن کر امام اوزاعی نے خاموشی اختیار کر لی۔

قسم ثانی...... عربی ادب

سوال نمبر4:- درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں؟

(۱) تجاوزت أحراسا اليها ومعشرا علی حراصا لويسرون مقتلی

جواب: ترجمہ: ایسے محافظوں اور قبیلہ سے بچ کر اس تک جا پہنچا جو میرے بارے میں اس (بات) کے خواہشمند ہیں کہ کاش وہ پوشیدہ طور پر مجھے مار ڈالیں۔

(۲) هصرت بفودی رأسها فتمايلت علی هضيم الكشح ريا المخلخل

ترجمہ: تو میں نے دو زلفوں کے ذریعے اُسے جھکایا۔ چنانچہ وہ پتلی کمر اور گداز پنڈلی والی میری طرف جھک آئی۔

(۳) وفرع يزين المتن أسود فاحم أثيث كقنو النخلة المتعثكل

ترجمہ: اور ایسے بال (دکھاتی ہے) جو کمر کو زینت دیتے ہیں، سخت سیاہ ہیں اور بھاری کھجور کے خوشے جیسے گھنے ہیں۔

(۴) ألا أيها الليل الطويل ألا أنجلی بصبح وما الاصباح منك بأمثل

ترجمہ: اے (ہجر کی) شب طویل صبح بن کر روشن ہو جا (پھر ہوش میں آ کر کہتا ہے) اور صبح بھی تجھ سے کچھ بہتر نہیں ہے۔

(۵) وتبسم عن ألمی كان منورا تخلل حر الرمل دعص له ند

ترجمہ: (وہ محبوبہ) گندم گوں والے ہونٹوں سے دانت ظاہر کر کے مسکراتی ہے گویا اس کے دانت ایسا ہر غنچہ درخت بابونہ ہے جس کا نمناک ٹیلہ خالص ریت کے درمیان میں آ گیا ہے۔

(٦) ووجه كأن الشمس ألقت رداء ها عليه نقی اللون لم يتخدد

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ترجمہ: وہ ایسے صاف چہرے سے ہنستی ہے جس پر جھریاں نہیں گویا سورج نے اپنی (نور کی) چادر اس پر ڈال دی ہو۔

سوال نمبر 5:- درج ذیل جموع کے مفردات مع معانی تحریر کریں؟

سموات، التمائم، غدائر، أساريع، مساويك

جواب: جموع کے مفردات مع معانی:

جموع	مفردات	معانی
سَمٰوَاتٌ	سَمَاءٌ	آسمان
اَلتَّمَائِمُ	تَمِيْمَةٌ	دھاگہ
غَدَائِرُ	غَدِيْرَةٌ	بالوں کا جوڑا یا چوٹی
أَسَارِيْعُ	اُسْرُوْعٌ	انگور کی جڑ میں نکلنے والی پہلی کونپل
مَسَاوِيْكُ	سَوِيَّةٌ	برابری

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

تیسرا پرچہ: فقہ

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- وَالطُّهْرُ اِذَا تَخَلَّلَ بَيْنَ الدَّمَيْنِ فِىْ مُدَّةِ الْحَيْضِ فَهُوَ كَالدَّمِ الْمُتَوَالِىْ قَالَ هٰذِهٖ اِحْدَى الرِّوَايَاتِ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَعَنْ اَبِىْ يُوْسُفَ وَهُوَ رِوَايَةٌ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَقِيْلَ هُوَ آخِرُ اَقْوَالِهٖ اَنَّ الطُّهْرَ اِذَا كَانَ اَقَلَّ مِنْ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا لَايَفْصِلُ وَهُوَ كُلُّهٗ كَالدَّمِ الْمُتَوَالِىْ وَالْاَخْذُ بِهٰذَا الْقَوْلِ اَيْسَرُ ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۹+۱۰=۱۹

(ب) ہدایہ کی روشنی میں ہر دو روایات کی وجہ تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) ہدایہ کی روشنی میں پانچ واجباتِ نماز سپردِ قلم کریں؟ ۵

سوال نمبر 2:- المفروض فی مسح الرأس مقدار الناصية وهو ربع الرأس ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں نیز عبارت میں مذکورہ مسئلہ پر ہدایہ کی روشنی میں دلیل پیش کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) مذکورہ مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) "خارج من غير السبيلين" میں احناف وشوافع کا اختلاف مع دلیل لکھیں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:- واذا كان يوم غيم فالمستحب فى الفجر والظهر والمغرب تاخيرها وفى العصر والعشاء تعجيلها ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور ہر دو حکم کی وجہ تحریر کریں؟ ۵+۱۰+۵=۲۰

(ب) افتتاح صلوٰة بالفارسی میں ائمہ کا اختلاف مع الدلائل لکھیں؟ ۱۰

(ج) جماعت کی شرعی حیثیت سپردِ قلم کریں؟ ۳

سوال نمبر 4:- (الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل احکام میں سے چار کی دلیل زینتِ قرطاس کریں؟ ۴×۵=۲۰

(۱) وان حصر الامام عن القراءة فقدم غيره أجزأهم ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۲) فان سجد علی کور عمامته أو فاضل ثوبه جاز ۔

(۳) و کذلك المرأة تؤذن ۔

(۴) ولو جاوزت النجاسة مخرجها لم يجز الا الماء ۔

(۵) وسؤر الفرس طاهر عندهما ۔

(ب) غسل واجب کرنے والے اسباب میں سے چار مع دلیل تحریر کریں؟ ۱۳

☆☆☆☆

خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2023ء

تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر ۱: وَالطُّهْرُ اِذَا تَخَلَّلَ بَيْنَ الدَّمَيْنِ فِيْ مُدَّةِ الْحَيْضِ فَهُوَ كَالدَّمِ الْمُتَوَالِيْ قَالَ هٰذِهٖ اِحْدَى الرِّوَايَاتِ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَعَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ وَهُوَ رِوَايَةٌ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَقِيْلَ هُوَ آخِرُ اَقْوَالِهٖ اَنَّ الطُّهْرَ اِذَا كَانَ اَقَلَّ مِنْ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا لَايَفْصِلُ وَهُوَ كُلُّهٗ كَالدَّمِ الْمُتَوَالِيْ وَالْاَخْذُ بِهٰذَا الْقَوْلِ اَيْسَرُ ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ عبارت: اور وہ طہر جو دو خونوں کے مابین خلال ہو وہ بھی پے در پے آنے والے خون کی طرح ہے، یہ امام ابوحنیفہ سے مروی روایات میں سے ایک روایت ہے۔ امام ابو یوسف سے مروی ہے اور وہی روایت امام ابوحنیفہ سے مروی ہے بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ وہ آپ کا آخری قول ہے۔ وجہ یہ کہ اگر مدت طہر پندرہ دن سے کم ہو تو وہ فاصل نہ بنے گا بلکہ پورا کا پورا پے در پے آنے والے خون کی طرح ہوگا۔ اس قول پر عمل کرنا زیادہ آسان ہے۔

(ب) ہدایہ کی روشنی میں ہر دو روایات کی وجہ تحریر کریں؟

ہر دو روایات کی وجہ:

پہلی روایت کی وجہ یہ ہے کہ اگر طہر پندرہ دنوں سے کم مدت کے لیے دو حیضوں کے مابین فاصل بنے تو یہ طہر طہر فاصل نہیں ہوگا بلکہ آگے اور پیچھے والی پوری کی پوری مدت حیض کہلائے گی۔

دوسری روایت کی وجہ یہ ہے کہ وہ طہر فاسد ہے جس میں مدت طہر پندرہ دن سے کم ہو۔ وہ مسلسل آنے والے دو خونوں کے مابین فاصل بنے ہوگا۔ لہٰذا خون کے ہی درجہ میں ہوگا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج) ہدایہ کی روشنی میں پانچ واجباتِ نماز سپردِ قلم کریں؟

واجبات نماز:

پانچ واجبات نماز ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل ہیں:

1-سورۃ الفاتحہ کا پڑھنا۔

2-عیدین کی تکبیریں۔

3-جو افعال مکرر مشروع ہوئے ہیں ان میں ترتیب کی رعایت کرنا۔

4-قعدۂ اولیٰ اور قعدۂ اخیرہ میں تشہد پڑھنا۔

5-وتر میں دعائے قنوت پڑھنا۔

6-جن نمازوں میں جہر واجب ہے ان میں قرأت سے جہر کرنا (فجر، ظہر، مغرب)

سوال نمبر2:-المفروض فی مسح الرأس مقدار الناصية وهو ربع الرأس ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں نیز عبارت میں مذکورہ مسئلہ پر ہدایہ کی روشنی میں دلیل پیش کریں؟

جواب: ترجمہ عبارت: فرض ہے سر کے مسح میں ناصیہ کی مقدار اور وہ چوتھائی سر ہے۔

مذکورہ مسئلہ پر دلیل: اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قوم کے ڈھیر پر تشریف لائے، آپ نے پیشاب کیا، وضو کیا اور اپنی ناصیہ اور موزوں پر مسح کیا۔

(ب) مذکورہ مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف تحریر کریں؟

مذکورہ مسئلہ میں آئمہ فقہ کا اختلاف:

سر کے مسح کی مقدار میں آئمہ میں اختلاف پایا جاتا ہے اور وہ یہ ہے:

امام اعظم کا مؤقف: آپ کے نزدیک چوتھائی سر کا مسح فرض ہے اور یہ علی الاطلاق ہوگا اور خواہ کسی بھی سمت سے ہو۔

امام شافعی کا مؤقف: آپ کے نزدیک مطلق سر کا مسح فرض ہے، خواہ ایک بال ہی کیوں نہ ہو۔

امام مالک و امام احمد کا مؤقف: ان دونوں حضرات کے نزدیک پورے سر کا مسح فرض ہے۔ اگر دوران مسح کچھ حصہ بھی سر کا رہ گیا تو مسح درست نہ ہوگا۔

(ج) "خارج من غير السبيلين" میں احناف و شوافع کا اختلاف مع دلیل لکھیں؟

احناف کا مؤقف مع دلیل: احناف کے نزدیک خارج من غیر السبیلین میں سیلان کی شرط موجود ہونی چاہیے۔ اس لیے سب سے پہلے دیکھا جائے گا کہ نکلنے والی چیز میں سیلان ہے یا نہیں؟ اگر خارج شدہ چیز

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

میں سیلان ہے اور وہ خود بخود بہہ جاتی ہے تب تو ناقض وضو ہوگی۔ دوسری صورت میں ناقض وضو نہ ہوگی۔

شوافع کا مؤقف مع دلیل: شوافع کے نزدیک خارج من غیر السبیلین سے نکلنے والی چیز ناقض وضو نہیں ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی مگر وضو نہیں کیا۔ پس ثابت ہوا قے ناقض وضو نہیں ہے۔

سوال نمبر 3:- وَإِذَا كَانَ يَوْمُ غَيْمٍ فَالْمُسْتَحَبُّ فِي الْفَجْرِ وَالظُّهْرِ وَالْمَغْرِبِ تَأْخِيرُهَا وَفِي الْعَصْرِ وَالْعِشَاءِ تَعْجِيلُهَا ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور ہر دو حکم کی وجہ تحریر کریں؟

جواب: اعراب اوپر سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ عبارت: اور جس دن بادل ہو تو فجر، ظہر اور مغرب میں تاخیر صلاۃ مستحب ہے اور عصر و عشاء میں تعجیل صلاۃ مستحب ہے۔

پہلے حکم کی وجہ: فجر کی مدت دراز میں کوئی وہم نہیں پایا جاتا۔ اسی طرح ظہر اور مغرب کی ادائیگی کے لیے صحیح وقت کا اندازہ نہیں ہو پاتا۔

دوسرے حکم کی وجہ: عصر کو مؤخر کرنے میں اس کے وقت مکروہ میں واقع ہونے کا وہم پایا جاتا ہے اور عشاء کے مؤخر کرنے میں اندیشہ ہوتا ہے کہ اگر بارش ہوگئی تو جماعت کی تعداد میں کمی واقع ہو جائے گی۔ اس لیے ان دونوں نمازوں کو جلدی ادا کرنا مستحب ہے۔

(ب) افتتاح صلوٰۃ بالفارسی میں ائمہ کا اختلاف مع الدلائل لکھیں؟

آئمہ کا اختلاف مع الدلائل:

آیا نماز کی ابتداء فارسی زبان میں ہوگی یا نہیں؟ اس میں آئمہ فقہ میں اختلاف پایا گیا ہے:

امام ابوحنیفہ کا مؤقف: ''اگر کسی شخص نے فارسی زبان میں نماز شروع کی تو اس کے لیے کافی ہے۔''

ان کی دلیل یہ ہے کہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ''وانه لفي زبر الاولين'' پہلی کتابوں میں عربی زبان میں قرآن نہیں تھا۔ اسی وجہ سے بوجہ عجز غیر عربی میں بھی جائز ہے۔ لہٰذا نماز درست ہوگی۔

صاحبین کا مؤقف: صاحبین کے نزدیک صرف ذبیحہ کافی ہے اگر وہ شخص عربی نہ جانتا ہو تو کافی ہے۔

ان کی دلیل یہ ہے کہ قرآن عربی کلام کا نام ہے جیسا کہ نص اس سلسلہ میں ناطق ہے لیکن بوقت عجز معنی پر اکتفا کیا جائے گا۔

امام محمد کا مؤقف: افتتاح سے متعلق گفتگو میں امام محمد، امام ابوحنیفہ کے ساتھ ہیں اور فارسی کے مسئلہ میں امام ابو یوسف کے ساتھ ہیں، کیونکہ عربی زبان کو وہ خصوصیت حاصل ہے جس سے دیگر زبانیں محروم ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج) جماعت کی شرعی حیثیت سپردِ قلم کریں؟

جماعت کی شرعی حیثیت: الجماعة سنة مؤكدة (جماعت سنت مؤکدہ ہے)

سوال نمبر 4:-(الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل احکام کی دلیل زینتِ قرطاس کریں؟

(۱) وان حصر الامام عن القراءة فقدم غيره أجزأهم ۔

(۲) فان سجد على كور عمامته أو فاضل ثوبه جاز ۔

(۳) و كذلك المرأة تؤذن ۔

(۴) ولو جاوزت النجاسة مخرجها لم يجز الا المآء ۔

(۵) وسؤر الفرس طاهر عندهما ۔

جواب: (۱) دلیل: امام اعظم کے نزدیک علت کو عجز کے وقت خلیفہ بنایا جاتا ہے اور وہ یہاں زیادہ لازم ہے، کیونکہ وضو ٹوٹنے سے جو حدث واقع ہوتا ہے۔ اس کی تلافی مسجد میں جا کر وضو کرنے سے ہو سکتی ہے لیکن اگر کوئی قرآن ہی بھول جائے' تو اس کی تلافی مسجد میں جانے سے بھی ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا بدرجہ اولیٰ خلیفہ بنانا درست ہوگا۔

(۲) دلیل: مذکورہ مسئلہ میں ایسا کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ چنانچہ علامہ ابن الہمام نے حضرت ابن عباس، حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ، حضرت جابر اور حضرت ابن عمر وغیرہ سے تقریباً ایک ہی مضمون کو بیان کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے "كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسجد على كور عمامته" او على كور العمامة کے متعلق حضرت انس کے حوالے سے یہ روایت بطور دلیل ذکر کی جاتی ہے: كنا نصلی مع النبی صلى الله عليه وسلم في شدة الحر، فاذا لم يستطع احدنا ان يمكن وجهه من الارض بسط ثوبه فسجد عليه۔

(۳) دلیل: فقہاء کرام کے نزدیک عورت کی آواز بھی عورت ہے یعنی اسے پست رکھنے اور چھپانے کی تاکید و تلقین ہے۔

صاحب عنایہ نے اس موقع پر ایک بہت ہی عمدہ بات کہی ہے کہ اگر عورت اذان دے تو اس میں دو صورتیں ہوں گی: وہ بلند آواز سے پڑھے گی یا پست آواز سے، اگر بلند آواز سے پڑھے گی تو فعل حرام کی مرتکب ٹھہرے گی اور اگر پست آواز سے پڑھے گی تو اذان کا مقصود (اعلان) فوت ہو جائے گا۔ یہ دونوں صورتیں غیر مفید ہیں۔

(۴) دلیل: اگر نجاست اپنے موضع سے بڑھ جائے' تو پانی کے علاوہ کچھ جائز نہیں' اس کی دلیل یہ ہے کہ جب نجاست مخرج سے بڑھ گئی ہو' تو اب پونچھنے سے صاف نہ ہوگی، بلکہ پونچھنے سے صاف ہونے کی بجائے اور پھیلے گی۔ لہٰذا اس کے لیے دھونا اور غسل ضروری ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۵) دلیل: گھوڑے کا جوٹھا پاک ہے۔ صاحبین کے نزدیک یہ پاک اس لیے ہے کہ اس کا گوشت کھایا جاتا ہے' کیونکہ جوٹھے کی طہارت اور نجاست کا معیار گوشت پر ہے۔ اس لیے اگر گوشت حلال ہو تو جوٹھا بھی حلال و پاک ہوگا۔ امام صاحب کے ہاں گھوڑے کے گوشت کی کراہت اس کی شرافت کو ظاہر کرنے کے لیے ہے یعنی اس کا جوٹھا کراہتاً پاک ہے۔ 13

(ب) غسل واجب کرنے والے اسباب میں سے چار مع دلیل تحریر کریں؟

غسل واجب کرنے والے اسباب:

غسل واجب کرنے والے اسباب یہ ہیں:

i- حیض سے فراغت ii- نفاس سے فراغت

iii- منی کا نکلنا خواہ شہوت سے یا بلاشہوت سے، عورت کی جانب سے ہو یا مرد کی جانب سے، حالت بیداری میں ہو یا حالت نیند میں۔

iv- حشفہ کا شرمگاہ میں داخل ہو جانے سے چاہے انزال ہو یا نہ ہو۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

سوال نمبر 1:-اعلم أن أصول الشرع ثلثة الكتاب والسنة واجماع الأمة ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں اصول الشرع کی بجائے اصول الفقہ کیوں نہیں کہا؟

(ب) ادلہ شرعیہ کی وجہ حصر تحریر کرتے ہوئے بتائیں کہ قیاس کو "والأصل الرابع" کہہ کر الگ کیوں بیان کیا؟

(ج) القیاس المستنبط من الكتاب والسنة والاجماع میں سے ہر ایک کی ایک ایک مثال سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر 2:-وَاَمَّا الْمُحْكَمُ فَمَا اُحْكِمَ الْمُرَادُ بِهٖ عَنِ احْتِمَالِ النَّسْخِ وَالتَّبْدِيْلِ، تَعْدِيَةُ "عَنْ" هٰهُنَا بِتَضْمِيْنِ مَعْنَى الْاِمْتِنَاعِ اَیْ اُحْكِمَ الْمُرَادُ بِهٖ حَالَ كَوْنِهٖ مُمْتَنِعًا عَنِ احْتِمَالِ النَّسْخِ وَالتَّبْدِيْلِ ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) خط کشیدہ عبارت سے شارح کی غرض کیا ہے؟ تحریر کریں۔

(ج) وأحل الله البيع وحرم الربوا آیت مبارکہ میں ظاہر ونص کی تعیین سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر 3:-وحكم الأمر نوعان أداء وهو تسليم عين الواجب بالأمر يعني ماثبت بالأمر وهو الوجوب نوعان وجوب أداء ووجوب قضاء وهو تسليم مثل الواجب به ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ اور تشریح سپرد قلم کریں؟

(ب) کیا ادا اور قضا ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز بتائیں کہ ان دونوں میں عام ادا ہے یا قضاء؟

(ج) اداء کامل اور اداء قاصر کی تعریف کریں؟

سوال نمبر 4:-الراوی ان عرف بالفقه والتقدم بالاجتهاد كالخلفاء الراشدين والعبادلة كان حديثه حجة يترك به القياس خلافا لمالك ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) اس عبارت میں مذکور ضابطہ کی مثال دے کر تشریح کریں؟

(ب) خلفاء راشدین اور ”العبادله“ سے کیا مراد ہے؟

(ج) اجماع کی تعریف کریں اور بتائیں کہ اجماع کا اہل کون ہے؟

(د) نور الانوار کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

سوال نمبر 1:-اعلم أن أصول الشرع ثلثة الكتاب والسنة واجماع الأمة ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور بتائیں اصول الشرع کی بجائے اصول الفقہ کیوں نہیں کہا؟

جواب: ترجمۃ العبارۃ: جان لو! کہ شرع کے اصول تین ہیں کتاب، سنت اور اجماعِ امت۔“

اصول فقہ نہ کہنے کی وجہ: مصنف نے اصول فقہ اس لیے نہیں کہا: کتاب اللہ، سنت رسول اور اجماع جس طرح احکام نظریہ یعنی علم الکلام کے اصول ہیں اسی طرح احکام عملیہ یعنی علم فقہ کے بھی اصول ہیں۔ یعنی احکام نظریہ اور احکام عملیہ دونوں کو شامل کرنے کے لیے اصول الشرع کہا، کیونکہ فقہ کا لفظ صرف احکام عملیہ کو شامل ہے احکام نظریہ کو نہیں۔

(ب) ادلہ شرعیہ کی وجہ حصر تحریر کرتے ہوئے بتائیں کہ قیاس کو ”والاصل الرابع“ کہہ کر الگ کیوں بیان کیا؟

ادلۃ شرعیہ کی وجہ حصر: دیکھیں گے کہ استدلال وحی سے ہوگا یا غیر وحی سے۔ وحی سے ہو، تو وہ وحی متلو ہوگی یا غیر متلو۔ بصورت اوّل کتاب، بصورت ثانی سنت۔ اگر غیر وحی سے ہو تو وہ بعض کا قول ہوگا یا تمام کا۔ بصورت ثانی اجماع اور بصورتِ اوّل قیاس۔ پس ثابت ہوا کہ ادلۃ شرعیہ چار ہیں۔

الاصل الرابع کو الگ ذکر کرنے کی وجہ: اصول ثلاثہ قطعی ہیں اور قیاس ظنی ہے۔ پس اس بات پر تنبیہ کرنے کے لیے اصل رابع کو الگ ذکر کیا ہے۔

(ج) القياس المستنبط من الكتاب والسنة والاجماع میں سے ہر ایک کی ایک مثال سپردِ قلم کریں؟

القياس المستنبط من الكتاب کی مثال: جیسا کہ حرمتِ لواطت کو حالتِ حیض میں حرمتِ وطی پر قیاس کرنا اس علت اذی (گندگی) کی وجہ سے جو اللہ تعالیٰ کے اس قول ”ولا تقربوهن حتى

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

یطہرن" سے حاصل ہو رہی ہے۔

القیاس المستنبط من السنة کی مثال: جس اور نورہ کے تفاضل کی حرمت کو اشیائے ستہ کی حرمت پر قیاس کرنا علتِ قدر اور جنس کی وجہ سے۔ اور ان چھ چیزوں میں حرمت نبی علیہ السلام کے اس قول سے ثابت ہے:

الحنطة بالحنطة والشعير بالشعير والتميز بالتميز والملح بالملح والذهب بالذهب والفقة بالفقة .

مثلاًبمثل يدا بيد والفضل مربوٰا .

القیاس المستنبط من الاجماع کی مثال: جیسے مزنیہ کی ماں کی حرمت کو علت جزئیت اور بعضیت کی وجہ سے اپنی اس موطوء باندی کی ماں کی حرمت پر قیاس کر جو اجماع سے مستفاد ہے۔ اجماع سے مستنبط قیاس کی مثال ہے۔

سوال نمبر2:- وَاَمَّا الْمُحْكَمُ فَمَا اُحْكِمَ الْمُرَادُ بِهٖ عَنِ احْتِمَالِ النُّسْخِ وَالتَّبْدِيلِ، تَعْدِيَةُ "عَنْ" هٰهُنَا بِتَضْمِيْنِ مَعْنَى الْاِمْتِنَاعِ اَیْ اُحْكِمَ الْمُرَادُ بِهٖ حَالَ كَوْنِهٖ مُمْتَنِعًا عَنِ احْتِمَالِ النَّسْخِ وَالتَّبْدِيْلِ

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: عبارت پر اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: اور بہرحال محکم تو وہ کلام ہے کہ جس کی مراد پختہ ہو نسخ اور تبدیل کے احتمال سے عَنْ کے ساتھ متعدی کرتے ہوئے امتناع کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے یعنی پختہ ہو جس کی مراد درانحال کہ وہ ممتنع ہو نسخ اور تبدیل کے احتمال سے۔"

(ب) خط کشیدہ عبارت سے شارح کی غرض کیا ہے؟ تحریر کریں؟

غرض شارح: ایک سوال مقدر کا جواب دینا ہے سوال یہ ہے کہ احکام مصدر باب افعال کا صلہ عَنْ نہیں آتا تو اس جگہ سے اسے عَــنْ کے ساتھ متعدی کیوں کیا گیا ہے؟ شارح نے اس کا جواب دیا کہ اس جگہ اسے عَنْ کے ساتھ جو متعدی کیا ہے تو وہ متضمن کے اعتبار سے کیا ہے یعنی احکام چونکہ معنی امتناع کو متضمن ہے۔ اور امتناع کا صلہ عَنْ آتا ہے اس لیے عَنْ لایا گیا۔

(ج) وأحل الله البيع وحرم الربوا آیت مبارکہ میں ظاہر و نص کی تعیین سپردِ قلم کریں؟

ظاہر و نص کی تعیین: آیت کریمہ ظاہر اور نص دونوں کی مثال ہے۔ یہ دیکھیں کہ آیت مبارکہ میں بیع کے حلال ہونے کا اور سود کے حرام ہونے کا مضمون نفس کلام سے واضح ہے۔ لہٰذا یہ آیت حلت بیع اور حرمت ربوٰ ظاہر ہوگی۔ چونکہ یہ آیت بیع اور ربوٰ کے درمیان فرق بھی کرتی ہے۔ لہٰذا فرق کرنے کے سلسلہ میں نص بھی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ہوگئی۔ پس ثابت ہوا کہ یہ آیت ظاہر اور نص دونوں کی مثال ہے۔ اس آیت میں کفار کے عقیدہ کہ بیع سود کی مثل ہے، کا بطلان بھی ہے۔

سوال نمبر 3:- وحكم الأمر نوعان أداء وهو تسليم عين الواجب بالأمر يعني ماثبت بالأمر وهو الوجوب نوعان وجوب أداء ووجوب قضاء وقضاء وهو تسليم مثل الواجب به .

(الف) عبارت کا ترجمہ اور تشریح سپردِ قلم کریں؟

جواب: ترجمۃ العبارۃ: ''امر کے حکم کی دو قسمیں ہیں: اداء، تو وہ تسلیم کرنا ہے عین واجب کو یعنی اسے جو حکم امر سے ثابت ہوا اور وہ وجوب ہے جو دو قسم پر ہے۔ وجوب اداء اور وجوب قضاء۔ قضاء تو وہ تسلیم کرنا ہے مثل واجب کو جو ثابت ہوا ہو امر سے۔''

تشریح: اس عبارت میں ماتن حکم امر کی اقسام اور ان کی تعریفیں کر رہے ہیں کہ حکم امر کی دو قسمیں ہیں: اداء اور قضاء۔ اداء کا مطلب یہ ہے کہ امر سے جو حکم ثابت ہوا اسے بعینہ سپرد کرنا اور قضاء کا مطلب ہے کہ امر سے جو حکم ثابت ہوا ہے مثل واجب سے اداء کرنا۔

(ب) کیا ادا اور قضا ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ نیز بتائیں کہ ان دونوں میں عام ادا ہے یا قضاء؟

اداء و قضاء کا ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہونا:

ان میں ہر ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہو سکتا ہے لیکن یہ استعمال مجازاً ہوگا حقیقتاً نہیں۔ اداء کی جگہ قضاء اور قضاء کی جگہ اداء یعنی قضاء کی نیت اداء اور اداء کی نیت سے قضاء جائز ہے۔

عموم کا حکم: اداء اور قضاء میں قضاء عام ہے جو دونوں کو شامل ہے، کیونکہ قضاء کا مطلب ہے بریٔ الذمہ ہونا اور یہ مفہوم دونوں کو شامل ہے۔ اداء کا مطلب ہے ''شدتِ رعایت'' یہ مفہوم قضاء کو شامل نہیں ہے۔

(ج) اداء کامل اور اداء قاصر کی تعریف کریں؟

ادائے کامل ادائے قاصر کی تعریفیں:

مامور بہ کی تمام حقوق کے ساتھ بعینہ اداء کرنا ادائے کامل ہے جیسے نماز کو اپنے وقت پر جماعت کے ساتھ پڑھنا۔ مامور بہ کو صفت نقصان کے ساتھ اداء کرنا ادائے قاصر کہلاتا ہے جیسے تعدیل ارکان کے بغیر نماز پڑھنا۔

سوال نمبر 4:- الراوي ان عرف بالفقه والتقدم بالاجتهاد كالخلفاء الراشدين والعبادلة كان حديثه حجة يترك به القياس خلافا لمالك .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) اس عبارت میں مذکور ضابطہ کی مثال دے کر تشریح کریں؟

(الف) جواب: ضابطہ کی وضاحت:

اس عبارت میں ضابطہ یہ بیان ہوا کہ راوی اگر فقہ کا عالم ہو اور اس میں اجتہادی صلاحیت کی وجہ حق تقدم حاصل ہو جیسے خلفاء راشدین اور عبادلہ ثلاثہ تو ایسی راوی کی روایت کے مقابلہ میں قیاس کو ترک کر دیا جائے گا اور ان کی روایت حجت ہوگی بخلاف امام مالک کہ وہ خبر واحد کے مقابلہ میں قیاس کو ترجیح دیتے ہیں جیسے حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے "من حمل الجنازة فليتوضا" حضرت ابن عباس نے اس روایت کو سن کر فرمایا: ''کیا دو خشک لکڑیاں اٹھانے سے ہم پر وضو لازم ہوگا؟'' احناف اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ خبر واحد اپنی اصل کے اعتبار سے یقینی ہے لیکن اس میں جو شبہ ہے تو وہ طریق اصول میں ہے فرمانِ رسول ہونے میں نہیں ہے۔ رہی بات قیاس کی کہ وہ تو اصل سے ہی مشکوک اور ضعیف ہے۔ لہٰذا خبر واحد کا مقابلہ نہیں کر سکتا ہے جو یقینی ہے۔

(ب) خلفاء راشدین اور "العبادله" سے کیا مراد ہے؟

خلفاء راشدین: سے مراد حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔

العبادلہ ثلاثہ: سے مراد حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس ہیں۔ (رضی اللہ عنہم اجمعین)

(ج) اجماع کی تعریف کریں اور بتائیں کہ اجماع کا اہل کون ہے؟

اجماع کی تعریف اور اجماع کے اہل لوگ:

ہر زمانے میں کسی امر قولی یا فعلی پر امتِ محمدیہ کے مجتہدین صالحین کا متفق ہونا اجماع کہلاتا ہے۔ اجماع کے اہل وہ لوگ ہیں جو مجتہد اور صالح ہوں فاسق و فاجر نہ ہوں۔

(د) نور الانوار کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

مصنف کا نام: ''شیخ احمد بن ابو سعید المعروف ملا جیون''

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

سوال نمبر 1:-وَلَا يَتَأَتّٰى اَیْ لَا يُحْصَلُ ذٰلِكَ اَیِ الْكَلَامُ اِلَّا فِیْ ضِمْنِ اِسْمَيْنِ اَحَدُهُمَا مُسْنَدٌ وَالْاٰخَرُ مُسْنَدٌ اِلَيْهِ اَوْفِیْ ضِمَنِ اِسْمٍ مُسْنَدٍ اِلَيْهِ وَفِعْلٍ مُسْنَدٍ وَفِی بَعْضِ النُّسَخِ اَوْ فِیْ فِعْلٍ وَاسْمٍ فَاِنَّ التَّرْكِيْبَ الثُّنَائِیَّ الْعَقْلِیَّ بَيْنَ الْاَقْسَامِ الثَّلٰثَةِ يَرْتَقِیْ اِلٰی سِتَّةِ اَقْسَامٍ۔

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) کلام کی تعریف کریں نیز کلام بننے کی عقلی صورتیں مع امثلہ لکھ کر بتائیں کہ کون سی صورتیں درست ہیں اور کون سی غلط؟

(ج) "لایتاتی" کی صرفی تحقیق کریں؟

سوال نمبر 2:-العامل مابه یتقوم المعنی المقتضی للاعراب۔

(الف) معنی مقتضی للاعراب سے کیا مراد ہے؟ عامل کی مثال سمیت وضاحت کریں نیز اعراب کی تعریف اور وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

(ب) مثنی اور اس کے ملحقات کے اعراب کی وضاحت کریں؟

(ج) ماتن اور شارح کا مختصر تعارف سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر 3:-غیر المنصرف مافیه علتان من علل تسع أو علة واحدة منها۔

(الف) علل تسع سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کرتے ہوئے سب کی امثلہ تحریر کریں؟

(ب) عدل اور اس کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ قلمبند کریں؟

(ج) علل تسع کے متعلق ماتن کا ذکر کردہ شعر تحریر کریں؟

سوال نمبر 4:-المرفوعات هو ما اشتمل علی علم الفاعلية۔

(الف) "المرفوعات" کس کی جمع ہے؟ شارح کی اس سلسلہ میں ذکر کردہ تفصیل تحریر کریں نیز "ھو" ضمیر کا مرجع متعین کرتے ہوئے راجع اور مرجع کے درمیان مطابقت وعدم مطابقت کی وضاحت کریں؟

(ب) فاعل کی تعریف کریں نیز فاعل کو تمام مرفوعات سے مقدم کرنے کی وجہ سپرد قلم کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج) ضرب غلامہ زید کے جائز ہونے اور ضرب غلامہ زیداً کے ناجائز ہونے کی وجہ قلمبند کریں؟

☆☆☆☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2023ء

پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر 1:- وَلَا یَتَاَتّٰی اَیْ لَایُحْصَلُ ذٰلِكَ اَیِ الْكَلَامُ اِلَّا فِیْ ضِمْنِ اِسْمَیْنِ اَحَدُهُمَا مُسْنَدٌ وَالْاٰخَرُ مُسْنَدٌ اِلَيْهِ اَوْفِیْ ضِمْنِ اِسْمٍ مُسْنَدٍ اِلَيْهِ وَفِعْلٍ مُسْنَدٍ وَفِیْ بَعْضِ النُّسَخِ اَوْ فِیْ فِعْلٍ وَاِسْمٍ فَاِنَّ التَّرْكِيْبَ الثَّنَائِیَ الْعَقْلِیَ بَيْنَ الْاَقْسَامِ الثَّلٰثَةَ يَرْتَقِیْ اِلٰى سِتَّةِ اَقْسَامٍ ۔

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب اوپر لگادیے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: "اور نہیں حاصل ہوتا وہ کلام مگر دو اسموں کے ضمن میں کہ ان میں ایک مسند اور دوسرا مسند الیہ ہوگا ایک اسم (مسند الیہ) اور فعل (مسند) کے ضمن میں اور بعض نسخوں میں "اوفی فعل و اسم" ہے۔ پس بے شک ترکیب ثنائی عقلی کی تینوں قسموں کے درمیان چھ قسموں تک چڑھتی ہے۔

(ب) کلام کی تعریف کریں نیز کلام بنے کی عقلی صورتیں مع امثلہ لکھ کر بتائیں کہ کون سی صورتیں درست ہیں اور کون سی غلط؟

تعریف کلام: وہ لفظ جو دو کلموں کو اسناد کے ساتھ متضمن ہو جیسے ضرب زید۔

ترکیب کلام کی عقلی صورتیں: وہ چھ صورتیں ہیں:

(۱) دو اسموں سے جیسے زَیْدٌ عَالِم ۔　(۲) اسم اور فعل سے جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ ۔

(۳) دو فعلوں سے۔　(۴) دو حرفوں سے۔

(۵) اسم اور حرف سے۔　(۶) فعل اور حرف سے۔

درست صورتیں: ☆ دو اسموں سے ☆ اسم اور فعل سے

غلط صورتیں: ☆ دو فعلوں سے ☆ دو حرفوں سے ☆ اسم اور حرف سے ☆ فعل اور حرف سے۔

حاصل یہ کہ چھ صورتوں میں سے دو صورتیں درست ہیں اور چار غلط ہیں۔

(ج) "لایتاتی" کی صرفی تحقیق کریں؟

صرفی تحقیق: صیغہ واحد مذکر فعل منفی مضارع معلوم ثلاثی مزید ناقص یائی از باب تفعل ..

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر2:-العامل مابه يتقوم لمعنى المقتضى للاعراب .

(الف) معنى مقتضى للاعراب سے کیا مراد ہے؟ عامل کی مثال سمیت وضاحت کریں نیز اعراب کی تعریف اور وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

جواب: معنیٰ مقتضی للاعراب کا مطلب: اعراب کو چاہنے والا معنیٰ یعنی فاعلية، مفعولية اور اضافة .

عامل کی مثال: جیسے جَاءَ زَيْدٌ میں جاء عامل کہ اسی کے ذریعے زَيْدٌ کی فاعلیت حاصل ہوئی ضَرَبْتُ زَيْدًا میں ضربت عامل کہ اسی کے ذریعے زید کی مفعولیت حاصل ہوئی۔ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ میں باء عامل ہے کہ اسی کے ذریعے اضافت والا معنیٰ حاصل ہوا۔

تعریف اعراب اور وجہ تسمیہ: اعراب وہ حرف یا حرکت ہے جس کے باعث معرب کا آخر بدلے تاکہ ان صفات پر دلالت کرے جو یکے بعد دیگر معرب پر آتی ہیں۔

وجہ تسمیہ: اعراب کا معنیٰ ہے اظہار اور ایضاح، تو چونکہ اعراب فاعلیت، مفعولیت اور اضافۃ کی وضاحت کرتا ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ التباس سے محفوظ رکھتا ہے' اس لیے اسے اعراب کہتے ہیں۔

(ب) مثنیٰ اور اس کے ملحقات کے اعراب کی وضاحت کریں؟

مثنیٰ و ملحقاتِ مثنیٰ کا اعراب: رفع الف کے ساتھ نصبی اور جری حالت یاء ماقبل مفتوح کے ساتھ جیسے جَاءَنِي زَيْدَانِ، رَأَيْتُ زَيْدَيْنِ، مَرَرْتُ بِزَيْدَيْنِ۔

(ج) ماتن اور شارح کا مختصر تعارف سپردِ قلم کریں؟

تعارفِ ماتن: نام عثمان، کنیت ابوعمر اور لقب جمال الدین۔

والد کا نام: عمر۔ پورا نام یوں ہوا: جمال الدین ابوعمر عثمان بن عمر۔

تاریخ پیدائش: آپ 570ہجری میں شہر مصر کی آسنا نامی چھوٹی سی بستی میں پیدا ہوئے۔

تحصیل علم: ابتدائی تعلیم قاہرہ میں حاصل کی بعد ازاں اپنے دور کے ماہر اور ممتاز علماء وفضلاء سے کسب فیض کیا اور ہر فن میں ممتاز مقام حاصل کیا۔

مشغلہ: پوری زندگی درس و تدریس اور تصنیف کے میدان میں کاربند رہے۔ ان کی تصانیف بہت سی ہیں جن میں کافیہ کو اپنی ترتیب اور اختصار کے اعتبار سے امتیازی مقام حاصل ہے۔

تاریخ وفات: پوری دنیا کو علم کی شمع سے روشن کرانے والا یہ آفتاب بالآخر 646ہجری کو ہمیشہ کے لیے غروب ہو گیا۔

تعارفِ شارح: نورالدین ابوالبرکات عبدالرحمٰن بن احمد امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کی نسل سے ہیں۔ آپ 23 شعبان 817 ہجری میں خراسان کے ایک قصبہ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اپنے دور کے ممتاز فضلاء

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سے علم حاصل کیا۔ساتھ ساتھ میدانِ تصوف میں بھی اللہ تعالیٰ نے انہیں ممتاز مقام عطا فرمایا۔
درس وتدریس کے ساتھ شعر وشاعری میں آپ کا شغل رہا اور کلیاتِ جامی کے نام سے ایک دیوان مرتب کیا جو کہ بہت مشہور ہوا۔میدانِ تصنیف میں خوب قلمی گھوڑے دوڑائے اور تقریباً 54 کتب آپ نے تصنیف فرمائیں۔جن میں شرح جامی کو ممتاز مقام حاصل ہے، جوانہوں نے اپنے صاحبزادے ضیاء الدین یوسف کے لیے تصنیف فرمائی لیکن پوری دنیا اس سے مستفیض ہورہی ہے۔دین اسلام کی روشنی پھیلاتا ہوا یہ آفتاب بالآخر 18 محرم 898 ہجری کو شہر ہرات میں ہمیشہ کے لیے غروب ہوگیا۔اِنَّـا لِلّٰہِ وَاِنَّـا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔

سوال نمبر3:۔غير المنصرف مافيه علتان من علل تسع أوعلة واحدة منها ۔

(الف)علل تسع سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کرتے ہوئے سب کی امثلہ تحریر کریں؟

جواب: علل تسع کا مطلب: اس کا مطلب منع صرف کے نو اسباب ہیں جو درج ذیل ہیں:
(۱)عدل جیسے زفر (۲)وصف جیسے ارقم (۳)تانیث جیسے زینب (۴)معرفہ جیسے رَحْمٰنُ (۵) عجمہ جیسے اِبْرَاہِیْمُ (۶)جمع جیسے مَصَابِیْحُ (۷)ترکیب جیسے مَعْدِیْکَرَبُ (۸)وزن فعل جیسے شَمَّرَ (۹)الف ونون زائدتان جیسے عُثْمَانُ۔

(ب)عدل اوراس کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ قلمبند کریں؟

تعریف عدل: لفظ کا اپنے اصل صیغہ سے نکل جانا اور کوئی دوسری صورت اپنا لینا جیسے زُفَرُ۔

عدل کی اقسام کی تعریفیں: عدل دو قسم پر ہے: تحقیقی، تقدیری

عدل تحقیقی کی تعریف: وہ عدل جس کے وجود اصلی پر منع صرف کے علاوہ کوئی دلیل موجود ہو جیسے مثلث۔

عدل تقدیری کی تعریف: وہ عدل جس کے اصلی وجود پر منع صرف کے علاوہ کوئی اور دلیل موجود نہ ہو۔ منع صرف ہونا ہی عدول کی دلیل ہو جیسے زُفَرُ۔

(ج)علل تسع کے متعلق ماتن کا ذکر کردہ شعر تحریر کریں؟

شعر:

عَـدْلٌ وَ وَصَفٌ وَ تَـــاْنِیْـــثٌ وَ مَـعْـرِفَـــةٌ
وَعُـــجْـــمَـةٌ ثُـــمَّ جَـمَـــعٌ ثُـــمَّ تَـــرْكِیْـــبٌ
وَالـــنُّـــوْنُ زَائِـــدَةٌ مِّـــنْ قَـبْـلِـهَـــا اَلْفٌ
وَوَزْنُ الْـــفِـــعْـــلِ وَهٰـــذَا الْـــقَـــوْلُ تَـــقْـرِیْـــبٌ

سوال نمبر4:۔المرفوعات هو ما اشتمل على علم الفاعلية ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(الف) "المرفوعات" کس کی جمع ہے؟ شارح کی اس سلسلہ میں ذکر کردہ تفصیل تحریر کریں نیز "هو" ضمیر کا مرجع متعین کرتے ہوئے راجع اور مرجع کے درمیان مطابقت وعدم مطابقت کی وضاحت کریں؟

جواب: (الف) مرفوعات کی لفظی تحقیق:

المرفات "مرفوع" کی جمع ہے مرفوعة کی نہیں ہے، کیونکہ مرفوع صفت ہے اور اس کا موصوف لفظ اسم ہے جو مذکر غیر ذی العقل ہے۔

قاعدہ ہے کہ مذکر لا یعقل کی جمع الف وتاء کے ساتھ آتی ہے واؤ ونون کے ساتھ نہیں آتی جیسے صافن (گھوڑا) جو کہ غیر ذی عقل ہے، کی جمع صافنات آتی ہے۔

هو کا مرجع: هو ضمیر کا مرجع مرفوع ہے جس پر مرفوعات دلالت کر رہا ہے۔ مرفوعات یا مرفوعة نہیں ورنہ راجع اور مرجع میں مطابقت نہیں رہے گی۔ دوسری بات یہ کہ تعریف ماہیت کلیہ کی ہوتی ہے، جس پر مفرد دلالت کرتا ہے افراد کی نہیں جس پر جمع دلالت کرتی ہے۔

(ب) فاعل کی تعریف کریں نیز فاعل کو تمام مرفوعات سے مقدم کرنے کی وجہ سپرد قلم کریں؟

تعریف فاعل: فاعل ہر وہ اسم ہے جس سے پہلے فعل یا شبہ فعل ہو اور وہ فعل یا شبہ فعل اس اسم کی طرف مسند ہو اس طرح کہ اس کے ساتھ قائم ہو اس پر واقع نہ ہو جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ۔

تقدیم فاعل کی وجہ: چونکہ فاعل تمام مرفوعات کا اصل ہے اور اس کا عامل قوی ہوتا ہے۔ اس لیے اسے مقدم کیا ہے۔

(ج) ضَرَبَ غُلَامَهُ زَيْدٌ کے جائز ہونے اور ضَرَبَ غُلَامُهُ زَيْدًا کے ناجائز ہونے کی وجہ قلمبند کریں؟

ترکیبِ اوّل کے جواز کی وجہ: پہلی ترکیب اس لیے جائز ہے کہ اس میں غلامہ کی ضمیر کا مرجع زید ہے جو کہ فاعل ہے اور فاعل کا مرتبہ چونکہ مفعول سے مقدم ہوتا ہے۔ لہٰذا رتبةً اضمار قبل الذکر لازم نہیں آئے گا، صرف لفظاً آئے گا اور یہ جائز ہے۔

ترکیب ثانی کے عدمِ جواز کی وجہ: دوسری ترکیب جائز نہیں، کیونکہ دوسری ترکیب میں غلامہ فاعل اور زیدًا مفعول ہے۔ غلامہ کی ضمیر زیدًا کی طرف لوٹ رہی ہے جو کہ لفظاً اور رتبةً دونوں طرح بعد میں ہے۔ لہٰذا اس میں دونوں طرح اضمار قبل الذکر لازم آرہا ہے، جو کہ جائز نہیں ہے۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

وقت: تین گھنٹے   کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوال حل کریں؟

حصہ اوّل ...... بلاغت

سوال نمبر 1:- وَفِی الْمُتَکَلِّمِ مَلَکَةٌ یَقْتَدِرُ بِهَا عَلٰی تَاْلِیْفِ کَلَامٍ بَلِیْغٍ فَعُلِمَ اَنَّ کُلَّ بَلِیْغٍ فَصِیْحٌ وَلَا عَکْسَ وَاَنَّ الْبَلَاغَةَ مَرْجِعُهَا اِلَی الْاِحْتِرَازِ عَنِ الْخَطَاءِ فِیْ تَاْدِیَةِ الْمَعْنَی الْمُرَادِ وَاِلٰی تَمْیِیْزِ الْفَصِیْحِ مِنْ غَیْرِهٖ وَالثَّانِیْ مِنْهُ مَا یُبَیَّنُ فِیْ عِلْمِ مَتْنِ اللُّغَةِ اَوِالتَّصْرِیْفِ اَوِ النَّحْوِ اَوْ یُدْرَكُ بِالْحِسِّ وَهُوَ مَا عَدَا التَّعْقِیْدِ الْمَعْنَوِیِّ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۸+۸=۱۶

(ب) بلیغ و فصیح کے درمیان نسبت واضح کر کے عبارت مذکورہ کی روشنی میں علم معانی، بیان اور بدیع کی تعریف کریں؟ ۶+۳=۹

سوال نمبر 2:- (الف) فائدۃ الخبر ولازم فائدۃ الخبر کی وضاحت کر کے کلام ابتدائی، طلبی اور انکاری کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۴×۴=۱۶

(ب) مسند الیہ کو معرفہ بعلم لانے کی تین وجوہ مع امثلہ لکھیں؟ ۹

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) قصر (۲) ایجاز (۳) مجاز مرسل (۴) فصاحت فی المفرد (۵) تعقید (۶) مقتضیٰ حال

حصہ دوم ...... منطق

سوال نمبر 4:- وَیَقْتَسِمَانِ بِالضَّرُوْرَةِ وَالْاِکْتِسَابِ بِالنَّظْرِ وَهُوَ مُلَاحَظَةُ الْمَعْقُوْلِ لِتَحْصِیْلِ الْمَجْهُوْلِ وَقَدْ یَقَعُ فِیْهِ الْخَطَاءُ فَاحْتِیْجَ اِلٰی قَانُوْنٍ یَعْصِمُ عَنْهُ فِی الْفِکْرِ وَهُوَ الْمَنْطِقُ۔۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۷+۶=۱۳

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) ماتن کے علم کی تعریف کو ذکر نہ کرنے کی وجہ لکھ کر علم کی تعریف تحریر کریں اور بتائیں ماتن نے حکماء اور امام رازی میں سے کس کے مذہب کو پسند کیا اور کیوں؟ شرح تہذیب کی روشنی میں سپرد قلم کریں؟

۴×۳=۱۲

سوال نمبر 5:-(الف) علی من أرسله هدی .

اسم رسالت کی تصریح نہ کرنے کی وجہ بتائیں نیز "هــــدی" کے ترکیبی احتمالات مع توجیہات شرح تہذیب کی روشنی میں زینت قرطاس کریں؟ ۴×۳=۱۲

(ب) معرف الشیء کی تعریف کرکے اس کی شرائط لکھیں نیز حد اور اسم کی وضاحت مثالوں سے بیان کریں؟ ۱۳

سوال نمبر 6:-درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) جنس مفارق (۲) نوع الانواع (۳) عموم وخصوص من وجہ

(۴) دلالت لفظیہ وضعیہ (۵) اداۃ (۶) منطق

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

حصہ اوّل: بلاغت

سوال نمبر 1:- وَفِی الْمُتَكَلِّمِ مَلَكَةٌ يَقْتَدِرُ بِهَا عَلٰی تَأْلِيْفِ كَلَامٍ بَلِيْغٍ فَعُلِمَ اَنَّ كُلَّ بَلِيْغٍ فَصِيْحٌ وَّلَا عَكْسَ وَاَنَّ الْبَلَاغَةَ مَرْجِعُهَا اِلَی الْاِحْتِرَازِ عَنِ الْخَطَاءِ فِیْ تَأْدِيَةِ الْمَعْنَی الْمُرَادِ وَاِلٰی تَمْيِيْزِ الْفَصِيْحِ مِنْ غَيْرِهٖ وَالثَّانِیْ مِنْهُ مَا يُبَيَّنُ فِیْ عِلْمِ مَتْنِ اللُّغَةِ اَوِ التَّصْرِيْفِ اَوِ النَّحْوِ اَوْ يُدْرَكُ بِالْحِسِّ وَهُوَ مَا عَدَا التَّعْقِيْدِ الْمَعْنَوِیِّ.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: تشکیل عبارت: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: "اور فصاحت فی المتکلم وہ ملکہ ہے کہ قادر ہو جائے متکلم اس کے باعث کلام بلیغ کی تالیف پر، پس معلوم ہو گیا کہ بے شک ہر بلیغ فصیح ضرور ہو گا اور اس کا عکس نہیں۔ بے شک بلاغت کا مبداء ہے معنی مرادی کو ادا کرنے میں خطا سے بچنا اور فصیح کو غیر فصیح سے ممتاز کرنا۔ دوسری میں سے بعض وہ ہیں جن کا بیان علم لغت میں ہے یا علم صرف میں یا نحو یا ادراک کیا جائے گا حس کے ساتھ اور وہ تاکید معنوی کے علاوہ ہے۔"

(ب) بلیغ و فصیح کے درمیان نسبت واضح کر کے عبارت مذکورہ کی روشنی میں علم معانی، بیان اور بدیع کی تعریف کریں؟

فصیح و بلیغ کے درمیان نسبت: ان کے درمیان عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے، کیونکہ ہر بلیغ فصیح ضرور ہوتا ہے کہ بلاغت میں فصاحت ملحوظ ہوتی ہے لیکن ہر فصیح کا بلیغ ہونا ضروری نہیں۔ بلاغت کے بغیر بھی فصاحت پائی جاتی ہے۔ مثلاً فصیح کلام اگر مقتضی الحال کے مطابق نہ ہو تو یہاں فصاحت تو ہے لیکن بلاغت نہیں۔

تعریف علم معانی: وہ علم جس کے باعث لفظ عربی کے ایسے احوال معلوم ہوں جو لفظ کو مقتضی الحال کے مطابق کر دیں۔

تعریف علم بیان: ایک معنی کو مختلف طریقوں سے ادا کرنے کے طریقے جس کے ذریعے معلوم ہوں اسے علم بیان کہتے ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تعریف علم بدیع: کلام کو حسین بنانے کی وجوہ جس علم کے ذریعے معلوم ہوں اسے علم بدیع کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ (الف) فائدۃ الخبر ولازم فائدۃ الخبر کی وضاحت کر کے کلام ابتدائی، طلبی اور انکاری کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

جواب (الف): فائدۃ الخبر: متکلم کا اپنی خبر سے اگر سامع کو حکم کا فائدہ دینا مقصود ہو تو اسے فائدہ خبر کہتے ہیں۔

لازم فائدہ خبر: متکلم کا مقصود اپنی خبر سے سامع کو بتانا اگر یہ مقصود ہو کہ میں بھی حکم کا عالم ہوں جس طرح تو ہے تو اسے لازم فائدہ خبر کہتے ہیں۔

کلام ابتدائی: تاکید سے خالی کلام کو کلامِ ابتدائی کہتے ہیں جیسے زید عالم اسے کہنا جو حکم کا عالم نہ ہو اور نہ منکر اور متردد ہو۔

کلام طلبی: جب تاکید لانا مستحسن ہو تو اسے کلام طلبی کہتے ہیں جیسے ان زیدًا عالم اسے کہنا جو حکم میں متردد ہو اور حکم کا طالب ہو۔

کلام انکاری: جب تاکید لانا واجب ہو تو اسے کلام انکاری کہتے ہیں جیسے ان زیدًا عالم اسے کہنا جو حکم کا منکر ہو۔

(ب) مسندالیہ کو معرفہ بعلم لانے کی تین وجوہ مع امثلہ لکھیں؟

مسندالیہ کو معرفہ بعلم لانے کی وجوہات:

(i) جب مسندالیہ کو سامع کے ذہن میں ابتداء اس کے خاص نام سے حاضر کرنا مقصود ہو تو علم کے ساتھ معرفہ کیا جاتا ہے جیسے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

(ii) مسندالیہ کے نام سے جب برکت حاصل کرنا مقصود ہو جیسے محمد شفیع

(iii) جب مسندالیہ کی عظمت کا اظہار مقصود ہو جیسے رکب علی۔

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ سپردِ قلم کریں؟

(۱) قصر (۲) ایجاز (۳) مجاز مرسل (۴) فصاحت فی المفرد (۵) تعقید (۶) مقتضی حال

جواب: اصطلاحات کی تعریفیں:

قصر: ایک شیء کو دوسری شے کے ساتھ خاص کرنا جیسے اِنما زید قائم۔

تعریف ایجاز: اپنے مقصود کو متعارف عبارت سے کم کے ساتھ ادا کرنا جیسے ولکم فی القصاص حیوٰۃ۔

تعریف مجاز مرسل: حقیقی معنی اور مجازی معنی کے درمیان تعلق اگر مشابہت کے علاوہ کوئی اور ہو تو اسے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مجاز مرسل کہتے ہیں جیسے يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ۔

فصاحت فی المفرد: کلمہ کا تنافر حروف، غرابت اور مخالفتِ قیاس سے خالی ہونا جیسے اجل۔

تعقید: کلام کا اپنے معنی مراد پر ظاہر الدلالۃ نہ ہونا جیسے ساطلب بعد الدار لتقربوا وتسکب عینای الدموع لتجمدا۔

مقتضیٰ الحال: حال جس خصوصیت کا تقاضا کرتا ہے اس خصوصیت کو مقتضیٰ الحال کہتے ہیں جیسے حالت انکاری تاکید کا تقاضا کرتی ہے لہٰذا تاکید اس کا مقتضیٰ کہلائے گی جیسے منکر حکم کو ان زیدًا قائم کہنا۔

حصہ دوم ...... منطق

سوال نمبر4:-وَيَنْقَسِمَانِ بِالضَّرُوْرَةِ وَالْاِكْتِسَابِ بِالنَّظْرِ وَهُوَ مُلَاحَظَةُ الْمَعْقُوْلِ لِتَحْصِيْلِ الْمَجْهُوْلِ وَقَدْ يَقَعُ فِيْهِ الْخَطَاءُ فَاحْتِيْجَ اِلٰى قَانُوْنٍ يَعْصِمُ عَنْهُ فِي الْفِكْرِ وَهُوَ الْمَنْطِقُ ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: تشکیل عبارت: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: تصور اور تصدیق دونوں تقسیم ہوتے ہیں بالبداھۃ ضرورت اور اکتساب بالنظر کی طرف۔ نظر کہتے ہیں معقول کا ملاحظہ کرنا مجہول کی تحصیل کرنے کے لیے کبھی واقع ہو جاتی ہے اس نظر میں غلطی پس محتاجی ہوتی ہے ایسے قانون کی جو اس غلطی سے بچائے اور وہ منطق ہے۔

(ب) ماتن کے علم کی تعریف کو ذکر نہ کرنے کی وجہ لکھ کر علم کی تعریف تحریر کریں اور بتائیں ماتن نے حکماء اور امام رازی میں سے کس کے مذہب کو پسند کیا اور کیوں؟ شرح تہذیب کی روشنی میں سپرد قلم کریں؟

تعریف علم ذکر نہ کرنے کی وجہ: علم کی تعریف ذکر نہ کرنے کی دو وجہیں ہیں:

(i) علم کی تعریف مشہور تھی تو شہرت کی بناء پر نہ کی۔

(ii) یہ مقام مقامِ تعریف ہے اور مقام تعریف میں تصور بوجہ مّا ہی کافی ہوتا ہے اور کسی بھی شیء کا تصور بوجہ مّا ہر ایک کو حاصل ہوتا ہے، اس لیے تعریف نہ کی۔

تعریف علم: شیء کی صورت کا عقل کے ہاں حاصل ہونا۔

ماتن کا مختار مذہب: حکماء کا مذہب ہے کہ تصدیق بسیط ہے، یہ ماتن کا مختار مذہب ہے، کیونکہ ماتن نے نفس اعتقاد اور حکم کو تصدیق قرار دیا ہے نہ کہ حکم اور تصورِ طرفین کے مجموعے کو جیسا کہ امام رازی کا مذہب ہے۔

سوال نمبر5:-(الف) علی من أرسله هدى ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

اسم رسالت کی تصریح نہ کرنے کی وجہ بتائیں نیز "هــــدی" کے ترکیبی احتمالات مع توجیہات شرح تہذیب کی روشنی میں زینت قرطاس کریں؟

جواب: تصریح نہ کرنے کی وجہ: ماتن نبی علیہ السلام کے اسم مبارک کو صراحۃً ذکر نہیں کیا یا تو تعظیم و تکریم کے پیش نظر کہ میری ادنیٰ سی زبان اس لائق نہیں۔ یا اس لیے کہ اس بات پر تنبیہ ہو جائے کہ وصفِ رسالت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس مرتبہ پر فائز ہیں کہ ذہن آپ کے علاوہ کسی اور طرف جاتا ہی نہیں۔

هدی کی ترکیب: اس کی ترکیب نحوی میں کئی احتمال ہیں:

☆ مفعول لہ بھی ہو سکتا ہے کہ ارسلہ فعل کا۔

☆ ارسلہ کی ضمیر فاعل سے حال بھی بنا سکتے ہیں۔

☆ ارسلہ کی ضمیر مفعول سے بھی حال بن سکتا ہے۔

☆ مبتداء محذوف یعنی هو کی خبر بھی بنا سکتے ہیں تب یہ زید عدل کے قبیلہ سے ہوگا۔

(ب) معرف الشئی کی تعریف کرکے اس کی شرائط لکھیں نیز حد اور اسم کی وضاحت مثالوں سے بیان کریں؟

معرف الشیء: شیء کا معرف وہ ہوتا ہے جو شیء پر محمول ہوتا کہ اس شیء کے تصور کا فائدہ دے۔

شرائط: معرف الشیء کی دو شرطیں ہیں:

(i) معرف معرف کے مساوی ہو۔ لہٰذا عام و خاص سے تعریف نہیں ہو سکتی۔

(ii) معرف معرف سے زیادہ واضح ہو۔

حد کی تعریف: شیء کی تعریف اگر فصل قریب سے ہو تو حد کہلاتا ہے جیسے انسان کی تعریف ناطق سے کرنا۔

رسم کی تعریف: شیء کی تعریف اگر اس کے خاصہ سے ہو تو رسم کہلاتا ہے جیسے انسان کی تعریف ضاحك سے کرنا۔

سوال نمبر 6:- درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

(۱) عرض مفارق (۲) نوع الانواع (۳) عموم و خصوص من وجہ

(۴) دلالت لفظیہ وضعیہ (۵) اداۃ (۶) منطق

جواب: عرض مفارق کی تعریف: وہ کلی عرضی جس کا اپنے معروض سے جدا ہونا ممکن ہو جیسے خوف کی زردی۔

نوع الانواع کی تعریف: وہ نوع جس کے اوپر تو کوئی نوع موجود ہو لیکن نیچے کوئی نوع موجود نہ ہو جیسے انسان۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

عموم وخصوص من وجہ کی تعریف: عموم وخصوص من وجہ کی نسبت یہ ہے کہ دو کلموں میں سے ہر ایک دوسرے کے بعض افراد پر صادق آئے جیسے حیوان اور اسود۔

دلالت لفظیہ وضعیہ کی تعریف: وہ دلالت لفظیہ جس میں وضع کو دخل ہو جیسے خالد کی دلالت ذاتِ خالد پر۔

اداۃ کی تعریف: وہ لفظ مفرد ہے جو معنی مستقل پر دلالت کرے اور تین زمانوں سے کسی ایک کے ساتھ مقترن ہو جیسے نَصَرَ۔

منطق کی تعریف: منطق وہ قانونی آلہ ہے کہ جس کی رعایت کرنے سے ذہن کو فکری غلطی سے محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

الاختبار السنوی النھائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اہل السنۃ) پاکستان

سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنۃ 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر) کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

حصہ اوّل ...... قرآن مجید

سوال نمبر ۱:۔ وَاذْكُرْ يَا مُحَمَّدُ لِقَوْمِكَ إِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰى لَيْلَةً رَاَى النَّارَ وَ الشَّجَرَةَ اَنْ ئْ بِاَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ رَسُوْلًا قَوْمَ فِرْعَوْنَ مَعَهٗ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ بِالْكُفْرِ بِاللّٰهِ وَبَنِىْ اِسْرَائِيْلَ بِاسْتِعْبَادِهِمْ اَلَا اَلْهَمْزَةُ لِلْاِسْتِفْهَامِ الْاِنْكَارِىْ يَتَّقُوْنَ اللّٰهَ بِطَاعَتِهٖ فَيُوَحِّدُوْنَهٗ ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سے معجزات عطا فرمائے؟

(ج) سورۃ شعراء میں کتنے انبیاء کی قوموں کا ذکر ہوا؟ نیز ان قوموں کے نام لکھیں؟

سوال نمبر ۲:۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ اِبْنَهٗ عِلْمًا بِالْقَضَاءِ بَيْنَ النَّاسِ وَ مَنْطِقِ الطَّيْرِ وَ غَيْرَ ذٰلِكَ وَقَالَا شُكْرًا لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ فَضَّلَنَا بِالنُّبُوَّةِ وَ تَسْخِيْرِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ النُّبُوَّةَ وَالْعِلْمَ ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر کی وضاحت کریں؟

(ب) حضرت سلیمان علیہ السلام کو کیسی حکومت عطا کی گئی؟ مختصر تحریر کریں؟

(ج) کتنے بادشاہوں نے پوری دنیا پر حکومت کی؟ ان کے نام لکھیں؟

سوال نمبر 3:۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَاءَتْكُمْ جُنُوْدٌ مِّنَ الْكُفَّارِ مُتَحَزِّبُوْنَ اَيَّامَ حَفْرِ الْخَنْدَقِ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا مَلٰئِكَةً وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بِالتَّاءِ مِنْ حَفْرِ الْخَنْدَقِ وَ بِالْيَاءِ مِنْ تَحْزِيْبِ الْمُشْرِكِيْنَ بَصِيْرًا اِذْ جَاءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ مِنْ اَعْلَى الْوَادِىْ وَاَسْفَلِهٖ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) غزوۂ احزاب کہاں واقع ہوا اور اس میں مسلمانوں کو کیسے نصرت خداوندی حاصل ہوئی؟ تفصیلاً لکھیں؟

(ج) غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

سوال نمبر 4:۔ رب هب لي ولدا من الصالحين فبشرناه بغلام حليم اي ذي حلم كثير فلما بلغ معه السعي اي ان يسعى معه و يعينه قيل بلغ سبع سنين و قيل ثلاثة عشر سنة قال يبني اني ارى اي رايت في المنام اني اذبحك و رؤيا الانبياء حق و افعالهم بامر الله تعالى فانظر ماذا ترى من الراى شاوره ليانس بالذبح و ينقاد للامر به.

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر کی وضاحت کریں؟

(ب) قربانی کرنا واجب ہے یا سنت؟ احناف کا مؤقف دلیل سے سپرد قلم کریں؟

(ج) حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں کتنا عرصہ رہے؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ و تفسیر)

حصہ اوّل ...... قرآن مجید

سوال نمبر 1:۔ وَاذْكُرْ يَا مُحَمَّدُ لِقَوْمِكَ اِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰى لَيْلَةَ رَاَى النَّارَ وَ الشَّجَرَةَ اَنْ اَىْ بِاَنْ اِئْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ رَسُوْلًا قَوْمَ فِرْعَوْنَ مَعَهُ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ بِالْكُفْرِ بِاللّٰهِ وَبَنِىْ اِسْرَآئِيْلَ بِاسْتِعْبَادِهِمْ اَلَا الْهَمْزَةُ لِلْاِسْتِفْهَامِ الْاِنْكَارِىْ يَتَّقُوْنَ اللّٰهَ بِطَاعَتِهٖ فَيُوَحِّدُوْنَهٗ.

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سے معجزات عطا فرمائے؟

(ج) سورۃ شعراء میں کتنے انبیاء کی قوموں کا ذکر ہوا؟ نیز ان قوموں کے نام لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ: ''اور اے محمد اپنی قوم کو یاد دلائیں اس وقت کا واقعہ کہ جب تیرے رب نے موسیٰ کو حکم دیا اس رات میں جبکہ موسیٰ نے آگ اور درخت کو دیکھا کہ تو ظالم قوم کے پاس رسول بن کر جا' قوم فرعون کے پاس مع فرعون کے انہوں نے اللہ کے ساتھ کفر کر کے اور بنی اسرائیل کو غلام بنا کر اپنے اوپر ظلم کیا۔ کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے ہو کہ اس کی اطاعت اختیار کر کے اس کے توحید کے قائل ہو جاؤ۔

(ب) معجزات موسیٰ: ید بیضاء اور عصا۔

(ج) شعراء میں انبیاء کا ذکر: سورۃ شعراء میں درج ذیل قوموں کا ذکر ہے:

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم، حضرت ابراہیم کی قوم، حضرت نوح علیہ السلام کی قوم، حضرت صالح علیہ السلام کی قوم یعنی قوم ثمود، حضرت لوط علیہ السلام کی قوم، حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم۔

سوال نمبر2:۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ اِيَّاهُ عِلْمًا بِالْقَضَاءِ بَيْنَ النَّاسِ وَ مَنْطِقِ الطَّيْرِ وَ غَيْرِ ذٰلِكَ وَقَالَا شُكْرًا لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا بِالنُّبُوَّةِ وَ تَسْخِيْرِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ النُّبُوَّةَ وَالْعِلْمَ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر کی وضاحت کریں؟

(ب) حضرت سلیمان علیہ السلام کو کیسی حکومت عطا کی گئی؟ مختصر تحریر کریں؟

(ج) کتنے بادشاہوں نے پوری دنیا پر حکومت کی؟ ان کے نام لکھیں؟

الجواب: (الف) ترجمہ و اغراض مفسر: اور بے شک دیا ہم نے حضرت داؤد اور اس کے بیٹے حضرت سلیمان علیہ السلام لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کا علم اور پرندوں کی بولی اور اس کے علاوہ اور انہوں نے اللہ کا شکر بجالاتے ہوئے کہا" سب تعریفیں اللہ کے لیے جس نے ہم کو فضیلت دی نبوت کے ساتھ اور جن وانس کو مسخر کرنے کے ساتھ اور شیاطین کو مسخر کرنے کے ساتھ اپنے کثیر مومن بندوں پر اور وارث بنایا گیا سلیمان علیہ السلام کو داؤد علیہ السلام کا نبوت وعلم کے ساتھ۔

(ب) حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت: حضرت سلیمان علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے پرندوں کو بولی کا علم عطا فرمایا کہ آپ علیہ السلام پرندوں کو بولیاں سمجھ جاتے اور ہر شئی جو انبیاء علیہم السلام کو عطا کی جاتی ہے وہ عطا کی گئی اور بادشاہوں کو دی جانے والی ہر شئی عطا فرمائی۔ علاوہ ازیں حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیے جنوں، انسانوں اور پرندوں کو تابع کر دیا گیا۔ یوں حضرت سلیمان نے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ قدرت وطاقت سے پوری دنیا پر حکومت فرمائیں۔

(ج) بادشاہوں کے نام: چار بادشاہ ایسے گزرے ہیں جنہوں نے پوری دنیا پر حکمرانی کی حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت ذوالقرنین علیہ السلام، نمرود، بخت نصر۔

سوال نمبر3:۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ مِّنَ الْكُفَّارِ مُتَحَزِّبُوْنَ اَيَّامَ حَفْرِ الْخَنْدَقِ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا مَلٰٓئِكَةً وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بِالتَّاءِ مِنْ حَفْرِ الْخَنْدَقِ وَ بِالْيَاءِ مِنْ تَحْزِيْبِ الْمُشْرِكِيْنَ بَصِيْرًا اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ مِنْ اَعْلَى الْوَادِيْ وَاَسْفَلِهٖ مِّنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) غزوہ احزاب کہاں واقع ہوا اور اس میں مسلمانوں کو کیسے نصرت خداوندی حاصل

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

ہوئی؟ تفصیلاً لکھیں؟

(ج) غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو جو اس نے تم پر کیں جب آئے تمہارے پاس لشکر کفار کے خندق کھودنے کے دنوں میں لڑائی کے لیے تو ہم نے ان پر طوفان بھیجا اور ایسے لشکر جنہیں تم نہ دیکھ پاتے یعنی فرشتے اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ یعملون کو تاء کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں پھر معنی ہوگا تمہارے خندق کھودنے کے عمل کو جانتا ہے۔ یاء کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی مشرکین کی تخریب کاری کو جانتا ہے/دیکھتا ہے۔ جب وہ تمہارے پاس تمہارے اوپر سے آئے اور تمہارے نیچے سے یعنی وادی کے اوپر سے اور وادی کے نیچے سے مشرق اور مغرب سے۔

(ب) غزوہ احزاب: مدینہ شریف میں واقع ہوا اور اس غزوہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد سخت آندھی اور بارش سے فرمائی جس سے دشمنوں کے خیمے اکھڑ گئے اور ان کی آنکھوں میں مٹی داخل ہوگئی جس وجہ سے وہ گویا اندھے ہو گئے اور ان کی آگ بجھ گئی اور گھوڑے دوڑ پڑے اور فرشتوں کی بڑی جماعت اللہ نے اتاری۔ طلحہ بن خویلد کہنے لگا کہ محمد نے تم پر جادو کر دیا ہے۔ پھر کفار بغیر قتال کیے شکست خوردہ ہوئے۔

(ج) غزوہ: وہ لڑائی اور جنگ جس میں نبی علیہ السلام بنفسِ نفیس شریک ہوئے۔

سریہ:

وہ جنگ جس میں نبی علیہ السلام نے شرکت نہ کی لیکن اس لشکر کو نبی علیہ السلام روانہ فرمائیں۔

سوال نمبر۴:-

رب هب لي ولدا من الصلحين فبشرناه بغلام حليم اى ذى حلم كثير فلما بلغ معه السعى اى ان يسعى معه و يعنيه قيل بلغ سبع سنين و قيل ثلاثة عشر سنة قال يبنى انى ارى اى رايت فى المنام انى اذبحك و رؤيا الانبياء حق و افعالهم بامر الله تعالىٰ فانظر ماذا ترى من الراى شاوره ليانس بالذبح و ينقا دلاامره .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر کی وضاحت کریں؟

(ب) قربانی کرنا واجب ہے یا سنت؟ احناف کا موقف دلیل سے سپردِ قلم کریں؟

(ج) حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں کتنا عرصہ رہے؟

جواب: (الف) ترجمہ: (عرض کی) اے میرے رب مجھے نیک بیٹا عطا فرما تو ہم نے اسے علم

H_M_Hasnain_Asadi

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

والے لڑکے کی خوشخبری سنائی۔ پس جب وہ کوشش و کام کرنے کی عمر کو پہنچا کہ آپ کے ساتھ کوشش کر سکے اور آپ کی مدد کر سکے' بعض نے کہا سات سال کی عمر' بعض نے کہا تیرا سال کی عمر' تو اس نے کہا اے میرے بیٹے میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ انبیاء علیہم السلام کے خواب سچے ہوتے ہیں اور ان کے افعال اللہ کا حکم ہوتا ہے۔ تو تم مجھے بتاؤ کہ تمہارا کیا خیال ہے؟ آپ نے اپنے بیٹے سے اس لیے مشورہ کیا تا کہ ذبحہ کے ساتھ تو مانوس ہو جائیں اور حکم کو ماننے کے لیے تیار ہو جائیں۔

اغراضِ مفسر: ولد نکال کر مفعول بہ ظاہر کر دیا اور سعی کا معنی بتا دیا کہ اس عمر کو وہ پہنچے کہ اپنے والد کے ساتھ کام اور ان کی مدد کر سکیں وہ عمر کیا تھی؟ اس میں مختلف اقوال ہیں۔ قول اول سات سال اور قول ثانی تیرہ سال ہے۔ یہ مسئلہ تھا بتا دیا کہ انبیاء کے خواب سچے ہوتے ہیں۔ اور خواب بھی وحی کا ایک ذریعہ ہے۔

(ب) قربانی کا حکم: عند الاحناف قربانی واجب ہے۔ دلیل نبی علیہ السلام کا فرمان علی شان ہے "کہ جو شخص طاقت رکھنے کے باوجود قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے" اس قدر وعید شدید ترک واجب پر ہی ہو سکتی ہے۔ معلوم ہوا قربانی واجب ہے۔

(ج) یونس علیہ السلام کا مچھلی کے پیٹ میں رہنے کی مدت: حضرت یونس علیہ السلام چالیس دن مچھلی کے پیٹ میں رہے۔ بعض نے کہا ایک دن' بعض نے کہا: 20 دن رہے لیکن چالیس دن کا قول اصح ہے۔

☆ ☆ ☆

H_M_Hasnain_Asadi

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف لتنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے سال دوم)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے　　دوسرا پرچہ: حدیث　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: قسم اول سے کوئی دو جبکہ قسم ثانی سے دونوں سوالات حل کریں؟

حصہ اوّل...... حدیث

سوال نمبر ۱:۔ اِنَّ رَجُلًا قَرَأَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ وَاَوْمَا اِلَيْهِ رَجُلٌ فَنَهَاهُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اَتَنْهَانِيْ اَنْ اَقْرَأَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَتَذَاكَرَا ذٰلِكَ حَتّٰى سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ ۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) قراءت خلف الامام کے بارے میں اختلاف ائمہ مع الدلائل اور موقف احناف کی وجہ ترجیح قلمبند کریں؟

سوال نمبر ۲:۔ عن عبد الله رضی الله عنه قال انكسفت الشمس يوم مات ابراهيم بن رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فخطب فقال ان الشمس و القمر ايتان من ايات الله لا تنكسفان لموت احد و لا لحياته فاذا رايتم ذلك فصلوا و احمدوا الله و كبروه و سجوه حتى ينجلي ايهما انكسف ۔

(الف) ترجمہ و توضیح کریں۔

(ب) نماز کسوف کا طریقہ قلمبند کریں؟

(ج) "رایتم" کیا صیغہ ہے اور ہفت اقسام میں کیا ہے؟

سوال نمبر ۳:۔ (الف) انبیاء کرام علیہم السلام اور صالحین کے روز قیامت شفاعت کرنے کے بارے مدلل مضمون تحریر کریں جو پندرہ سطروں سے کم نہ ہو؟

(ب) رفع یدین کے بارے احناف کا مؤقف دلائل سے مزین کر کے اختصار کے ساتھ زینتِ قرطاس کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

دوسرا پرچہ: حدیث

حصہ اول ..... حدیث

...ل نمبر1:-

...إِنَّ رَجُلًا قَرَأَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ أَوِ الْعَصْرِ فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ رَجُلٌ
...هُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ أَتَنْهَانِي أَنْ أَقْرَأَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَتَذَاكَرَا ذٰلِكَ
...ى سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى
...تَ الْإِمَامِ فَإِنَّ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ.

...ف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

...ب) قراءت خلف الامام کے بارے میں اختلاف ائمہ مع الدلائل اور موقف احناف
...ہ وجہ ترجیح قلمبند کریں؟

جوابات: (الف) اعراب: سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ظہر یا عصر میں قراءت کی، ایک شخص ...نے اسے اشارہ سے منع کیا۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو کہنے لگا: کیا تو مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ...پیچھے پڑھنے سے روکتا ہے؟ پس اس پر بحث ہونے لگی حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن لیا اور فرمایا: ...س نے امام کے پیچھے نماز پڑھی تو امام کی قراءت اس کی قرات ہے۔

(ب) اختلاف آئمہ مع الدلائل: قراءت خلف الامام کے بارے میں آئمہ فقہاء میں اختلاف پایا ...جاتا ہے:

امام اعظم کا موقف: آپ کا موقف یہ ہے کہ مقتدی خواہ جہری نماز میں ہو یا ساری کسی میں بھی فاتحہ ...نہ پڑھے آپ کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے: عن جابر بن عبد الله أن رسول الله صلى الله عليه ...وسلم قال مَنْ كَانَ لَهُ إِمَامٌ فَقِرَاءَةُ لَهُ قِرَاءَةٌ.

امام شافعی کا موقف: امام شافعی کا موقف یہ ہے کہ نماز خواہ جہری ہو یا سری ہر دو نوع میں فاتحہ پڑھنی ...لازم ہے ان کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاتحہ کی قراءت کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

امام مالک کا موقف: امام مالک کا موقف یہ ہے خلف جہری نماز میں قراءت نہ کی جائے لیکن سری

H_M_Hasnain_Asadi

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

نماز میں قرات کی جائے گی۔ یہ قول سعید بن مسیب، زہری، قتادہ وغیرہ کا بھی ہے۔

امام احمد کا مؤقف: آپ بھی امام مالک کی رائے سے متفق ہیں۔ البتہ جہری نماز میں ان سے منقول ہے ... سا یہ اختلاف کرتی ہیں کہ اگر مقتدی اس قدر فاصلہ پر ہو کہ امام کی قرات نہ سن سکتا ہو تو وہ قرات پڑھ لے۔ امام شافعی بھی اسی رائے سے اتفاق کرتے ہیں۔ یہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی ہے۔

مؤقف احناف کی وجہ ترجیح: امام اعظم کا مؤقف نہایت مضبوط دلائل پر قائم ہے کیونکہ اس کی حقیقت پر قرآن کریم بھی ہے اور احادیث نبوی بھی زیادہ تر صحابہ کا اس پر اتفاق ہے جو قریب قریب اجماع ہے اور قیاس بھی اس کی تائید کرتا ہے۔

سوال نمبر۲:-

عن عبد الله رضی الله عنه قال انكسفت الشمس يوم مات ابراهيم بن رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فخطب فقال ان الشمس و القمر ايتان من ايات الله لا تنكسفان لموت احد و لا لحياته فاذا رايتم ذلك فصلوا و احمد و الله و كبروه و سبحوه حتى ينجلي ايهما انكسف .

(الف) ترجمہ وتوضیح کریں؟

(ب) نماز کسوف کا طریقہ قلمبند کریں؟

(ج) "رایتم" کیا صیغہ ہے اور ہفت اقسام میں کیا ہے؟

جوابات: (الف) ترجمہ حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے حضرت ابراہیم کے انتقال کے دن سورج گرہن ہوا تو آپ کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا پس فرمایا: بے شک سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔ اس میں کسی کی موت یا پیدائش کے وقت گرہن نہیں پڑتا۔ لہٰذا جب تم انہیں ایسا دیکھو پس نماز پڑھو اور اللہ کی حمد کرو اور تکبیر کہو اور تسبیح کرو یہاں تک کہ ہر دو گہن سے نکل جائیں۔

حدیث کی توضیح: اس حدیث مبارکہ میں سورج گرہن کی نماز ثابت ہوتی ہے۔ نماز کسوف کی ہیئت کے بارے میں اختلاف آئمہ پایا جاتا ہے۔ امام اعظم کے نزدیک اس نماز میں دیگر نمازوں کی طرح ایک ہی رکوع ہے جبکہ امام شافعی و مالک ہر رکعت میں دو رکوع کے قائل ہیں۔ حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سورج گرہن یا چاند گرہن واقع ہو تو ایسی نماز پڑھو جیسے تم نے ابھی (فجر کی) فرض نماز پڑھی، کیونکہ یہ کسوف اس وقت ہوا تھا۔

(ب) نماز کسوف کا طریقہ: ایسے وقت گہن لگا کہ اس وقت نماز ممنوع ہے تو نماز پڑھنے کی بجائے

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

دعا میں مشغول رہیں۔ حتیٰ کہ اسی حالت میں ڈوب جائے تو دعا ختم کر دیں۔ یہ نماز عام نوافل کی طرح دو رکعت پڑھی جائے۔ یعنی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کریں۔ دو رکعت سے زائد بھی پڑھ سکتے ہیں۔ ہر رکعت میں لمبی قرات کریں اگر یاد ہو تو سورہ بقرہ اور آل عمران کی مثل بڑی بڑی سورتیں پڑھیں اور رکوع وسجود میں بھی طول دیں اور نماز کے بعد دعا میں مشغول رہیں یہاں تک کہ پورا آفتاب کھل جائے۔ یہ بھی جائز ہے کہ نماز میں تخفیف کر کے دعا کو طویل کیا جائے۔

(ج) صیغہ وہفت اقسام: رایتم: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی معروف مہموز العین ناقص یائی از باب فتح یفتح

سوال نمبر۳:- (الف) انبیاء کرام علیہم السلام اور صالحین کے روز قیامت شفاعت کرنے کے بارے مدلل مضمون تحریر کریں جو پندرہ سطروں سے کم نہ ہو؟

(ب) رفع یدین کے بارے احناف کا مؤقف دلائل سے مزین کر کے اختصار کے ساتھ زینتِ قرطاس کریں؟

جوابات: (الف) روز قیامت شفاعت کا بیان: مسئلہ شفاعت میں اہل سنت و جماعت اور معتزلہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ معتزلہ کے نزدیک چھوٹے گناہ توبہ سے یا بلا توبہ کے معاف ہو جاتے ہیں جبکہ کبیرہ گناہ بلا توبہ معاف نہیں ہوتے اور شفاعت محض ثواب کے درجات کی بلندی کے لیے ہے اور اہل سنت و جماعت کے نزدیک شفاعت سے کبیرہ گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں اس حوالے سے دلائل درج ذیل ہیں:

دلیل ۱: ایک روایت میں ہے کہ "یزید بن صہیب" کہتے ہیں میں نے حضرت جابر سے شفاعت کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے جواب دیا اللہ تعالیٰ اہل ایمان میں سے ایک قوم کو ان کے گناہوں کی وجہ سے عذاب دے گا۔ پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے ذریعے انہیں نکال دے گا۔

دلیل ۲: حضرت ابی سعید خدری اللہ کے اس فرمان "عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا" کے حوالے سے رسول اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ مقام محمود سے مراد شفاعت ہے۔ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کی ایک جماعت کو ان کے گناہوں کی وجہ سے عذاب دے گا پھر حضرت محمد کے وسیلہ سے ان کو نکالے گا۔ پھر حیوان نامی نہر پر لائے گا۔ وہ اس میں غسل کریں گے پھر ان کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔ وہاں ان کا نام جہنمی پڑ جائے گا۔ پھر وہ اللہ کے حضور اس حوالے سے التجا کریں گے تو اللہ ان کے اس نام کو مٹا دے گا۔

دلیل ۳: حضرت انس فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ روز قیامت کن کی شفاعت

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

فرمائیں گے؟ آپ نے فرمایا: اہل کبائر اہل ونظام اور ناحق خون بہانے والوں کی۔

الغرض مرتکب کبائر مومن ہو تو بھی شفاعت کا مستحق ہے۔ کافر کی شفاعت کا نہ قرآن میں کوئی ثبوت ہے اور نہ ہی حدیث مبارکہ میں ہے۔

• (ب) **رفع یدین سے متعلق احناف کا موقف:** مسئلہ رفع یدین میں احناف کا موقف یہ ہے کہ صرف نماز کی ابتداء میں یعنی تکبیر تحریمہ کہتے وقت ہاتھوں کو بلند کیا جائے اس کے علاوہ نہیں۔

دلائل: ان کے موقف کے حوالے سے دلائل درج ذیل ہیں:

1- حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکبیر (تکبیر تحریمہ) کے وقت ہاتھ بلند کرتے دیکھا اور آپ دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرتے۔

2- حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر اور عمر کے ہمراہ نماز پڑھی انہوں نے اپنے ہاتھوں کو بلند نہیں کیا سوائے نماز شروع کرتے وقت۔

3- ایک روایت میں ہے کہ حضرت علی اول تکبیر کہتے وقت اپنے ہاتھوں کو بلند کرتے پھر دوبارہ ایسا نہ کرتے۔

نوٹ: جدید نصاب کے مطابق حصہ "ادب عربی" سے متعلق دو سوال شامل اشاعت نہیں ہیں کیونکہ وہ خارج نصاب ہیں۔

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف۔اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے تیسرا پرچہ: فقہ کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبرا:۔ فان قشرت نفطة فسال منها ماء او صديدا و غيره ان سال عن راس الجرح نقض و ان لم يسل لا ينقض و قال زفر ينقض في الوجهين و قال الشافعي لا ينقض في الوجهين .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) وجہین سے کیا مراد ہے؟ نیز مذکورہ مسئلہ میں امام زفر اور امام شافعی رحمہما اللہ کا مذہب سپردِ قلم کریں؟

(ج) خون کے خارج ہونے سے وضو ٹوٹنے کے مسئلہ میں اختلاف ائمہ لکھیں؟

سوال نمبر ۲:۔ فان اشتبهت عليه القبلة و ليس بحضرته من يسأله عنها اجتهد .

(الف) مذکورہ عبارت کی روشنی میں واضح کریں کہ قبلہ مشتبہ ہو جائے تو نماز کس رخ پر پڑھی جائے گی۔

(ب) نماز کے دوران یا نماز کے بعد معلوم ہوا کہ استقبال قبلہ میں خطا ہوگئی ہے تو نماز کا حکم کیا ہوگا؟ احناف اور شوافع کا مذہب مع الدلائل زینتِ قرطاس کریں؟

(ج) شرائط نماز ہدایہ کی روشنی میں لکھیں؟

سوال نمبر ۳:۔ ثم يقرأ فاتحة الكتاب و سورة او ثلاث ايات من اي سورة شاء فقراءة الفاتحة لا تتعين ركنا عندنا و كذا ضم السورة اليها و اذا قال الامام و لا الضالين قال آمين و يقولها المؤتم .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) نماز با جماعت کی صورت میں "آمین" کہنے نہ کہنے اور آمین بالجہر یا آمین بالسر کے مسئلہ پر اختلاف ائمہ مع دلائل سپردِ قلم کریں؟

(ج) فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ پر ائمہ اربعہ کے صرف مذاہب بیان کریں؟

سوال نمبر 4:۔ (الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل سے چار احکامات کی وضاحت کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(۱) وتر کا مستحب وقت کون سا ہے؟
(۲) حائضہ سے کون کون سی چیزیں ساقط اور کون سی ممنوع ہیں؟
(۳) وہ اوقات جن میں نفل نماز ممنوع ہے کوئی سے پانچ اوقات لکھیں؟
(۴) "و لیس فی العوامل و الحوامل و العلوفة صدقة" مسئلہ کی وضاحت کریں؟
(۵) "وما سقی بغرب او دالیة او سانیة ففیه نصف العشر" عبارت کی وضاحت کریں؟
(ب) ہدایہ کی روشنی میں تیمم کی شرائط سپرد قلم کریں نیز یہ بتائیں کہ موزوں اور تیمم کے مسح میں کیا فرق ہے؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر ۱:-

فَإِنْ قُشِرَتْ نَفْطَةٌ فَسَالَ مِنْهَا مَاءٌ اَوْ صَدِيْدٌ اَوْ غَيْرُهُ إِنْ سَالَ عَنْ رَّاْسِ الْجُرْحِ نَقَضَ وَإِنْ لَّمْ يَسِلْ لَا يَنْقُضُ وَ قَالَ زُفَرُ يَنْقُضُ فِي الْوَجْهَيْنِ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَنْقُضُ فِي الْوَجْهَيْنِ.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) وجہین سے کیا مراد ہے؟ نیز مذکورہ مسئلہ میں امام زفر اور امام شافعی رحمہما اللہ کا مذہب سپرد قلم کریں؟

(ج) خون کے خارج ہونے سے وضو ٹوٹنے کے مسئلہ میں اختلاف ائمہ لکھیں؟

جوابات: (الف) اعراب:

اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: پھر اگر چھالا نکالا گیا اور اس سے پانی یا پیپ وغیرہ بہی ٗوضو ٹوٹ جائے گا ٗاگر ان میں سے کوئی چیز زخم کے سرے سے بہے۔ اگر زخم کے سرے سے نہ بہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ امام زفر کہتے ہیں دونوں صورتوں میں وضو ٹوٹ جائے گا اور امام شافعی کہتے ہیں کہ دونوں صورتوں میں وضو نہیں ٹوٹے گا۔

(ب) وجہین کا مطلب: وجہین سے مراد ہے "خارج من غیر السبیلین" کا مسئلہ ہے۔ یہ تمام چیزیں یعنی پانی یا پیپ وغیرہ ناپاک ہیں پس اگر خارج شدہ چیز سیلان ہے اور از خود بہہ جاتی ہے تب تو ناقض وضو ہے ورنہ نہیں۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

مسئلہ مذکورہ میں آئمہ کرام کا مذہب:

امام زفر کا مذہب: امام زفر کا مذہب یہ ہے کہ یہاں سیلان شرط نہیں ہے۔ اور (خارج غیر السبیلین) آپ کے نزدیک مطلقاً ناقض وضو ہے۔ اس لیے دونوں صورتوں میں وضو ٹوٹ جائے گا خواہ نکلنے والی چیز بہے یا نہ بہے۔

امام شافعی کا مذہب: امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ دونوں صورتوں میں وضو نہیں ٹوٹے گا خواہ نکلنے والی بہے یا نہ بہے کیونکہ آپ کے ہاں خارج من غیر السبیلین مطلقاً ناقض وضو نہیں ہے۔

(ج) خون کے خارج ہونے سے وضو ٹوٹنے کا مسئلہ: مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ درج ذیل ہیں:

امام مالک و امام شافعی کا مسلک: آپ کے نزدیک دم خارج من غیر السبیلین ہے اس لیے یہ ناقض وضو نہیں ہے۔

امام زفر کا مسلک: آپ کے نزدیک خون کے خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جائے گا خواہ بہے یا نہ بہے۔

آئمہ ثلاثہ کا مسلک: آئمہ ثلاثہ کے نزدیک خون کا خارج ہونا ناقض وضو ہے مگر شرط یہ ہے کہ یہ نکلے اور بہہ جائے۔ خواہ کہیں سے بھی نکلے اور بہہ کر کہیں بھی جائے۔

سوال نمبر ۲:-

فان اشتبهت عليه القبلة و ليس بحضرته من يسأله عنها اجتهد۔

(الف) مذکورہ عبارت کی روشنی میں واضح کریں کہ قبلہ مشتبہ ہو جائے تو نماز کس رخ پر پڑھی جائے گی۔

(ب) نماز کے دوران یا نماز کے بعد معلوم ہوا کہ استقبال قبلہ میں خطا ہو گئی ہے، تو نماز کا حکم کیا ہوگا؟ احناف اور شوافع کا مذہب مع الدلائل زینتِ قرطاس کریں؟

(ج) شرائط نماز ہدایہ کی روشنی میں لکھیں؟

جوابات: (الف) قبلہ مشتبہ ہونے کی صورت میں نماز پڑھنے کا حکم: اگر کسی مصلی پر قبلہ مشتبہ ہو جائے اور اسے صحیح سمت کے بارے میں آگاہ کرنے والا بھی کوئی نہ ہو، تو مصلی اجتہاد کرے اور اجتہاد یعنی تحری سے جس سمت غالب گمان واقع ہو اسی سمت رخ کر کے نماز پڑھ لے۔

(ب) (ا) دوران نماز استقبال قبلہ میں خطا ہو جائے تو نماز کا حکم: اگر دوران نماز استقبال قبلہ میں خطا ہو جائے، تو اس مسئلہ میں امام ابو حنیفہ و امام شافعی کا موقف ایک ہی ہے کہ تحری کرنے والا شخص نماز کے دوران ہی قبلہ کی طرف گھوم جائے جس حالت (قیام، قعود، رکوع وغیرہ) میں بھی ہو اور اس میں تاخیر نہ

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

کرے۔

دلیل: جب اہل قباء نے انتقال قبلہ کا سنا تو وہ لوگ نماز کی جس ہیئت پر تھے گھوم گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو پسند فرمایا تھا۔

(ii) بعد از نماز قبلہ رخ ہونے میں خطا ہو جائے تو نماز کا حکم:

احناف کا موقف: اگر مصلی نماز ادا کر چکا ہو اور پھر اسے معلوم ہوا کہ اس نے غلطی کی ہے تو احناف کے نزدیک وہ نماز کا اعادہ نہیں کرے گا۔

دلیل: جب مصلی پر قبلہ مشتبہ تھا اور بتانے والا بھی کوئی نہ تھا اور تحری کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا تو اس نے تحری کر کے نماز پڑھ لی تو نماز درست ہوگی۔

شوافع کا موقف: شوافع کے نزدیک مصلی پر نماز کا اعادہ کرنا واجب ہے۔

دلیل: آپ کی دلیل یہ ہے کہ اسے اپنی غلطی کا یقین ہو چکا ہے کہ جو تحری اس نے کی تھی وہ غلط تھی۔

(ج) شرائط نماز: نماز کی شرطیں ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل ہیں:

۱۔ طہارت ۲۔ ستر عورت ۳۔ قیام ۴۔ نیت

۵۔ وقت نماز ۶۔ تکبیر تحریمہ ۷۔ قبلہ کی طرف رخ کرنا۔

سوال نمبر ۳:-

ثُمَّ يَقْرَأُ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَ سُوْرَةً اَوْ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ اَيِّ سُوْرَةٍ شَاءَ فَقِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ لَاتَتَعَيَّنُ رُكْنًا عِنْدَنَا وَ كَذَا ضَمُّ السُّوْرَةِ اِلَيْهَا وَاِذَا قَالَ الْاِمَامُ وَلَا الضَّالِّيْنَ قَالَ آمِيْنَ وَ يَقُوْلُهَا الْمُؤْتَمُّ.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) نماز با جماعت کی صورت میں "آمین" کہنے نہ کہنے اور آمین بالجہر یا آمین بالسر کے مسئلہ پر اختلاف ائمہ مع دلائل سپرد قلم کریں؟

(ج) فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ پر ائمہ اربعہ کے صرف مذاہب بیان کریں؟

جوابات: (الف) اعراب: سوالیہ عبارت میں لگا دیے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: پھر (مصلی) سورۂ فاتحہ پڑھے اور کوئی سورت یا کسی سورت کی تین آیتیں پڑھے جس سورت سے بھی چاہے۔ لہٰذا سورۂ فاتحہ کا رکن ہونا ہمارے یہاں متعین نہیں نیز اس کے ساتھ سورت کا ملانا بھی (رکن نہیں) اور جب امام وَلَا الضَّالِّيْنَ کہے تو آمین کہے اور مقتدی بھی یہ کہے یعنی آمین کہے۔

(ب) نماز با جماعت کی صورت میں "آمین" کہنے نہ کہنے میں اختلاف ائمہ: اس مسئلہ میں اختلاف

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

...جو درج ذیل ہے:

امام مالک کا مؤقف: آپ کا قول ہے کہ صرف مقتدی آمین کہے گا امام نہیں۔

دلیل: آپ کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

"رسول اللہ نے فرمایا: امام اس لیے بنایا گیا ہے تاکہ اس کی اقتداء کی جائے لہٰذا تم لوگ اس کی مخالفت نہ کرو اور جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرأت کرے تو خاموش رہو اور جب وہ ولا الضالین کہے تو آمین کہو۔"

امام اور تنہا نماز پڑھنے والا سورۂ فاتحہ پڑھ لیں اور وَلَا الضَّآلِّيْنَ کہیں تو انہیں چاہیے کہ آمین کہیں اور یہ حکم مقتدی کے لیے بھی ہے۔

دلیل: آپ کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

رسول اللہ نے فرمایا: جب امام وَلَا الضَّآلِّيْنَ کہے تو تم لوگ آمین کہو کیونکہ اس وقت فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور امام بھی آمین کہتا ہے.....الخ۔

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ آمین امام اور مقتدی دونوں کا فریضہ ہے۔

امام مالک کا مسلک: امام مالک کے نزدیک امام آمین نہیں کہے گا، آمین کہنا صرف مقتدی کا وظیفہ ہے۔

دلیل: آپ کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

قال رسول اللہ انما جعل الامام ليؤتم به فلا تختلفوا عليه فاذا كبر فكبروا و اذا قرا فانصتوا و اذا قال ولا الضالين فقولوا آمين.

☆ آمین بالجہر اور آمین بالسر کے مسئلہ پر آئمہ میں اختلاف پایا جاتا ہے، جو درج ذیل ہے:

احناف کا مسلک: احناف کے نزدیک امام اور مقتدی دونوں آمین آہستہ آواز میں کہیں گے۔

دلیل: ان کی دلیل یہ روایت ہے۔

حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اربع يخفيهن الامام و ذكر من جملتها التعوذ والتسمية وآمين۔

اس کے علاوہ آمین دعا ہے پس اس کی بناء اخفاء پر ہوگی۔

امام شافعی کا مسلک: امام شافعی کے نزدیک جہری نمازوں میں جہراً اور سری نمازوں میں سراً آمین کہی جائے گی۔

دلیل: حضرت وائل بن حجر سے روایت ہے:

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

كان رسول الله اذا قرا و لا الضالين قال آمين و رفع بها صوته۔

(ج) فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ پر آئمہ اربعہ کے مذاہب:

احناف کا مذہب: احناف کے نزدیک مقتدی کا امام کے پیچھے قرات کرنا مکروہ ہے خواہ نماز جہری یا سری۔

شوافع کا مذہب: شوافع کے نزدیک ہر نماز میں خواہ جہری ہو یا سری مقتدی پر نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔

حنابلہ کا مذہب: حنابلہ کے نزدیک جہری نمازوں میں سورۃ فاتحہ پڑھنا مکروہ ہے اور سری نمازوں میں مستحب۔ جہری نمازوں میں اس وقت مستحب ہے جب مقتدی تک امام کی آواز نہ پہنچ سکے۔

مالکیہ کا مذہب: مالکیہ کے نزدیک جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرات کرنا مکروہ ہوگا لیکن سری نمازوں میں قرات کی جاسکتی ہے۔ ایسا کرنا مستحب ہے فرض یا واجب نہیں۔

سوال نمبر۴:۔(الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل سے چار احکامات کی وضاحت کریں؟

(۱) وتر کا مستحب وقت کون سا ہے؟

(۲) حائضہ سے کون کون سی چیزیں ساقط اور کون سی ممنوع ہیں؟

(۳) وہ اوقات جن میں نفل نماز ممنوع ہے کوئی سے پانچ اوقات لکھیں؟

(۴) "و ليس في العوامل و الحوامل و العلوفة صدقة" مسئلہ کی وضاحت کریں؟

(۵) "وما سقي بغرب او دالية او سانية ففيه نصف العشر" عبارت کی وضاحت کریں؟

(ب) ہدایہ کی روشنی میں تیمم کی شرائط سپرد قلم کریں نیز یہ بتائیں کہ موزوں اور تیمم کے مسح میں کیا فرق ہے؟

جوابات: (الف) احکامات کی وضاحت:

۱۔وتر کا مستحب وقت: نماز وتر کا مستحب وقت رات کا آخری پہر یعنی نماز تہجد کے بعد کا وقت ہے۔

۲۔حائضہ کے لیے ساقط اور ممنوع چیزیں:

ساقط چیزیں: حیض والی عورت سے نماز ساقط کر دی گئی ہے اور روزہ حرام۔ پاک ہونے کے بعد نماز کی قضاء نہ ہوگی البتہ روزہ کی قضاء کرے گی۔

ممنوع چیزیں: حیض والی عورت کے لیے ممنوعہ چیزیں درج ذیل ہیں:

☆ مسجد میں داخل ہونا منع ہے۔

☆ طواف بیت اللہ منع ہے۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

☆ شوہر سے صحبت کرنا منع ہے۔
☆ قرآن پاک کی تلاوت کرنا منع ہے۔
☆ قرآن پاک کو غلاف کے بغیر چھونا منع ہے۔
☆ جس کاغذ یا چیز پر قرآن کی آیت یا آیات لکھی ہوں اس کا چھونا منع ہے۔

۳۔ نماز نفل کے ممنوع اوقات:

☆ طلوع شمس کا وقت ☆ غروب شمس کا وقت
☆ وقت زوال ☆ نماز فجر کے بعد
☆ جمعہ کے دن جب امام خطبہ دینے کے لیے نکلے

۴۔ مذکورہ مسئلہ کی وضاحت: عوامل: کام کاج، کھیتی باڑی کرنے والے جانوروں کو عوامل کہتے ہیں۔

حوامل: بار برداری کے جانوروں کو حوامل کہتے ہیں۔
علوفہ: وہ جانور ہیں جن کو سال کا آدھا یا زیادہ حصہ گھر میں چارہ کھلایا جائے۔
ہمارے نزدیک ان پر زکوۃ دینا واجب نہیں ہے۔

۵۔ مذکورہ عبارت کی وضاحت: اور وہ زمین جسے بڑے ڈول یا رہٹ یا سینچائی کرنے والی اونٹنی کے ذریعے سیراب کر کے کچھ اگایا جائے اس پر نصب عشر واجب ہے۔

(ب) تیمم کی شرطیں:

☆ اگر کوئی شخص پانی نہ پائے یا اگر پانی تو ہو مگر ایک میل کی دوری پر ہو اور نماز کے فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو تو تیمم کرنا جائز ہے۔
☆ اگر کوئی شخص مریض ہو اور اسے خوف ہو کہ پانی کے استعمال سے مرض میں اضافہ ہو جائے گا تو وہ بھی تیمم کر سکتا ہے۔
☆ اگر کوئی شخص حالت جنابت میں ہو اور شدید سردی کے باعث اسے خوف لاحق ہو کہ غسل کرنا موت کا باعث بن سکتا ہے یا بیماری کا سبب بن سکتا ہے تو وہ بھی تیمم کر سکتا ہے۔

موزوں اور تیمم کے مسح میں فرق:

۱۔ موزوں پر مسح پانی سے جبکہ تیمم کا مسح پاک مٹی سے کیا جاتا ہے۔
۲۔ موزوں پر مسح سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے جبکہ تیمم کا مسح/تیمم قرآن مجید سے ثابت ہے۔
۳۔ موزوں پر مسح غسل رجلین کا بدل ہے جبکہ تیمم غسل اعضائے وضو کا بدل ہے۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف۔اے۔سال دوم)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے   چوتھا پرچہ: اصول الفقہ   کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبرا:۔ و حكمه ان يتناول المخصوص قطعا اى الره المترتب عليه ان يتناول المخصوص الذى هو مدلوله قطعا بحيث يقطع احتمال الغير' فاذا قلنا زيد عالم فزيد خاص لا يحتمل غيره احتمالا ناشيا عن دليل و عالم ايضا خاص لم يحتمل غيره كذلك فكل واحد من الكلمتين يتناول مدلوله قطعا فثبت من مجموع الكلام قطعية الحكم بعالم على زيد بهذه الواسطة .

(الف) عبارت کی تشکیل وترجمہ کریں؟

(ب) خاص کی تعریف اوراس کی اقسام کے صرف نام اور مثالیں تحریر کریں؟

(ج) نماز میں تعدیل ارکان فرض ہے یا واجب؟ احناف وشوافع دونوں کا مؤقف قلمبند کریں؟

سوال نمبر۲:۔ وموجبه الوجوب لا الندب والاباحة و التوقف . يعنى ان موجب الوجوب فقط عند العامة لا الندب كما ذهب اليه بعض الخ .

(الف) متن کی تشریح شارح کی عبارت کی روشنی میں ایں انداز سے کریں کہ مطلب واضح ہو جائے۔

(ب) "امر" کی تعریف اور "موجبه الوجوب" پر کوئی دلیل لکھیں؟

(ج) وجوب کے علاوہ امر کے کوئی سے چار معانی سپر دقلم کریں؟

سوال نمبر۳:۔(الف) و النكرة اذا اعيدت معرفة كانت الثانية عين الاولى واذا اعيدت نكرة كانت الثانية غير الاولى .

عبارت میں بیان کردہ قاعدہ کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ یہاں معرفہ کی کون سی اقسام مراد ہیں؟

(ب) و النهى عن الافعال الحسية يقع على القسم الاول و عن الامور الشرعية يقع على الذى اتصل به وصفا .

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

ترجمہ و مختصر تشریح کریں؟

(ج)　افعال حسیہ کی مثال کے ذریعے وضاحت کریں؟

سوال نمبر 4:۔ (الف) "اصول شرع" کی تعداد، نام اور وجہ حصر قلمبند کریں؟

(ب)　"نور الانوار" کس کتاب کی شرح ہے؟ متن، ماتن اور شارح کا نام احاطہ تحریر میں لائیں۔

(ج)　درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

خبر متواتر　اجماع　سنۃ　قرآن　نھی

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

سوال نمبر ا:۔

وَ حُكْمُهُ اَنْ يَتَنَاوَلَ الْمَخْصُوْصَ قَطْعًا اَیْ اَثَرُهُ الْمُتَرَتِّبُ عَلَيْهِ اَنْ يَتَنَاوَلَ الْمَخْصُوْصَ الَّذِیْ هُوَ مَدْلُوْلُهٗ قَطْعًا بِحَيْثُ يَقْطَعُ اِحْتِمَالَ الْغَيْرِ فَاِذَا قُلْنَا زَيْدٌ عَالِمٌ فَزَيْدٌ خَاصٌ لَا يَحْتَمِلُ غَيْرَهٗ اِحْتِمَالًا نَاشِئًا عَنْ دَلِيْلٍ وَ عَالِمٌ اَيْضًا خَاصٌ لَمْ يَحْتَمِلْ غَيْرَهٗ كَذٰلِكَ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِّنَ الْكَلِمَتَيْنِ يَتَنَاوَلُ مَدْلُوْلَهٗ قَطْعًا فَثَبَتَ مِنْ مَجْمُوْعِ الْكَلَامِ قَطْعِيَّةُ الْحُكْمِ بِعَالِمٍ عَلٰى زَيْدٍ بِهٰذِهِ الْوَاسِطَةِ

(الف) عبارت کی تشکیل و ترجمہ کریں؟

(ب)　خاص کی تعریف اور اس کی اقسام کے صرف نام اور مثالیں تحریر کریں؟

(ج)　نماز میں تعدیل ارکان فرض ہے یا واجب؟ احناف و شوافع دونوں کا موقف قلمبند کریں؟

جواب: (الف) عبارت کی تشکیل: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: خاص کا حکم یہ ہے کہ وہ اپنے مخصوص کو قطعی طور پر شامل ہوتا ہے یعنی خاص کا وہ اثر جو اس پر مرتب ہوتا ہے یہ ہے کہ خاص مخصوص کو جو اس کا مدلول ہے یقینی طور اس طرح شامل ہو کہ غیر کے احتمال کو قطع کر دے پس جب ہم نے (زید عالم) کہا تو زید خاص ہے اپنے علاوہ کا ایسا احتمال نہیں رکھتا جو دلیل سے پیدا ہو اور عالم بھی خاص ہے اسی طرح اپنے غیر کا احتمال نہیں رکھتا۔ پس دونوں کلموں میں سے

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

ہر ایک اپنے مدلول کو قطعی طور پر شامل ہوتا ہے۔ لہٰذا مجموعہ کلام سے زید پر عالم ہونے کا حکم اس واسطہ سے قطعی طور پر ثابت ہو گیا۔

(ب) خاص کی تعریف: خاص ہر وہ لفظ ہے جو انفراد کے طور پر کسی ایک ہی معنی معلوم کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

اقسام کے نام:

۱۔ خصوص جنس جیسے انسان

۲۔ خصوص نوع جیسے رجل

۳۔ خصوص عین جیسے زید

(ج) تعدیل ارکان کا حکم: عند الاحناف تعدیل ارکان نماز میں واجب ہے جبکہ عند الشوافع فرض ہے۔

سوال نمبر۲:-

وموجبه الوجوب لا الندب والاباحة و التوقف　يعنى ان موجب الوجوب فقط عند العامة لا الندب كما ذهب اليه بعض الخ .

(الف) متن کی تشریح شارح کی عبارت کی روشنی میں اس انداز سے کریں کہ مطلب واضح ہو جائے۔

(ب) "امر" کی تعریف اور "موجبه الوجوب" پر کوئی دلیل لکھیں؟

(ج) وجوب کے علاوہ امر کے کوئی سے چار معانی سپردِ قلم کریں؟

جواب: (الف) تشریح المتن: امر کے حکم میں اختلاف ہے۔ بعض کا مذہب یہ ہے کہ امر کا موجب ندب ہے اور بعض کے نزدیک امر کا موجب اباحت ہے اور بعض کے نزدیک امر کا موجب توقف ہے جبکہ بعض کے نزدیک امر کا موجب وجوب ہے اور یہ احناف کا مؤقف ہے کہ امر کا موجب فقط وجوب ہے۔ ماتن کا اس عبارت میں امر کے موجب کا تعین کرنا ہی ہے اور احناف کے مؤقف کو واضح کرتا ہے۔ شارح علیہ الرحمہ نے بھی اسی مسئلہ کی وضاحت کی ہے کہ امر کا موجب عام فقہاء کے نزدیک فقط وجوب ہے ندب نہیں جیسا کہ بعض کا مذہب ہے۔ نہ ہی اباحت اور نہ ہی توقف اور نہ ہی دو یا تین کے درمیان اشتراک لفظی یا معنوی ہے۔

(ب) امر کی تعریف: امر یہ ہے کہ قائل کا اپنے آپ کو بلند سمجھتے ہوئے "افعل" کہنا۔

(ج) موجبہ الوجوب پر دلیل: عند الاحناف امر کی حقیقت "وجوب" ہے۔ لہٰذا مطلق امر کو وجوب

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

ول کیا جائے گا۔ الا یہ کہ وجوب کے خلاف اگر کوئی قرینہ موجود ہو تو حسب موقع امر کو اسی معنی پر محمول کیا
ئے گا۔ امر کا موجب "وجوب" ہے اس پر دلیل یہ ہے کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے "و ما کان لمؤمن و لا
ؤمنة اذا قضى الله و رسوله امرًا الخ" اس آیت کریمہ سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول
ے حکم کرنے کے بعد کسی مامور اور مکلف بالامر کو اس کام کے کرنے یا نہ کرنے کا اختیار نہیں رہتا بلکہ اس کام
ا کرنا لازم اور ضروری ہوتا ہے۔ جس سے معلوم ہوا امر وجوب کے لیے ہوتا ہے۔

وال نمبر ۳:۔

(الف) و النكرة اذا اعيدت معرفة كانت الثانية عين الاولى و اذا اعيدت نكرة كانت الثانية غير الاولى .

عبارت میں بیان کردہ قاعدہ کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ یہاں معرفہ کی کون سی اقسام مراد ہیں؟

(ب) و النهي عن الافعال الحسية يقع على القسم الاول و عن الامور الشرعية يقع على الذى اتصل به وصفا .

ترجمہ و مختصر تشریح کریں۔

(ج) افعال حسیہ کی مثال کے ذریعے وضاحت کریں؟

جواب: (الف) قاعدہ کی وضاحت: قاعدہ یہ ہے کہ نکرہ کو اگر معرفہ کی صورت میں ذکر کیا جائے یعنی کسی لفظ کو پہلے نکرہ کر کے ذکر کیا گیا پھر اسی لفظ کو معرفہ کر کے ذکر کیا جائے تو ثانی عین اولیٰ ہوگا یعنی اوّل اور ثانی کے درمیان عینیت ہوگی۔ یعنی اولیٰ اگر عام تھا تو ثانی بھی عام ہوگا اور اوّل اگر خاص تو ثانی بھی خاص ہوگا۔

دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ اگر نکرہ کو دوبارہ نکرہ کی صورت میں ذکر کیا جائے تو ثانی غیر اولیٰ ہوگا یعنی دونوں کا مصداق الگ الگ ہوگا۔

اقسام معرفہ: یہاں معرفہ کی دو معرفہ بالف لام اور معرفہ بالاضافت مراد ہیں۔

(ب) عبارت کا ترجمہ: افعال حسیہ سے نہی قسم اوّل پر محمول ہوتی ہے اور امور شرعیہ سے نہی اس پر واقع ہوتی ہے جس کے ساتھ وہ (قبح) متصل ہوتا ہے۔

تشریح: یہاں سے مصنف فرماتے ہیں کہ کون سی نہی قسم اوّل یعنی قبح لعینہ پر محمول ہوگی اور کون سی نہی قسم ثانی یعنی قبح لغیرہ پر محمول ہوگی تو فرمایا کہ جو نہی افعال حسیہ وارد ہوتی ہے وہ قبح لعینہ پر محمول ہوگی اور جو نہی امور شرعیہ پر وارد ہوتی ہے وہ قبح لغیرہ کو ثابت کرتی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(ج) افعال حسیہ: افعال حسیہ سے مراد یہ ہے کہ ان افعال کے معانی ورود شرع سے پہلے ہی سے ہوں اور نا ہونا اپنے حال پر باقی ہوں شریعت میں ان میں تغیر نہ ہو جیسے قتل زنا شراب پینا کہ ان کے معانی اور ماہتیں نزول تحریم کے بعد بھی علی حالہا باقی ہیں۔

سوال نمبر ۴:۔ (الف) ''اصول شرع'' کی تعداد نام اور وجہ حصر قلمبند کریں؟

(ب) ''نور الانوار'' کس کتاب کی شرح ہے؟ متن، ماتن اور شارح کا نام احاطہ تحریر میں لائیں۔

(ج) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

خبر متواتر اجماع سنۃ قرآن نھی

جواب: (الف) اصول شرع کی تعداد اور وجہ حصر: اصول شرع چار ہیں اور وہ یہ ہیں: کتاب، سنت اور اجماع امت، اور چوتھا اصل قیاس ہے۔

وجہ حصر یہ ہے کہ دلیل پیش کرنے والا دو حال سے خالی نہیں کہ وہ وحی سے دلیل پکڑے گا یا غیر وحی سے، وحی یا متلو ہوگی اور وہ کتاب ہے یا غیر متلو ہوگی اور وہ سنت ہے۔ غیر وحی اگر تمام مجتہدین کا قول ہے تو اجماع ورنہ قیاس۔ پس ثابت ہوا کہ اصول شرع چار ہیں۔

(ب) نور الانوار: نور الانوار ''المنار'' کی شرح ہے۔ ماتن کا نام عبداللہ بن احمد بن محمود ہے۔ شارح کا نام شیخ احمد بن ابی سعید ہے۔

(ج) اصطلاحات کی تعریفات:

خبر متواتر: وہ حدیث ہے جسے اتنی کثیر جماعت روایت کرے کہ ان کا جھوٹ پر متفق ہونا عادۃً محال ہو۔

اجماع: ہر زمانے کے عادل و مجتہد علماء اہلسنت کا کسی حکم پر متفق ہو جانا اجماع کہلاتا ہے۔

سنت: نبی علیہ السلام کے قول فعل اور تقریر کو سنت کہتے ہیں۔

قرآن: وہ کتاب جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی اور مصاحف میں لکھی گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بغیر کسی شبہ کے تواتر کے ساتھ منقول ہو۔

نہی: کسی کا دوسرے کو استعلاء کے طریقے پر ''لا تفعل'' کہنا۔

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف۔اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے　　پانچواں پرچہ: نحو　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر۱:۔ و هو ای الاسم قسمان معرب و مبنی لانه لا یخلوا اما ان یکون مرکبا مع غیره اولا، الاول اما ان یشبه مبنی الاصل اولا و هذا اعنی المرکب الذی لم یشبه مبنی الاصل هو المعرب و ما عداه اعنی غیر المرکب و المرکب الذی یشبه مبنی الاصل مبنی۔

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) اعراب کی تعریف کرتے ہوئے واضح کریں کہ معانی معتورہ سے کیا مراد ہے؟

(ج) رفع کو فاعلیت اور نصب کو مفعولیت اور جر کو اضافت کی علامت کیوں قرار دیا گیا شرح جامی کی روشنی میں وضاحت کریں؟

سوال نمبر۲:۔ وهی ای العلل التسع مجموع ما فی هذین البیتین من الامور التسعة ۔

(الف) اسباب منع صرف شعر کی صورت میں لکھتے ہوئے یہ وضاحت کریں کہ "وهذا القول تقریب" کی عبارت سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

(ب) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں آتے؟ شرح جامی کی روشنی میں تحریر کریں؟

(ج) وصف، عجمہ، تانیث معنوی کے غیر منصرف کا سبب بننے کی شرائط سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر۳:۔ هو ای المرفوع الدال علیه المرفوعات لان التعریف انما یکون للماهیة لا للافراد ما اشتمل ای اسم اشتمل علی علم الفاعلیة ای علامة کون الاسم فاعلا و هی الضمة و الواو و الالف ۔

(الف) عبارت کی تشکیل و ترجمہ کرتے ہوئے اغراض شارح واضح کریں؟

(ب) فاعل کی تعریف لکھیں نیز فاعل اصل ہے یا مبتداء؟

(ج) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر4:۔ وقد یکون المفعول المطلق للتاکید ان لم یکن فی مفهومه زیادة علی ما یفهم من الفعل و النوع ان دل علی بعض انواعه و العدد ان دل علی عدده مثل جلست

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

جلوسا للتاکید و جلسة بکسر الجیم للنوع و جلسة بفتحها للعدد .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور اغراض شارح واضح کریں؟

(ب) منادی کی تعریف لکھیں؟

(ج) منادی کے اعراب کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر ۱:-

وَ هُوَ اَیِ الْاِسْمُ قِسْمَانِ مُعْرَبٌ وَ مَبْنِیٌّ لِاَنَّـهٗ لَا یَـخْلُوْ اِمَّا اَنْ یَکُوْنَ مُرَکَّبًا مَعَ غَیْرِهٖ اَوْلَا وَ الْاَوَّلُ اِمَّـا اَنْ یُّشْبِـهَ مَبْـنِـیَ الْاَصْـلِ اَوْلَا وَ هٰـذَا اَعْنِی الْمُرَکَّبَ الَّذِیْ لَمْ یُشْبِهْ مَبْنِیَ الْاَصْـلِ هُـوَ الْـمُعْرَبُ وَمَا عَدَاهُ اَعْنِی غَیْرَ الْمُرَکَّبِ وَ الْمُرَکَّبُ الَّذِیْ یُشْبِهُ مَبْنِیَ الْاَصْلِ مَبْنِیٌّ .

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں؟

(ب) اعراب کی تعریف کرتے ہوئے واضح کریں کہ معانی معتورہ سے کیا مراد ہے؟

(ج) رفع کو فاعلیت اور نصب کو مفعولیت اور جر کو اضافت کی علامت کیوں قرار دیا گیا شرح جامی کی روشنی میں وضاحت کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ: اور وہ اسم کی دو قسمیں ہیں معرب اور مبنی اس لیے کہ اسم نہیں خالی کہ غیر کے ساتھ مرکب ہوگا یا نہیں بصورت اول یا وہ مبنی الاصل کے مشابہ ہوگا یا نہیں اور یہ یعنی وہ مرکب جو مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو معرب اور اس کے علاوہ میری مراد غیر مرکب اور وہ مرکب جو مبنی الاصل کے مشابہ ہو معرب ہے۔

(ب) اعراب کی تعریف: اعراب وہ حرف یا حرکت ہے جس کے باعث معرب کا آخر بدلے تاکہ ان معانی پر دلالت کرے جو معرب پر پے در پے آتی ہیں۔

معانی معتورہ: صفات یعنی فاعلیت، مفعولیت اور اضافت

(ج) رفع: رفع فاعلیت کی علامت اس لیے کہ رفع عمدہ حرکت ہے اور فاعل بھی عمدہ ہے تو عمدہ کو عمدہ کی علامت بنا دیا۔ رفع ثقیل حرکت ہے اور فاعل قلیل ہے اس لیے فاعل مرفوع ہے۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

نصب: نصب خفیف حرکت ہے اور مفاعیل کثیر ہیں پس خفیف حرکت کثیر کو دے دی۔

جر: فاعلیت اور مفعولیت کا تقاضا پورا کرنے کے بعد جر کے علاوہ کوئی دوسری حرکت نہ رہی اس لیے اضافت کی علامت قرار پایا۔

سوال نمبر ۲:۔

وھی ای العلل التسع مجموع ما فی ھذین البیتین من الامور التسعۃ۔

الف) اسباب منع صرف شعر کی صورت میں لکھتے ہوئے یہ وضاحت کریں کہ "وھذا القول تقریب" کی عبارت سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

ب) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں آتے؟ شرح جامی کی روشنی میں تحریر کریں؟

ج) وصف، عجمہ، تانیث معنوی کے غیر منصرف کا سبب بننے کی شرائط سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) اسباب منع صرف:

عدل و وصف و تانیث و معرفۃ   و عجمۃ ثم جمع ثم ترکیب

والنون زائدۃ من قبلھا الف   و وزن الفعل و ھذا القول تقریب

ھذا القول تقریب کی مراد:

☆ مذکورہ اسباب کو شعر کی صورت میں یاد کرنا یاد کرنے کے زیادہ قریب ہے۔

☆ اسباب منع صرف میں ہر ایک کو ماتن کا علت کہنا قول قریب یعنی مجازی ہے۔

☆ اسباب منع صرف کی تعداد میں نو کا قول کرنا درستگی کے زیادہ قریب ہے۔

(ب) کسرہ نہ آنے کی وجہ: غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین اس لیے نہیں آتے کہ وہ فعل کے مشابہ ہے اور فعل پر کسرہ اور تنوین نہیں اس لیے اس کے مشابہ پر بھی نہیں آئیں گے۔

(ج) وصف کی شرط: یہ ہے کہ وہ اصل میں وصف ہو یعنی وصف اصلی ہو عارضی نہ ہو۔

عجمہ کی شرط: یہ ہے کہ وہ عجمی زبان میں علم ہو اور تین حرف سے زائد ہو اور اگر تین حرفی ہو تو درمیان والا حرف متحرک ہو جیسے سَقَرٌ و اِبْرَاھِیْمُ۔

تانیث معنوی کی شرط: یہ ہے کہ وہ علم ہو۔

سوال نمبر ۳:۔

ھُوَ اَیِ الْمَرْفُوْعُ الدَّالُّ عَلَیْہِ الْمَرْفُوْعَاتُ لِاَنَّ التَّعْرِیْفَ اِنَّمَا یَکُوْنُ لِلْمَاھِیَّۃِ لَا لِلْاَفْرَادِ مَا اشْتَمَلَ اَیْ اِسْمٌ اشْتَمَلَ عَلٰی عِلْمِ الْفَاعِلِیَّۃِ اَیْ عَلَامَۃِ کَوْنِ الْاِسْمِ فَاعِلًا وَ ھِیَ الضَّمَّۃُ وَالْوَاوُ وَالْاَلِفُ ۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(الف) عبارت کی تشکیل وترجمہ کرتے ہوئے اغراض شارح واضح کریں؟
(ب) فاعل کی تعریف لکھیں نیز فاعل اصل ہے یا مبتداء؟
(ج) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت: اوپر ہو گئی ہے۔
ترجمہ: وہ یعنی مرفوع جس پر معرفوعات دلالت کرتا ہے' کیونکہ تعریف ماہیت کی ہوتی ہے افراد کی نہیں۔ وہ اسم ہے جو مشتمل ہو فاعلیت کی علامت پر یعنی اسم کے فاعل ہونے کی علامت پر اور وہ ضمہ، واو اور الف ہے۔
(ب) فاعل کی تعریف: وہ اسم جس سے پہلے فعل یا شبہ فعل ہو اور وہ فعل یا شبہ فعل اس اسم کی طرف مسند ہو اس طرح کہ اس کے ساتھ قائم ہو اس پر واقع نہ ہو جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ
اغراض: شارح کا عبارت نکال ھو ضمیر کا مرجع بتانا' ما کا معنی بیان کرنا اور علم کا معنی بیان کرنا مقصور ہے۔ اور علامتوں کا تعین کرنا مقصور ہے۔
اصل: فاعل اصل ہے' مبتداء اصل نہیں ہے۔
(ج) تقدیم فاعل کی صورتیں:
۱۔ جب فاعل اور مفعول دونوں میں لفظی اعراب ہو اور قرینہ بھی نہ' تو التباس سے بچنے کے لیے فاعل کو مقدم کرنا واجب ہے جیسے ضَرَبَ مُوْسٰى عِيْسٰى۔
۲۔ جب فاعل ضمیر مرفوع متصل ہو جیسے ضَرَبْتُ تاکہ متصل کا منفصل ہونا لازم نہ آئے۔
۳۔ جب فاعل کا مفعول إِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے مَا ضَرَبَ زَيْدٌ إِلَّا عَمْرًوا تاکہ حصر والا معنی فوت نہ ہو یعنی زید کی ضاربیت عمرو میں بند رہے۔
۴۔ جب مفعول معنی إِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے إِنَّمَا ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا تاکہ حصر والا معنی فوت نہ ہو۔
مذکورہ چاروں صورتوں میں فاعل کو مفعول پر مقدم کرنا واجب ہے۔

سوال نمبر۴:-

وَقَدْ يَكُوْنُ الْمَفْعُوْلُ الْمُطْلَقُ لِلتَّاكِيْدِ إِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْ مَفْهُوْمِهٖ زِيَادَةٌ عَلٰى مَا يُفْهَمُ مِنَ الْفِعْلِ وَالنَّوْعِ إِنْ دَلَّ عَلٰى بَعْضِ اَنْوَاعِهٖ وَالْعَدَدُ إِنْ دَلَّ عَلٰى عَدَدِهٖ مِثْلُ جَلَسْتُ جُلُوْسًا لِلتَّاكِيْدِ وَجِلْسَةً بِكَسْرِ الْجِيْمِ لِلنَّوْعِ وَجَلْسَةً بِفَتْحِهَا لِلْعَدَدِ۔
(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور اغراض شارح واضح کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

ب) منادی کی تعریف لکھیں؟

ج) منادی کے اعراب کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ: اور کبھی ہوتا ہے مفعول مطلق تاکید کے لیے اگر اس فعل کے مفہوم میں فعل کے مفہوم پر زیادتی ل ہو اور نوع کے لیے اگر وہ اس کی بعض انواع پر دلالت کرے اور عدد کے لیے اگر وہ عدد پر دلالت کرے ر ے جَلَسْتُ جُلُوْسًا تاکید کی مثال، جَلَسْتُ جِلْسَةً نوع کی مثال اور جَلَسْتُ جَلْسَةً عدد کی ل۔

اغراض: شارح نے یکون کی ضمیر کا مرجع بتایا اور مفعول مطلق کی تینوں اقسام کی تعریفات کردی ہیں ر مثالوں کا تعین کر دیا۔

(ب) منادی کی تعریف: وہ اسم جس کی اَدْعُوْ کے قائم مقام کسی حرف کے ساتھ توجہ کرانا مقصود

(ج) منادی کا اعراب:

☆ اگر منادی مفرد معرفہ ہو تو علامت رفع پر مبنی ہوگا جیسے یَا زَیْدُ

☆ منادی کے شروع میں اگر لام استغاثہ داخل ہو تو مجرور ہوگا جیسے یَا لَزَیْدٍ

☆ منادی کے آخر میں اگر الف استغاثہ لاحق ہو تو مفتوح ہوگا جیسے یَا زَیْدَاهُ

☆ منادی اگر مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معین ہو تو منصوب ہوگا جیسے یَا عَبْدَ اللهِ، یَا طَالِعًا جَبَلًا یَا رَجُلًا خُذْ بِیَدِیْ۔

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف۔اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے چھٹا پرچہ: منطق کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر۱:۔ سواء الطریق ای وسطه الذی یفضی سالکه الی المطلوب البتة و هذا کنایة عن الطریق المستوی اذ هما متلازمان و هذا مراد من فسره بالطریق المستوی و الصراط المستقیم ثم المراد به اما نفس الامر عموما او خصوص ملة الاسلام۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) ماتن نے علم کی تعریف کیوں نہیں کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں جواب دیں؟

سوال نمبر۲:۔ و هو ملاحظة المعقول لتحصیل المجهول

(الف) ھو کا مرجع بتائیں اور واضح کریں کہ یہ عبارت کس کی تعریف ہے؟

(ب) منطق کی تعریف کریں اور منطق کی ضرورت شرح تہذیب کی روشنی میں لکھیں؟

(ج) قانون کی تعریف مع مثال سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر۳:۔ درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

جنس، جنس الاجناس، عموم و خصوص مطلق، دلالت مطابقی، متواطی، حجت

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

چھٹا پرچہ: منطق

سوال نمبر۱:۔

سَوَاءُ الطَّرِیْقِ اَیْ وَسْطُهُ الَّذِیْ یُفْضِیْ سَالِکَهٗ اِلَی الْمَطْلُوْبِ اَلْبَتَّةَ وَ هٰذَا کِنَایَةٌ عَنِ الطَّرِیْقِ الْمُسْتَوِیْ اِذْهُمَا مُتَلَازِمَانِ وَ هٰذَا مُرَادُ مَنْ فَسَّرَهٗ بِالطَّرِیْقِ الْمُسْتَوِیْ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ ثُمَّ الْمُرَادُ بِهٖ اِمَّا نَفْسُ الْاَمْرِ عُمُوْمًا اَوْ خُصُوْصُ مِلَّةِ الْاِسْلَامِ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(ب) ماتن نے علم کی تعریف کیوں نہیں کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں جواب دیں۔

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں:

ترجمہ: سواء الطریق یعنی درمیانہ راستہ جو چلنے والے کو منزل مطلوب تک پہنچا دے اور یہ کنایہ ہے طریق مستوی سے، کیونکہ دونوں ایک دوسرے کو لازم ہیں اور یہی مراد ہے اس شخص کی جس نے طریق اور صراط مستقیم سے اس کی تفسیر کی ہے۔ پھر مراد اس سے یا تو نفس الامر ہے عمومی طور پر یا خاص ملت اسلام مراد ہے۔

(ب) علم کی تعریف نہ کرنے کی وجہ: علم کی تعریف چونکہ مشہور تھی تو شہرت کی بناء پر اس کی تعریف نہیں کی یا علم بدیہی ہے اور بدیہی چیز تعریف کی محتاج نہیں ہوتی۔

سوال نمبر۲:- وهو ملاحظة المعقول لتحصيل المجهول

(الف) ھو کا مرجع بتائیں اور واضح کریں کہ یہ عبارت کس کی تعریف ہے؟

(ب) منطق کی تعریف کریں اور منطق کی ضرورت شرح تہذیب کی روشنی میں لکھیں؟

(ج) قانون کی تعریف مع مثال سپردِ قلم کریں؟

جواب: (الف) ھو کا مرجع: ھو ضمیر کا مرجع نظر ہے اور عبارت میں نظر کی یہی تعریف کی جارہی ہے۔

(ب) منطق کی تعریف: منطق وہ آلہ ہے جس کی رعایت کرنے سے ذہن کو فکری غلطی سے بچایا جا سکے۔

منطق کی ضرورت: نظر و فکر میں کبھی خطا بھی واقع ہو جاتی ہے کہ فکر کبھی نتیجہ تک پہنچتی ہے اور کبھی نتیجہ کی نقیض تک پہنچتی ہے۔

لہٰذا کسی قاعدہ کلیہ کی ضرورت پڑی کہ اگر اس کی رعایت کی جائے تو خطائی الفکر سے بچا جا سکے اور وہ منطق ہی ہے۔

(ج) قانون کی تعریف: وہ قضیہ کلیہ کہ جس سے اس قضیہ کے موضوع کی جزئیات کے احوال معلوم ہوں جیسے "کل فاعل مرفوع"۔

سوال نمبر۳:- درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

جنس، جنس الاجناس، عموم و خصوص مطلق، دلالت مطابقی، متواطی، حجت

جواب: اصطلاحات کی تعریفات:

جنس: وہ کلی جو مختلف الحقائق کثیرین پر ماھو کے جواب میں بولی جائے جیسے حیوان۔

جنس الاجناس: وہ جنس جس کے نیچے تو کوئی جنس موجود ہو لیکن اوپر کوئی جنس موجود نہ ہو جیسے جوہر۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

عموم وخصوص مطلق: دوکلیوں میں ایک تو دوسری کے تمام افراد پر صادق آئے لیکن دوسری پہلی کے تمام افراد پر صادق نہ آئے جیسی حیوان اور انسان کے درمیان عموم وخصوص مطلق کی نسب ہے۔

دلالت مطابقی: وہ دلالت جس میں لفظ اپنے پورے معنی موضوع لہ پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت حیوان ناطق پر۔

متواطی: وہ لفظ مفرد واحد المعنی کہ جس کا معنی معین ومشخص نہ ہو اور تمام افراد پر برابر برابر صادق آتا ہو جیسے انسان زید، عمرو اور بکر تمام پر برابر صادق آتا ہے۔

حجت: وہ معلومات تصدیقیہ جن کو ترتیب دینے سے کوئی مجہول تصدیق حاصل ہو جائے جیسے یہ معلوم ہو کہ عالم متغیر ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ ہر متغیر حادث ہے، پھر انہیں ترتیب دی جائے اور یوں کہا جائے اَلْعَالَمُ مُتَغَيِّرٌ وَ كُلُّ مُتَغَيِّرٍ حَادِثٌ تو نتیجہ آئے گا اَلْعَالَمُ حَادِثٌ۔

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

تنظیم المدارس (اہلِ سنت) پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طلباء 2025

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

درجہ خاصہ

2

ادارہ ضیاء السنة

مولانا محمد رمضان ضیاء الباروی

0333-6142767

محمد ریحان مصطفے باروی

0306-6521197

0314-7615061

تنظیم المدارس اہل سنت کے نصاب کے مطابق طلباء وطالبات کا مکمل کورس امتحانی گائیڈ قرآن پاک، تجویدی، تفاسیر، احادیث، سیرت، وعظ، نماز سعیدی دیگر اسلامی کتب دستیاب ہیں۔

نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ ملتان

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے۔ سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے   پہلا پرچہ: تفسیر وعلوم قرآن   کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے جبکہ باقی میں سے کوئی سے دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل ...... تفسیر جلالین

سوال نمبر 1:۔ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ اعدل عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ بنو عمكم وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ فی ذلك وَلٰكِنْ فی مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ فيه وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ لما كان من قولكم قبل النهی رَّحِيْمًا بكم فی ذلك .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کریں نیز آیت کا پس منظر لکھیں؟

(ب) لے پالک بچے کی ولدیت میں سوتیلے والد کا نام لکھنے کا حکم شرعی تحریر کریں؟

(ج) لے پالک بچے کی بیوی سے نکاح کا حکم بیان کریں؟

سوال نمبر 2:۔ وورث سليمان داود النبوة والعلم وقال يايها الناس علمنا منطق الطير ای فهم اصواته واوتينا من كل شیء يوتاه الانبياء و الملوك ان هذا الموتی لهو الفضل المبين البين الظاهر .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) کیا نبوت میں وراثت جاری ہو سکتی ہے؟ وورث سلیمن کی روشنی میں جواب دیں۔

(ج) انبیاء کرام کی مالی وراثت کا حکم لکھیں؟

سوال نمبر 3:۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ لَا هلا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً كالتوراة و الانجيل والزبور قال تعالیٰ نزلناه كَذٰلِكَ متفرقا لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ نقوی قلبك وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ای اتينابه شيئا بعد شیء بتمهل و تودة لتيسير فهمه و حفظه .

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کریں نیز عبارت کی توضیح کریں؟

(ب) جلالین کے مصنفین کا مختصر تعارف تحریر کریں؟

(ج) ورتلنہ ترتیلا کی توضیح کریں؟

حصہ دوم ...... علم القرآن

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل اجزاء میں سے تین کا جواب دیں؟

(الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین پر مصنف کی ذکر کردہ تفصیل لکھیں؟

(ب) وحی کی معنی اور اس کی معرفت کے بارے تفصیل سے لکھیں؟

(ج) ضلال اور خدع کا معنی تحریر کریں؟

(د) لفظ خاتم کا لفظی اصطلاحی اور عرفی معنی لکھ کر آیات سے دلیل لکھیں؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

پہلا پرچہ: تفسیر وعلوم قرآن

حصہ اوّل ...... تفسیر جلالین

سوال نمبر 1:۔ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ اعدل عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِی الدِّیْنِ وَمَوَالِیْكُمْ ؕ بنو عمکم وَلَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ فِیْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ فی ذلك وَلٰكِنْ فی مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ فیه وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا۝ لما کان من قولکم قبل النھی رَّحِيمًا بکم فی ذلك ـ

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کریں نیز آیت کا پس منظر لکھیں؟

جواب: ترجمہ: ”(لے پالک اولاد کو) ان کو باپوں کی طرف منسوب کرتے ہوئے پکارو یہ زیادہ درست بات ہے اللہ کے ہاں اور اگر تم کو ان کا باپ معلوم نہ ہوں تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے چچاؤں کے بیٹے ہیں اور نہیں ہے تم پر کوئی حرج اس میں جو تم خطاء کر چکے اس بارے اور لیکن وہ گناہ ہے کہ جو قصداً کرو اور اللہ بخشنے والا ہے نہی سے تمہاری باتوں کو اور اس بارے تم پر مہربان ہے۔

آیت کا پس منظر: یہ آیت کفار کے رد میں نازل ہوئی انہوں نے ستہزاءً نبی علیہ السلام کے

بارے زبان درازی کی اور کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہی بیٹے کی بیوی سے نکاح کرلیا، کیونکہ نبی علیہ السلام حضرت زید کو بیٹوں کی طرح پیار کرتے تھے۔ تو جب انہوں نے اپنی بیوی زینب بنت جحش کو اپنی ملک سے فارغ کر دیا تو نبی علیہ السلام نے زینب بنت جحش سے نکاح فرمالیا۔ اس پر کفار نے زبان درازی اور طنز کیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کا رد کر دیا کہ تمہارے منہ بولے بیٹے تمہارے حقیقی بیٹے نہیں بن جاتے وہ اپنے باپوں کی ہی اولاد ہیں۔ لہٰذا ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کرتے ہوئے بلایا کرو۔

(ب) لے پالک بچے کی ولدیت میں سوتیلے والد کا نام لکھنے کا حکم شرعی تحریر کریں؟

سوتیلے باپ کا نام لکھنے کا حکم: حکم شرعی یہ ہے کہ ولدیت میں اپنے ہی باپ کا نام لکھنا چاہیے سوتیلے باپ کا نام ولدیت میں لکھنا ممنوع ہے، کیونکہ شرعی لحاظ سے سوتیلہ باپ باپ نہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا۔ لہٰذا لے پالک بچے کی ولدیت میں سوتیلے باپ کا نام لکھنا جائز نہیں۔

(ج) لے پالک بچے کی بیوی سے نکاح کا حکم بیان کریں؟

نکاح کا حکم: حکم شرع یہ ہے کہ لے پالک بچہ اگر اپنی بیوی کو طلاق دے دے، تو اس کی بیوی سے نکاح کرنا جائز ہے، کیونکہ وہ بچہ تمہارے نطفہ سے نہیں کہ اس سے نسب ثابت ہو جائے اور نبی علیہ السلام کا فعل مبارک جواز پر شاہد ہے۔

سوال نمبر 2:۔ وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوٗدَ النُّبُوَّةَ وَالْعِلْمَ وَقَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ اَیْ فَهْمَ اَصْوَاتِهٖ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ يُؤْتَاهُ الْاَنْبِيَاءُ وَالْمُلُوْكُ اِنَّ هٰذَا الْمُؤْتٰى لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ الْبَيِّنُ الظَّاهِرُ۔

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب اور ترجمہ: اعراب اوپر لگا دیئے ہیں ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

ترجمہ عبارت: حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام کے وارث بنے (یعنی ان کی وفات کے بعد نبوت اور علم کے وارث بنے) اور انہوں نے فرمایا: اے لوگو! پرندوں کی بولیوں (یعنی ان کی آوازوں کے فہم) کی ہمیں تعلیم دی گئی اور ہمیں تمام اشیاء کے حوالے سے تعلیم دی گئی ہے (جس طرح انبیاء کرام اور سلاطین کو تعلیم دی جاتی ہے) یقیناً (یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کھلا فضل و کرم ہے۔

(ب) کیا نبوت میں وراثت جاری ہوسکتی ہے؟ "وَوَرِثَ سُلَیْمٰنُ" کی روشنی میں جواب دیں؟

نبوت میں وراثت جاری ہونے کے مسئلہ کی وضاحت: وراثت کے احکام انبیاء کرام علیہم السلام کے حوالے سے مختلف ہیں، یہ لوگ اپنی اولاد کے لیے دولت چھوڑ کر نہیں جاتے بلکہ علم وحکمت جیسی دولت چھوڑ کر جاتے ہیں اور اولاد اس کی وارث قرار پاتی ہے۔ یہ حقیقت بھی یاد رہے کہ دولت کی طرح نبوت میں بھی وراثت جاری نہیں ہوتی، ورنہ ہر نبی کا بیٹا نبی ہوتا جبکہ واقع میں یہ ایسا نہیں ہے۔ نبوت کا تعلق عبادت وریاضت یا باپ کی وراثت کے ساتھ نہیں ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عطا کی جاتی ہے۔

(ج) انبیاء کرام کی مالی وراثت کا حکم لکھیں؟

مالی وراثت کا حکم: اوّل بات تو یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام مال و دولت چھوڑ کر نہیں جاتے بلکہ ان کی دولت علم وعرفان ہوتا ہے جیسا کہ وارد ہے کہ علماء انبیاء کے وارث ہوتے ہیں۔

اگر بالفرض وہ کچھ مال چھوڑتے ہیں، تو اس میں ورثاء کا حق نہیں ہوتا بلکہ وہ صدقہ جاریہ ہوتا ہے، کیونکہ انبیاء کرام روحانی کمالات کا وارث بناتے ہیں۔ دنیاوی مال کا نہیں۔ دنیا کے مال کی ان کے ہاں کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔ جب مال متروک ترکہ نہیں تو اس میں ورثاء کا بھی حق نہیں۔ لہٰذا اسے صدقہ کیا جائے گا۔

سوال نمبر3:۔ **وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ لَا هلا نُزِّلَ عَلَیْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً كالتوراة و الانجيل والزبور قال تعالىٰ نزلناه كَذٰلِكَ متفرقا لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ نقوى قلبك وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِیْلًا اى اتينابه شيئا بعد شيء بتمهل و تودة لتيسير فهمه و حفظه .**

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کریں نیز عبارت کی توضیح کریں؟

جواب: ترجمہ: اور انہوں نے کہا جنہوں نے کفر کیا کہ نبی (علیہ السلام) پر قرآن مجید ایک ہی مرتبہ نازل کیوں نہ ہوا۔ جیسا کہ توراۃ، انجیل اور زبور۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے اس قرآن کو متفرق طور پر اتارا تا کہ اس سے آپ کا دل قائم رہے اور پختہ ہو۔ ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا۔ یعنی آہستگی کے ساتھ اتارا تا کہ اس کو سمجھنا اور یاد کرنا آسان ہو۔

توضیح: مفسر علیہ الرحمہ نے بتایا کہ یہاں لو لا ھلا کے معنی میں استعمال ہے اور یہ بھی بتا دیا کہ دیگر کتابیں دفعۃ واحدۃ نازل ہوئیں۔ صرف قرآن پاک آہستہ آہستہ تقریباً تیئس سالہ عرصہ

میں نازل ہوا اور ایسا طریقہ اس لیے اپنایا گیا تا کہ نبی علیہ السلام کی طبع مبارک پر گراں نہ گزرے۔ اس آیت کریمہ میں کافروں کے سوال کا جواب اور رد بھی ہو گیا جو انہوں نے کہا کہ قرآن ایک ہی بار نازل کیوں نہ ہوا۔

(ب) جلالین کے مصنفین کا مختصر تعارف تحریر کریں؟

تعارف: تفسیر جلالین دو آدمیوں نے لکھی اور دونوں کے القاب جلال الدین تھے۔ ان میں سے ایک استاد اور دوسرے ان کے شاگرد تھے۔ ایک کا مکمل نام جلال الدین محمد بن احمد المحلی ہے جبکہ دوسرے بزرگ کا نام جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی ہے۔

جلال الدین محلی ۷۹۱ ہجری کو پیدا ہوئے شافعی مسلک سے ان کا تعلق تھا۔ انہوں نے سورۃ کہف سے سورۃ الناس تک اختصار کے ساتھ تفسیر لکھی اور جلال الدین السیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ کا تعلق بھی مصر سے تھا۔ ان کی پیدائش ۸۴۹ ہجری کو ہوئی۔ مصر کے علماء کبار میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ ابتداء سے سورۃ اسراء تک آپ نے تفسیر جلالین لکھی اور اپنے استاد کا ادھورا کام مکمل کیا۔

(ج) ورتلنہ ترتیلا کی توضیح کریں؟

توضیح: ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم نے قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا۔ علماء اس کا مطلب یوں بیان کرتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے تھوڑا تھوڑا کر کے تقریباً ۲۳ سال کے عرصہ میں نازل فرمایا۔ اس کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ ہم نے پہلے ایک آیت نازل کی پھر اس کے بعد دوسری آیت۔ تا کہ نبی علیہ السلام کی طبیعت مبارکہ پر گراں نہ گزرے۔

حصہ دوم ...... علم القرآن

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل اجزاء میں سے تین کا جواب دیں؟

(الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین پر مصنف کی ذکر کردہ تفصیل لکھیں؟

نوٹ: امتحان میں پوچھا گیا سوال مکمل نہیں ہے۔

(ب) وحی کا معنی اور اس کی معرفت کے بارے تفصیل سے لکھیں؟

جواب: معنی وحی اور معرفت کے متعلق تفصیل: وحی کے کئی معانی ہیں۔ جب اس کی نسبت نبی کی طرف ہو تو پھر اس کا معنی ہو گا کہ اللہ پاک کا بذریعہ فرشتہ اپنے نبی سے کلام کرنا۔ اسے وحی عرفی کہتے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اِنَّـا اَوْحَيْنَـا اِلَيْكَ كَمَا اَوْحَيْنَا اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ

ہودہ'' اس آیت میں وحی اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔

اگر اس کی نسبت غیر نبی کی طرف ہو تو پھر اس کا معنی ہے دل میں کوئی بات ڈالنا، خیال پیدا کرنا، ں کی مثال جیسے ''وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ'' اس میں وحی اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔

(ج) ضلال اور خدع کا معنی تحریر کریں؟

جواب: ضلال کا معنی: اگر اس کی نسبت غیر نبی کی طرف ہو تو اس کا معنی ''گمراہی'' ہے اور اگر ں کی نسبت نبی کی طرف ہو تو پھر اس کا معنی ہوگا ''وارفتہ محبت''۔

خدع کا معنی: اگر اس کی نسبت اللہ کی طرف ہو، تو اس کا معنی ''دھوکہ کی سزا دینا'' ہوگا اور خفیہ دبیر ہوگا...... اگر اس کی نسبت غیر اللہ کی طرف ہو یعنی بندوں کی طرف تو پھر اس کا معنی ''دھوکہ'' اور دغا زی ہوگا۔

(د) لفظ خاتم کا لفظی اصطلاحی اور عرفی معنی لکھ کر آیات سے دلیل لکھیں؟

خاتم کا لفظی واصطلاحی معنی: خاتم کا لغوی معنی ہے ''مہر لگانا'' اور اصطلاحی معنی یہ ہے کہ تمام کرنا، ند کرنا، تو چونکہ مہر یا تو مضمون کے آخر میں ہوتی ہے اور اس سے مضمون بند کیا جاتا ہے۔ یا پارسل بند ونے پر لگتی ہے تاکہ کوئی چیز اس میں نہ داخل ہو اور نہ خارج۔

کتاب اللہ میں خاتم دونوں معانی میں استعمال ہوا۔

ختم بمعنی مہر ہو تو اس کی مثال جیسے

''خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ''

ختم بمعنی آخری اور پچھلے ہو تو اس کی مثال

''وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ''

☆ ☆



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے　　دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 4 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل ...... حدیث

سوال نمبر 1:۔قال فاخبرنی عن الساعة متی هی قال ما المسئول عنها باعلم من السائل و لکن لها شرائط .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر مختصر مگر مدلل نوٹ لکھیں؟

(ب) حدیث کی روشنی میں موزوں پر مسح کی مدت لکھیں؟

(ج) مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ اپنے مؤقف کو حدیث کی روشنی میں واضح کریں؟

سوال نمبر 2:۔کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی علی راحلته تطوعا حیث کان وجهه یؤمی ایماء .

(الف) جامع تشریح کریں نیز بتائیں کہ کیا بس اور جہاز میں فرض نماز پڑھی جاسکتی ہے؟

(ب) نماز وتر کی تشریح احادیث کی روشنی میں کریں؟

(ج) حج کی فضیلت میں عربی میں ایک حدیث نقل کریں؟

سوال نمبر 3:۔تزوجوا فانی مکاثربکم الامم انکحوا الجواری الشواب فانهن انتج ارحاما .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خطبہ نکاح حدیث کی روشنی میں لکھیں؟

(ب) متعہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے متعلق حکم شرعی لکھیں اور دلیل لکھنا مت بھولیں؟

(ج) لا یجوز للمعتوه طلاق ولا بیع ولا شراء کی وضاحت کریں؟

حصہ دوم ...... عربی ادب

سوال نمبر 4:۔(الف) قصیدہ بردہ شریف کی فضیلت بیان کرتے ہوئے اس کے مصنف کا مختصر

تعارف لکھیں؟

(ب) مندرجہ ذیل اشعار میں سے چار اشعار پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(۱) نَبِيُّنَا الْآمِرُ النَّاهِيْ فَلَا أَحَدٌ
أَبَرُّ فِيْ قَوْلِ لَا مِنْهُ وَلَا نَعَمِ

(۲) دَعَا إِلَى اللهِ فَالْمُسْتَمْسِكُوْنَ بِهٖ
مُسْتَمْسِكُوْنَ بِحَبْلٍ غَيْرِ مُنْفَصِمِ

(۳) فَإِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللهِ لَيْسَ لَهٗ
حَدٌّ فَيُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

(۴) فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيْهِ أَنَّهٗ بَشَرٌ
وَأَنَّهٗ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ كُلِّهِمِ

(۵) كَأَنَّهُمْ هَرَبًا أَبْطَالُ أَبْرَهَةٍ
أَوْ عَسْكَرٌ بِالْحَصٰى مِنْ رَاحَتَيْهِ رُمِيْ

(۶) مَوْلَايَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

(ج) مذکورہ بالا اشعار کے علاوہ کوئی دو اشعار مع ترجمہ تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

حصہ اوّل ...... حدیث

سوال نمبر 1: قَالَ فَأَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ مَتٰى هِيَ قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلٰكِنْ لَهَا شَرَائِطٌ۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر مختصر مگر مدلل نوٹ لکھیں؟

جواب: نوٹ: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے ہیں۔

ترجمہ: اس نے کہا: مجھے قیامت سے متعلق بتائیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے

متعلق جس سے پوچھا جارہا ہے وہ سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا ہاں مگر اس کی کچھ علامات ہیں۔

علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ثبوت: علم غیب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے۔ یعنی غیوب ماضی اور مستقبل کی خبر دینا، علم غیب بالذات اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے لیکن جو کچھ اس سلسلے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اقدس سے ظاہر ہوا، وہ اللہ کی طرف سے وحی والہام کی وجہ سے ہوا۔ اس حوالے سے قرآن وحدیث سے چند دلائل پیش کیے جاتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

قرآنی دلائل:

١- ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ (آل عمران: ۴۴)

ترجمہ: "یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں۔"

۲- فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ (النجم: ۱۰)

ترجمہ: "پس اللہ نے اپنے بندے کی طرف وحی پہنچائی جو پہنچائی۔"

یعنی آیات مبارکہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم غیب عطاء فرمایا ہے۔ یہ آپ کا ذاتی وصف نہیں بلکہ اللہ کی طرف سے عطا کردہ فضل ہے کہ جو کچھ آپ نہ جانتے تھے وہ آپ کو سکھایا۔

احادیث کی روشنی میں دلائل:

۱- حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کے قلعوں میں سے ایک پر کھڑے ہوئے پھر فرمایا: کیا تم دیکھتے ہو جو میں دیکھ رہا ہوں؟ صحابہ نے عرض کیا: نہیں۔ آپ نے فرمایا: میں فتنوں کو تمہارے گھروں کے بیچ بارش کی مانند گرتے دیکھ رہا ہوں۔ (صحیح بخاری ومسلم)

۲- حضرت ثوبان روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے لیے زمین کو لپیٹ دیا، تو میں نے اس کی مشرقوں ومغربوں کو دیکھ لیا اور قریب ہے کہ میری امت کی سلطنت ان تمام مقامات پر پہنچے اور مجھے سرخ وسفید دو خزانے دیے گئے۔ (صحیح مسلم، کتاب الفتن)

۳- امام احمد وطبرانی نے بروایت ابوذر نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کے پاس سے آئے اس حال میں کہ آسمان پر پرندہ جو اپنا بازو ہلاتا ہے اس کے متعلق بھی اپنے علم کا ذکر آپ نے ہم سے فرمادیا۔ (مواہب لدنیہ، مقصد ثامن، فصل ثالث)

ان احادیث مبارکہ سے بھی پتہ چلتا ہے اللہ پاک نے آپ کو علم غیب پر مطلع فرمایا تھا اور جو اس کا انکار کرے وہ کافر ہے۔

(ب) حدیث کی روشنی میں موزوں پر مسح کی مدت لکھیں؟

جواب: حدیث کی روشنی میں موزوں پر مسح کی مدت: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح کرے تین دن رات تک اور مقیم ایک دن رات تک۔

(ج) مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ اپنے مؤقف کو حدیث کی روشنی میں واضح کریں؟

جواب: مقتدی کا سورۂ فاتحہ کی قرات کرنا: مقتدی کا سورۂ فاتحہ کی قرات کرنا ایک اختلافی مسئلہ ہے۔ جس میں احناف کا مؤقف یہ ہے کہ نماز خواہ جہری ہو سری مقتدی کسی میں بھی سورۂ فاتحہ نہیں پڑھے گا۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ نماز خواہ جہری ہو یا سری، مقتدی دونوں میں قرات کرے گا۔ امام مالک وامام احمد رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف یہ ہے کہ جہری نماز میں سورۂ فاتحہ نہیں پڑھے گا جبکہ سری نماز میں پڑھے گا۔ البتہ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ جہری نماز میں بھی قرات کے قائل ہیں اس صورت میں جب مقتدی اس قدر دور ہو کہ امام کی قرات نہ سن سکے۔

ہمارا مؤقف: امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے دلائل میں اس حوالے سے مضبوط ہیں، کیونکہ اس پر قرآن میں بھی دلائل ہیں اور احادیث نبویہ میں بھی۔ قریب قریب اجماع اکثر صحابہ بھی اس پر اتفاق کرتے ہیں اور قیاس سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ ہمارے مؤقف کے حوالے سے حدیث مبارکہ درج ذیل ہیں:

احادیث مبارکہ:

۱- عن جابر بن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان لہ امام فقراءۃ لہ قراءۃ۔

ترجمہ: ”حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا: جس کا کوئی امام ہو تو امام کی قرات اس کی قرات ہوگی۔"

ا۔ اِنَّ رَجُلًا قَرَأَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ وَاَوْمَا اِلَيْهِ رَجُلٌ فَنَهَاهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اَتَنْهَانِيْ اَنْ اَقْرَأَ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَتَذَاكَرَا ذٰلِكَ حَتّٰى سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ ۔

ترجمہ: "ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ظہر یا عصر کی نماز میں قرات کی، ایک آدمی نے اسے اشارے سے ایسا کرنے سے روکا، پس جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو کہنے لگا: کیا تم مجھے روکتے ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے قرات کرنے سے؟ اس پر بحث ہونے لگی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن لیا، تو آپ نے اسے فرمایا: جو امام کے پیچھے نماز پڑھے پس امام کی قرات اس کی قرات ہوگی۔

سوال نمبر 2:۔ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يصلى على راحلته تطوعا حيث كان وجهه يؤمى ايماء .

(الف) جامع تشریح کریں نیز بتائیں کہ کیا بس اور جہاز میں فرض نماز پڑھی جا سکتی ہے؟

جواب: تشریح عبارت: اس حدیث مبارکہ میں یہ بتایا گیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سواری پر نفل ادا کیے چاہے سواری کا رخ جدھر بھی ہو۔ تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سواری پر نفل پڑھنا جائز ہے۔ البتہ فرائض بغیر عذر صحیح کے سواری پر پڑھنا جائز نہیں۔ آئمہ ثلاثہ کے نزدیک سفر شرعی میں سواری پر نفل پڑھنا جائز ہے۔ خواہ سواری کا منہ کسی طرف ہو۔ البتہ ابتداء میں سواری کا منہ قبلہ کی طرف ہو تو مستحسن ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا بھی یہی مؤقف ہے کہ سواری پر نفل اشارے سے ادا کرے یعنی رکوع و سجود بھی اشارے سے کرے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ آئمہ اربعہ کے نزدیک سواری پر نفل پڑھنا جائز ہیں فرض یا وتر نہیں بشرطیکہ شرعی عذر نہ ہو۔

بس اور جہاز میں فرض نماز پڑھنے کا حکم: بس میں سفر کے دوران اگر نماز کا وقت ہو جائے اور بس رک نہ رہی ہو اور وضو پہلے سے موجود ہو، تو جب نماز کا وقت ہو جائے تو جہاں تک ممکن ہو کھڑے ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی جا سکتی ہے یا جیسے آسانی ہو چلتی گاڑی میں نماز پڑھ لی جائے اور بعد میں نماز کا اعادہ کیا جائے۔

ہوائی جہاز یا بحری جہاز میں دوران سفر نماز کے وقت اترنا قطعاً غیر متصور ہے، لہٰذا اپنی سیٹ پر بیٹھ کر رکوع وسجود کرلیا جائے، البتہ رکوع کی نسبت سجدے میں زیادہ جھکا جائے۔ فرض نماز ترک نہ کی جائے۔ بہتر یہ ہے کہ بعد میں اس کا اعادہ کرلیا جائے۔

(ب) نماز وتر کی تشریح احادیث کی روشنی میں کریں؟

جواب: احادیث کی روشنی میں نماز وتر کی تشریح: احادیث کی روشنی میں نماز وتر کا حکم اس کی تعداد اور پڑھنے کے طریقہ سے متعلق بتایا گیا ہے، جسے تفصیل کے ساتھ ذیل میں بیان کیا جاتا ہے:

نماز وتر کا حکم: یہ اختلافی مسئلہ ہے کہ آیا نماز وتر فرض ہے یا واجب یا سنت، تو اس حوالے سے آئمہ کرام کے اقوال درج ذیل ہیں:

۱- امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سنت مؤکدہ ہیں۔

۲- امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر واجب اور امت پر سنت تھے۔

۳- امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک واجب ہیں۔

نماز وتر کے حکم سے متعلق حدیث مبارکہ درج ذیل ہے:

حدیث مبارکہ: عاصم بن ضمرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: وتر کے بارے میں کہ کیا وہ حق ہیں؟ فرمایا: نماز کی طرح حق تو نہیں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے کسی کے لیے ان کا چھوڑنا جائز نہیں۔

وتر کی رکعات اور پڑھنے کا طریقہ: یہ بھی اختلافی مسئلہ ہے کہ وتر کی رکعات کتنی ہیں اور انہیں کیسے پڑھا جائے گا؟ اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وتر تین رکعات ہیں اور ان کے آخر میں سلام پھیرا جائے گا یعنی ایک سلام کے ساتھ۔

۲- امام مالک وامام شافعی کے نزدیک وتر تین رکعات ہیں مگر ان میں سلام کے ساتھ فصل کیا جائے گا۔

۳- امام احمد کے نزدیک وتر ایک رکعت ہے۔ وتر کی رکعات اور پڑھنے سے متعلق حدیث مبارکہ درجہ ذیل ہے:

حدیث مبارکہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین

رکعات وتر ادا کرتے پہلی رکعت میں "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی"، دوسری رکعت میں سورہ الکافرون اور تیسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھتے۔

(ج) حج کی فضیلت میں عربی میں ایک حدیث نقل کریں؟

جواب: حج کی فضیلت:

حدیث مبارکہ: عن علقمة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الحاج مغفور له و لمن استغفر له الی انسلاخ المحرم۔

سوال نمبر 3:۔ تَزَوَّجُوْا فَاِنِّیْ مُکَاثِرٌبِکُمُ الْاُمَمَ اَنْکِحُوا الْجَوَارِیَ الشَّوَّابَ فَاِنَّهُنَّ اَنْتَجُ اَرْحَامًا۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خطبہ نکاح حدیث کی روشنی میں لکھیں؟

جواب: اعراب: سوالیہ حصہ میں اعراب لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: نکاح کرو باکرہ لڑکیوں سے، کیونکہ ان کے رحم جلد بچہ جننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

نکاح کا خطبہ حدیث کی روشنی میں:

عن القاسم عن ابیه عن عبداللہ قال علمنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبة النکاح:

اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِیْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَ نَسْتَهْدِیْهِ مَنْ یَّهْدِیِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَ مَنْ یُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ وَ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا ○ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ○ یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ط وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا○

(ب) متعہ کی تعریف کرتے ہوئی اس کے متعلق حکم شرعی لکھیں اور دلیل لکھنا مت بھولیں؟

جواب: متعہ کی تعریف: خاص مدت کے لیے کسی قدر معاوضہ پر کسی عورت سے نکاح کرنا متعہ کہلاتا ہے۔

شرعی حکم: متعہ حرام ہے۔

دلیل: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع فرمایا ہے۔

(ج) لا یجوز للمعتوہ طلاق ولا بیع ولا شراء کی وضاحت کریں؟

جواب: مذکورہ عبارت کی وضاحت: معتوہ وہ شخص ہوتا ہے جو کبھی عاقلوں کی سی باتیں، کبھی مدہوش کی سی، اگر جنون کی حد کو نہ پہنچا ہو، اور لوگوں کو بے سبب نقصان نہ پہنچاتا ہو/ تکلیف نہ دیتا ہو اپنی زبان یا ہاتھ ہے، تو ایسے شخص کی طلاق واقع نہ ہوگی۔ البتہ بیع وشراء موقوف رہتی ہے یعنی اگر معتوہ اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو، بیع وشراء کی تو اگر اس کا تصرف محض نفع حاصل کرنا ہو، تو ولی کی اجازت کے بغیر درست ہوگا جیسے ہبہ قبول کرنا۔ اگر وہ تصرف نفع ونقصان دونوں پہلوؤں کا احتمال رکھتا ہو، تو ولی کی اجازت پر موقوف ہوگا۔

حصہ دوم ...... عربی ادب

سوال نمبر 4:۔ (الف) قصیدہ بردہ شریف کی فضیلت بیان کرتے ہوئے اس کے مصنف کا مختصر تعارف لکھیں؟

جواب: قصیدہ بردہ شریف کی فضیلت: یہ قصیدہ مصنف علیہ الرحمہ جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا رہے تھے تو انہوں نے یہ مصرع پڑھا

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيْهِ اَنَّهُ بَشَرٌ

اور رک گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگے پڑھئے۔ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے عرض کیا میں دوسرے مصرع پر قادر نہیں ہو۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگے یوں کہو!

وَاِنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ كُلِّهِمِ

لہٰذا زبان مصطفیٰ سے نکلنے والے ان الفاظ کو امام بوصیری رحمہ اللہ تعالیٰ (مصنف) نے اپنے قصیدہ میں شامل فرمالیا اور ہر شعر کے اختتام پر عاشقانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ سے برکت حاصل کرنے کے لیے اسطرح پڑھتے ہیں:

مَـوْلَایَ صَـلِّ وَسَـلِّـمْ دَائِـمًـا اَبَـدًا
عَـلٰـی حَبِیْبِکَ خَیْـرِ الْـخَـلْـقِ کُـلِّهِمِ

مصنف علیہ الرحمہ کا تعارف:

نام تعارف: آپ کا نام ''امام شرف الدین ابوعبداللہ محمد بن سعید بن حماد بن محسن بن عبداللہ بن منہاج بن بلال منہاجی'' ہے۔ مصر میں بستی بوصیر میں سکونت کی وجہ سے آپ کو بوصیری کہا جاتا ہے۔ آپ یکم شوال المکرم ۶۰۸ ہجری بمطابق ۷ مارچ ۱۲۱۳ء میں مصر کے قصبہ دلاص کے نواح میں پیدا ہوئے اور ۶۹۴ھ میں اسکندریہ میں وفات پائی۔

زیارت مسرت اور شفاء: آپ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ مجھ پر فالج کا حملہ ہوا جس کی وجہ سے میرے جسم کا نصف حصہ مفلوج ہوگیا۔ میں نے سوچا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں کوئی قصیدہ لکھوں اور اس کے وسیلہ سے اللہ کی بارگاہ میں شفاء طلب کروں۔ چنانچہ میں نے قصیدہ لکھا اور سو گیا۔ اسی حالت میں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی میں نے یہ قصیدہ آپ کو سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم پر اپنا دست مبارکہ پھیرا اور چادر عطاء فرمائی۔ جب میں بیدار ہوا تو صحت یاب تھا۔

(ب) مندرجہ ذیل اشعار میں سے چار اشعار پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(۱) نَبِیُّنَـا الْاٰمِـرُ الـنَّـاهِـیْ فَلَا اَحَدٌ
اَبَـرَّ فِـیْ قَـوْلِ لَا مِـنْـهُ وَلَا نَعَمِ

(۲) دَعَـآ اِلَـی اللّٰہِ فَـالْـمُسْتَمْسِکُوْنَ بِهٖ
مُسْتَمْسِکُوْنَ بِحَبْلٍ غَیْـرِ مُنْفَصِمِ

(۳) فَـاِنَّ فَـضْـلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ لَیْـسَ لَـهٗ
حَـدٌّ فَیُـعْـرِبُ عَـنْـهُ نَـاطِقٌ بِفَمِ

(۴) فَـمَبْـلَـغُ الْـعِلْـمِ فِیْـهِ اَنَّـهٗ بَشَـرٌ
وَاَنَّـهٗ خَیْـرُ خَـلْـقِ اللّٰہِ کُـلِّهِمِ

(۵) کَـاَنَّهُـمْ هَـرَبًـا اَبْـطَـالُ اَبْرَهَةٍ
اَوْ عَسْکَرٌ بِـالْـحَصٰی مِنْ رَّاحَتَیْهِ رُمِیْ

(۶) مَوْلَايَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلَى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

جواب: اعراب: سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں۔

اشعار کا ترجمہ:

۱- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم حکم دینے والے اور روکنے والے، کوئی ایک بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ سچا نہیں بات میں، وہ بات نفی میں ہو یا اثبات میں۔

۲- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اللہ کی طرف بلایا۔ پس جو لوگ آپ کے دامن سے وابستہ ہیں وہ تھامنے والے ہیں ایسی رسی کو جو ٹوٹنے والی نہیں۔

۳- پس بیشک فضیلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی انتہاء نہیں جسے کوئی بولنے والا بیان کر سکے۔

۴- پس (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے) ہمارے علم کی انتہاء یہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔

۵- گویا انکا بھاگنا لشکر ابرہہ کی مثل ہے یا اس لشکر کی مثل جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک کی کنکریوں سے مارا گیا۔

۶- اے میرے مالک! درود و سلام بھیج ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اپنے محبوب پر جو تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔

(ج) مذکورہ بالا اشعار کے علاوہ کوئی دو اشعار مع ترجمہ تحریر کریں؟

جواب: دو اشعار مع ترجمہ:

أَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ بِذِيْ سَلَمِ
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰى مِنْ مُقْلَةٍ بِدَمِ
أَمْ هَبَّتِ الرِّيْحُ مِنْ تِلْقَاءِ كَاظِمَةٍ
وَأَوْمَضَ الْبَرْقُ فِي الظَّلْمَاءِ مِنْ إِضَمِ

ترجمہ:

۱- کیا مقام ذی سلم کے ہمسایوں کی یاد میں تو نے آنسوؤں کو خون کیساتھ جو تیری آنکھ سے جاری ہیں۔

۲- یا کاظمہ کی طرف سے ہوا چلی یا اضم پہاڑ سے اندھیری رات میں بجلی چمکی۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے   تیسرا پرچہ: فقہ   کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ اول وقت الوتر بعد العشاء و آخره ما لم يطلع الفجر .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ مسئلے کی وضاحت کریں؟

(ب) وتر کے افضل وقت کے بارے میں اور اس کی ادائیگی کے طریقہ کار کے بارے میں اختلاف آئمہ سپرد قلم کریں؟

(ج) پانچوں وقتوں کے اوقات مستحبہ تحریر کریں؟

سوال نمبر 2:۔ ليس على الصبي و المجنون زكوٰة خلافا للشافعي رحمه الله فانه يقول هي غرامة مالية فتعتبر بسائر المؤن كنفقة الزوجات وصار كالعشر و الخراج .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) عبارت کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مطلب واضح ہو جائے؟

(ج) مذکورہ مسئلہ پر احناف کی دلیل پیش کریں؟

سوال نمبر 3:۔ خالی جگہ پر کریں؟

(۱) وضو کے فرائض .... ہیں۔ (۲) کانوں کا مسح .... ہے۔

(۳) حالتِ جنون میں وضو .... ہے۔ (۴) حج کی اقسام .... ہے۔

(۵) نماز کی شرائط .... ہیں۔ (۶) عورت کی اذان .... ہے۔

(۷) حیض کی ادنیٰ مدت .... ہے۔ (۸) ناسی کا روزہ .... ہے۔

(۹) مکرہ کا روزہ .... ہے۔ (۱۰) روزہ کا وقت .... ہے۔

(۱۱) جمعہ و عیدین میں غسل .... ہے۔

سوال نمبر 4:۔ القران افضل من التمتع و الافراد .

(الف) عبارت کا ترجمہ اور تشریح کریں؟

(ب) مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ مع دلائل لکھیں؟

(ج) تلبیہ عربی میں تحریر کرنے کے بعد احرام باندھنے کا طریقہ بیان کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر 1:۔ اول وقت الوتر بعد العشاء و آخره ما لم يطلع الفجر .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ مسئلے کی وضاحت کریں؟

جواب: عبارت کا ترجمہ: ''وتر کا اوّل وقت عشاء کے بعد ہے اور اس کا آخری وقت جب تک فجر طلوع نہ ہو۔''

مسئلہ کی وضاحت: اس مسئلہ میں وتر کے ابتدائی اور آخری وقت کا ذکر کیا گیا کہ صاحبین کے ہاں وتر کا وقت نماز عشاء کے بعد شروع ہوتا ہے اور صبح صادق تک رہتا ہے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں نماز عشاء کا وقت ہی وتر کا وقت ہے۔

(ب) وتر کے افضل وقت کے بارے میں اور اس کی ادائیگی کے طریقہ کار کے بارے میں اختلاف آئمہ سپرد قلم کریں؟

جواب: وتر کا افضل وقت: وتر پڑھنے کا افضل وقت نماز تہجد کے بعد کا وقت ہی ورطلوع فجر سے پہلے پہلے تک۔ لیکن اگر کوئی اس وقت نہ اُٹھ سکتا ہو، تو اس کے لیے بہتر ہے کہ وہ نماز عشاء کے ساتھ ہی وتر بھی ادا کر لے۔

وتر کی ادائیگی میں اختلاف آئمہ:

وتر کی ادائیگی کے طریقہ کار میں آئمہ کرام کا اختلاف درج ذیل ہے:

۱۔ امام شافعی و امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک وتر کی تین رکعتیں ادا کی جائیں گی دو سلاموں کے ساتھ۔

ان کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

بخاری شریف میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے متعلق مروی ہے کہ ''حضرت ابن عمر وتر کی

ایک اور دو رکعتوں کے مابین سلام پھیرا کرتے تھے۔

۲- احناف کے نزدیک وتر کی تین رکعات ہیں اور ایک سلام کے ساتھ۔

ان کی دلیل یہ حدیث مبارکہ ہے:

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے: **کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلاث لا یسلم الافی آخر ھن** یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھتے اور آخر میں سلام پھیرتے۔

(ج) پانچوں وقتوں کے اوقات مستحبہ تحریر کریں؟

جواب: پانچوں نمازوں کے مستحب اوقات:

فجر: فجر کی نماز کو روشنی میں پڑھنا مستحب ہے۔

ظہر: موسم گرما میں اسے ٹھنڈا کر کے پڑھنا مستحب ہے اور موسم سرما میں تعجیل کر کے پڑھنا افضل/ مستحب ہے۔

عصر: موسم سرما و گرما دونوں میں نماز عصر تاخیر سے پڑھنا افضل و مستحب ہے یعنی سورج میں تغیر و تبدل آنے سے پہلے پہلے پڑھ لینا۔

مغرب: مغرب کی نماز کو جلدی پڑھنا مستحب ہے۔

عشاء: عشاء کو رات کے تہائی حصہ تک مؤخر کر کے پڑھنا مستحب ہے۔

سوال نمبر 2:۔ **لَيْسَ عَلَى الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُوْنِ زَكٰوةٌ خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَإِنَّهٗ يَقُوْلُ هِيَ غَرَامَةٌ مَالِيَّةٌ فَتُعْتَبَرُ بِسَائِرِ الْمُؤَنِ كَنَفَقَةِ الزَّوْجَاتِ وَصَارَ كَالْعُشْرِ وَالْخِرَاجِ ۔**

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب: سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: بچے اور مجنون پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا اختلاف ہے وہ فرماتے ہیں کہ یہ مالی حق ہے۔ لہٰذا اسے تمام حقوق مالیہ پر قیاس کیا جائے گا جیسا کہ ازوج کا خرچ، اور یہ عشر وخراج کی طرح ہوگا۔

(ب) عبارت کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مطلب واضح ہو جائے؟

جواب: عبارت کی تشریح: اس عبارت میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ بچے اور مجنون پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ خواہ یہ لوگ صاحب نصاب ہوں اور زکوٰۃ کی تمام شرائط پر پورے اترتے ہوں یہ احناف کا موقف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ اگر بچہ اور مجنون زکوٰۃ کی تمام شرائط پر پورا اترتے ہوں، تو ان پر زکوٰۃ فرض ہوگی۔ یہی امام مالک اور امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف ہے۔ امام شافعی کی دلیل یہ ہے کہ زکوٰۃ وہ حق ہے جو مال کے سبب واجب ہوتا ہے۔ لہٰذا جس کے پاس نصاب کے مطابق مال ہوگا اور اس میں وجوب زکوٰۃ کی شرائط بھی پائی جائیں خواہ وہ بچہ ہو یا مجنون، اس پر زکوٰۃ فرض ہوگی، کیونکہ بچہ کا صغر سن یا کسی کا جنون وجوب زکوٰۃ میں رکاوٹ نہ ہوگا، کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ جب صبی اور مجنون پر اپنی بیویوں کا نفقہ واجب ہے اور ان لوگوں کی زمین سے عشر و خراج لازم آتا ہے۔ تو پھر کیونکر ان کے مال سے زکوٰۃ ادا نہ کی جائے گی۔ لہٰذا جس طرح ان پر دیگر مالی حقوق واجب ہیں، تو زکوٰۃ بھی واجب ہوگی۔

(ج) مذکورہ مسئلہ پر احناف کی دلیل تحریر کریں؟

جواب: احناف کی دلیل: احناف کے نزدیک زکوٰۃ ایک مالی عبادت ہے، جو بغیر اختیار کے ادا نہیں ہو سکتی اور عقل نہ ہونے کی وجہ سے بچہ اور مجنون کو یہ حق/اختیار حاصل نہیں ہے۔ برخلاف خراج کے، اس لیے کہ وہ زمین کی مشقت ہے، ایسے ہی عشر میں بھی مشقت کا معنیٰ غالب رہتا ہے اور عبادت کا معنیٰ ہوتا ہے "تابع ہونا"۔ اگر مجنون سال میں کبھی ٹھیک ہو جائے، تو یہ رمضان کے کسی حصہ میں ٹھیک ہونے کے برابر ہے۔

امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حول کا اعتبار کیا جائے گا اور اصلی و عارضی کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوگا جبکہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ جب کوئی مجنون ٹھیک ہوا تو ٹھیک ہونے کے وقت سے حول کا اعتبار کیا جائے گا بمنزلہ صبی کے جب وہ بالغ ہو جائے۔

سوال نمبر 3:۔ خالی جگہ پر کریں؟

۱) وضو کے فرائض .... ہیں۔ (۲) کانوں کا مسح .... ہے۔
۳) حالتِ جنون میں وضو .... ہے۔ (۴) حج کی اقسام .... ہے۔
۵) نماز کی شرائط .... ہیں۔ (۶) عورت کی اذان .... ہے۔
۷) حیض کی ادنیٰ مدت .... ہے۔ (۸) ناسی کا روزہ .... ہے۔

(۹) مکرہ کا روزہ.......... ہے۔ (۱۰) روزہ کا وقت.......... ہے۔

(۱۱) جمعہ وعیدین میں غسل.......... ہے۔

جواب: خالی جگہ پر لکھے جانے والے الفاظ:

۱-چار	۲-مسنون
۳-ناقص	۴-تین
۵-چھ	۶-بدعت
۷-تین دن	۸-واجب اعادہ نہیں
۹-واجب اعادہ	۱۰-صبح صادق سے غروب شمس تک
۱۱-مسنون	

سوال نمبر 4:۔القران افضل من التمتع و الافراد ۔

(الف) عبارت کا ترجمہ اور تشریح کریں؟

جواب: عبارت کا ترجمہ: قران، تمتع اور افراد سے افضل ہے۔

تشریح: اس عبارت میں حج کی اقسام ثلاثہ قران، تمتع اور افراد کا ذکر کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ حج قران تینوں میں افضل ہے، یہ احناف کا موقف ہے۔امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں افراد اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں تمتع افضل ہے۔حج قران میں حج وعمرہ کا احرام ایک ساتھ باندھا جاتا ہے یعنی احرام باندھنے کے بعد عمرہ و حج دونوں کی نیت ایک ساتھ کی جاتی ہے۔حج تمتع میں پہلے عمرہ ادا کرنے کے لیے احرام باندھا جائے اور پھر دوبارہ احرام باندھ کر حج کے مناسک ادا کیے جائیں اور حج افراد میں صرف حج کرنے کے لیے احرام باندھا جائے گا۔

(ب) مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ مع دلائل لکھیں؟

جواب: مسئلہ مذکورہ میں اختلاف آئمہ مع دلائل:

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حج قران افضل ہے اور ان کی دلیل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''اے محمد! تم ایک ساتھ حج اور عمرہ کا احرام باندھو۔''

امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف: امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حج افراد افضل ہے اور ان

کی دلیل یہ ہے کہ القران رخصة والافراد عزيمة کہ قران رخصت ہے اور افراد عزیمت ہے۔ ظاہر ہے جو چیز عزیمت ہو اس پر عمل کرنا زیادہ بہتر ہے۔ اس لیے قران کی نسبت حج افراد زیادہ افضل ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف: امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حج تمتع افضل ہے دونوں سے۔ ان کی دلیل یہ فرمان الٰہی ہے:

"فمن تمتع بالعمرة الى الحج الآية" ظاہر ہے جس چیز کا ذکر قرآن مجید میں ہو اس پر عمل کرنا اور اسے بجالانا زیادہ بہتر ہے۔ اس لیے تمتع قران اور افراد سے بہتر وافضل ہے۔

(ج) تلبیہ عربی میں تحریر کرنے کے بعد احرام باندھنے کا طریقہ بیان کریں؟

جواب: تلبیہ: لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

احرام باندھنے کا طریقہ: احرام باندھنے والا پہلے غسل یا وضو کرے، پھر دو اَن سلے کپڑے چاہے وہ نئے ہوں یا دھلے ہوئے پہنے۔ دو کپڑوں سے مراد تہبند اور چادر ہے۔ پھر دو رکعت نفل پڑھ کر حج یا عمرہ کی نیت کرے۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے۔سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ: اصول فقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (الف) نور الانوار کی وجہ تالیف بیان کریں؟

اعلم ان اصول الشرع ثلثة .

(ب) مذکورہ عبارت میں مصنف نے اصول الشرع ثلثة کہا ہے اربعۃ کیوں نہیں کہا؟

وقال اما الكتاب فالقرآن المنزل على الرسول عليه السلام .

(ج) عبارت پر اعراب لگا کر بتائیں کہ "المنزل" میں کتنی اور کون کون سی باب میں کتنے

احتمال ہیں؟ ہر احتمال کی وجہ تفصیلا لکھیں؟

سوال نمبر2:۔الاوّل فی وجوہ النظم صیغة ولغة يعنى ان التقسيم الاول فى طرق النظم من حيث الصيغة و اللغة .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) مذکورہ عبارت میں مصنف نے صیغہ کو لغت پر مقدم کیوں کیا؟ نیز خاص کا حکم بیان کریں؟

(ج) عبارة النص، اشارہ النص، دلالۃ النص اور اقتضاء النص ان چار اقسام کی وجہ حصر تحریر کریں؟

سوال نمبر3:۔(الف) و محللية الزوج الثانى سوال مقدر کا جواب ہے وہ سوال اور بالتفصیل اس کا جواب تحریر کریں؟

(ب) "و منه الامر و هو قول القائل لغيره على سبيل الا ستعلاء افعل" بتائیں کہ مصنف کے قول افعل سے کیا مراد ہے؟

(ج) ایک قوم کے نزدیک امر کا موجب تکرار ہے ان کی دلیل سپرد قلم کریں؟

سوال نمبر4:۔ووجوب الفدية فى الصلوٰة للاحتياط .

(الف) مذکورہ عبارت سوال مقدر کا جواب ہے وہ سوال اور اس کا جواب تحریر کریں؟

والكفار مخاطبون بالامر بالايمان و بالمشروع من العقوبات و المعاملات .

(ب) عبارت کا ترجمہ کر کے بتائیں کہ کفار اوامر کے مخاطب ہیں یا نہیں؟

(ج) کلمہ من اور ما دونوں کس کا احتمال رکھتے ہیں؟

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء2025ء

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

سوال نمبر 1:۔(الف) نور الانوار کی وجہ تالیف بیان کریں؟

نور الانوار کی وجہ تالیف: اصول فقہ کی مشہور کتاب "المنار" چونکہ نہایت ہی مختصر اور نکات و درایات کے اعتبار سے انتہائی جامع تھی۔اس لیے علامہ ملا جیون نے اس کی ایسی شرح کی جس نے اس

کتاب کے تمام پیچیدہ مسائل کو آشکار کر دیا اور اس کے مشکل مقامات کو آسان بنا دیا۔ دوسرے مصنفین کی شروحات چونکہ ناتمام تھی اس لیے نور الانوار لکھی گئی۔

اعلم ان اصول الشرع ثلثة ۔

(ب) مذکورہ عبارت میں مصنف نے اصول الشرع ثلثة کہا ہے اربعۃ کیوں نہیں کہا؟

جواب: اصول الشرح اربعة کیوں نہ کہا؟ مصنف علیہ الرحمٰن نے اصول الشرح اربعة اس لیے نہیں تا کہ اس بات پر تنبیہ ہو جائے کہ اصل اور قطعی اصول تین ہی ہیں چار نہیں قیاس کے ظنی ہونے کی طرف اشارہ ہو جائے۔

وَقَالَ اَمَّا الْكِتَابُ فَالْقُرْآنُ الْمُنْزَلُ عَلَى الرَّسُوْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ .

(ج) عبارت پر اعراب لگا کر بتائیں کہ "المنزل" میں کتنی اور کون کون سے باب میں کتنے احتمال ہیں؟ ہر احتمال کی وجہ تفصیلاً لکھیں؟

جواب: اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

صیغہ المنز ل ممکنہ احتمال: المنز ل میں دو احتمال ہیں:

(۱) باب تفعیل سے بنا سکتے ہیں تب اسے تشدید کے ساتھ پڑھیں گے اور معنی ہوگا "تھوڑا تھوڑا کر کے ضرورت کے مطابق اترنا" تو چونکہ قرآن کریم نبی علیہ السلام پر تھوڑا تھوڑا کر کے نازل ہوا اس لیے تشدید کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

(۲) دوسرا احتمال یہ ہے کہ اسے باب افعال سے بنا سکتے ہیں۔ تب اسے تخفیف کے ساتھ پڑھیں گے۔ پھر معنی ہوگا "یکبارگی اترنا" تو چونکہ قرآن کریم لوح محفوظ سے آسمان دنیا کی طرف ایک ہی دفعہ نازل ہوا۔ پھر نبی علیہ السلام پر بقدر ضرورت تھوڑا تھوڑا نازل ہوا۔ لہٰذا اسے تخفیف کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ اَلْاَوَّلُ فِیْ وُجُوْهِ النَّظْمِ صِيْغَةً وَلُغَةً يَعْنِیْ اَنَّ التَّقْسِيْمَ الْاَوَّلَ فِیْ طُرُقِ النَّظْمِ مِنْ حَيْثُ الصِّيْغَةِ وَاللُّغَةِ .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: عبارت پر اعراب: سوالیہ عبارت پر اعراب لگا دیئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: تقسیم اوّل نظم کے طریقوں میں لغت اور صیغہ کے اعتبار سے یعنی بے شک تقسیم

اوّل نظم کے طرق میں ہے صیغہ اور لغت کی حیثیت سے۔

(ب) مذکورہ عبارت میں مصنف نے صیغہ کو لغت پر مقدم کیوں کیا؟ نیز خاص کا حکم بیان کریں؟

جواب: تقدیم صیغہ کی وجہ: عموماً وزیادہ تر عام اور خاص کا تعلق صیغہ کے ساتھ ہوتا ہے اس لیے صیغہ کو نظم پر مقدم کیا ہے۔

خاص کا حکم: عندالاحناف خاصہ پر عمل کرنا واجب ہے۔ اس کے مقابلہ میں خبر واحد اور قیاس کو ترک کردیا جائے گا۔

(ج) عبارۃ النص، اشارہ النص، دلالۃ النص اور اقتضاء النص ان چار اقسام کی وجہ حصر تحریر کریں؟

جواب: اقسام اربعہ میں وجہ حصر: دیکھیں گے کہ دلیل پکڑنے والا نظم سے استدلال کرتا ہے یا معنی سے۔ اگر نظم سے کرے تو پھر دیکھیں گے کہ نظم کو معنی کے لیے قصداً لایا گیا یا قصداً نہیں لایا گیا، بصورت اوّل عبارت النص اور بصورت ثانی اشارۃ النص۔ استدلال اگر معنی سے ہو پھر دیکھیں گے کہ وہ معنی اس نظم سے لغت کے اعتبار سے مفہوم ہوتا یا نہیں بصورت اوّل دلالۃ النص اور بصورت ثانی اقتضاء النص۔

سوال نمبر 3:۔ (الف) و محللية الزوج الثاني سوال مقدر کا جواب ہے وہ سوال اور بالتفصیل اس کا جواب تحریر کریں؟

تقدیر سوال: سوال سے پہلے تمہید یہ بات اور مسئلہ جان لیں کہ شیخین کے نزدیک اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی (خواہ ایک یا دو یا تین) عدت گزرنے کے بعد اس عورت نے کسی اور مرد سے شادی کرلی۔ اب دوسرے نے بھی طلاق دے دی۔ اس عورت نے پھر پہلے زوج سے شادی کرلی۔ اب پہلا زوج پھر سے تین طلاقوں کا مالک بن جائے گا: اس مسئلہ پر امام شافعی اعتراض کرتے ہیں کہ یہ کہنا کہ زوج ثانی پہلے زوج کے لیے تین طلاقیں ثابت کردے گا، غلط اور فاسد ہے۔ کیونکہ عورت کو حلال کرنے کی بابت آیت "فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّىٰ تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ" دلیل ہے اس آیت میں تیسری طلاق کا ذکر ہے، تو مطلب یہ ہوا کہ اگر شوہر نے تیسری طلاق بھی دے دی تو وہ عورت اس کے لیے حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ کسی دوسرے مرد سے نکاح نہ کرلے جب دوسرے سے نکاح ہوجائے گا تو پہلے شوہر کے ساتھ حرمت غلیظ ختم ہوجائے گی۔ اس میں کلمہ حتی صرف

اس بات پر دال ہے کہ حتیٰ سے پہلے والی چیز جو ثابت ہے وہ حتیٰ کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔ اب حتیٰ صرف اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ دوسرے شوہر کے ساتھ نکاح کرنا پہلے شوہر کے ساتھ ثابت شدہ حرمت غلیظ ختم ہو جائے، اس کی دلالت اس پر قطعاً نہیں کہ دوسرا شوہر پہلے کے لیے از سر نو حلت پیدا کر دے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ دوسرا شوہر پہلے کے لیے حل جدید پیدا کر دیتا ہے، درست نہیں۔

جواب کی تقدیر: امام شافعی کی طرف وارد کیے گئے سوال کا جواب یہ ہے کہ ہم حدیث عسیلہ سے دوسرے شوہر کا پہلے شوہر کو حلال کرنے والا ثابت کرتے ہیں۔ مذکورہ بالا آیت مبارکہ سے نہیں۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ ایک دفعہ رفاعہ قرظی نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں، وہ عورت نبی علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور کہا کہ میں نے رفاعہ کی تین طلاقوں کے بعد عبدالرحمٰن بن زبیر سے نکاح کر لیا ہے لیکن وہ کپڑے کی جھالر کی طرح ہیں یعنی نامرد ہیں۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا تم رفاعہ کی طرف لوٹنا چاہتی ہو؟ تو اس نے کہا ہاں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم رفاعہ کے پاس تب لوٹ سکتی ہو جب تک عبدالرحمٰن تیرے شہد کا مزہ نہ چکھ لے اور تم اس کے شہد کا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسرے شوہر سے وطی کرنا شرط ہے "محض نکاح کر لینا کافی نہیں ہے جیسا کہ آیت ظاہر بتا رہا ہے۔ تو جس طرح یہ حدیث عبارۃ النص سے وطی کے شرط ہونے پر دلالت کرتی ہے اسی طرح اشارۃ النص سے زوج ثانی کے محلل ہونے پر بھی دلالت کرتی ہے۔ اسی لیے نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ تم رفاعہ کے پاس لوٹنا چاہتی ہو؟ یہ نہیں فرمایا کہ تمہاری حلت ختم ہو گئی ہے اب تم رفاعہ کے پاس نہیں جا سکتی تو جب دوسرا شوہر پہلے کے لیے حلت معدومہ کو ثابت کرنے والا ہے' تو علت ناقصہ کو پورا کرنے والا کیوں نہیں ہو سکتا بلکہ بطریق اولیٰ ہوگا کہ معدوم کو موجود کرنے سے ناقص کو مکمل کرنا آسان ہوتا ہے۔ لہٰذا زوج ثانی کے طلاق دینے کے بعد اگر اس عورت نے زوج اوّل سے نکاح کر لیا تو وہ نئے سرے سے تین طلاقوں کا مالک ہو جائے گا۔

(ب) "و منه الامر و هو قول القائل لغيره على سبيل الا ستعلاء افعل" بتائیں کہ مصنف کے قول اِفْعَلْ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اِفْعَلْ سے مراد: مصنف کے قول اِفْعَلْ سے مراد مسمیٰ امر ہے لفظ امر نہیں کہ مسمیٰ امر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ ایک ایسا لفظ ہے جو بطور وجوب کسی چیز کے طلب کرنے کے لیے ہو۔ یا بطور وجوب کوئی کام کرنے کا حکم ہے۔ طلب علی الوجوب پر دلالت لفظ امر نہیں کرتا بلکہ مسمیٰ امر کرتا ہے

مدلول امر کرتا ہے۔

(ج) ایک قوم کے نزدیک امر کا موجب تکرار ہے ان کی دلیل سپرد قلم کریں؟

امر کا موجب تکرار ہونے پر دلیل: بعض لوگوں کے نزدیک امر کا موجب تکرار ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ جب حج کا حکم نازل ہوا تو اقرع بن حابس نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ حج کا حکم ہمارے لیے اسی سال ہے یا ہمیشہ کے لیے؟ پس اقرع نے اہل لغت ہونے کے باوجود تکرار سمجھا۔ لیکن جب انہوں نے یہ سمجھا کہ ہر سال حج کرنے پر امت دشواری کا شکار ہوگی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر لیا۔ جس کے جواب میں نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر میں تیرے سوال میں ہاں کہہ دیتا تو حج ہر سال فرض ہو جاتا۔ اب اقرع کا ہر سال کے بارے سوال کرنا'' اس بات کی دلیل ہے کہ امر تکرار کو چاہتا ہے اور امر کا موجب تکرار ہے۔

سوال نمبر 4:۔ووجوب الفدية فی الصلوٰة للاحتیاط ۔

(الف) مذکورہ عبارت سوال مقدر کا جواب ہے وہ سوال اور اس کا جواب تحریر کریں؟

جواب: سوال مقدر کی تقدیر: سوال یہ ہے کہ شیخ فانی کے لیے روزے میں فدیہ دینا نص غیر معقول سے ثابت ہے۔ پس اس کے مناسب یہ ہے کہ یہ حکم اسی پر بندر ہے۔ اس پر اس شخص کو قیاس نہ کرو جو اس حال میں فوت ہوا کہ اس پر نماز فرض ہو۔ حالانکہ تم کہتے ہیں کہ اگر کوئی فوت ہوا اور اس پر نماز ہوئی اور اس نے فدیہ کی وصیت کی تو وارث پر فدیہ دینا لازم ہے اور وہ ہر نماز کا فدیہ دے جو روزے کے لیے دیا جاتا ہے۔ تو چاہیے کہ خلاف نص ثابت ہونیوالی چیز پر غیر کو قیاس نہ کیا جائے۔ لہٰذا نماز کا فدیہ لازم کرنا درست نہ ہوا۔

جواب کی تقدیر: قضاء نماز میں فدیہ دینا احتیاط کی وجہ سے ہے قیاس کی وجہ سے نہیں، کیونکہ نص صرف روزے کا احتمال رکھتی ہے۔ غیر روزے کا نہیں۔

اور یہ بھی احتمال ہے کہ فدیہ کا حکم ایسی علت کے ساتھ معلوم ہو جو عام ہے کہ وہ علت روزے میں بھی پائی جائے اور نماز میں بھی اور وہ علت عجز ہو۔ لہٰذا جب عاجز بندے کے لیے فدیہ مشروع ہے، تو پھر نماز سے عاجز ہونے پر بھی مشروع ہوگا۔ فلا اعتراض

والکفار مخاطبون بالامر بالایمان و بالمشروع من العقوبات والمعاملات ۔

(ب) عبارت کا ترجمہ کر کے بتائیں کہ کفار اوامر کے مخاطب ہیں یا نہیں؟

ترجمۃ العبارۃ: ''اور کفار مخاطب ہیں ایمان لانے کے حکم اور عقوبات اور معاملات کے مشروع ہونے کے۔''

کفار کا امر کا مخاطب ہونا: کفار ایمان لانے اور حدود و قصاص وغیرہ معاملات میں احکام کے متعلق ہیں، کیونکہ خارج میں ایمان لانے کا حکم کفار کو ہی ہے۔ جہاں ایمان والوں کو ایمان لانے کا حکم ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا'' تو وہاں تثبیت ایمان مراد ہے ایمان پر قائم رہنا مراد ہے۔ اسی طرح کفار عقوبات کے بھی زیادہ لائق ہیں، کیونکہ عقوبات کا مقصد نظام عالم میں امن وامان کو برقرار رکھنا ہے۔ یہ بات مومن اور کفار دونوں کو شامل ہے۔

(ج) کلمہ مَنْ اور مَا دونوں کس کا احتمال رکھتے ہیں؟

من اور ما کا معنیٰ: یہ دونوں حروف عموم وخصوص دونوں کا احتمال رکھے ہیں البتہ ان کا عموم کے لیے ہونا اصل ہے۔ قرائن کے پائے جانے کی وجہ سے خصوص پر بھی دلالت کرتے ہیں۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: نحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: صرف تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (الف) الکلام فی اللغة ما یتکلم به قلیلا کان او کثیرا و فی اصطلاح النحاة ما تضمن ای لفظ تضمن کلمتین حقیقة او حکما ای یکون کل واحدة منهما فی ضمنه فا لمتضمن اسم فاعل هو المجموع و المتضمن اسم مفعول کل واحدة من کلمتین فلا یلتزم اتحادهما بالاسناد ای تضمنا حاصلا بسبب اسناد احدی الکلمتین الی الاخری ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) اسناد اور عامل کی تعریفات تحریر کریں؟

(ج) شرح جامی کی روشنی میں اسم کے خواص میں سے دو کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر 2:۔(الف) التقدير اى تقدير الاعراب فيما اى فى الاسم المعرب الذى تعذر الاعراب فيه اى امتنع ظهوره فى لفظه .

عبارت کا ترجمہ کریں اور اغراض شارح بیان کریں؟

(ب) غیر منصرف کی تعریف کر کے بتائیں عجمہ کے غیر منصرف کا سبب بننے کی کیا شرائط ہیں؟

(ج) عدل کی تعریف کر کے بتائیں کہ باب قطام سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3:۔(الف) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) خبر کو مبتدا پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

(ج) خبر کو حذف کرنے کی کتنی اور کون کون سی صورتیں ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں؟

سوال نمبر 4:۔(الف) وقد يحذف الفعل العامل فى المفعول به لقيام قرينة مقالية اوحالية .

مذکورہ عبارت کا ترجمہ اور اغراض شارح تحریر کریں؟

(ب) مندوب کی تعریف کریں؟

(ج) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

(۱) تحذیر (۲) ما اضمر عامله (۳) مبتدا کی قسم ثانی

(۴) منادی

☆ ☆ ☆

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر 1:۔(الف) اَلْكَلَامُ فِى اللُّغَةِ مَا يُتَكَلَّمُ بِهٖ قَلِيْلًا كَانَ اَوْ كَثِيْرًا وَفِىْ اِصْطِلَاحِ النُّحَاةِ مَا تَضَمَّنَ اَىْ لَفظٌ تَضَمَّنَ كَلِمَتَيْنِ حَقِيْقَةً اَوْ حُكْمًا اَىْ يَكُوْنُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا فِىْ ضِمْنِهٖ فَالْمَتَضَمِّنُ اِسْمُ فَاعِلٍ هُوَ الْمَجْمُوْعُ وَ الْمُتَضَمَّنَ اِسْمُ مَفْعُوْلٍ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِّنْ كَلِمَتَيْنِ فَلَا يَلْتَزِمُ اِتِّحَادُهُمَا بِالْاِسْنَادِ اَىْ تَضَمُّنًا حَاصِلًا بِسَبَبِ اِسْنَادِ

H_M_Hasnain_Asadi

اِحْدَی الْکَلِمَتَیْنِ اِلَی الْاُخْرٰی ۔

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب اور ترجمہ: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں ترجمہ ملاحظہ کریں:

''کلام کا لغوی معنی ہے جس کا تکلم کیا جائے خواہ وہ کلام کم ہو یا زیادہ۔ نحویوں کی اصطلاح میں کلام وہ لفظ ہے جو اسناد کے ساتھ دو کلموں کو متضمن ہو وہ دو کلمے حقیقۃً ہوں یا حکماً۔ یعنی ان میں سے ہر ایک اس لفظ کے ضمن میں ہو۔ پس پیٹ میں لینے (اسم فاعل کا صیغہ) تو وہ دونوں کا مجموعہ ہے اور پیٹ میں آنے والا (یعنی اسم مفعول کا صیغہ) تو وہ دو کلموں میں سے ہر ایک ہے۔ لہٰذا دونوں کا متحد ہونا لازم نہ آیا۔''

(ب) اسناد اور عامل کی تعریفات تحریر کریں؟

اسناد: وہ نسبت کرتا ہے دو امروں میں سے ایک کی دوسرے کی طرف تا کہ مخاطب کو فائدہ تامہ حاصل ہو جائے۔

عامل: وہ شی جس کے سبب اعراب کو چاہنے والا معنی حاصل ہو۔

(ج) شرح جامی کی روشنی میں اسم کے خواص میں سے دو کی وضاحت کریں؟

خواص اسم کی وضاحت:

☆ مضاف ہونا اسم کا خاصہ ہے، کیونکہ اضافت تعریف یا تخصیص کا فائدہ دیتی ہے اور تعریف و تخصیص اسم کے ساتھ خاص ہیں، تو پھر اضافت بھی اسم کے ساتھ خاص ہوئی۔

☆ مسند الیہ ہونا بھی اسم کا خاصہ ہے، کیونکہ فعل کو وضع ہی مسند ہونے کے لیے کیا گیا۔ اگر وہ مسند الیہ ہو، تو خلاف وضع لازم آئے گا۔

سوال نمبر 2:۔ (الف) التقدیر ای تقدیر الاعراب فیما ای فی الاسم المعرب الذی تعذر الاعراب فیه ای امتنع ظهوره فی لفظه ۔

عبارت کا ترجمہ کریں اور اغراض شارح بیان کریں؟

جواب: ترجمہ واغراض: ''اعراب تقدیری اس اسم معرب میں ہوگا کہ جس میں اعراب لفظی متعذر ہو یعنی لفظ اس کا ظاہر ہونا منع ہو۔ الاعراب سے شارح نے بتایا کہ الف لام مضاف الیہ کے عوض ہے اور ما عام ہے پس اس کی مراد بتا دی کہ اسم معرب ہے۔ تعذر کی ضمیر کا مرجع بتاتے ہوئے اس کا

معنی کی وضاحت کر دی۔

(ب) غیر منصرف کی تعریف کر کے بتائیں عجمہ کے غیر منصرف کا سبب بننے کی کیا شرائط ہیں؟

غیر منصرف: وہ اسم جس میں منع صرف کے دو سبب یا ایک جو دو کے قائم مقام ہو، موجود ہو۔

عجمہ کی شرط: اس کی دو شرطیں ہیں:

۱- وہ عجمی زبان میں کسی کا علم ہو۔

۲- دو باتوں میں ایک ہو یا متحرک الاوسط ہو جیسے شتر یا پھر تین حروف سے زائد جیسے ابراھیم۔

(ج) عدل کی تعریف کر کے بتائیں کہ باب قطام سے کیا مراد ہے؟

عدل: اسم کا اپنے اصلی صیغہ سے نکل کر دوسرے کی طرف جانا جیسے ثلث۔

باب قطام: ہر وہ اسم جو فعال کے وزن پر ہو اور مخصوص عورت کا نام ہو اور راء کو قبول نہ کرے۔

سوال نمبر 3:۔ (الف) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں مع امثلہ تحریر کریں؟

فاعل کو مقدم کرنے کی صورتیں: فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی چار صورتیں ہیں:

۱- جب فاعل اور مفعول دونوں میں لفظی اعراب اور قرینہ منتفی ہو جیسے ضَرَبَ مُوْسٰی عِیْسٰی۔ تا کہ التباس لازم نہ آئے۔

۲- جب فاعل ضمیر مرفوع متصل ہو جیسے ضَرَبْتُ زَیْدًا تا کہ انفصال لازم نہ آئے۔

۳- جب فاعل کا مفعول الا کے بعد واقع ہو جیسے مَا ضَرَبَ زَیْدٌ اِلَّا عَمْرًوا تا کہ زید کی ضاربیت عمرو میں بند رہے۔

۴- جب فاعل کا مفعول معنیٰ الا کے بعد واقع ہو جیسے اِنَّمَا ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا تا کہ زید کی ضاربیت عمرو میں بند رہے۔

(ب) خبر کو مبتدا پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

خبر کو مقدم کرنے کی صورتیں: چار جگہوں پر خبر مقدم کرنا واجب ہے:

۱- جب خبر مفرد ایسی ہو جو صدر کلام کو چاہے جیسے اَیْنَ زَیْدٌ تا کہ صورت فوت نہ ہو۔

۲- جب تقدیم خبر مبتدا کو صحیح بنانے والی ہو جیسے فِی الدَّارِ رَجُلٌ۔

۳- جب خبر کے کسی متعلق کی مبتداء میں ضمیر ہو جیسے عَلَی التَّمْرَةِ مِثْلُهَا زُبْدًا تا کہ اضمار قبل الذکر لازم نہ آئے۔

۴- جب ان اپنے اسم اور مل کر مبتداء بنے تو خبر کو مقدم کرنا واجب ہے۔ تا کہ ان کے ساتھ اقتباس لازم نہ آئے۔

(ج) خبر کو حذف کرنے کی کتنی اور کون کون سی صورتیں ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں؟

حذف خبر کے مقامات: چند جگہیں پر خبر کو حذف کرنا واجب ہے:

۱- ہر وہ اسم جو لَوْلَا کے بعد واقع ہو اور اس کی خبر افعال عامہ سے ہو جیسے لَوْلَا زَیْدٌ لَکَانَ کَذَا، کیونکہ لَوْلَا کا جواب اس کے قائم مقام ہو جائے گا۔

۲- ہر وہ مبتداء جو مصدر ہو خواہ صورۃً یا معناً اپنے فاعل یا مفعول کی طرف مضاف ہو اور اس کے بعد حال ہو، تو اس کی خبر کو حذف کرنا واجب ہے کہ وہی حال خبر کے قائم مقام ہو جاتا ہے جیسے ضَرَبِیْ زَیْدًا قَائِمًا۔

۳- وہ مبتداء جس کی خبر مقارنت والے معنی پر مشتمل ہو اور ایسی واؤ کے ذریعے اس پر عطف ڈالا جائے جو بمعنی مع ہو، تو خبر کو حذف کرنا واجب ہے جیسے کُلُّ رَجُلٍ وَضَیْعَتُہٗ۔

۴- جب مبتداء مقسم بہ ہو، تو خبر کو حذف کرنا واجب ہے، کیونکہ جواب قسم اس کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 4:۔(الف) وقد يحذف الفعل العامل فى المفعول به لقيام قرينة مقالية اوحالية۔

مذکورہ عبارت کا ترجمہ اور اغراض شارح تحریر کریں؟

جواب: ترجمہ: اور مفعول بہ میں عمل کرنے والے فعل کو حذف کر دیا جاتا ہے جس وقت کوئی قرینہ مقالیہ یا حالیہ پایا جائے۔

اغراض: العامل سے صفت مقدر ظاہر کر دی اور قرینہ کی اقسام بیان کر دی کہ دو ہیں:

۱-مقالیہ ۲-حالیہ

(ب) مندوب کی تعریف کریں؟

مندوب: وہ اسم کہ جس پر یاء یا واؤ کے ساتھ گریہ زاری کی جائے۔

(ج) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

(۱) تحذیر (۲) ما اضمر عامله (۳) مبتدا کی قسم ثانی

(۴) منادی

اصطلاحات کی تعریفیں:

تحذیر: وہ اسم جو اِتَّقِ مقدر کا معمول ہو اور اسے مابعد سے ڈرایا جائے جیسے اِیَّاكَ وَالْاَسَدَ۔

ما اضمر عامله: ہر وہ اسم جس کے بعد فعل یا شبہ ہو اور وہ فعل یا شبہ اس اسم کی ضمیر یا اس کے متعلق میں عمل کرنے کی وجہ سے اسم میں عمل کرنے سے اعراض کریں اگر انہیں اسم پر مسلط کریں، تو نصب دیں جیسے زَیْدًا ضَرَبْتُہٗ۔

مبتدا کی قسم ثانی: وہ صیغہ صفت جو حرف نفی یا حرف استفہام کے بعد واقع ہو اور اسم ظاہر کو رفع دے جیسے مَا قَائِمٌ زَیْدٌ۔

منادی کی تعریف: وہ اسم جس کی توجہ مطلوب ہو ایسے حرف کے ساتھ جو اَدْعُوْ کے قائم مقام ہو جیسے یَا زَیْدُ۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النہائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے دو دو سوالات حل کریں۔

قسم اوّل ...... بلاغت

سوال نمبر 1:۔ (الف) منصف کا نام اور اسلوب کتاب لکھیں؟

(ب) تشبیہ کی تعریف اور اس کے ارکان مع امثلہ تحریر کریں؟

سوال نمبر 2:۔ (الف) الاصل فی الخبر ان یلقی لاحد غرضین .

مذکورہ دونوں اغراض کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

(ب) مذکورہ دو اغراض کے علاوہ پانچ اغراض الاخبار تحریر کریں؟

سوال نمبر 3:۔ مندرجہ ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات لکھیں؟

(۱)القصر (۲)المساوات (۳)علم البديع

(۴)الجناس (۵)السجع (۶)التورية

(۷)المجاز اللغوی

قسم ثانی ...... منطق

سوال نمبر 4:۔(الف) واللہ علم على الاصح للذات الواجب الوجود المستجمع لجميع صفات الكمال .

اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور غرض شارح اس انداز سے بیان کریں کہ مطلب واضح ہو جائے؟

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

(۱)حمد (۲)ابتدائے عرفی (۳)ابتدائے اضافی

(۴)ابتدائے حقیقی (۵)نظر وفکر

سوال نمبر 5:۔(الف) العلم هو الصورة الحاصلة من الشيئ عند العقل و المصنف لم يتعرض لتعريفه اما للاكتفاء بالتصور بوجه ما فی مقام التقسيم و اما لان تعريف العلم مشهور مستفيض و اما لان العلم بديهي التصور على ما قيل .

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) علم کے معانی خمسہ تحریر کریں؟

سوال نمبر 6:۔(الف) کلی کی پانچ قسموں کی تعریفات لکھیں؟

(ب) پانچ خالی جگہوں کو پُر کریں؟

(۱) جو کچھ انسان کے ذہن میں آئے اسے......... کہتے ہیں۔

(۲) نسبت کی......... قسمیں ہیں۔

(۳) کلی وہ......... ہے جس کا نفس تصور......... مانع نہ ہو۔

(۴) لفظ مفرد کی......... قسمیں ہیں۔

(۵) جزئی وہ......... ہے جس کا نفس تصور شرکت کثیرین سے.........

(۶) امور معلومہ کو اس طرح ترتیب دینا کہ یہ ترتیب......... پہنچادے۔

(۷) قضیہ وہ قول ہے جس کے کہنے والے کو......... کہا جاسکے۔

درجہ خاصہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

چھٹا پرچہ: بلاغت و منطق

قسم اوّل ...... بلاغت

سوال نمبر 1:۔ (الف) منصف کا نام اور اسلوب کتاب لکھیں؟

مصنف کا نام اور کتاب کا اسلوب: البلاغۃ الواضحہ کے مصنف کا نام شیخ علی جازم اور شیخ مصطفیٰ امین ہے اسلوب کا مفہوم یہ ہے کہ کلام کا ایسا طریقہ کہ جب کلام اس کے مطابق لایا جائے، تو معنی مقصودی کا حصول قریب ہو جائے اور سامعین کے دلوں پر اثر چھوڑے چونکہ اسلوب کی تین اقسام ہیں اسلوب علمی، اسلوب ادبی اور اسلوب خطائی اس لیے سب سے زیادہ پرسکون اور مؤثر اسلوب علمی ہوتا ہے، کیونکہ یہ شعری تخیل سے پاک اور اس کی عبارت واضح ہوتی ہے۔ اسلوب میں یہ بھی ضروری ہے کہ محسنات بدیعیہ اور مجاز و کنایہ سے اجتناب کیا جائے تاکہ مقصودی معنی کو سمجھنے میں آسانی ہو اور تشبیہات چونکہ آسانی پیدا کرتی ہیں اس لیے ان کے استعمال میں کوئی قباحت نہیں۔ تمام درسی کتب میں یہی اسلوب اختیار کیا جاتا ہے۔

(ب) تشبیہ کی تعریف اور اس کے ارکان مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: تشبیہ کی تعریف اور ارکان: کسی خاص وصف میں ایک شئ کو دوسری میں شریک کرنا تشبیہ کہلاتا ہے۔ تشبیہ کے چار ارکان اور وہ یہ ہیں:

☆مشبہ، ☆مشبہ بہ، ☆اداۃ تشبیہ، ☆وجہ شبہ، جیسے زَیْدٌ کَالْاَسَدِ فِی الشُّجَاعَۃِ۔

سوال نمبر 2:۔ (الف) الاصل فی الخبر ان یلقی لاحد غرضین۔

مذکورہ دونوں اغراض کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

جواب: اعراض کی تعریفیں: چونکہ خبر کا مقصود دو چیزیں ہوتا ہے یعنی فائدہ خبر اور لازم فائدہ خبر۔

فائدہ خبر کی تعریف: جب خبر سے مقصود مخاطب کو حکم کا فائدہ دینا ہو، تو اسے فائدہ خبر کہتے ہیں جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ اسے کہنا جو قیام زید کو نہ جانتا ہو۔

لازم فائدہ خبر کی تعریف: جب خبر سے مقصود مخاطب کو بتانا ہو کہ متکلم بھی حکم کا عالم ہے، تو اسے زم فائدہ خبر کہتے ہیں جیسے حافظ تو راۃ کو کہنا "قَدْ حَفِظْتَ التَّوْرَاۃَ"۔

(ب) مذکورہ دو اغراض کے علاوہ پانچ اغراض الاخبار تحریر کریں؟

القاء خبر کی دیگر اغراض: مذکورہ اغراض کے علاوہ بھی دیگر اغراض کے لیے بھی خبر لائی جاتی ہے جس میں سے پانچ درج ذیل ہیں:

☆رحم طلب کرنے کے لیے ☆حسرت کا اظہار کرنے کے لیے

☆اظہار ضعف کے لیے ☆افتخار یعنی فخر ظاہر کرنے کے لیے

☆سعی پر برانگیختہ کرنے کے لیے

سوال نمبر 3:۔ مندرجہ ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات لکھیں؟

(۱)القصر (۲)المساوات (۳)علم البديع

(۴)الجناس (۵)السجع (۶)التورية

(۷)المجاز اللغوی

جواب: اصطلاحات کی تعریفیں:

قصر کی تعریف: مخصوص طریقے سے ایک چیز کو دوسری میں بند کرنا۔

مساوات کی تعریف: وہ کلام جس میں الفاظ اپنے معانی کے برابر ہوں۔

علم بدیع کی تعریف: وہ علم جس میں معنی واحد کو متعدد طریقوں سے ادا کرنے کا طریقہ معلوم ہو۔

جناس کی تعریف: یہ ہے کہ دو لفظ بولنے میں ایک جیسے ہوں لیکن ان کا معنی الگ الگ ہو، تو اسے جناس کہتے ہیں۔

سجع کی تعریف: دو فاصلوں کا آخری حرف ایک جیسا ہو، تو اسی سجع کہتے ہیں۔

توریہ کی تعریف: لفظ کا یک قریبی معنی ہو اور ایک بعیدی، متکلم کی مراد بعیدی معنی ہو، تو اسے توریہ کہتے ہیں۔

مجاز لغوی کی تعریف: لفظ کا کسی قرینہ کی وجہ سے غیر موضوع لہ میں استعمال ہونا۔

قسم ثانی ...... منطق

سوال نمبر 4:۔ (الف) وَاللهُ عَلَمٌ عَلَى الْاَصَحِ لِلذَّاتِ الْوَاجِبِ الْوُجُوْدِ الْمُسْتَجِمِعَ لِجَمِيْعِ صِفَاتِ الْكَمَالِ .

اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور غرض شارح اس انداز سے بیان کریں کہ مطلب واضح ہو جائے؟

جواب: اعراب وترجمہ: اعراب سوالیہ عبارت پر لگا دیے ہیں۔ ترجمہ ملاحظہ کریں۔

''اور اللہ اصح قول کے مطابق علم ہے اس ذات کا جو واجب الوجود ہے اور جامع ہے جمیع کامل صفات کی۔''

غرض شارح: شارح پر متن میں مذکورہ الفاظ کی وضاحت کرنا ضروری ہوتا ہے۔تو یہاں سے شارح لفظ اللہ کی معنوی تحقیق کرر ہے ہیں کہ اللہ اس ذات کا علم ہے جو ذات واجب الوجود ہے اور اس میں تمام کامل صفات جمع ہیں ایک لحہ کے لیے بھی اس پر عدم طاری نہیں ہوتا۔

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

(۱) حمد (۲) ابتدائے عرفی (۳) ابتدائے اضافی

(۴) ابتدائے حقیقی (۵) نظر وفکر

تعریفیں: حمد کی تعریف: زبان کے ساتھ خوبی اختیاری پر تعریف کرنا خواہ نعمت کے بدلے یا بغیر نعمت کے حمد کہلاتا ہے۔

ابتدائے عرفی کی تعریف: وہ ابتداء جو مقصود سے پہلے ہو۔

ابتدائے حقیقی کی تعریف: وہ ابتداء جو مقصود اور غیر مقصود دونوں سے پہلے ہو۔

ابتدائے اضافی کی مثال: ایسی جزء کے ساتھ ابتداء کرنا جو دوسری جزء سے مقدم ہو۔

نظر وفکر کی تعریف: امور معلومہ کو اس طرح ترتیب دینا کہ وہ مجہول شئی تک پہنچا دے۔

سوال نمبر 5:۔(الف) اَلْعِلْمُ هُوَ الصُّوْرَةُ الْحَاصِلَةُ مِنَ الشَّیْءِ عِنْدَ الْعَقْلِ وَالْمُصَنِّفُ لَمْ يَتَعَرَّضْ لِتَعْرِيْفِهِ اِمَّا لِلاِكْتِفَاءِ بِالتَّصَوُّرِ بِوَجْهٍ مَّا فِیْ مَقَامِ التَّقْسِيْمِ وَاِمَّا لِاَنَّ تَعْرِيْفَ الْعِلْمِ مَشْهُوْرٌ مُسْتَفِيْضٌ وَاِمَّا لِاَنَّ الْعِلْمَ بَدِيْهِيُّ التَّصَوُّرِ عَلٰى مَا قِيْلَ.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب اور ترجمہ: اعراب اوپر لگا دیئے ہیں ترجمہ ملاحظہ کریں:

''علم وہ صورت ہے شی کی جو عقل کے ہاں حاصل ہے اور ماتن نے تعریف علم نہیں کی یا تو مقام تقسیم میں تصور بوجہ ما پر اکتفاء کرتے ہوئے یا اس لیے کہ علم کی تعریف مشہور ہے یا اس لیے کہ علم بدیہی چیز ہے جیسا کہ علماء نے کہا۔''

(ب) علم کے معانی خمسہ تحریر کریں؟

علم کے پانچ معانی:

(۱) شئی کی صورت کا علق میں حاصل ہونا

(۲) شئی کی وہ صورت جو عقل کے ہاں حاصل ہے

(۳) مدرک کے پاس جو حاضر ہے۔

(۴) نفس کا اس صورت کو قبول کرنا۔

(۵) عالم اور معلوم کے درمیان اضافت کو علم کہتے ہیں۔

سوال نمبر 6:۔ (الف) کلی کی پانچ قسموں کی تعریفات لکھیں؟

کلیات خمسہ کی تعریفات: نوع کی تعریف: وہ کلی متفقۃ الحقائق کثیرین پر ماھو کے جواب میں بولی جائے جیسے انسان۔

جنس کی تعریف: وہ کلی جو مختلفۃ الحقائق کثیرین پر ماھو کے جواب میں بولی جائے جیسے حیوان۔

فصل کی تعریف: وہ کلی جو کسی شی پر ای شیء ھو فی ذاتہ کے جواب میں بولی جائے جیسے ناطق انسان کے لیے۔

خاصہ کی تعریف: وہ کلی جو ایک ہی حقیقت کے افراد پر صدق عرضی کے ساتھ صادق آئے جیسے ضاحك انسان کے لیے۔

عرض عام کی تعریف: وہ کلی جو ایک ہی حقیقت کے افراد پر اور اسکے غیر پر صدق عرضی کے ساتھ صادق آئے جیسے ما شی انسان کے لیے۔

(ب) پانچ خالی جگہوں کو پُر کریں؟

(۱) جو کچھ انسان کے ذہن میں آئے اسے.......... کہتے ہیں۔

(۲) نسبت کی.......... قسمیں ہیں۔

(۳) کلی وہ.......... ہے جس کا نفس تصور.......... مانع نہ ہو۔

(۴) لفظ مفرد کی.......... قسمیں ہیں۔

(۵) جزی وہ.......... ہے جس کا نفس تصور شرکت کثیرین سے..........

(۶) امور معلومہ کو اس طرح ترتیب دینا کہ یہ ترتیب.......... پہنچا دے۔

(۷) قضیہ وہ قول ہے جس کے کہنے والے کو.......... کہا جا سکے۔

جواب: خالی جگہوں پر آنے والے الفاظ بالترتیب درج ذیل ہیں:

H_M_Hasnain_Asadi

۱-مفہوم ۲-چار

۳-مفہوم+شرکت کثیرین سے ۴-تین

۵-مفہوم+مانع ہو ۶-مجہول شئی

۷-صادق یا کاذب

☆ ☆ ☆

H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس، کنزالمدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز
کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل
کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**